

# امامیہ جنتری (رجسٹرڈ)

# 2018




wrnaqvi512@gmail.com

عظیم نورانی نقش




سید علی اس عظیم نورانی نقش کو حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ شکل میں ہر روز دیکھیں یعنی اس کی زیارت کریں اور بوقت زیارت آیت الکرسی کی تلاوت کریں۔ آپ دنیا میں کسی کے محتاج نہ رہیں گے۔ لوگوں میں عزت کا مقام حاصل ہوگا۔ رزق میں اضافہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ جل جلالہ

پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جملہ حقوق محفوظ ہیں

| | |
|---|---|
| حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا | حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام |
| حضرت امام علی علیہ السلام | حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام |
| حضرت امام حسن علیہ السلام | حضرت امام علی رضا علیہ السلام |
| حضرت امام حسین علیہ السلام | حضرت امام محمد تقی علیہ السلام |
| حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام | حضرت امام علی نقی علیہ السلام |
| حضرت امام محمد باقر علیہ السلام | حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام |

واعتصموا بحبل اللہ جمیعاً و لا تفرقوا (القرآن)

اور سب مل کر اللہ کی رسّی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا۔

# امامیہ جنتری (رجسٹرڈ)

## بابتہ 2018ء

۱۴۳۹ تا ۱۴۴۰ ھجری

زیر سرپرستی

سرکار قائم آل محمد

حضرت امام مہدی آخر الزماں علیہ السلام

امامیہ جنتری کاپی رائٹ ایکٹ رجسٹریشن نمبر 9573 کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ کوئی ناشر اس کا جعلی ایڈیشن شائع کرے گا تو اس کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی۔



**زیر نگرانی:** مولانا [illegible] حسین جعفری

علامہ حافظ تصدق حسین، مولانا سید ذوالفقار حسین نقوی

**مدیر:** آغا افتخار حسین، آغا علی فرزند

**مجلس مشاورت:** آغا شکیل رضا قزلباش، کیپٹن مظہر حسن زیدی

باقر حسین رضوی، پروفیسر اقبال احمد

رضا حسین مرزا، اظہر حسن زیدی (مرحوم)

**معاونین:** صابر عباس، محمد عباس [illegible]

مولانا رضا، صادق علی [illegible]

محمد اشرف، محمد اکرم، محمد جاوید

[illegible] زیدی، سید عباس، محمد علی

**تقویم:** سید عباس سلطان

**زائچے:** شیخ زوار رضا جاوید

**کوائف سیارگان:** غلام رضا عسکری

**سرورق:** آغا علی فرزند

**کمپوزنگ:** سید علی عمران کاظمی

**قانونی مشیر:** [illegible] (ایڈووکیٹ [illegible])

**پیسٹنگ:** مستنصر حسین

**مطبع:** [illegible]

**بائنڈنگ:** ملک [illegible]

Hussainyahussain.com

**افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ لاہور**

فون: 37223686 — پوسٹ کوڈ 54000

روپے قیمت 165/- علاوہ ڈاک خرچ

Iftikhar

## استخارہ قرآن مجید

سید رضی الدین طاؤس نے قرآن مجید سے تفاؤل کا طریقہ نقل فرمایا ہے استخارہ دیکھنے والے کو چاہیے کہ باوضو ہو کر پہلے تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور تین مرتبہ درود پڑھ کر یہ دعا پڑھے "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ تَفَاءَلْتُ بِكِتَابِكَ وَتَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ فَاَرِنِيْ مَا هُوَ الْمَكْتُوْمُ مِنْ سِرِّكَ الْمَكْنُوْنِ فِيْ غَيْبِكَ" بعد اس کے قرآن مجید کھولے جو مضمون داہنی طرف کے صفحے کی پہلی سطر میں نکلے اس پر عمل کرے اگر آیہ رحمت ہے یا امر خیر ہے تو وہ کام بہتر ہے اگر آیہ غضب ہے تو وہ کام نہ کرے۔

## استخارہ تسبیح

آئمہ علیہم السلام سے منقول ہے۔ جس وقت کوئی آدمی چاہے کہ تسبیح کا استخارہ کرے۔ نیت کے بعد تین دفعہ صلوٰۃ پڑھے اور تین دفعہ کہے: "يَا مَنْ يَعْلَمُ اَحَدٌ مَنْ لَا يَعْلَمُ" پھر تسبیح ہاتھ میں لے کر اسے کسی جگہ سے پکڑے اور دو دو دانہ الگ کرتا جائے۔ جب دو دانے بچ جائیں۔ تو بد ہے۔ یعنی منع ہے اور اگر ایک دانہ بچ جائے۔ تو درست ہے۔ یعنی جس کام کا ارادہ کیا ہے۔ اس کے کرنے کی اجازت ہے۔ اس استخارہ میں شک نہیں ہے۔ کیونکہ اس طریقہ کو علماء نے حضرت صاحب العصرؑ سے نقل کیا ہے۔

| اوقات استخارہ | دن |
|---|---|
| صبح صادق سے طلوع آفتاب تک، زوال سے عصر تک | [illegible] |
| صبح صادق سے چاشت تک، ظہر سے عصر تک | [illegible] |
| صبح صادق سے دوپہر تک، ظہر سے مغرب تک | [illegible] |
| صبح صادق سے طلوع آفتاب تک، چاشت سے ظہر تک، عصر سے عشاء تک | [illegible] |
| چاشت سے ظہر تک، عصر سے عشاء تک | [illegible] |
| صبح صادق سے ظہر تک، عصر سے عشاء تک | [illegible] |
| صبح صادق سے طلوع آفتاب تک، ظہر سے عشاء تک | [illegible] |



## ترتیب مضامین



# اسمائے باری تعالیٰ جل جلالہ

جدول بقاعدہ جفر معہ حروف باطن


| اسم | عدد |
| --- | --- |
| اَللّٰہُ | ۶۶ |
| اَلرَّحْمٰنُ | ۲۹۸ |
| اَلرَّحِیْمُ | ۲۵۸ |
| اَلْمَلِکُ | ۹۰ |
| اَلْقُدُّوْسُ | ۱۷۰ |
| اَلسَّلَامُ | ۱۳۱ |
| اَلْمُؤْمِنُ | ۱۳۶ |
| اَلْمُہَیْمِنُ | ۱۴۵ |
| اَلْعَزِیْزُ | ۹۴ |
| اَلْجَبَّارُ | ۲۰۶ |
| اَلْمُتَکَبِّرُ | ۶۶۲ |
| اَلْخَالِقُ | ۷۳۱ |
| اَلْبَارِیُٔ | ۲۱۳ |
| اَلْمُصَوِّرُ | ۳۳۶ |
| اَلْغَفَّارُ | ۱۲۸۱ |
| اَلْقَہَّارُ | ۳۰۶ |
| اَلْوَہَّابُ | ۱۴ |
| اَلرَّزَّاقُ | ۳۰۸ |
| اَلْفَتَّاحُ | ۴۸۹ |
| اَلْعَلِیْمُ | ۱۵۰ |
| اَلْقَابِضُ | ۹۰۳ |
| اَلْبَاسِطُ | ۷۲ |
| اَلْخَافِضُ | ۱۴۸۱ |
| اَلرَّافِعُ | ۳۵۱ |
| اَلْمُعِزُّ | ۱۱۷ |
| اَلْمُذِلُّ | ۷۷۰ |
| اَلسَّمِیْعُ | ۱۸۰ |
| اَلْبَصِیْرُ | ۳۰۲ |
| اَلْحَکَمُ | ۶۸ |
| اَلْعَدْلُ | ۱۰۴ |
| اَللَّطِیْفُ | ۱۲۹ |
| اَلْخَبِیْرُ | ۸۱۲ |
| اَلْحَلِیْمُ | ۸۸ |
| اَلْعَظِیْمُ | ۱۰۲۰ |
| اَلْغَفُوْرُ | ۱۲۸۶ |
| اَلشَّکُوْرُ | ۵۲۶ |
| اَلْعَلِیُّ | ۱۱۰ |
| اَلْکَبِیْرُ | ۲۳۲ |
| اَلْحَفِیْظُ | ۹۹۸ |
| اَلْمُقِیْتُ | ۵۵۰ |
| اَلْحَسِیْبُ | ۸۰ |
| اَلْجَلِیْلُ | ۷۳ |
| اَلْکَرِیْمُ | ۲۷۰ |
| اَلرَّقِیْبُ | ۳۱۲ |
| اَلْمُجِیْبُ | ۵۵ |
| اَلْوَاسِعُ | ۱۳۷ |
| اَلْحَکِیْمُ | ۷۸ |
| اَلْوَدُوْدُ | ۲۰ |
| اَلْمَجِیْدُ | ۵۷ |
| اَلْبَاعِثُ | ۵۷۳ |
| اَلشَّہِیْدُ | ۳۱۹ |
| اَلْحَقُّ | ۱۰۸ |
| اَلْوَکِیْلُ | ۶۶ |
| اَلْقَوِیُّ | ۱۱۶ |
| اَلْمَتِیْنُ | ۵۰۰ |
| اَلْوَلِیُّ | ۴۶ |
| اَلْحَمِیْدُ | ۶۲ |
| اَلْمُحْصِیْ | ۱۴۸ |
| اَلْمُبْدِیُٔ | ۵۶ |
| اَلْمُعِیْدُ | ۱۲۴ |
| اَلْمُحْیِیْ | ۶۸ |
| اَلْمُمِیْتُ | ۴۹۰ |
| اَلْحَیُّ | ۱۸ |
| اَلْقَیُّوْمُ | ۱۵۶ |
| اَلْوَاجِدُ | ۱۴ |
| اَلْمَاجِدُ | ۴۸ |
| اَلْوَاحِدُ | ۱۹ |
| اَلْاَحَدُ | ۱۳ |
| اَلصَّمَدُ | ۱۳۴ |
| اَلْقَادِرُ | ۳۰۵ |
| اَلْمُقْتَدِرُ | ۷۴۴ |
| اَلْمُقَدِّمُ | ۱۸۴ |
| اَلْمُؤَخِّرُ | ۸۴۶ |
| اَلْاَوَّلُ | ۳۷ |
| اَلْاٰخِرُ | ۸۰۱ |
| اَلظَّاہِرُ | ۱۱۰۶ |
| اَلْبَاطِنُ | ۶۲ |
| اَلْوَالِیْ | ۴۷ |
| اَلْمُتَعَالِیْ | ۵۵۱ |
| اَلْبَرُّ | ۲۰۲ |
| اَلتَّوَّابُ | ۴۰۹ |
| اَلْمُنْتَقِمُ | ۶۳۰ |
| اَلْعَفُوُّ | ۱۵۶ |
| اَلرَّءُوْفُ | ۲۸۶ |
| مَالِکُ الْمُلْکِ | ۲۱۲ |
| ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ | ۱۱۰۰ |
| اَلْمُقْسِطُ | ۲۰۹ |
| اَلْجَامِعُ | ۱۱۴ |
| اَلْغَنِیُّ | ۱۰۶۰ |
| اَلْمُغْنِیْ | ۱۱۰۰ |
| اَلْمَانِعُ | ۱۶۱ |
| اَلضَّارُّ | ۱۰۰۱ |
| اَلنَّافِعُ | ۲۰۱ |
| اَلنُّوْرُ | ۲۵۶ |
| اَلْہَادِیْ | ۲۰ |
| اَلْبَاقِیْ | ۱۱۳ |
| اَلْوَارِثُ | ۷۰۷ |
| اَلرَّشِیْدُ | ۵۱۴ |
| اَلصَّبُوْرُ | ۲۹۸ |
| اَلْبَدِیْعُ | ۸۶ |
| اَلسَّتَّارُ | ۶۶۱ |
| اَلْمُنْعِمُ | ۲۰۰ |

جب تم سے کوئی شخص اپنے اللہ تعالیٰ سے باتیں کرنے کا ارادہ کرے تو اسے قرآن کریم کی تلاوت کرنی چاہیے۔ (حضرت محمد ﷺ)

# اسمائے مبارکہ والقابات حضور پُرنور رسول اکرم ﷺ

## مع حروف باطن و اعداد

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مُحمّد ﷺ ۹۲ | احمد ﷺ ۵۳ | حامد ﷺ ۵۳ | محمود ﷺ ۹۸ | قاسم ﷺ ۲۰۱ | عاقب ﷺ ۱۷۳ |
| فاتح ﷺ ۴۸۹ | شاہد ﷺ ۳۱۰ | حاشر ﷺ ۵۰۹ | رشید ﷺ ۵۱۴ | مشہود ﷺ ۳۵۵ | بشیر ﷺ ۵۱۲ |
| نذیر ﷺ ۲۹۷ | داع ﷺ ۷۵ | شاف ﷺ ۳۸۱ | ہاد ﷺ ۱۰ | مہد ﷺ ۴۹ | ماح ﷺ ۴۹ |
| مُنج ﷺ ۹۳ | ناہ ﷺ ۵۶ | رسول ﷺ ۲۹۶ | نبی ﷺ ۶۲ | اُمّی ﷺ ۵۱ | تہامی ﷺ ۴۵۶ |
| ہاشمی ﷺ ۳۵۶ | ابطحی ﷺ ۳۰ | عزیز ﷺ ۹۴ | عارف ﷺ ۳۵۱ | رؤوف ﷺ ۲۸۶ | رحیم ﷺ ۲۵۸ |
| طٰہٰ ﷺ ۱۴ | مُجتبیٰ ﷺ ۴۵۵ | طٰسٓ ﷺ ۶۹ | مُرتضیٰ ﷺ ۱۳۵۰ | حٰمٓ ﷺ ۴۸ | مُصطفیٰ ﷺ ۲۲۹ |
| یٰسٓ ﷺ ۷۰ | اولیٰ ﷺ ۴۷ | مُزمّل ﷺ [illegible] | ولی ﷺ ۴۶ | مُدثّر ﷺ ۷۴۴ | متین ﷺ ۵۰۰ |
| مُصدّق ﷺ ۲۳۴ | طیّب ﷺ ۲۱ | ناصر ﷺ ۳۴۱ | منصور ﷺ ۳۸۶ | مصباح ﷺ ۱۴۱ | مامور ﷺ ۲۸۷ |
| حجازی ﷺ ۲۹ | عالم ﷺ ۱۴۱ | قرشی ﷺ ۶۱۰ | صابر ﷺ ۲۹۳ | التقی ﷺ ۵۱۰ | حافظ ﷺ ۹۸۹ |
| کامل ﷺ ۹۱ | صادق ﷺ ۱۹۵ | امین ﷺ ۱۰۱ | عبداللہ ﷺ ۱۴۲ | کلیم اللہ ﷺ ۱۶۶ | حبیب اللہ ﷺ ۸۸ |
| نجی اللہ ﷺ ۱۲۹ | صفی اللہ ﷺ ۲۳۶ | خاتم الانبیاء ﷺ ۱۳۶۹ | حسیب ﷺ ۸۰ | مُجیب ﷺ ۵۵ | شکور ﷺ ۵۲۶ |
| مُبلّغ ﷺ ۱۰۷۲ | رسول الرحمۃ ﷺ ۹۷۵ | قوی ﷺ ۱۱۶ | حفی ﷺ ۹۸ | مامون ﷺ ۱۴۷ | معلوم ﷺ ۱۸۶ |
| حق ﷺ ۱۰۸ | مُبین ﷺ ۱۰۲ | مُطیع ﷺ ۱۲۹ | رسول الراحۃ ﷺ ۹۳۶ | اوّل ﷺ ۳۷ | آخر ﷺ ۸۰۱ |
| ظاہر ﷺ ۱۱۰۶ | باطن ﷺ ۶۲ | نبی الرحمۃ ﷺ ۷۳۱ | یتیم ﷺ ۴۶۰ | کریم ﷺ ۲۷۰ | حکیم ﷺ ۷۸ |
| خاتم الرسل ﷺ ۱۳۹۸ | سیّد ﷺ ۷۴ | سراج ﷺ ۲۹۴ | منیر ﷺ ۳۰۰ | الحق ﷺ ۱۳۹ | مُکرّم ﷺ ۳۰۰ |
| مُبشّر ﷺ ۵۴۲ | مُذکّر ﷺ ۹۷۴ | مُطہّر ﷺ ۴۵۴ | قریب ﷺ ۳۱۲ | خلیل ﷺ ۶۷۰ | مدعو ﷺ ۱۲۰ |
| جواد ﷺ ۱۴ | خاتم ﷺ ۱۰۴۱ | عادل ﷺ ۱۰۵ | شہیر ﷺ ۵۱۵ | شہید ﷺ ۳۱۹ | مبعوث ﷺ ۶۱۸ |



یا اللہ
یا محمدؐ یا علیؑ یا فاطمہؑ یا حسنؑ یا حسینؑ

# القابات امامت امیرالمومنین
# علی ابن ابی طالب علیہ السلام

امامُ المتقین — امامُ المسلمین — امامُ العارفین — امامُ الواصلین — امامُ الموحدین — امامُ المحققین — امامُ السالکین — امامُ المحسنین — امامُ الصادقین

امامُ الاولین — امامُ العالمین — امامُ المتعبدین — امامُ السابقین — امامُ المتوقین — امامُ المخلوقین — امامُ العادلین — امامُ المتعلقین

امامُ المرشدین — امامُ المبشرین — امامُ المذکرین — امامُ المقسطین — امامُ العاشقین — امامُ المقربین — امامُ الراشدین — امامُ المتوکلین — امامُ الشاہدین

امامُ المتکلمین — امامُ الطاہرین — امامُ المبارزین — امامُ المعظمین — امامُ الاجودین — امامُ القارئین — امامُ المالکین — امامُ المفلحین

امامُ الراکعین — امامُ الساجدین — امامُ المعصومین — امامُ المتاخرین — امامُ المحبین — امامُ الراسخین — امامُ الواصفین — امامُ الخاشعین — امامُ المکبرین

امامُ الفاتحین — امامُ المتقلبین — امامُ الافصحین — امامُ الباذلین — امامُ المکملین — امامُ الکاظمین — امامُ الحافظین — امامُ المشفعین

امامُ المکرمین — امامُ القانتین — امامُ المہاجرین — امامُ الشاہدین — امامُ المطہرین — امامُ المخدومین — امامُ الصامتین — امامُ الزاہدین — امامُ الاطہرین

امامُ الائمۃ — امامُ الملہمین — امامُ المقاتلین — امامُ الافخمین — امامُ الاعلمین — امامُ الامین — امامُ الزکیین — امامُ الاورعین

امامُ المجاہدین — امامُ الآمرین — امامُ المحامدین — امامُ الخطیبین — امامُ المطیعین — امامُ المبرئین — امامُ المقارنین — امامُ الخاضعین — امامُ الافضلین

امامُ الغالبین — امامُ المخبرین — امامُ المتقدمین — امامُ المعلمین — امامُ الصائمین — امامُ المطہرین — امامُ الناظرین — امامُ العالمین

امامُ المحسنین — امامُ المعترفین — امامُ الشہیدین — امامُ الوارثین — امامُ المطیبین — امامُ الاکملین — امامُ الکاظمین — امامُ المسبحین — امامُ المعترفین



میری امت کے بہترین لوگ وہ ہیں جو دنیا سے منہ موڑ کر آخرت کی طرف راغب ہوتے ہیں (حضرت محمد ﷺ)

# حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

## کے اسمائے صفات و القابات

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلیلۃٌ | بتولٌ | تقیۃٌ | حبیبۃٌ | نقیۃٌ | فاطمۃُ | طاھرۃٌ | حرۃٌ | حوراءُ |
| زاکیۃٌ | راضیۃٌ | زھراءُ | رشیدۃٌ | رضیۃٌ | ریحانۃٌ | ساجدۃٌ | سعیدۃٌ | سیدۃٌ |
| شھیدۃٌ | صابرۃٌ | صادقۃٌ | صدوقۃٌ | صدیقۃٌ | طیبۃٌ | عارفۃٌ | عالیۃٌ | عدیلۃٌ |
| عذراءُ | عزیزۃٌ | علیمۃٌ | فاضلۃٌ | فریدۃٌ | کریمۃٌ | کوثرٌ | کوکبٌ | مبشرۃٌ |
| محمودۃٌ | مطھرۃٌ | معصومۃٌ | ملھمۃٌ | ممتحنۃٌ | منصورۃٌ | موفقۃٌ | مھدیۃٌ | مؤمنۃٌ |
| ناعمۃٌ | زکیۃٌ | مرضیۃٌ | محدثۃٌ | وحیدۃٌ | والھۃٌ | رضیعۃٌ | صفیۃٌ | حلیمۃٌ |
| جمیلۃٌ | مصلیۃٌ | قانتۃٌ | قارنۃٌ | صائمۃٌ | وجیھۃٌ | حکیمۃٌ | زاھدۃٌ | عابدۃٌ |
| مخدرۃٌ | فائزۃٌ | ناصحۃٌ | عاقلۃٌ | زکیۃٌ | صالحۃٌ | واعیۃٌ | فصیحۃٌ | منجیۃٌ |

**نوٹ!** حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کا وسیلہ دے کر رب خداوند عالم کی بارگاہ میں دعا مانگی ہے اور شروع میں حرف ندا (یا) لگاتا ہے تو جن اسمائے صفات و القابات کے آخر میں دو پیش (ٌ) ہیں وہاں ایک پیش (ُ) پڑھنی ہے جیسے **یا بتولُ** اور جن کے آخر میں ایک پیش ہے اسے اسی طرح ایک پیش کے ساتھ پڑھنا ہے جیسے **یا زہراءُ**

(مولانا سید ذوالفقار حسین نقوی۔ فون: 0301 4285737)

## اسرار قضائے حاجات

جو کوئی مہم حاجات رکھتا ہو وہ دو رکعت نماز ہدیہ برائے حضرت فاطمہؑ پڑھے اور قنوت میں یہ دعا پڑھے تو یقیناً حق تعالیٰ اس کی حاجات پوری فرمائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**اَللّٰهُمَّ بِفَاطِمَةَ وَاَبِيْهَا وَبِفَاطِمَةَ وَبَعْلِهَا وَبِفَاطِمَةَ وَبَنِيْهَا وَبِفَاطِمَةَ وَالسِّرِّ الْمُسْتَوْدَعِ عَلَيْهَا اقْضِ حَاجَتِيْ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ**

## حرزِ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

یہ حرز جانی نقصان کا ضامن اور چار دیواری کا کام دیتا ہے جو کوئی اس کو جان کی حفاظت کے لیے تعویذ باندھے یا صبح و شام پڑھے تو وہ ہر قسم کے جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہے گا تجربہ شدہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ فَاَغِثْنِيْ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ**

## استغاثہ بحضور حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

بعد از غسل نصف شب دو رکعت نماز ادا کرے پھر تسبیح حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا پڑھے اور نماز و تسبیح کا ثواب سیدہ عالمین کو ہدیہ کرے اس کے بعد درج ذیل کلمہ استغاثہ سجدے میں سر رکھ کر 100 مرتبہ کہے پھر دائیں طرف رخسار کو زمین میں رکھ کر 100 مرتبہ یہی ذکر پڑھے پھر بائیں رخسار کو زمین پر رکھ کر 100 مرتبہ یہی ذکر پڑھے پھر سیدھا سجدہ گاہ پر سر رکھ کر یہی ذکر پڑھے 100 مرتبہ پڑھے کل تعداد 400 ہو جائے گی۔

**يَا مَوْلَاتِيْ يَا فَاطِمَةُ اَغِيْثِيْنِيْ**


## برائے حاجت

شب جمعہ بعد نماز عشاء 1200 مرتبہ **یَا اللّٰهُ یَا رَبَّاهُ یَا سَیِّدَاهُ** کہے ان شاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

خوف خدا میں آنسو بہانا دل کو روشن کرتا ہے اور گناہوں کو دوبارہ سرزد ہونے سے بچاتا ہے (حضرت علی علیہ السلام)



# اسمائے مبارکہ
## 72 شہدائے کربلا (اصحاب باوفا)



| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حر ابن یزید الریاحی | علی بن الحر الریاحی | نعیم بن عجلان الانصاری | عمران بن کعب الاشجعی | حنظلہ ابن عمر الشیبانی | قاسط بن زہیر التغلبی | کردوس بن زہیر التغلبی | کنانہ بن عتیق التغلبی |
| عمر بن ضبیعہ الضبعی | ضرغامہ ابن مالک التغلبی | عامر بن مسلم العبدی | سیف ابن مالک العبدی | عبدالرحمن الارحبی | مجمع بن عبداللہ العائذی | حیان بن حارث السلمانی | عمرو بن عبداللہ الجندعی |
| حلاس بن عمر الراسبی | نعمان بن عمر الراسبی | سوار ابن ابی عمیر الہمدانی | عمار ابن سلامۃ الدالانی | زاہر بن عمر الکندی | جبلہ ابن علی الشیبانی | مسعود بن حجاج التیمی | حجاج ابن بدر التمیمی السعدی |
| عبداللہ ابن بشر الخثعمی | عمار ابن حسان الطائی | عبداللہ ابن عمیر الکلبی | مسلم ابن کثیر الازدی | زہیر ابن سلیم الازدی | عبداللہ بن یزید العبدی | بشر بن عمر الکندی | عبداللہ بن عروہ الغفاری |
| بریر ابن خضیر الہمدانی | وہب بن عبداللہ الکلبی | ادہم بن امیہ العبدی | امیہ بن سعد الطائی | سعد ابن حنظلہ التمیمی | عمیر ابن عبداللہ المذحجی | مسلم بن عوسجہ الاسدی | ہلال ابن نافع البجلی |
| سعید بن عبداللہ الحنفی | عبدالرحمن بن عبد المزنی | نافع ابن ہلال الجملی | عمر بن قرظہ الانصاری | جون بن حوی غلام الغفاری | عمر ابن خالد الصیداوی | حنظلہ ابن اسعد الشبامی | سوید ابن عمر الانماری |
| یحییٰ بن سلیم المازنی | قرہ ابن ابی قرہ الغفاری | مالک ابن انس المالکی | زیاد ابن غریب الصائدی | عمر بن مطاع الجعفی | حجاج ابن مسروق المذحجی | زہیر ابن قین البجلی | حبیب ابن مظاہر الاسدی |
| ابوثمامہ عمرو ابن عبداللہ الصیداوی | انیس بن معقل الاصبحی | جابر ابن عروہ الغفاری | سالم مولی عامر العبدی | جنادہ ابن کعب الخزرجی | عمرو بن جنادہ الانصاری | جنادہ بن الحرث السلمانی | عابس ابن حبیب الشاکری |
| شوذب ابن عبداللہ الہمدانی | عبدالرحمن بن عروہ الغفاری | حرث ابن امرؤ القیس الکندی | یزید ابن زیاد الہدلی | ابوعمرو النہشلی | جندب بن حجیر الخولانی الکندی | سلمان بن مضارب الانماری | مالک ابن عبداللہ الجابری |

نوٹ: یہ اصحاب امام حسین علیہ السلام کے باوفا ساتھی تھے جو کربلا میں شہید ہوئے۔

صدقہ قیامت کے دن صدقہ دینے والے کے لیے سایہ ہوگا اور اسے آگ سے خلاصی دلائے گا۔



# اسمائے مبارکہ شہدائے کربلا

## خاندان بنو ہاشم اولاد حضرت ابو طالبؑ



کارزار کربلا میں امام حسینؑ کے اصحاب باوفا اور موالیان باوفا کے بعد آپ کے عزیز و اقربا، برادران اور اولاد، اسلام پر قربان ہونا شروع ہو گئے اور انہوں نے اپنی بے نظیر قربانیوں سے اسلام کو صدا بہار بنا دیا۔ ذیل میں شہدائے کربلا کے اسمائے گرامی دیئے گئے ہیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حضرت عباسؑ ابن علیؑ (علمدار کربلا) | حضرت علی اصغرؑ ابن الحسینؑ | حضرت علی اکبرؑ ابن الحسینؑ | عبدالرحمن بن عقیلؑ | عبداللہ بن عقیلؑ | موسیٰ بن عقیلؑ | عون بن عبداللہ بن جعفر طیارؑ |
| محمد بن عبداللہ بن جعفر طیارؑ | قاسم بن الحسنؑ | عبداللہ الاکبر (عرف عمرو) بن الحسنؑ | عبداللہ ابن الحسنؑ | عبداللہ بن علیؑ | عثمان بن علیؑ | جعفر بن علیؑ |
| محمد بن ابی سعید بن عقیلؑ | عبداللہ بن مسلم بن عقیلؑ | محمد بن مسلم بن عقیلؑ | جعفر بن عقیلؑ | | | |

## شہدائے کربلا کے ہراول دستہ کے شہدا کے اسمائے مبارکہ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حضرت مسلم بن عقیلؑ | حضرت محمد بن مسلم | حضرت ابراہیم بن مسلم | حضرت ابوبکر بن علی | حضرت ابوبکر بن عقیل | حضرت عبداللہ اکبر بن عقیل | حضرت عبداللہ بن جعفر |
| حضرت عون بن عقیل | حضرت علی بن عقیل | حضرت عبداللہ اصغر بن علی | حضرت احمد بن محمد بن عقیل | حضرت محمد بن عبداللہ [illegible] | حضرت احمد بن حسن | حضرت جعفر بن مسلم |
| حضرت ابراہیم بن مسلم | حضرت عمر بن علی [illegible] | حضرت قاسم بن عباس | حضرت فضل بن عباس | | | |

جب امام حسینؑ میدان میں تنہا رہ گئے اور کوئی مددگار نہ رہا تو آپ خود میدان میں اپنی قربانی پیش کرنے کے لیے آئے اور نماز عصر کے وقت سجدہ خالق میں گئے اور شہید ہو گئے۔

مرتب کنندہ سید اعجاز حسین شاہ بخاری موضع آل سیداں ڈاکخانہ گوہڑ سیداں تحصیل و ضلع راولپنڈی 0300-5058699

## صدقہ دینے کے لیے انتہائی سادہ عمل

سید اعجاز حسین شاہ بخاری
0300-5058699

تمام تر بیماریوں، پریشانیوں، پیچیدہ مسائل کا حل صدقے کے عمل میں پوشیدہ ہے۔ صدقہ دینے سے پہلے مرد و خواتین، باوضو، پاؤں سے جوتے اتار دیں، سر پر ٹوپی، رومال، دوپٹہ رکھیں، اطمینان کے ساتھ کرسی، چارپائی پر بیٹھیں۔ دائیں ہاتھ میں مبلغ 50 روپے یا زائد جتنا نکالنا چاہیں رقم لیں۔ پڑھیں بسم اللہ الرحمن الرحیم ما شاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ ایک مرتبہ پڑھ کر روپوں کا دایاں ہاتھ گھما کر نیت کریں صدقہ ادا کر رہا ہوں برائے دوری آفات، بلیات، شر شیطانی، شر انسانی، امراض، حاجات، حصول صحت و سلامتی و رفع بلا لا الہ الا اللہ۔ تین مرتبہ یہ عمل دہرائیں۔ یہ رقم سورج غروب ہونے سے پہلے مستحق کو دے دیں۔ خدائے بزرگ و برتر صدقہ دینے والے گھرانے کو اپنی امان میں لے لیتا ہے۔ 0300-5058699

علاوہ ازیں وظائف، تعویذات بھی بلامعاوضہ منگوا سکتے ہیں۔ دعا گو سید اعجاز حسین شاہ بخاری۔ مسجد آل سیداں (زیر تعمیر) کے لیے مالی معاونت فرمائیں۔

صدقہ جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔

# کشکول

محترمہ کنیز عباس صاحب
خادمہ درگاہ عالیہ جوگی پور (انڈیا)

کچھ بھیک ہمیں بھی دے مولا کشکول ہمارا خالی ہے — ہم تیرے بھکاری تو مولا ، ہم خاک نشیں تو والی ہے
تسکین جگر کے ٹکڑے ہیں برسوں سے شکستہ حالی ہے — ہم اسفل سے بھی اسفل ہیں تو عالی سے بھی عالی ہے
کچھ بھیک ہمیں بھی دے مولا کشکول ہمارا خالی ہے

کیا نذر عقیدت پیش کریں کچھ آنسو ہیں کچھ نالے ہیں — کچھ ایسی تباہی آئی ہے اب جینے کے بھی لالے ہیں
جوگی ہیں تیرے دوارن کے نیچ ہیں مٹنے والے ہیں — مولائے جہاں بادل غم کے چھائے جو کالے کالے ہیں
کچھ بھیک ہمیں بھی دے مولا کشکول ہمارا خالی ہے

اکبرؑ کی جوانی کا صدقہ دو بول ہمارے بھی سن لے — بھر دے در مقصد سے کاسہ دو بول ہمارے بھی سن لے
اب جائے کہاں یہ دل خستہ دو بول ہمارے بھی سن لے — حالت ہے بہت ہی ناگفتہ دو بول ہمارے بھی سن لے
کچھ بھیک ہمیں بھی دے مولا کشکول ہمارا خالی ہے

درگاہ تیری جگمگ چمکے چمکا دے میرا نصیبہ چمکا دے — اے میرے نجف والے مولا کچھ مایا دے کچھ بھکشا دے
دریائے سخاوت کے مالک تو ابر سخاوت برسا دے — وہ تجھ سے بھی سائل ہوں پھیلو وہ حسب منشا دے
کچھ بھیک ہمیں بھی دے مولا کشکول ہمارا خالی ہے

آپ اپنی زباں سے یہ کہہ دیں جا میں نے تیرا دل رکھا — آنکھوں سے اشارہ یہ کر دو جا پورا ہوا سب من چاہا
گرداب کا کوئی خوف نہیں اب پار ہوئی تیری نیا — بابائے کرب و بلا خالی نہ رہے کاسہ میرا
کچھ بھیک ہمیں بھی دے مولا کشکول ہمارا خالی ہے

بیتاب ہیں غم کے عجز سے سائل پہ کرم کی بارش ہو — بھر جائے میرا خالی کاسہ یوں ابر کرم کی بارش ہو
دنیا میں رہوں شاداں خرم یوں ابر کرم کی بارش ہو — اب دیر نہ ہو تاخیر نہ ہو سائل پہ کرم کی بارش ہو
کچھ بھیک ہمیں بھی دے مولا کشکول ہمارا خالی ہے

حسنینؑ کے ہم دیوانے ہیں دربار میں تیرے آئے ہیں — کچھ دل کے ٹکڑے لائے ہیں اک عرض بھی اپنی لائے ہیں
منظور گذارش ہو جائے غم ہم نے بہت سے پائے ہیں — اے صدر اللہ تو نے تو اجڑے ہوئے گھر بھی بسائے ہیں
کچھ بھیک ہمیں بھی دے مولا کشکول ہمارا خالی ہے

بجھ جائے یہ غم کے انگارے بگڑی قسمت بن جائے — اے میرے نجف والے مولا آرام کی صورت بن جائے
امید کا پرچم چمکا دے قسمت کا ستارا چمکا دے — ہم تیرے بھکاری تو مولا ہم خاک نشیں تو والی ہے
کچھ بھیک ہمیں بھی دے مولا کشکول ہمارا خالی ہے

**عمل برائے رزق** یہ عمل امیر المومنینؑ سے منسوب ہے جمعرات سے شروع کرے 40 روز تک درج ذیل آیات ہر روز 159 مرتبہ پڑھے مختصر یہ کہ نماز فجر کے بعد پڑھے چالیسویں دن 179 مرتبہ پڑھے اس طرح کل تعداد 6380 ہو جائے گی دوران عمل ہی کامیابی نصیب ہوگی۔

وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا ۝ وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ بَالِغُ أَمْرِهِ ۚ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝

صدقِ اعمالِ صالح میں افضل عمل ہے اور سب سے افضل عمل کہلاتا ہے۔

# دُعائے حضرت اویس قرنیؓ

**اسناد!** کتاب مصباح الدعوات میں جناب امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا! جو شخص اس دُعا کو پڑھے اس کی ہر حاجت بر آئے گی۔ اگر بھوک پیاس کی شدت ہو اور اس دُعا کو پڑھے تو پروردگار عالم اس کو سیر و سیراب کریگا اور اگر پہاڑ پر اس کو پڑھا جائے تو پہاڑ اپنی جگہ سے حرکت کرے گا، پڑھنے والا اپنی مراد کو پہنچے، اگر دیوانہ (مجنوں) پر پڑھ کر دم کریں تو صحت پائے اور اگر بوقت ولادت پڑھیں تو ولادت آسان ہو جائے۔ اگر چالیس شب جمعہ پڑھی جائے تو گناہ معاف ہو جائیں خواہ وہ گناہ خدا کے ہوں یا بندوں کے اور اگر کسی جابر حاکم کے سامنے جانے سے قبل یہ دُعا پڑھے تو خداوند عالم اس کے شر سے محفوظ رکھے گا اور جو سونے سے قبل پڑھے تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتوں کو اس بات پر متعین فرمائے گا کہ اس کیلئے استغفار کریں اور حسنات کیلئے دُعا کریں اور اگر اسی شب مر جائے تو شہیدوں میں شمار ہو اگرچہ گناہان کبیرہ کا مرتکب ہوا ہو۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) وہ دُعا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے۔

يَا سَلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْقَاهِرُ الْمُطَهِّرُ الْقَاهِرُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ

اے سلامتی و امان دینے والے (سب کی) نگہبانی کرنے والے، غالب، زبردست، بزرگی والے، قہر والے، پاک (اور دوسروں کو پاک کرنے والے)، صاحبِ غلبہ، صاحبِ قدرت،

يَا مَنْ يُنَادٰى مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ بِاَلْسِنَةٍ شَتّٰى وَ لُغَاتٍ مُخْتَلِفَةٍ وَ حَوَائِجَ اُخْرٰى

صاحبِ اقتدار، اے وہ ذات جسے تمام گہری گہری گھاٹیوں اور دروں سے مختلف بولیوں اور طرح طرح کی زبانوں میں مختلف حاجتوں کیلئے پکارا جاتا ہے

يَا مَنْ لَّا يَشْغَلُهٗ شَاْنٌ عَنْ شَاْنٍ اَنْتَ الَّذِيْ لَا تُغَيِّرُكَ الْاَزْمِنَةُ وَ لَا تُحِيْطُ بِكَ

اے وہ ذات جسے ایک کام دوسرا کام کرنے سے نہیں روکتا صرف تو ہی وہ ہے جس پر کہ زمانے تغیر نہیں کر سکتے اور کوئی مکان اس کا احاطہ نہیں کر سکتا

الْاَمْكِنَةُ وَ لَا تَاْخُذُكَ نَوْمٌ وَّ لَا سِنَةٌ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ يَسِّرْ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ مَا اَخَافُ

اور نہ ہی تجھے کبھی نیند آتی ہے اور نہ کبھی اونگھ تو رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور آپ کی آل پر اور آسان کردے میرے لیے میرا وہ کام جس کے مشکل ہونے کا مجھے خوف ہے

عُسْرَهٗ وَ فَرِّجْ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ مَا اَخَافُ كَرْبَهٗ وَ سَهِّلْ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ مَا اَخَافُ

اور کشادگی پیدا کردے میرے لیے میرے اس کام میں جس کے اندر مجھے تنگی کا خطرہ ہے اور آسان کردے میرے لیے میرا وہ کام جس میں حزن و ملال پہنچنے کا مجھے ڈر ہے

حُزْنَهٗ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ عَمِلْتُ سُوْٓءًا وَّ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ

پاک ہے تو نہیں ہے کوئی اللہ سوائے تیرے بے شک میرا شمار ظالموں میں ہے میں نے برا کام کیا اور میں نے ظلم کیا خود اپنے ہی نفس پر پس تو میرے گناہوں کو

فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ لَا حَوْلَ

معاف فرمادے اور بے شک کوئی بخشنے والا نہیں گناہوں کو سوائے تیرے اور ہر طرح کی تعریف کا سزاوار اللہ ہی ہے جو تمام عالمین کا پروردگار ہے اور نہیں ہے کوئی طاقت

وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّهٖ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ تَسْلِيْمًا

اور نہیں ہے کوئی قوت بجز صرف اس اللہ کی جو بلند و عظمت والا ہے اور اللہ کی رحمت نازل ہو اس کے نبی (محمدؐ) اور آپ کی آل پر اور ان کیلئے سلامتی ہو جو سلامتی کا حق ہے۔

# دعائے مُجرّب وعجیب التاثیر

برائے حفاظت از آفات و بلیات و حادثات و شر و زہر و شر شیاطین و جن و انس وغیرہ

کتاب زین العابدین سے منقول ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام کے زمانہ میں ایک بدکار شخص کو 3 مرتبہ آگ میں ڈالا گیا نہ جلا، پھر پانی میں ڈالا گیا نہ ڈوبا، گردن پر شمشیر چلائی کچھ کارگر نہ ہوئی۔ امام سے سبب دریافت کیا گیا آپ نے فرمایا اس کے پاس ایک تعویذ ہے دیکھا گیا تو اسکے پاس سے یہ دعا نکلی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا مَنْ لَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ إِلَّا هُوَ ۔ يَا مَنْ لَا يُدَبِّرُ الْأَمْرَ إِلَّا هُوَ ۔ يَا مَنْ لَا يَصْرِفُ السُّوْءَ إِلَّا هُوَ ۔ يَا مَنْ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا هُوَ ۔ يَا مَنْ لَا يُحْيِي الْعِظَامَ الْمَوْتٰى إِلَّا هُوَ ۔ هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۔ وَبِالْحَقِّ أَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۔ وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۔ وَبِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ الْوَاحِدِ الْأَحَدِ الصَّمَدِ الْفَرْدِ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ ۔ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ۔ كَامِلًا هَادِيًا يَا بَرُّ يَا مَلِيًّا صَادِقًا بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

## دعا ردِ بلا

بلاؤں کے دور ہونے کے لیے درج ذیل دعا بعد ہر نماز 70 مرتبہ روزانہ پڑھیں

يَا اللّٰهُ يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ يَا فَاطِمَةُ يَا حَسَنُ يَا حُسَيْنُ يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ أَدْرِكْنِيْ وَلَا تُهْلِكْنِيْ ● اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

**ترجمہ** اے اللہ، اے محمدؐ، اے علیؑ، اے فاطمہؑ، اے حسنؑ، اے حسینؑ، اے زمانے کے سردار میری مدد فرمایئے ورنہ میں ہلاک ہو جاؤں گا۔

# حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی پُراثر دُعا

# دُعائے مقاتل بن سلیمان

اوّل و آخر 10 مرتبہ درود پڑھیں۔ پھر حاجت طلب کریں۔ شیخ کفعمی نے مقاتل بن سلیمان سے نقل کیا۔ امام نے فرمایا! سو مرتبہ اس دُعا کو پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دُعا مستجاب ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِلٰهِيْ كَيْفَ أَدْعُوْكَ وَأَنَا أَنَا وَكَيْفَ أَقْطَعُ رَجَائِيْ مِنْكَ وَأَنْتَ أَنْتَ إِلٰهِيْ إِذَا لَمْ أَسْأَلْكَ فَتُعْطِيَنِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ أَسْأَلُهٗ فَيُعْطِيَنِيْ إِلٰهِيْ إِذَا لَمْ أَدْعُوْكَ فَتَسْتَجِيْبَ لِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ أَدْعُوْهُ فَيَسْتَجِيْبُ لِيْ إِلٰهِيْ إِذَا لَمْ أَتَضَرَّعْ إِلَيْكَ فَتَرْحَمَنِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ أَتَضَرَّعُ إِلَيْهِ فَيَرْحَمُنِيْ إِلٰهِيْ فَكَمَا فَلَقْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَنَجَّيْتَهٗ أَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَنْ تُنَجِّيَنِيْ مِمَّا أَنَا فِيْهِ وَتُفَرِّجَ عَنِّيْ فَرَجًا عَاجِلًا غَيْرَ آجِلٍ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ

يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

**ترجمہ:** اے میرے معبود کیسے تجھے پکاروں اس حال میں کہ میں میں ہوں اور کیسے اپنی امید تجھ سے منقطع کروں حالانکہ تو تو ہے۔ اے میرے معبود جب میں تجھ سے نہیں مانگتا تب بھی تو مجھے عطا کرتا ہے۔ تو وہ کون ہے کہ اس سے مانگوں اور وہ مجھے عطا کرے۔ اے میرے معبود جب میں تجھے نہیں پکارتا تب بھی تو میری دعا قبول کرتا ہے تو وہ کونسی ذات ہے کہ میں اسے پکاروں اور وہ میری دعا قبول کرے۔ اے میرے معبود جب میں تیرے حضور میں نہیں گڑگڑاتا تو مجھ پر رحم کرتا ہے۔ تو وہ کونسی ہستی ہے کہ اس کے سامنے گڑگڑاؤں اور وہ مجھ پر رحم کرے۔ اے میرے معبود جس طرح تو نے موسیٰ علیہ السلام کے لیے دریا کو شگافتہ کیا اور ان کو نجات دی میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور مجھ کو اس چیز سے جس میں میں مبتلا ہوں نجات دے اور میری تمام پریشانیوں کو جلد از جلد بلا تاخیر (فوری) اپنے فضل اور اپنی رحمت سے دور فرما۔ اے سب سے بڑے رحم کرنے والے۔

## حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا

حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت رسول خدا ہر نئے سال کی پہلی شب میں دو رکعت نماز ادا فرماتے تھے اور دونوں ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاِلٰهُ الْقَدِيْمُ وَهٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ
فَاَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطٰنِ وَالْقُوَّةَ
عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْٓءِ وَالْاِشْتِغَالَ
بِمَا يُقَرِّبُنِيْٓ اِلَيْكَ يَا كَرِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِكْرَامِ يَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ يَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ
لَهٗ يَا حِرْزَ مَنْ لَّا حِرْزَ لَهٗ يَا كَنْزَ مَنْ لَّا كَنْزَ لَهٗ يَا
حَسَنَ الْبَلَاءِ يَا عَظِيْمَ الرَّجَاءِ يَا عِزَّ الضُّعَفَاءِ يَا
مُنْقِذَ الْغَرْقٰى يَا مُنْجِيَ الْهَلْكٰى يَا مُنْعِمُ يَا مُجْمِلُ
يَا مُفْضِلُ يَا مُحْسِنُ اَنْتَ الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ
سَوَادُ اللَّيْلِ وَنُوْرُ النَّهَارِ وَضَوْءُ الْقَمَرِ وَشُعَاعُ
الشَّمْسِ وَدَوِيُّ الْمَاءِ وَحَفِيْفُ الشَّجَرِ يَا اللّٰهُ لَا
شَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا خَيْرًا مِّمَّا يَظُنُّوْنَ
وَاغْفِرْ لَنَا مَا لَا يَعْلَمُوْنَ وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِمَا
يَقُوْلُوْنَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ
وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ
رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ رَبَّنَا لَا
تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا
مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

**برائے حفاظت** ہر روز 45 مرتبہ **یَا غَفُوْرُ** پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

## حضرت علیؑ کی ایک مخصوص دُعا

منقول ہے کہ جب حضرت علیؑ کو کوئی نہایت پریشان کن اور اضطراب آگیں مہم درپیش ہوتی تو آپ دو رکعت نماز ادا کر کے (۱۰۰) سو مرتبہ "اَسْتَخِیْرُ اللّٰہ" پڑھنے کے بعد دعائے ذیل کو پڑھتے۔ اس کے بعد آپ کام کو شروع فرماتے تھے۔ جس کی وجہ سے آپ کو کسی کام میں نقصان نہیں پہنچا تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ قَدْ هَمَمْتُ بِاَمْرٍ قَدْ عَلِمْتَهٗ فَاِنْ
خدایا! میں نے جو ارادہ کر رکھا ہے تو اس سے ضرور واقف ہے
كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهٗ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَ
پس اگر وہ دینی، دنیاوی و اخروی حیثیت سے میرے لئے
دُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ فَيَسِّرْهُ لِيْ وَاِنْ كُنْتَ
بہتر ہے تو سہل و آسان فرما دے اور اگر تیری حقیقت میں نظر
تَعْلَمُ اَنَّهٗ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ
سے دینی، دنیاوی اور اخروی حیثیت سے میرے لئے برا ہے
فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ كَرِهَتْ ذٰلِكَ اَوْ اَحَبَّتْ
تو دور فرما دے چاہے مجھے برا لگے یا وہ مجھے اچھا لگے کیونکہ تو سب کچھ جانتا ہے
فَاِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ
اور میں کچھ نہیں جانتا اور تو ہی ذاتی طور پر غیب کا جاننے والا ہے۔

**نادِ علیؑ صغیر** نماز فجر اور عشاء کے بعد 15-15 مرتبہ پڑھیں تمام مشکلات کا حل ہے اول و آخر 15-15 مرتبہ درود پڑھیں۔ مجرب ہے۔

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ
فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ
بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ وَبِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ
وَبِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

# اسمائے مبارکہ والقابات
# حضور پُرنُور رسول اکرم ﷺ

تحریر و تحقیق
راجا افتخار حسین
0333-2312068


قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں میں نے ایک تحقیقی مضمون بعنوان استخراج اسم اعظم پر 2015 کی جنتری میں تحریر کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی ذات نے اس مضمون استخراج اسم اعظم کو صدقہ پنجتن پاک کے وہ پذیرائی اور عزت بخشی کہ آج تک بذریعہ ٹیلیفون و ڈاک کا سلسلہ جاری و ساری ہے اور میں ناچیز و حقیر ذات باری تعالیٰ کے دربار میں سر بسجود ہوں اور اللہ تعالیٰ کی ذات کا بار بار شکر ادا کر رہا ہوں کہ اس ترقی یافتہ دور میں یعنی انٹرنیٹ، سوشل میڈیا، ٹیبلٹ، موبائل فون کے ہوتے ہوئے بھی روحانیت کے شوقین ابھی بھی میرے ملک پاکستان میں موجود ہیں۔ اس مضمون استخراج اسم اعظم سے ہزاروں لوگوں نے دینی و دنیاوی اور روحانی فیض حاصل کیے ہیں۔ فوائد کیوں نہ حاصل ہوں عزت، دولت، ترقی، شفاء از امراض، عروج و زوال خالق کائنات ہی کے ہاتھ میں ہے۔ خود اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ مجھے میرے اسمائے الحسنیٰ سے یاد کرو۔ اور اسمائے الحسنیٰ سے مدلول اللہ کا نام اسم ذات ہے باقی تمام اسمائے الحسنیٰ اسم صفات ہیں۔ میں نے ننانوے اسمائے الحسنیٰ کے حروف باطن کی ایک جدول قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں پیش کی تھی۔ اس سال آپ کیلئے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے ناموں اور القابات کی حروف باطن کی جدول تیار کر کے آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں میں ناچیز و حقیر نے سخت ترین محنت عرق ریزی سے آپ کیلئے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے مبارک ناموں اور القابات کے حروف باطن اور اعداد کی جدول تیار کی ہے۔

میری کیا مجال ہے کہ میں حضرت محمد ﷺ کی ذات پُرنور پر مضمون تحریر کروں۔ اگر تمام دنیا کے درختوں کی شاخوں کی قلمیں بن جائیں اور تمام دنیا کے سمندروں کے پانی سیاہی بن جائیں اور کائنات کے تمام انسان و جنات و ملائکہ کاتب بن جائیں تو وہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی تعریف و فضائل لکھنے کے لئے بیٹھیں تو تمام جملہ اجزاء ختم ہو جائیں گے مگر سرکار دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے فضائل کی تعریف و توصیف تمام نہ ہو گی۔

کائنات کی اس عظیم پاکیزہ ہستی کے فضائل کے علاوہ روحانیت کے حوالے سے لکھنے کی میں ناچیز جسارت کروں تو جنتری کے صفحات بہت قلیل ہیں۔ خداوند کریم اپنی ذات میں لاشریک ہے مگر حضرت محمد ﷺ وہ واحد ذات ہیں جن پر اللہ تعالیٰ اور فرشتے درود شریف پڑھتے ہیں اور اہل ایمان کو بھی حکم دیا ہے کہ تم بھی حضرت محمد ﷺ پر درود و سلام پڑھو۔ جو تسلیم کا آداب فرمانبرداری زندگی تک سلام کرو، درود پڑھو۔ اللھم صل علی محمد وآل محمد یہ درود اسم اعظم کیونکہ اسم اعظم کی تعریف یہ ہے کہ حرف "الف" سے شروع ہو اور تمام حروف بے نقطہ ہوں۔ حضور اکرم ﷺ کا ذاتی نام محمد ﷺ خود اللہ تعالیٰ نے رکھا ہے۔ محمد کے معنی ہیں بہت زیادہ تعریف کیا گیا، نہایت سراہا گیا۔ جس طرح بغیر بسم اللہ نماز قبول نہیں ہوتی اسی طرح بغیر صلوات کے نماز قبول نہیں ہوتی۔ جو لوگ حضور اکرمؐ کی ذات اقدس پر صلوات و سلام کے قائل نہیں ہیں وہ لوگ اپنی نمازوں کو رائیگاں کر رہے ہیں کیونکہ محمد ﷺ کا باطن ہی اسلام ہے۔ میں نے حضور اکرم ﷺ کے تمام ناموں و القابات کی جدول کے حروف باطن تیار کر کے اور ساتھ ہی تمام ناموں اور القابات کے اعداد نکال کر آپ کیلئے ایک لوح تیار کر دی ہے۔ اصل لوح تیار کرتے وقت لوگوں کے حسد سے نہ گھبرائیں کیونکہ یہ نقش کی چال کو ظاہر کر رہا ہے۔ اس لوح کا وفق '32,418' ہے۔ یہ اعداد تمام اسماء و القابات کے ہیں۔ میری یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک اس علم کو جاہل اور شرپسند سے پوشیدہ رکھے گی اگر آپ کو اس جدول سے کام لینے کا طریقہ آ جائے تو ہرگز جاہل کو نہ سکھائیں۔

**فوائد:** یہ لوح حرز جان ہے۔ آج ہمارے ملک میں ہر طرف دہشت گردی کا دور دورہ ہے۔ یہ لوح تحفظ جان و مال ہے۔ ترقی رزق، ترقی کاروبار، تحفظ از جادو و سحر، جنات وغیرہ۔ اس لوح کے فوائد تحریر یا بیان کرنا میرے بس کی بات نہیں ہے۔ یہ لوح ہر ستارے کے شرف و اوج میں چاندی کے پترے پر کندہ کی جا سکتی ہے۔ لوح تیار کرنے کے بعد درود شریف اپنے ورد میں رکھیں۔ اور فوائد کا خود مشاہدہ کریں۔ لوح تیار کرنے کے بعد 92 مرتبہ درود شریف پڑھ کر لوح پر دم کریں۔ اور حضور اکرم ﷺ کی نیاز دے کر بچوں میں تقسیم کریں۔ اگر اللہ تعالیٰ کی ذات نے مجھے زندگی اور صحت عطا فرمائی تو انشاء اللہ تعالیٰ اگلے سال امیرالمومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام اور شہزادی کونین حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے اسمائے صفات و القابات کے ناموں کی جدول حروف باطن تیار کر کے آپ کی خدمت میں پیش کروں گا۔

اسمائے مبارکہ والقابات حضرت رسولِ خدا کا نقش مع حروف باطن صفحہ نمبر: پر درج ہے



اگر مضمون کی کوئی چیز سمجھ نہ آئے تو براہ مہربانی سے رابطہ کر کے جواب حاصل کریں۔ کیونکہ میری پڑھائی مختصر ہوتی ہے اور فون پر سمجھانے سے قاصر ہوں۔ اس جدول حروف باطن حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی روح سے فیض حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں یا حاجت روا ہو جائیں تو براہ مہربانی آغا نثار احمد اور راجہ آغا افتخار حسین والدہ محترمہ علی فرزاد کیلئے دعائے مغفرت کریں۔ اور مدیر علی آغا افتخار حسین اور معاونین علی فرزند کیلئے دعا، درازی عمر اور صحت و سلامتی کیلئے دعا کریں۔

**لوح یہ ہے**

راجہ افتخار حسین مکان نمبر A-12، سروے نمبر 553،
عقب مرکزی امام بارگاہ جعفر طیار سوسائٹی ملیر کراچی۔
E-mail:nihussain133@gmail.com

## مجرب ترین دعا

مولانا علی حسین جعفری 0300-4344139

مرحوم آیت اللہ مصطفیٰ بروجردی سے گزارش کی گئی کہ کوئی مجرب ترین دعا بتائیں جس سے پریشانیاں دور ہوں جو مشکلات حل ہوں۔ تو فرمایا مجھے جب سے اس دعا کی بزرگ آیت اللہ بروجردی نے تعلیم دی ہے ایسا کبھی نہیں ہوا کہ اس دعا کے پڑھنے کے ایک ہفتے کے اندر اندر میری مشکلات حل نہ ہوئی ہوں۔ لیکن آیت اللہ بروجردی نے اس بات کی تاکید فرمائی کہ دعا کو پڑھنے سے پہلے اور بعد میں 4 مرتبہ محمد و آل محمدؐ پر درود بھیجیں اور اسکے پڑھنے کا کوئی خاص وقت مقرر نہیں لیکن شرط یہ ہے کہ دعا کے پڑھنے میں وقفہ نہ آئے۔ یہ دعا منقول ہے جو بھی صاف دل سے صحیح عقیدے کیساتھ اس دعا کو جائز حاجت کے لیے پڑھے گا اس کی وہ حاجت پوری ہوگی یہ دعا پریشانیوں کی شفایابی کے لیے مجرب ترین ہے۔

### دعا پڑھنے کی شرائط

- بہتر ہے کہ یہ دعا مسجد میں پڑھی جائے۔
- باوضو۔
- رو بہ قبلہ۔
- پڑھنے سے پہلے حسب توفیق صدقہ۔
- ایک ہی جگہ بیٹھ کر پڑھی جائے۔
- پڑھنے کے دوران کسی سے کلام نہ کیا جائے۔
- 70 مرتبہ روزانہ پڑھے۔
- 40 دنوں تک بلاناغہ پڑھے۔
- کسی بھی نماز کے بعد پڑھ سکتا ہے۔
- سجدہ میں پڑھے۔
- دعا کے پڑھنے میں وقت کا خیال رکھا جائے یعنی ہر روز ایک ہی وقت پر پڑھے۔

**دعا** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
- لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِعِزَّتِكَ وَقُدْرَتِكَ
- لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِحَقِّ حَقِّكَ وَحُرْمَتِكَ
- لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَرِّجْ بِرَحْمَتِكَ

یہ عمل مجرب ترین ہے بہت سے علماء کرام نے اس دعا کا عمل کیا ہے اور قلیل از وقت مراد پوری ہوئی۔

## زیارت مدینہ و قدم بوسی مولائے متقیان

پروفیسر علامہ ذاکر حسین الحسینی 0331-4689951

مجھے ایک بزرگ نے ایک روحانی تحفہ عطا فرمایا جس کی بدولت مجھے 50 دن زیارت مدینہ اور 50 دن قدم بوسی مولائے کائنات کا شرف حاصل ہوا۔

**طریقہ** ① 2 رکعت نماز ہدیہ زیارت بحضور سرور کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھتا ہوں قُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ بعد از نماز ایک تسبیح مع اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک (صدقے جاواں و آقا قربان جاواں یا نبی سوہنے نبی دی کرنی تاج فرمانی سوہنے نبی تو ں جند جان واری)۔

② 2 رکعت نماز ہدیہ زیارت بحضور مولائے متقیان مولا علیؑ پڑھتا ہوں قُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ بعد از نماز ایک تسبیح مع اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک (صدقے جاواں یا علی قربان جاواں یا علی سوہنے علی دی کرنی تاج فرمانی سوہنے علی تو جند جان واری)۔

وقت 12 بجے کے بعد نماز تہجد سے قبل۔ اجازت طلب فرما کر 50 دن زیارت مدینہ و نجف اور قدم بوسی مولائے کائنات سے مشرف ہونے کے لیے 50 دن مسلسل پڑھ کر ذکر کریں اور روحانیت سے فیضیاب ہوں۔

# کلید کامیابی

سید مبارک حسین
کاظمی شاہ صاحب
R-31 بلاک III ...
کراچی

آج کل کے پرآشوب دور میں انسان عدم تحفظ کا شکار ہے۔ قدم قدم پر جان و مال کا خطرہ ہے۔ قتل و غارت گری، دہشت گردی، مشکلات، فسادات، بیماریاں، مقدمات، حادثات، بے روزگاری، معاشی مشکلات میں انسان پھنسا ہوا ہے اور ان سے نکلنے کا کوئی راستہ نظر نہیں آتا۔ چند مجرب اور آزمودہ قرآنی دعائیں پیش خدمت ہیں۔ اعتقاد و اخلاص سے پڑھیں اور محمدؐ و آل محمدؐ کو وسیلہ بنائیں کیونکہ قادر مطلق کا ارشاد ہے۔ اے ایمان والو! مجھ تک پہنچنے کے لیے وسیلہ ڈھونڈو اور یہی پاک ہستیاں ہمارے لیے وسیلہ ہیں۔ آخر میں میری دعا ہے کہ پروردگار ہر مومن و مومنہ کو مشکلات، پریشانیوں، بیماریوں اور جملہ مصیبتوں سے نجات دلائے اور خداوند کریم بحق چہاردہ معصومین مولانا آغا نثار احمد صاحب مرحوم بانی ادارہ کی مغفرت فرمائے اور آغا افتخار حسین صاحب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور کاروبار میں برکت عطا فرمائے۔ ان کی اہلیہ مرحومہ، جملہ مرحومین کی بلندی درجات کے لیے ایک مرتبہ سورہ فاتحہ کا ہدیہ مرحومین کو ایصال فرمادیں۔ شکریہ۔ سید مبارک حسین کاظمی شاہ

## ہر جائز مراد اور مشکلات کی آسانی کے لیے

درج ذیل آیت نمبر 4، 5 پارہ 21 سورہ روم کو نماز عشاء کے بعد 113 مرتبہ پڑھ کر دعا مانگ لیا کریں۔ آیت یہ ہے۔ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ بِنَصْرِ اللَّهِ يَنْصُرُ مَنْ يَشَاءُ وَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ

## شادی کی رکاوٹ کے لیے

اگر آپ کی شادی میں رکاوٹ ہوں یا آپ کے عقد میں مشکلات ہوں، مراد پوری نہ ہوتی ہو، رشتے آتے ہوں لیکن کامیابی نہ ہوتی ہو تو درج ذیل آیت نمبر 54 سورہ الفرقان پارہ نمبر 19 کو روزانہ متواتر 21 دن تک 313 مرتبہ پڑھ کر دعا مانگ لیا کریں۔ آیت یہ ہے۔ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا ۗ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا

## اولاد کے لیے

اگر نرینہ اولاد کی خواہش رکھتے ہوں تو درج ذیل اسماء حسنیٰ 111 مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود کے ساتھ ہر فریضہ نماز کے بعد پڑھ کر دعا مانگ لیا کریں اور پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ یَا سَلَامُ یَا بَدِیْعُ

## شوگر و دیگر امراض سے خاتمے کے لیے

شوگر کے مرض کی دوری اور دیگر تمام امراض سے نجات کے لیے ہر نماز فریضہ کے بعد روزانہ 11 مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود کے ساتھ ان شاء اللہ تمام ظاہری اور باطنی امراض دور ہوں گے۔ وہ دعا یہ ہے۔ یَا اللّٰہُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا سَلَامُ یَا شَافِیْ۔ یہ دعا پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔

## حاکم / افسر / مالک کی ناراضگی کے خاتمے کے لیے

جب کسی حاکم / افسر / مالک سے ناراضگی ہو جائے اور وہ آپ کو پریشان کرتا ہو تو درج ذیل کو 3 مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں۔ یہ دونوں ہاتھ پورے جسم پر پھیریں ان شاء اللہ حاکم / افسر ہر ناراضگی ختم کر دیگا اور مہربانی اور شفقت سے پیش آئیگا۔ دعا یہ ہے۔

كهيعص كفايتنا حمعسق حمايتنا فسيكفيكهم الله وهو السميع العليم

نظر، حسد سے بچنے، ہر آفت اور پریشانی سے محفوظ رہنے کے لیے روزانہ صبح شام 7 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

## مکان خالی کروانے کے لیے

اگر آپ کے مکان پر کسی نے قبضہ کیا ہوا ہے اور وہ خالی نہیں کرتا تو درج ذیل سورہ انشقاق پارہ 30 کی آیت نمبر 4 نماز عشاء کے بعد روزانہ 300 مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں ان شاء اللہ جلد ہی آپکا مکان خالی ہو جائے گا اور قبضہ مل جائے گا۔ آیت درج ذیل ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ

## امتحان میں کامیابی کے لیے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ امتحان میں نمایاں پوزیشن حاصل ہو تو درج ذیل سورہ بنی اسرائیل کی آیت مبارکہ نمبر 87 پارہ 15 کو روزانہ ہر نماز کے بعد 71 مرتبہ اول و آخر درود کیساتھ پڑھیں اور کامیابی کی دعا مانگیں۔ آیت درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم إِنَّ فَضْلَهُ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيرًا

## فرمانبردار اولاد کے لیے

نافرمان کو اور بچوں کو فرمانبردار بنانے اور بری عادتیں چھڑوانے کے لیے جب وہ سو جائیں تو سرہانے کھڑے ہو کر روزانہ متواتر 21 مرتبہ 21 دن سورہ اخلاص اتنی آواز سے پڑھیں کہ نیند میں خلل نہ آئے۔ اول و آخر درود ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ بری عادتیں ترک کر دیں گے۔

**بچوں کی ضد ختم کروانے کے لئے** ضدی بچے کی ضد ختم کروانے کے لیے جب بچہ گہری نیند سو جائے تو سرہانے کھڑے ہو کر 11 مرتبہ سورہ کوثر اول و آخر 3-3 مرتبہ درود کے ساتھ پڑھ کر دم کریں اور دعا کریں یہ عمل کم از کم 1 ماہ جاری رکھیں ان شاء اللہ یہ عادت ختم ہو جائے گی۔

**الرجی کے خاتمے کے لئے** اگر کسی کو الرجی کا مرض ہو تو مریض کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد 7 مرتبہ سورہ القدر پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں اور جسم پر پھونکیں ان شاء اللہ جلد مرض سے افاقہ ہوگا۔

**یرقان کے لئے** اگر کسی کو یرقان ہو گیا ہو (پیلیا) تو پہلے سورہ فاتحہ 1 مرتبہ اور پھر سورہ الم نشرح 7 مرتبہ اور سورہ الم ترکیف 1 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں جب تک افاقہ نہ ہو جائے۔

**دل کے امراض کے لئے** دل کے امراض کے لیے نہایت پراثر اور مجرب دعا کو دل پر ہاتھ رکھ کر 111 مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا مانگ لیا کریں دعا یہ ہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

**پیٹ درد کے لئے** پیٹ میں کیسا ہی درد کیوں نہ ہو تو درج ذیل کو 7 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں ان شاء اللہ جلد ہی افاقہ ہو گا۔
اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

**بیماری کے لئے** کسی بھی بیماری ہو روزانہ نماز عشاء کے بعد اور صبح کو نماز فجر کے بعد 33 مرتبہ درج ذیل کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا

کریں ان شاء اللہ جلد صحت یابی ہوگی۔
اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

**تبادلہ رکوانے کے لئے** اگر کسی شخص کا تبادلہ کسی دوسرے شہر ہو جائے اور وہاں نہ جانے اور رکوانے کے لیے سورۃ تبت یا نماز عشاء کے بعد روزانہ 19 مرتبہ 19 دن تک پڑھ کر دعا مانگیں ان شاء اللہ تبادلہ رک جائے گا

**شوہر اور زوجہ میں پیار و محبت کے لئے**
اگر شوہر اور بیوی میں اختلافات، جھگڑے رہتے ہوں تو ان میں پیار محبت الفت قائم ہونے کے لیے روزانہ 1001 مرتبہ کسی میٹھی چیز پر دونوں کھائیں ان شاء اللہ باہمی الفت و محبت ہوگی اور جھگڑے ختم ہو جائیں گے وہ اسم یہ ہے اَلْوَدُوْدُ

**وسعت رزق کے لئے** روزانہ ہر نماز کے بعد 70 مرتبہ یَا فَتَّاحُ پڑھنا وسعت رزق کے لیے نہایت پراثر اور مجرب ہے۔

**حفاظت کے لئے** درج ذیل اسم الٰہی کو روزانہ 202 مرتبہ بچے پر پڑھ کر دم کر دیا جائے تو وہ بچہ بالغ ہونے تک تمام آفات، بیماریوں اور پریشانیوں سے امان میں رہے گا۔ وہ اسم یہ ہے اَلْبَرُّ۔ اول و آخر ایک مرتبہ درود پڑھ کر دعا مانگ لیا کریں

**ناگہانی موت سے بچنے کے لئے** روزانہ ہر فریضہ نماز کے بعد 1000 مرتبہ یَا حَیُّ پڑھنا ناگہانی اور اچانک موت سے محفوظ رکھتا ہے اور عمر طویل ہوتی ہے

**دعائے اسم اعظم**
منقول ہے کہ آصف بن برخیا وزیر حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام نے درج ذیل دعا کے ذریعے سے چشم زدن میں ملک سبا سے تخت بلقیس منگوایا تھا اور دوسری روایت میں منقول ہے کہ حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام بھی اس دعا کے ذریعے سے مردوں کو زندہ کیا کرتے تھے کیونکہ اس درج دعا میں اسم اعظم موجود (پوشیدہ) ہے اگر یقین کامل سے پڑھی جائے تو عامل اسم اعظم کا کام دے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الطَّاهِرُ الْمُطَهَّرُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِیْرُ الْمُتَعَالِ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَفْعَلَ بِیْ

**ترجمہ** الٰہی میں تجھ سے اس لیے سوال کرتا ہوں کہ تو ہی ہمارا معبود ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو زندہ قائم ہے تو پاک ہے پاکیزہ ہے تو آسمانوں اور زمینوں کا نور ہے تو ہی غیب اور سامنے کی باتوں کا جاننے والا ہے تو ہی بزرگ (اور) برتر ہے تو ہی مہربان صاحب جلالت و کرامت ہے چاہیے کہ تو محمد اور ان کی آل پر رحمت فرما اور میرے ساتھ ایسا کر (اس کے بعد اپنی حاجت بیان کرے)

**تسبیح اسمائے الحسنیٰ** کتاب الدعوات میں بروایت عبد السلام خوارزمی درج ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دعا کو اسم اعظم قرار دیا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

# شرفات کواکب الواح شرفات کواکب

انسانی زندگی پر سیارگان کے اثرات اب کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے یوں تو پروردگار کی ذات اقدس علی کل شئی قدیر ہے اور کائنات کی ہر چیز اسی کے دائرہ اختیار میں ہے مگر سیارگان میں موجود اثرات بھی پروردگار کی جانب سے ہی ہیں اور اسی کے حکم سے اثر انداز ہوتے ہیں۔ اور اس میں تبدیلی بھی پروردگار عالم کے حکم سے ہی ممکن ہے۔ جب کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے تو صاحبان علم و دانش اس کا زائچہ پیدائش تیار کرتے ہیں کہ یہ بچہ مجموعی طور پر کس طرح کی زندگی گزارے گا زائچہ میں تمام سیارگان ایک جیسی حالت میں نہیں ہوتے کچھ سعد اثرات مرتب کر رہے ہوتے ہیں تو کچھ نحس۔ سیارگان کے منفی اثرات سے بچنے کے لیے قرآن پاک کی آیات اور پروردگار کے مخصوص اسمائے حسنیٰ سے مرتب شدہ الواح سیارگان کے خاص اوقات میں تیار کی جاتی ہیں جو فرد کے زائچہ میں موجود سیارگان کے منفی اثرات کو ختم کرنے میں مدد دیتی ہیں اسی طرح کچھ مخصوص اور اہم مقاصد میں کامیابی کے حصول کے لیے بھی الواح مقدسہ تیار کی جاتی ہیں اس حوالے سے فرد کا زائچہ بہترین رہنمائی کرتا ہے کہ فرد کو کس لوح کی ضرورت ہے۔ آپ بھی اپنی ضروریات اور خواہش کے مطابق حسب ضرورت خاص اور اہم ترین اوقات میں تیار شدہ الواح حاصل کر سکتے ہیں۔ زیریں سطور میں آپ کے لیے تمام سیارگان کے شرفات کی الواح اور ان کی خصوصیات درج ہیں آپ اپنی ضروریات کے پیش نظر منگوا سکتے ہیں۔

**الواح شرفات کواکب** [illegible]

**شرف شمس** [illegible]

**شرف قمر** [illegible]

**شرف عطارد** [illegible]

**حرز جان** [illegible]

**شرف زہرہ** [illegible]

**شرف مریخ** [illegible]

**شرف مشتری** [illegible]

**لوح رد نحوست سیارگان** [illegible]

**حب تسخیر** [illegible]

**شرف زحل اور رد زحل** [illegible]

**روحانی عملیات** [illegible]

**حرز خاص** [illegible]

**ہندسہ ... سے منسوب ... انگوٹھی** [illegible]

**حرز ... انگوٹھی** [illegible]




**شیخ زوار رضا جاوا 238-B سبزہ زار ملتان روڈ لاہور**

فون نمبر: 0321-9477284, 0300-9477284

Email: jawa1215@gmail.com Web: www.enlighteningspirits.com

# اسماءُ الحسنیٰ سلاحِ المومن

محمد اکمل خان
ماہر علوم مخفی

مدینۃ الروحانیت، جامعہ حسن علیہ السلام وارڈ 13، کروڑ لعل عیسن۔ ضلع لیہ۔ پنجاب پاکستان 0333-4578467, 0301-4578467

محترم قارئین! اسلام علیکم سرکار مدینہ اعظم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے **الدعا سلاح المومن** دعا مومن کا ہتھیار ہے۔ ہمیں احادیث مبارکہ اور فرامین معصومین علیہم السلام میں بار بار دعا کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور دعا کو تمام عبادات کا مغز قرار دیا گیا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا "دعا قضاء و قدر کو دور کرتی ہے چاہے وہ مصیبت کتنی ہی سخت ہو۔ اکثر دعا کیا کرو وہ ہر رحمت کی اور ہر حاجت کی کنجی ہے۔ خزانہ خدا سے کچھ نہیں مل سکتا بغیر دعا کے جو بار بار کھٹکھٹاتا ہے صاحب خانہ اس کے لیے ضرور دروازہ کھولتا ہے" راوی نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کون سی عبادت افضل ہے؟ فرمایا اللہ کے نزدیک اس سے بڑی کوئی عبادت نہیں کہ اس سے سوال کیا جائے اور طلب کیا جائے اور خدا کا سب سے بڑا دشمن وہ ہے جو دعا مانگنے میں تکبر کرتا ہے اور جو اللہ کے خزانے میں ہے اسے نہیں مانگتا (اصول کافی)

عصر حاضر کا ہر انسان جان و مال اور عزت و ناموس کی سلامتی کے بارے میں عدم تحفظ کا شکار ہے ان تمام مسائل کا حل دعا میں پوشیدہ ہے۔ نحوست سیارگان اور زمانے کے تمام مصائب سے بچنے کے لیے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اسماء الحسنیٰ سے دعا کرنے کا طریقہ تعلیم فرمایا ہے سورۃ اعراف میں اسماء الحسنیٰ سے دعا کرنے کا ذکر یوں فرمایا گیا ہے۔ **وللہ الاسماء الحسنیٰ فادعوہ بہا** (سورہ اعراف آیت نمبر 180) دنیا کی ہر چھوٹی بڑی مصیبت سے چھٹکارے کے لیے اس طریقے سے اسماء الحسنیٰ کا ورد کریں ان شاء اللہ قلیل مدت میں کامیابی ہوگی اور مصائب سے نجات ملے گی۔

ابجد قمری سے اپنے مکمل نام کے اعداد حاصل کریں ان کے اعداد کے مساوی اللہ تعالیٰ کے اسماء حاصل کریں اب روزانہ تاحیات ان اسماء کا ورد ان اعداد کے مطابق کریں ان شاء اللہ ہمیشہ کامیابی سے ہمکنار ہوں گے اور تمام بلاؤں سے نجات حاصل ہوگی۔ راقم السطور نے بھی اس طریقے سے ہزاروں سائل حضرات کے مسائل کا شافی حل پیش کیا ہے اور دیگر تمام دعاؤں سے زیادہ مؤثر پایا ہے۔ ابجد قمری اور اللہ تعالیٰ کے معروف 99 اسماء مبارکہ جنتری میں ہر سال تحریر ہوتے ہیں۔

**فوائد** نحوست سیارگان، آفات و بلیات سے تحفظ، رزق میں وسعت، دشمنوں پر فتح، شخصیت باوقار ہو، مخلوق خدا مسخر ہو، جادو، آسیب بے اثر ہوں، مقدمات میں کامیابی، کاروبار، ملازمت میں ترقی ہو، علم میں ترقی اور نمایاں پوزیشن، بیماریوں سے نجات، قلب میں نور پیدا ہو، تمام بندشیں ختم ہوں، دعا قبول ہو، رزق میں برکت ہو، اطمینان قلب، ہر کام میں غیبی امداد، ہر قدم پر فتح و کامیابی، شادی، اولاد، رزق و ترقی وغیرہ کی تمام بندشیں قلیل عرصے میں ختم ہوں۔ ان شاء اللہ۔

**طریقہ و آداب** ذیل میں اسماء الحسنیٰ کے درست انتخاب اور ورد کا طریقہ لکھا ہے اور مثال سے وضاحت کی ہے

1 نام کے اعداد کے مطابق اسم باری تعالیٰ کا انتخاب کریں صرف مرکزی نام کے اعداد حاصل کریں۔ القاب وغیرہ چھوڑ دیں

2 بہتر ہے صرف جمالی یا مشترک اسماء مبارک میں سے اسماء حاصل کریں۔

3 اپنے نام کے پہلے حرف کے مطابق اسم الٰہی میسر ہو تو زیادہ مفید ہے ورنہ نام کے پہلے حرف کے دوست حرف سے انتخاب کریں تو زیادہ بہتر نتائج حاصل ہوں گے

4 عموماً ہر شخص کے لیے متعدد اسماء حاصل ہوتے ہیں اس سب کے ساتھ حرف ندا (یا) لگائیں اور ورد کریں۔ جیسے العلیم کو یا علیمُ پڑھیں۔

5 تاثیر میں تیزی کے لیے بہتر ہے ان اسماء کے تعویذات بنوا کر پاس رکھیں خاص طور پر خواتین کے لیے زیادہ بہتر ہے کیونکہ وہ پورا مہینہ تلاوت نہیں کر سکتیں

6 ان اسماء کی زکوٰۃ ادا کرنے سے بہت تیزی سے کامیابی حاصل ہوتی ہے اسکے لیے ہدایات فون پر لے سکتے ہیں۔

7 روزانہ اپنے نام کے اعداد کے مطابق ورد کریں۔ پہلے مومنین اور پھر اپنے لیے دعا کریں۔ کسی خاص کام پر جاتے ہوئے ان کی تلاوت کر کے جائیں۔

8 تلاوت سے پہلے اور بعد میں 3 مرتبہ درود پاک ضرور پڑھیں۔ باوضو ہونا لازم ہے خواتین ناغے کے دنوں میں 11 مرتبہ پڑھا کریں۔

9 بہتر ہے کہ مہینے میں ایک مرتبہ گھر میں میٹھی ڈش پکوائیں اور اس پر ان اسماء الٰہی کے موکلات کے لیے فاتحہ پڑھیں۔

**مثال** علامہ حامد رضا سلطانی صاحب کے لیے اسطرح اسماء کو منتخب کیا۔ مرکزی نام حامد رضا کے اعداد ابجد قمری سے 1054 حاصل ہوئے ان اعداد

حضرت علیؓ سے پوچھا گیا انسان برا کب بنتا ہے؟ آپ نے فرمایا جب وہ اپنے آپ کو دوسروں سے اچھا سمجھنے لگے۔

**بقیہ اسماء الحسنیٰ سلاح المومنین** کے مطابق اسماء الٰہیہ میں سے عظیم (1020) ودود (20) وہاب (14) حاصل ہوئے ان تینوں اسماء کے مجموعی اعداد (کل) 1054 بنتے ہیں۔ حامد کا پہلا حرف "ح" خاکی ہے تو عظیم کا "ع" بھی خاکی ہے اس لیے عظیم کو شروع میں رکھا تینوں جمالی اسماء ہیں۔ اب حامد موصوف روزانہ ان اسماء کو 1054 مرتبہ اس طرح تلاوت کریں۔ **یَا عَظِیْمُ یَا وَدُوْدُ یَا وَھَّابُ** اول و آخر 3-3 مرتبہ درود پاک پڑھیں

**جدول حروف** حروف کو طبیعت کے لحاظ سے چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ آتشی حروف، بادی حروف، آبی حروف، خاکی حروف۔

آتش کی آب سے دشمنی ہے باقی سب سے دوستی ہے۔ بادی کی خاک سے دشمنی باقی سب دوست ہیں۔ آب کی آتش سے دشمنی ہے باقی سب دوست ہیں۔ خاک کی باد سے دشمنی ہے باقی سب عناصر دوست ہیں۔ اسم الٰہی کے استخراج کے وقت ذہن میں رکھیں کہ اپنے نام کے حرف سے دوست حروف سے شروع ہونے والے اسماء زیادہ مفید اثرات کے حامل ہوں گے۔

| عزرائیل | بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | | جبرائیل |
|---|---|---|---|
| 263 | 266 | 269 | 256 |
| 268 | 257 | 262 | 267 |
| 258 | 271 | 264 | 261 |
| 265 | 260 | 259 | 270 |
| میکائیل | | | اسرافیل |

بحرمت یا عظیم یا ودود یا وہاب حامد رضا کے تمام امور میں کشادگی ہو

درج بالا مثال کے مطابق عظیم ودود وہاب کے لیے مربع آتشی چال نقش اس طرح بنے گا

**جدول حروف**

| | |
|---|---|
| آتشی حروف | ا، ہ، ط، م، ف، ش، ذ |
| بادی حروف | ب، و، ی، ن، ص، ت، ض |
| آبی حروف | ج، ز، ک، س، ق، ث، ظ |
| خاکی حروف | د، ح، ل، ع، ر، خ، غ |

fb:madinaturruhaniat / online palmistry
www.madinaturruhaniat.com

# صدقات نحوست سیارگان

| نمبر شمار | نام ستارہ | متعلقہ عدد | متعلقہ رنگ | متعلقہ دن | متعلقہ حروف | متعلقہ اشیاء |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شمس | 4-1 | زرد | اتوار | ا، م، ت | گندم، دال چنا، دال مونگ، دال ملکی، زرد یا سنہری کپڑا، انڈے، گڑ، گھی |
| 2 | قمر | 7-2 | سفید | پیر | ر، ہ | چاول، آٹا، دودھ، دہی، نمک، گھی، سفید کپڑا |
| 3 | مشتری | 3 | زرد | جمعرات | ی، د، ف | دال چنا، دال مونگ، دال ملکی، زردی، شکر (زرد چینی)، زرد کپڑا |
| 4 | عطارد | 5 | سبز | بدھ | پ، ق، ک، گ، ج | ثابت مونگی، دال مونگی، سبز چھلکے والی، باجرہ، دالیں، الائچی، سبز کپڑا |
| 5 | زہرہ | 6 | سفید | جمعہ | ب، ت، ر، ط، ہ | چاول، آٹا، دودھ، دہی، نمک، گھی، سفید کپڑا |
| 6 | زحل، یورانس | 4-8 | سیاہ و سرمئی، سلیٹی | ہفتہ | ش، ض، خ، س، ث، ص، گ | ثابت کالے ماش، دال ماش، کالے چھلکے والی، کالے تل، سورج مکھی کے بیج، کالا کپڑا، لوہا، کالا تیل |
| 7 | مریخ | 9 | سرخ، گلابی | منگل | ذ، ز، ض، ظ، ع، غ، ل، ن، ی | سرخ گندم، دال مسور، سرخ مکئی، سرخ چنے، سرخ کپڑا، سرخ گلاب کے پھول، تانبا |

## شراکت، دوستی اور شادی میں آپ کیلئے موافق، دوست اور مخالف بروج

| برج | بہترین دوست | مخالف دشمن |
|---|---|---|
| حمل (مریخ) Aries | اسد، قوس | ثور، جوزا، دلو، حوت |
| ثور (زہرہ) Taurus | سنبلہ، جدی | دلو، اسد، عقرب |
| جوزا (عطارد) Gimini | میزان، دلو | سنبلہ، قوس، حوت |
| سرطان (قمر) Cancer | عقرب، حوت | حمل، میزان، جدی |
| اسد (شمس) Leo | قوس، حمل | ثور، عقرب، دلو |
| سنبلہ (عطارد) Virgo | جدی، ثور | قوس، حوت، جوزا |

| برج | بہترین دوست | مخالف دشمن |
|---|---|---|
| میزان (زہرہ) Libra | دلو، جوزا | حمل، سرطان، جدی |
| عقرب (مریخ) Scorpio | سرطان، حوت | دلو، ثور، اسد |
| قوس (مشتری) Sagitarius | حمل، اسد | حوت، جوزا، سنبلہ |
| جدی (زحل) Capricorn | ثور، سنبلہ | حمل، سرطان، میزان |
| دلو (یورینس) Aquarius | جوزا، میزان | ثور، اسد، عقرب |
| حوت (مشتری) Pisces | سرطان، عقرب | جوزا، سنبلہ، قوس |

لعل بخش قلندری P-505 قلندری چوک گلی نمبر 7 غلام محمد آباد فیصل آباد 0301-4243709 / 0333 8147274

# ۱۸ اسماءُ الحسنیٰ اور عدد ۹ کے خواص

تحریر و تحقیق
ظہیر عباس
مکان نمبر H-13 فلیٹ نمبر 27
ایکسٹینشن ماڈل کالونی ملیر کراچی۔

E-mail:zabbas693@gmail.com 0333-3854175 0341-7571679

قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں اس سال تمام اعداد کے **سرتاج عدد ۹** پر لکھنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ عدد ۹ کائنات کے سب سے اول انسان حضرت آدم علیہ السلام کے نام کا عدد ہے۔ اسی طرح حضرت لوطؑ کے نام کا بھی عدد ۹ ہے۔ قرآن کا عدد ۹ ہے۔ قرآن کا موضوع انسان ہے، انسان کا عدد ۹ ہے۔ سات سیارگان میں سے ستارہ مریخ سے عدد ۹ منسوب ہے۔ شہزادی کونین حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا رسول اکرمؐ کی اکلوتی صاحبزادی کے نام فاطمہؑ کا عدد ۹ ہے۔ میں نے آپ کیلئے اللہ تعالیٰ کے اسمائے الحسنیٰ میں سے "۱۸" اسمائے الحسنیٰ تجویز کیے ہیں جن کا عدد ۹ بنتا ہے اور ان اسمائے الحسنیٰ کی جدول آپ کیلئے تیار کی ہے۔

بضعۃُ الرسولؐ، بحرمہ کل ایمان مولا علیؑ، ام الحسنینؑ، سیدہ ان شباب اہل الجنۃ، سیدۃ النساء العالمین، بتول عذرا، معصومہ عالمہ غیر معلمہ، پیکر صبر و رضا، عابدہ زاہدہ، جناب فاطمہ ام الائمہ ہیں۔ انہیں کی نسل کو آل رسول کہنا واجب ہے اور ان پر درود پڑھنا فرض ہے۔ آپ کا لقب زہراء ہے جس کے لغوی معنی روشن چمکیلا ہیں۔ آپ عالمہ غیر معلمہ تھیں۔ آل رسول، آل پنجتن، آل نبیؐ، رسول مقبول کی اسی اکلوتی دختر کی اولاد و نسل در نسل سادات کو کہتے ہیں اور آل عبا وہ ہستیاں ہیں جن پر رسول اکرمؐ نے اپنی کملی ڈال کر محبت ظاہر فرمائی اور دعا فرمائی جس کو حدیث کساء کہتے ہیں اور پڑھتے ہیں وہ ہستیاں حضرت علیؑ و فاطمہؑ، حسنؑ و حسینؑ تھیں۔

فاطمہؑ = ف-۸۰-ا-۱-ط-۹-م-۴۰-ہ-۵ کے کل اعداد ۱۳۵ بنتے ہیں۔ مفرد عدد ۵+۳+۱=۹ ہے۔ فاطمہ اس قدر پردہ دار مستور تھیں کہ ان کے نام کا عدد ۹ بھی پردہ میں ہے۔ ف ۸۰+ا ۱=۸۱=۹ ہے (ط) ۹ م ۴۰+ہ ۵=۴۵=۹ دونوں طرف ۹ کے درمیان میں عدد ۹ جو جناب فاطمہ کا ذاتی عدد ہے۔ علم الاعداد میں عدد ۹ کو ایسے کامل عدد کی خصوصیات حاصل ہیں جن سے پردہ ہٹانے سے کئی راز عیاں ہوتے ہیں۔ عدد ۹ سے جو بھی ٹکرائے وہ عدد ۹ ہو جاتا ہے۔ عدد ۹ قائم رہتا ہے۔ مثلاً ۸۹ x [illegible] قائم ۸ فنا ہو گیا۔ اسی طرح لاکھوں اربوں اعداد تک ضرب دیکر دیکھ لیں عدد ۹ سے جو عدد بھی اتصال یا محبت و مودت کرے عدد ۹ سب کو حیات دے کر قائم رکھتا ہے۔ مثلاً ۸۹+۹=۱۷=۱+۷=۸ موجود ۹ قربان ہو گیا۔

عدد ۹ کو تقسیم کرنے والا عدد ۳ ہے۔

جو اللہ کا مفرد عدد ۳ ہے =۶۶=۶+۶=۱۲=۱+۲=۳۔ جناب فاطمہؑ اللہ کی ایسی مقبول عابدہ زاہدہ کنیز تھیں جن کے قول کو سچ کرنے کیلئے خدا نے جبرائیلؑ کو خیاط الحسنینؑ (حسنؑ و حسینؑ کا درزی) بنا کر در بتولؑ پر بھیجا۔ چودہ معصومینؑ میں محمدؐ کا عدد ۲، علیؑ کا عدد ۲، فاطمہؑ کا عدد ۹، حسنؑ کا عدد ۱، حسینؑ کا عدد ۲، علیؑ (زین العابدینؑ) کا عدد ۲، محمد باقرؑ کا عدد ۸، جعفرؑ (صادقؑ) کا عدد ۳، موسیٰ کاظمؑ کا عدد ۶، علی موسیٰ رضاؑ کا عدد ۳، محمد تقیؑ کا عدد ۸، علی نقیؑ کا عدد ۹، حسن عسکریؑ کا عدد ۱، محمد مہدی امام آخر الزمان کا عدد ۲ ہے۔

گویا چودہ معصومینؑ میں سے جناب فاطمہؑ اور امام علی نقیؑ کا انفرادی عدد ۹ ہے۔ ضرب تقسیم جمع تفریق ہر لحاظ سے عدد ۹ انفرادی خصوصیات کا حامل ہے۔

## 18 اسمائے الحسنیٰ کی جدول یہ ہے۔

| اسمائے الحسنیٰ | اعداد | معنی | اسمائے الحسنیٰ | اعداد | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| حی | 9 = 18 | ہمیشہ زندہ رہنے والا | سمیع | 9 = 180 | سننے والا |
| اللہ | 9 = 36 | [illegible] | کریم | 9 = 270 | کرم کرنے والا |
| رفیع | 9 = 360 | بلند مرتبہ | قہار | 9 = 306 | قہر کرنے والا |
| باسط | 9 = 72 | وسعت دینے والا | اسمع | 9 = 171 | سننے والا |
| ملک | 9 = 90 | بادشاہ | ارفع | 9 = 351 | اونچا اعلیٰ |
| یحصی | 9 = 99 | شمار کرنے والا | ھو اللہ احد | 9 = 90 | [illegible] |
| حق | 9 = 108 | حق | دائم | 9 = 45 | ہمیشہ رہنے والا |
| معز | 9 = 117 | عزت دینے والا | ذوالجلال | 9 = 801 | بزرگی و عظمت والا |
| مسہل | 9 = 135 | آسان کرنے والا | لاریب | 9 = 243 | بے مثال |

عدد ۹ ہر شخص سے کسی نہ کسی لحاظ سے مطابقت اور تعلق رکھتا ہے جو اس کی مخالفت کرے وہ فنا ہو جاتا ہے۔ اب جس انسان میں انسانیت کا جذبہ ہے اس پر لازم ہے کہ وہ حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا سے مودت رکھے کیونکہ فاطمہؑ کا گھر اعلیٰ انسانیت کی درسگاہ ہے۔

# سورہ حشر حلال مشکلات

## مجرب المجرب سریع التاثیر اور بے شمار خوبیوں کا حامل عمل

محمد علی کمیلی 0333-6996581
چک نمبر 314، تحصیل احمد پور سیال جھنگ

قارئین کرام السلام علیکم سورہ حشر کا خاص مجرب عمل لیکر حاضر ہوا ہوں۔ یہ عمل اپنی مثال آپ ہے۔ آج کے پرفتن اور پر آشوب دور میں پریشانیوں نے مومنین و مومنات کو گھیرا ہوا ہے۔ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ سورہ حشر مبارک کو واسطے دین اور برائے حاجات اور مہمات بڑے کاموں کے لیے 40 دن تک ہر روز 3 مرتبہ تلاوت کرنے سے حاجت بر آوے گی اگر کسی دن ناغہ ہو جائے تو پھر از سر نو پڑھے۔ اکثر علماء اس ختم کو مجرب بتاتے ہیں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ حشر کو پڑھے گا اس کے اگلے پچھلے گناہ بخشے جائیں گے اور عرش و کرسی بہشت و دوزخ آسمان و زمین اس کی ثناء اور آفرین کریں گے اور اسکے لیے استغفار کریں گے اور دنیا سے شہید اٹھے گا اور ایضاً ماثور ہے کہ جو شخص سورہ حشر کو 40 دن تک مسلسل پڑھے وہ مستجاب الدعوۃ ہو جائے گا یعنی جو دعا کرے گا وہ حاصل ہوگی تمام مہمات و مشکلات اسکی مرادوں کے موافق حل ہو جائیں گی اور اکثر علماء و مشائخ دین نے فرمایا کہ یہ عمل مجرب ثابت ہے۔ اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ کو جبرائیل علیہ السلام نے کہا کہ آخری چار آیات سورہ حشر کا خیال رکھو اور کثرت سے پڑھو یعنی دو مرتبہ یا تین مرتبہ پڑھو۔ معقل ابن یسار سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص تین دن صبح کو تین مرتبہ کہے أَعُوذُ بِاللهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ اور تین مرتبہ سورہ حشر کی آخری 4 آیات کی تلاوت کرے حق تعالیٰ ستر ہزار فرشتے اس پر موکل کرے گا کہ اس کو جمیع آفات و بلیات سے محفوظ رکھیں اور اس پر رحمت بھیجتے رہیں جب تک کہ رات ہو جائے اور اگر اسی اثناء مر جائے تو شہید مرے گا اور روز قیامت کو کل مومنین و مومنات اس کے شفیع ہوں گے اور یہی حال اگر رات کو پڑھے گا۔ احادیث میں وارد ہے کہ 4 آیتیں سورہ حشر کی تمام دردوں کی دوا ہیں اگر باوضو بیمار پر پڑھیں تو صحت پائے گا۔ صدق مقال اور اکل حلال کی پابندی لازمی ہوگی۔ (از کمالی مخزونہ) ضروری التماس ہے کہ جنت البقیع میں انہدام شدہ مزارات مقدسہ بنت رسول حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا وغیرہ کی بحالی تعمیر از سر نو کے لیے خصوصی دعا کریں اور ملک شام میں اور پاکستان میں امن و سلامتی ہو۔ آمین یارب العالمین۔

**محمد علی کمیلی**

ان صفحات میں 9 عدد کے تعمیری و روحانی اثرات کے ذکر کی گنجائش نہیں ہے۔ ان ۱۱۹ اسمائے الحسنیٰ کے کل اعداد "۳۴۹۲" ہیں۔ جن کا میں نے آپ کیلئے نقش مثلث تیار کی ہے۔ کیونکہ نقش مثلث کے خانے بھی 9 ہیں۔ آپ اس نقش کو جس طرف سے بھی گنیں گے اس کا مفرد عدد 9 ہی آئے گا۔ میں نے اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا ہے کہ میرے ملک میں عدد 9 کی جس طرح بے حرمتی کی گئی ہے۔ اللہ کی پناہ کیونکہ سوداگروں نے مجھے 9 لگا کر انگوٹھیاں تیار کی ہیں اور فروخت کی ہیں۔ اصل میں عدد 9 ستارہ مریخ سے منسوب ہے اس لوح کو آپ شرف مریخ یا اوج مریخ میں تیار کریں تو پھر عدد 9 کی روحانی قوت کا مشاہدہ کریں گے۔

کیونکہ میں خود اس لوح کو ستارہ مریخ کے شرف اوج میں ہی تیار کرتا ہوں۔ جس مومن اور مومنہ کے نام کا عدد 9 ہو اس کے لئے تو یہ لوح اکسیر اعظم کا درجہ رکھتی ہے۔

**فوائد:** ترقی رزق، ترقی کاروبار، وہ بچیاں جن کی شادیاں نہیں ہو رہی ہوں۔ وہ افراد جن کے زائچے میں مریخ نحس اثرات رکھتا ہو، شفاء از امراض ہر موذی مرض کیلئے لوح تیار کرکے پانی میں ڈالیں اور یہی پانی مریض کو پلائیں یہ خیال رکھیں اگر یہ لوح گلے میں ڈالیں تو واش روم میں نہ لے کر جائیں۔ بحالت پاکیزہ استعمال کریں۔ لوح تیار کرنے کے بعد ان ہی ۱۱۹ اسمائے الحسنیٰ کو 99 مرتبہ پڑھ کر لوح پر دم کریں اور استعمال میں لائیں۔ اگر مضمون کی کوئی چیز سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافے سے وضاحت مفت طلب کریں۔ قمبیر عباس۔ کراچی 0341-7571679 0333-3854175

### لوح مبارک یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| شمقائیل | جبرائیل | شمکائیل |
|---|---|---|
| ١١٦٧ (8) | ١١٦٠ (1) | ١١٦٥ (6) |
| ١١٦٢ (3) | ١١٦٤ (5) | ١١٦٦ (7) |
| ١١٦٣ (4) | ١١٦٨ (9) | ١١٦١ (2) |
| لوہیائیل | میکائیل | قطقطائیل |

یا مسہل یا سہل لی امری بحق بی بی فاطمۃ الزہرا بنت محمد رسول اللہ ﷺ

### برائے زیادتی رزق

ہر نماز کے بعد اس آیت کی تلاوت موجب برکت رزق ہے۔

اللَّهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ

ترتیب [illegible] 0313 8512972

علی احمد کاشف
925-L سیکٹر 2 ناتھ کراچی 75850
0307-4871132,
0345-2995094

# علی علیہ السلام شافی (حصہ دوئم)

معزز قارئین کرام اسلام علیکم!

امامیہ جنتری میں میرے مضامین خصوصاً 2017 میں علی علیہ السلام شافی کو ہر طبقہ فکر کی جانب سے جو پذیرائی ملی اسکے لیے بارگاہ احدیت، بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور بارگاہ حیدری علیہ السلام میں شکر گزار ہوں۔ اسکا ثواب آغا صاحب کی اہلیہ مرحومہ کے نام کرتا ہوں۔ حصہ دوئم پیش خدمت ہے قرآن پاک کی سورہ نجم آیت نمبر 3 کا مفہوم: رسول پاک اپنی خواہش سے کچھ نہیں بولتے جو بھی کہتے ہیں وہ وحی ہوتی ہے۔ قارئین کرام ارسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس کسی کو جو خطاب دیا اللہ کے حکم سے دیا۔ مثلاً ابوتراب، ابوجہل، ابوبکر، ابولہب، کل ایمان، کل کفر وغیرہ، ابوجہل یعنی جہالت کا باپ (اس میں تمام قسم کی جہالتیں پوشیدہ ہیں) ابوتراب یعنی مٹی کا باپ۔ چونکہ آیت کی رو سے یہ خطابات اللہ اور رسول کے عطا کردہ ہیں اس لیے مٹی بھی بہت اہمیت رکھتی ہے اور علی علیہ السلام کو مٹی کا باپ بتایا گیا ہے۔ مولائے کائنات علیہ السلام کے سارے نام ہیں جو اللہ کے عطا کردہ ہیں۔ آیئے حیدر کرار علیہ السلام کی عظمت کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں یہی معرفت باب العلم ہے جسکے لیے ہم زندگی زندگی بھر دعا اور کوشش کرتے ہیں زندگیاں ختم ہو جاتی ہیں اور علی علیہ السلام کو مکمل سمجھ نہیں پاتے کیونکہ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ علی علیہ السلام کو کسی نے نہیں جانا مگر میں نے اور اللہ نے اللہ کو کسی نے نہیں جانا مگر میں نے اور علی نے۔ مجھے کسی نے نہیں جانا مگر اللہ نے اور علی نے۔ مزید معرفت حاصل کرنے کے لیے اس مضمون کا پہلا حصہ امامیہ جنتری 2017 صفحہ 29 پر ملاحظہ فرمایئے۔

حدیث علی حق کیساتھ اور حق علی کیساتھ ہے۔ ابجد قمری سے حق کے عدد 9 ابوتراب کے عدد 9 علی کعبہ میں پیدا ہوئے علی + کعبہ = 9 حدیث علی قرآن کیساتھ اور قرآن علی کیساتھ ہے۔ قرآن کے عدد 9، سورہ حجرات آیت 13 کا مفہوم ہے کہ تم مسلمان ہو ابھی ان کے دل میں ایمان داخل ہی نہیں ہوا (جنگ خیبر میں مولا علی علیہ السلام کو کل ایمان کا خطاب ملا) حدیث کل ایمان کل کفر کے مقابلے پر جارہا ہے مطلب یہ ہوا اسلام قبول کرنا الگ بات ہے اور دل میں علی داخل ہونا الگ بات ہے اسلام بغیر ایمان کے بیکار ہے اسلام + ایمان = 9۔ تو قارئین کرام ہر چیز مٹی یعنی تراب سے ہی تراب سے ہی ہر خاکی انسان بنتا ہے ہر بچہ مومن پیدا ہوتا ہے ہر چیز مٹی سے بنتا ہے۔

سب کچھ مٹی میں مل جاتا ہے پھر سب مٹی کے انسان مٹی سے ہی اٹھائے جائیں گے۔ حضرت آدم علیہ السلام تمام انبیا صدیقین وصالحین سب تراب سے بنے ہیں اور ابوتراب علی علیہ السلام ہیں سیدہ فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہا سیدۃ النساء العالمین ملکہ جنت کا کفو ابوتراب کے علاوہ کوئی تھا ہی نہیں اس لیے اللہ نے علی کے ساتھ فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہا کی شادی کی۔ ابوتراب = 9، فاطمہ = 9 محترم قارئین کرام جب دعا کے لیے ہاتھ اٹھائیں تو داہنی ہتھیلی پر 18 اور بائیں ہتھیلی پر 81 لکھا ہوا آپ کو ابوتراب کا 9 یاد دلاتا رہے گا۔

## حدیث قدسی اول ما خلق اللہ نوری، حدیث انا و علی نور واحد

اللہ نے سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور خلق فرمایا حضور اور علی ایک ہی نور کے 2 حصے ہیں۔ ذرا سوچیے کہ مولا علی اتنے عظمت والے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی عظمت ہوگی جن کے پیچھے علی اس طرح رہتے تھے جیسے اونٹنی کے پیچھے بچہ رہتا ہے۔ علی کے نام کے روحانی فوائد حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مولا علی کو شبیہ کرتے اور کروانے والوں کے ناموں سے بے خبر رہیں۔ حفاظت جسم و جان، نظر بد اور امراض سے شفا کے لیے یہ تعویذ شرف قمر میں لکھا جائے۔ ورد اور روحانی علاج کے لیے امامیہ جنتری 2017 کا مضمون علی شافی ملاحظہ فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
ابوتراب 999999999
صل علی محمد و آل محمد
اللھم العن قتلۃ الامیر المومنین

## روحانیت حجت علیہ السلام

**بلا ھدیہ فی سبیل اللہ** قارئین امامیہ جنتری کے لیے۔ روحانی شفا ہزاروں مرتبہ سورہ فاتحہ، چاروں قل، آیت الکرسی، سورہ ملک، سورہ جن، سورہ مزمل، سورہ یسین، سورہ رحمن، دعائے مشلول، دعائے جوشن کبیر، دعائے صد بیمان، و دیگر قیمتی آیات دم کیا ہوا برائے شفا بیماری، نظر بد و سحری اثرات۔ صرف ڈاک خرچ بھیجیں یا فون پر فی سبیل اللہ مفت منگوائیں۔ شادی، بیماری، رکاوٹ، جنات، آسیبی اثرات، جادو، سفلی وغیرہ کی کاٹ کے لیے مومنین کا خدمتگار۔ علی احمد کاشف

0335-3287307, 0307-4871132,
925-L سیکٹر 2 0345-2995094
ناتھ کراچی 75850 0346-2489941, 0345-2995094

# قرآن کا دل سورہ یٰسین

حاجی
عابد حسین جاڑا
0308-5691283

السلام علیکم! دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قارئین الامیہ جنتری اور آغا افتخار حسین صاحب کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ قرآن مجید رشد و ہدایت کی کتاب ہے اس سے ہم دین و دنیا کی بھلائی حاصل کر سکتے ہیں شرط یہ ہے یقین کے ساتھ پڑھیں سمجھیں اور اس پر عمل کریں۔ اگر ہم غموں، پریشانیوں اور مسائل میں گھر گئے ہیں تو توبہ کرنی چاہیے اور قرآن سے مدد لینی چاہیے اور قرآن مجید کی سورہ یٰسین میں دنیاوی پریشانیوں کا حل موجود ہے۔ گزشتہ الامیہ جنتریوں میں لکھے گئے تمام نقوش پر تاثیر ہیں ضرورت کے وقت ان سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

حضرت رسول اکرم ﷺ نے امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے فرمایا کہ یا علی سورہ یٰسین پڑھو اس میں دس برکتیں ہیں۔

❶ اگر بھوکا پڑھے تو سیر ہو جائے ❷ تشنہ لب پڑھے تو سیراب ہو جائے ❸ برہنہ پڑھے تو لباس میسر آ جائے ❹ اگر خوف میں مبتلا ہو تو امن میں رہے گا ❺ مریض پڑھے تو شفا ملے گی ❻ اگر مسافر پڑھے تو بخیریت وطن واپس آئے ❼ گمشدہ کے لیے پڑھیں تو مل جائے گا ❽ اگر عقد مطلوب کے لیے پڑھیں تو اس کی وہاں شادی ہو جائے گی ❾ اگر قیدی پڑھے تو اسے رہائی نصیب ہوگی ❿ اگر غم زدہ پڑھے تو اس کا غم دور ہوگا۔ حضرت رسول خدا ﷺ سے منقول ہے کہ ✿ جو شخص اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے سورہ یٰسین پڑھے گا تو اسے 12 ختم قرآن کا ثواب ملے گا ✿ جو حاجت مند اپنی حاجت کو دل میں رکھ کر روزانہ نماز فجر کے بعد تلاوت کرے گا تو وہ حاجت پوری ہوگی۔ جو نہ پڑھ سکے ان کے لیے سورہ یٰسین کا نقش ترتیب دیا ہے اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ جو بھی حاجت ہو مثلاً شادی ہو جائے ✿ ملازمت جلد ملے ✿ بیرون ملک جانے کا ویزہ جلد ملے ✿ افسر مہربان ہو ✿ دشمن ذلیل ہو ✿ ملازمت سے نکالا ہو دوبارہ اسی جگہ بحال ہو ✿ گمشدہ مال واپس ملے ✿ جو تسخیر خلق، تسخیر دولت ہو ✿ میاں بیوی میں محبت ہو ✿ اولاد نرینہ ہو ✿ انعامی بانڈ کا نمبر لگے ✿ اور اس کے علاوہ جو بھی جائز شرعی حاجت ہو

یہ نقش سورہ یٰسین ہر قمری ماہ کے عروج میں جمعرات کی پہلی ساعت مشتری میں، اتوار کی پہلی ساعت شمس میں اور جمعہ کی پہلی ساعت زہرہ میں عرق گلاب و زعفران سے لکھا جائے گا۔ سورہ یٰسین کے اعداد لکھے ہوئے ہیں البتہ اپنا نام والدہ کا نام اور مقصد کے اعداد نکالنے کے لیے اسی جنتری میں نقشہ ابجد قمری ملاحظہ فرمائیں جہاں صفحہ نومولود کے اسلامی نام ہیں۔ نقش بنانے کا طریقہ لکھ رہا ہوں سورہ یٰسین کے اعداد 107563

نام عابد بن مریم

| م | ی | ر | م | ن | ب | د | ب | ا | ع | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 40 | 10 | 200 | 40 | | | 4 | 2 | 1 | 70 | = 367 |

مقصد شادی جلد ہو

| و | ہ | د | ل | ج | ی | د | ا | ش | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 6 | 5 | 4 | 30 | 3 | 10 | 4 | 1 | 300 | = 363 |

سب کو جمع کیا 108293 مربع نقش پر کرنے کا قاعدہ 30 تفریق 108263

چار پر تقسیم کیا 108263+4 =27065 باقی 3 بچا

خانہ نمبر 5 میں 1 کا اضافہ ہوگا۔ یہ نقش آتشی چال کا ہے کونے والے اعداد 1 سے لے کر 16 تک لکھے ہیں یہ اعداد صرف سمجھانے کے لیے ہیں تا کہ آپ اس چال کے مطابق اپنا نقش تیار کریں۔

نقش مبارک یہ ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۷۰۷۴ | ۲۷۰۷۱ | ۲۷۰۷۹ | ۲۷۰۶۵ |
| ۲۷۰۷۸ | ۲۷۰۶۶ | ۲۷۰۷۱ | ۲۷۰۷۷ |
| ۲۷۰۶۷ | ۲۷۰۸۱ | ۲۷۰۷۴ | ۲۷۰۷۱ |
| ۲۷۰۷۵ | ۲۷۰۷۰ | ۲۷۰۶۸ | ۲۷۰۸۰ |

نوٹ: یہ فرضی نقش ہے آپ نے اپنا نام مقصد اور سورہ کے اعداد کے مطابق نقش پُر کرنا ہے۔ آپ نے 2 نقش ایک ہی وقت میں پُر کرنے ہیں ایک نقش سفید کپڑے میں سی کر اپنے گلے میں پہن لیں یا دائیں بازو میں باندھ لیں۔ خوشبو لگا کر یہ نقش پانی سے بچائیں، بہتر ہے کہ چاندی میں مڑھوا کر پہن لیں تو زیادہ موثر ہوگا۔ دوسرا نقش قرآن مجید کی سورہ یٰسین میں رکھ دیں۔ اگر ہو سکے تو ہر جمعرات کی صبح نقوش پر تھوڑا سا باہر کی طرف عطر لگایا کریں۔ ان شاء اللہ 40 دن کے اندر کام ہونے کے اسباب پیدا ہوں گے بعض اوقات کام جلدی ہو جاتا ہے کبھی دیر ہو جاتی ہے مایوس ہرگز نہیں ہونا بلکہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر توکل کرتے ہوئے اور اسی ذات پر یقین رکھتے ہوئے عمل کریں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام مومنین مومنات کی تمام جائز شرعی حاجات جلد پورا فرمائے اور کامیابی نصیب فرمائے آمین بحق محمد و آل محمد۔ کامیابی نصیب ہو تو میرے لیے بھی دعا فرمائیں اور آگاہ بھی کریں اگر کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو رابطہ کر سکتے ہیں۔

میں اپنے بعد اپنی اُمت میں سے ان لوگوں سے زیادہ خوفزدہ ہوں جو قرآن کی بے محل تاویلیں کریں گے (حضرت محمد ﷺ)

# عمل حاجت روائی سورۃ کوثر

تحریر
راجہ اعجاز حسین (کراچی)
0345-2887962
0321-2542434

قارئین اولیاء جنتری اسلام علیکم! قارئین کی خدمت میں سورۃ کوثر کا مجرب عمل لے کر حاضر ہوا ہوں جو حصول رزق کے لئے اپنی مثال آپ ہے۔ فی زمانہ میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے سبب ہر شخص پریشان ہے۔ اول تو روزگار نہیں ہوتا ہے۔ اگر روزگار ہے تو اس میں برکت نہیں ہے۔ سورۃ کوثر وہ سورۃ مبارکہ ہے جو پڑھنے میں تو چھوٹی سی ہے مگر اس کے خواص کافی جامع ہیں یہی وجہ ہے کہ اس کا ورد کرنے میں مشکلات کا حل موجود ہے۔ عروج ماہ میں اتوار کے روز ساعت مشتری میں زعفران کی سیاہی سے نقش بنائے یا پھر چاندی کے پترے پر کندہ کریں جو نمونہ بنا کے دو کسی صاحب علم انسان سے بنوالیں لوح کو یا نقش کو اپنے سامنے رکھ کر سورۃ مبارکہ کو بتائے ہوئے طریقے کے مطابق ورد کریں۔ بعد ورد کے نقش سبز رنگ کی تھیلی میں کر لوح کو اس میں رکھ دیں اور اپنی تنخواہ یا آمدنی بھی رکھ دیں یاد رکھیں کہ جب بھی آپ تھیلی میں پیسے رکھیں ایک بار سورۃ کوثر پڑھ کر رکھیں۔ اور جب تھیلی سے پیسے نکالیں اسی طرح ایک بار سورۃ کوثر پڑھ کر نکالیں ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کے رزق میں خیر و برکت رہے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم إنا أعطيناك الكوثر ○ فصل لربك وانحر ○ إن شانئك هو الأبتر

| دن | اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعداد | 132 | 121 | 110 | 99 | 88 | 77 | 66 |

لوح مبارکہ یہ ہے

شکائیل ۷۸۶ شمقیائیل

| انا اعطینک الکوثر | فصل لربک وانحر | ان شانئک | ھو الابتر |
|---|---|---|---|
| ۳۳۳ | ۶۳۴ | ۹۷۰ | ۷۱۶ |
| ۶۳۳ | ۳۳۰ | ۷۱۹ | ۹۷۱ |
| ۷۱۸ | ۹۷۲ | ۶۳۲ | ۳۳۱ |

شقشائیل لوبیائیل

علی رضا بن ام کلثوم کو ترقی رزق عطا ہو

نمبر 1: اب اس سورۃ مبارکہ کو بسط حروفی کریں یعنی الگ الگ حروف لکھیں
ا۔ ن۔ ا۔ ا۔ ع۔ ط۔ ی۔ ن۔ ک۔ ا۔ ل۔ ک۔ و۔ ث۔ ر۔ ف۔ ص۔ ل۔ ل۔ ر۔ ب۔ ک۔ و۔ ا۔ ن۔ ح۔ ر۔ ا۔ ن۔ ش۔ ا۔ ن۔ ک۔ ھ۔ و۔ ا۔ ل۔ ا۔ ب۔ ت۔ ر۔

نمبر 2: اب ان حروف کو تکسیر کریں یعنی جو حروف دوبارہ آئے ہیں ان کو کاٹ دیں جو حروف تکسیر کے بعد برآمد ہوئے وہ یہ ہیں۔
ا۔ ن۔ ع۔ ط۔ ی۔ ک۔ ل۔ و۔ ث۔ ر۔ ف۔ ص۔ ب۔ ح۔ ش۔ ھ۔ ت

نمبر 3: اب ان حروف سے عمل تیار ہوگا اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ سے ہر حرف کا اسم اعظم لیں۔

ا سے اللہُ۔ ن سے نافعُ۔ ع سے علیُ۔ ط سے طیبُ
ی سے یسیرُ۔ ک سے کریمُ۔ ل سے لطیفُ۔ و سے وارثُ
ث سے ثابتُ۔ ر سے رحیمُ۔ ف سے فتاحُ۔ ص سے صمدُ
ب سے باسطُ۔ ح سے حقُ۔ ش سے شفیعُ۔ ھ سے ھادیُ
ت سے توابُ۔

میں نے ہر چیز کی وضاحت کر دی ہے اگر پھر بھی سمجھ نہ آئے تو فون پر وضاحت طلب کریں۔ ہر ماہ کی 15 تاریخ کو لاہور میں بالمشافہ ملاقات کریں۔

ورد اس طرح کرنا ہے: یا اللہُ یا نافعُ یا علیُ یا طیبُ یا یسیرُ یا کریمُ یا لطیفُ یا وارثُ یا ثابتُ یا رحیمُ یا فتاحُ یا صمدُ یا باسطُ یا حقُ یا شفیعُ یا ھادیُ یا توابُ بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم انا اعطینک الکوثر فصل لربک وانحر ان شانئک ھو الابتر

آغاز عمل اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک پڑھیں اور پڑھنے کا ایک وقت مقرر کریں۔ 7 ایام مسلسل تعداد کے مطابق ورد کریں۔ راجہ اعجاز حسین



ناشر: مکتبہ ... اردو بازار لاہور

# دعائے حل المشکلات و حصول رزق

سید بابر حسین
رضوی (کراچی)
0336-1105500

اسلام علیکم! تمام تعریفیں عالمین کے رب کے لیے درود و سلام محمد و آل محمد پر جو لائق درود و سلام ہیں

مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ (سورہ فرقان آیت نمبر 77)

ترجمہ اگر تمہاری دعائیں نہ ہوتیں تو میں تمہاری کوئی پرواہ نہ کرتا۔

فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ (سورہ انعام آیت نمبر 41) ترجمہ جب دعائیں مانگتے ہو تو وہ مصیبتیں ٹال دیتا ہے۔

## دعا کے متعلق فرامین معصومین علیہم السلام

☆ خاتم المرسلین رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے "دعا مومن کا ہتھیار ہے"۔ ☆ حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا فرمان "دعا مومن کی سپر ہے جب تم اللہ کی بارگاہ میں دعا کے ذریعہ بار بار دق الباب کرو گے تو دروازہ جلدی کھلے گا۔ اس لیے بار بار دعا کیا کرو"۔ ☆ امام زین العابدین علیہ السلام کا فرمان "دعا بلاؤں کو ٹال دیتی ہے"۔ ☆ امام علی ابن موسیٰ رضا علیہ السلام کا فرمان "دعا انبیاء علیہم السلام کا ہتھیار ہے"۔

**اوقات قبولیت دعا** ☆ بارش کے وقت ☆ باپ کے چہرے کی زیارت کے وقت ☆ آسمان کی طرف ہاتھ بلند کرکے گڑگڑا کر روتے ہوئے ☆ بحالت سجدہ ☆ مسجد نبوی، کعبۃ اللہ اور معصومین علیہم السلام کے حرم میں ☆ والدین کی اپنی اولاد کے لیے دعا ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء الحسنیٰ اور معصومین علیہم السلام کے توسل سے دعا کرنا اور دعا کے اول و آخر محمد و آل محمد پر درود پڑھے۔


عیسوی سال 2018 8+1+0+2=11، 1+1=2 امام عالی مقام سید الشہداء حضرت امام حسینؑ، حسین کا عدد 128 =8+2+1=11، 1+1=2 لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی لازوال درسگاہ حسینؑ ہیں۔ اب آپ اللہ تبارک و تعالیٰ سے بتوسل مظلوم کربلا حضرت امام حسین علیہ السلام اپنی حاجت اور طلب رزق کے لیے دعا کریں آج کے دور میں بے روزگاری بڑھ رہی ہے قرض، فاقہ کشی اور حصول روزگار کے لیے یہ دعا بے مثال ہے سب سے پہلے دو رکعت نماز نماز حاجت اللہ تعالیٰ کے حضور پڑھیں۔ بعد از نماز فجر یا بعد از نماز عشاء اول و آخر درود پاک 11 مرتبہ اور درمیان میں یہ دعا 128 مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقِيْ فِي السَّمَاءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ كَانَ فِي الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ كَانَ بَعِيْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ كَانَ قَرِيْبًا فَيَسِّرْهُ وَاِنْ كَانَ يَسِيْرًا فَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ بِحَقِّ ذِي الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

**کل حاجات** سید الشہداء حضرت امام حسینؑ نے عاشور کے دن 10 محرم الحرام کو یہ دعا اپنے بیٹے امام زین العابدین علیہ السلام کو اس وقت تعلیم فرمائی جب امام عالی مقام کے بدن سے خون بہہ رہا تھا اور آخری وداع کیا اور یہ دعا طلب حاجت، ہم و غم و درد و بلائے سخت کو دور کرنے کے لیے تعلیم فرمائی اور پڑھنے کی تاکید فرمائی۔ ہر وہ حاجت جو پوری نہ ہو مثلاً بچے اور بچیوں کی شادی کے لیے مناسب رشتے کے لیے، آفات و بلیات کے دفعیہ کے لیے، ہر جائز و شرعی حاجت کی برآوری کے لیے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحَقِّ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ يَا مَنْ يَّقْدِرُ عَلٰى حَوَائِجِ السَّائِلِيْنَ يَا مَنْ يَّعْلَمُ مَا فِي الضَّمِيْرِ الصَّامِتِيْنَ يَا مُنَفِّسًا عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ يَا مُفَرِّجًا عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ يَا مَنْ لَّا يَحْتَاجُ اِلَى التَّفْسِيْرِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِيْ (كَذَا وَكَذَا) کی جگہ پر اپنی حاجت بیان کریں پہلے دو رکعت نماز نماز حاجت اللہ تعالیٰ کے حضور پڑھیں بعد از نماز فجر یا بعد از نماز عشاء، اول و آخر درود پاک 11 مرتبہ درمیان میں یہ دعا 41 مرتبہ پڑھیں اس دوران اگر آنسو آجائیں تو سمجھ لیں کہ دعا قبول ہوگی۔

**نقش حصول روزگار اور مفلسی دور کرنے کے لیے** یہ نقش بے روزگاری، مفلسی کو دور کرنے کے لیے مجرب کاغذ پر یا ہرن کی کھال پر نیک ساعت میں زعفران کیساتھ لکھیں یا پھر چاندی کی لوح پر کندہ کروائیں اس نقش کی چال کونوں میں دے دی گئی ہے وہ صرف بتانے کے لیے ہے لکھیں نہیں۔ یہ عمل کی نحوست اور ساڑھ ستی کے اثرات کو کافی حد تک دور کرتا ہے



قرآن ایسا نصیحت کرنے والا ہے جو فریب نہیں دیتا اور ایسا بیان کرنے والا ہے جو جھوٹ نہیں بولتا (حضرت علی)

# عصر حاضر کے بعض مراجع کرام

مرتبہ: سید محمد مہدی باقری
(ماہنامہ اصلاح لکھنؤ)
Mehdi787@gmail.com



**نام** آیت اللہ سید علی سیستانی
ابن حاج سید محمد باقر سیستانی

**تاریخ پیدائش و مقام**
9 ربیع الاول 1349 ہجری
4 اگست 1930ء (مشہد ایران)

**مقام تعلیم** قم المقدسہ (ایران) نجف اشرف (عراق)

**مصروف زندگی** نجف اشرف (عراق)

**علمی خدمات** توضیح المسائل، آپ نے علم اصول اور رجال کا درس خارج دینا شروع کیا اور اسی طرح مکاسب کی کتاب الطہارۃ، صلاۃ، قضا، خمس، اور دوسرے قواعد فقہی جیسے ربا، تقیہ اور قاعدہ الزام کو پڑھایا۔ آپ تدریس کے تین دور ختم کر چکے ہیں درس دینے کے ساتھ ساتھ اہم کتابوں اور رسالوں کی تصنیف و تالیف بھی کرتے ہیں۔

رابطہ: نجف اشرف 00964780192909



**نام** آیت اللہ سید علی خامنہ ای
ابن حاج سید جواد حسینی خامنہ ای

**تاریخ پیدائش و مقام**
28 صفر 1358ھ 17 جولائی
1939ء (مشہد، ایران)

**مقام تعلیم** مشہد، قم المقدسہ (ایران) نجف اشرف (عراق)

**مصروف زندگی** ایران

**علمی خدمات** توضیح المسائل، مناسک حج، طرح کلی اندیشہ اسلامی در قرآن، از ژرفای نماز، گفتاری در باب صبر، چہار کتاب اصلی علم رجال، ولایت، گزارش از سابقہ تاریخی و اوضاع کنونی حوزہ علمیہ مشہد، زندگی نامہ آئمہ تشیع، پیشوای صادق، وحدت و تحزب، دوست فہمیدن دین، حدیث ولایت، رسالہ اجوبۃ الاستفتاءات، اصطلاحات فقہی۔

رابطہ تہران 00982164411، قم 00982517474



**نام** آیت اللہ وحید خراسانی
ابن حاج محمد اسماعیل

**تاریخ پیدائش و مقام**
21 ربیع الآخر 1339ھ 1 جنوری
1921ء (نیشاپور، ایران)

**مقام تعلیم** نجف اشرف (عراق)

**مصروف زندگی** قم المقدسہ (ایران)

**علمی خدمات** تدریس درس خارج، مختلف موضوعات پر تقریریں، جناب فاطمہ زہرا کے سلسلے سے خاص تحریک، آپ کے درس و تقاریر بہت ہی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ رابطہ قم المقدسہ 00982517740611



**نام** آیت اللہ ناصر مکارم شیرازی
ابن حاج محمد علی شیرازی

**تاریخ پیدائش و مقام**
1345ھ 1924ء (شیراز، ایران)

**مقام تعلیم** شیراز، قم المقدسہ (ایران) نجف اشرف (عراق)


**مصروف زندگی**
قم المقدسہ (ایران)

**علمی خدمات** پیام امیر المومنین، پیام قرآن، اسلام کی سیر تعقیب، تفسیر نمونہ، خواتین کے احکام، کامیابی کا راز، اہداف قیام حسینی، پیامبران اولوالعزم، خطبہ حضرت زہرا، قاعدہ لاضرر، ارتباط با خدا، حیلہ ہای شرعی و چارہ جوئی ہای گیج، تحریف ناپذیری قرآن، بہترین طرق قرار ازربا، 180 پرسش و پاسخ، 50 درس اصول عقائد برای جوانان، فیلسوف نما۔

رابطہ: 00982517840003



**نام** آیت اللہ سید صادق شیرازی
ابن آیت اللہ میرزا مہدی شیرازی
**تاریخ پیدائش و مقام**
20 ذی الحجہ 1360ھ 8 جنوری 1942ء (کربلا، عراق)
**مقام تعلیم** کربلا، نجف اشرف (عراق)
**مصروف زندگی** قم المقدسہ (ایران)
**علمی خدمات** توضیح المسائل، بیان الفقہ، بیان الاصول، توضیح شرائع الاسلام، شرح سیوطی، شرح اللمعۃ الدمشقیۃ، الموجز فی المنطق، اہل بیت علیہم السلام فی القرآن، الشیعۃ فی القرآن، المہدی علیہ السلام فی السنۃ، حقائق عن الشیعۃ، حل المشکل الاقتصادی، السیاسۃ من واقع الاسلام، الفکر کیف الاجتماع، مساوی الدستور، قصص توجیہی، الاعتقادات فی الاسلام، الطریق الی بنک اسلامی
رابطہ: قم المقدسہ 00982517722578



**نام** آیت اللہ سید محمد سعید الحکیم
ابن آیت اللہ سید محمد علی طباطبائی الحکیم
**تاریخ پیدائش و مقام**
8 ذیقعدہ 1354ھ 2 فروری 1936ء (نجف اشرف عراق)
**مقام تعلیم** نجف اشرف (عراق)
**مصروف زندگی** نجف اشرف (عراق)
**علمی خدمات** رسالۃ فی الخصوص قبلہ، رسالۃ فی الخصوص درہم و دینار اسلامی، تحقیق مسائل ارث، با ریاضیات نوین، بحثی در باب ساعت زوال (وقت ظہر) تعلیقہ بر کفایۃ الاصول، 8 حاشیہ فرائد الاصول، المحکم فی اصول فقہ، مصباح المنہاج، کتاب الخمس، مرجعیت شیعہ، فقہ القضاء، مناسک الحج والعمرۃ، فقہ الاستنساخ، البشریٰ۔ رابطہ: عراق 0096433370046
ایران 00982517740230

**توضیح المسائل** مطابق فتاویٰ آقائے سید علی سیستانی
**توضیح المسائل** مطابق فتاویٰ آقائے سید علی خامنہ ای
**توضیح المسائل** مطابق فتاویٰ آقائے حافظ بشیر قبلہ

# تسبیح کے اوقات

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! قرآن مجید میں نماز کے اوقات روزہ کے دن اور اوقات اور کئی فرائض کے اوقات کا ذکر ہے اور ہر چیز کا وقت مقرر ہے۔ اسی طرح تسبیح پروردگار کے اوقات کا بھی ذکر ہے اور یہ فرائض واجبی میں شامل ہیں۔ جیسا کہ سورہ نمبر 50 ق اور سورہ نمبر 20 طہٰ میں حکم ہو رہا ہے "اور سورج نکلنے سے پہلے اور ڈوبنے سے پہلے اپنے پروردگار کی حمد کی تسبیح پڑھا کرو" جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لیکر امام زمانہ علیہ السلام تک چہاردہ معصومین سے روایت ہو رہی ہے کہ یہ تسبیح اربعہ کے پڑھنے کا حکم ہے۔ یعنی

**سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ**

جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ یہ وہ خاص تسبیح ہے جو جناب نوحؑ پڑھا کرتے تھے۔ علماء شیعہ فرماتے ہیں کہ یہ وہ تسبیح ہے جو پروردگار نے خود پڑھی ہے قرآن مجید میں مختلف مقامات پر یہ تسبیح ملتی ہے۔ کہیں کہا گیا سبحان اللہ کہیں کہا گیا الحمد للہ اور کہیں لا الہ الا اللہ اور کہیں پر کہا گیا اللہ اکبر۔ معصومؑ فرماتے ہیں کہ جب قیامت کا گھپ اندھیرا ہوگا تو یہ تسبیح پڑھنے والوں کو روشنی دے گی اور وہ مومن جو اس تسبیح کو صبح شام پڑھتا تھا اسکی روشنی میں چلے گا۔ ویسے تو آپ ہر وقت باوضو تسبیح پڑھ سکتے ہیں لیکن با طہارت اور باوضو ہونا بہت ضروری ہے۔
☆ اصل وقت صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک۔ ☆ نماز عصر کے بعد سورج غروب ہونے تک کم از کم 100 مرتبہ تسبیح اربعہ پڑھنے کا حکم ہے۔
☆ رات کو وضو کر کے پڑھتے پڑھتے سو جائیں رات کو جب بھی آنکھ کھلے یہ تسبیح زبان پر جاری کر دیں۔

**فوائد:** کوئی غم نہیں کوئی فکر نہیں کوئی پریشانی نہیں ہوگی۔ تسبیح کے دوران مالک خالق سے محمدؐ و آل محمدؑ کا واسطہ دے کر اپنی جائز دعائیں مانگ لیا کریں۔
جملہ مومنین و مومنات مرحومین اور جناب آغا نثار احمد مرحوم بانی امامیہ جنتری و ادارہ و افتخار بک ڈپو اور اہلیہ مرحومہ آغا افتخار حسین کے لیے ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورہ اخلاص کی تلاوت فرما کر مرحومین کی ارواح کو ایصال فرما دیں۔

خدا کی نافرمانی سے بچے رہنا تقویٰ کرنے والوں کی عبادت ہے۔

# بسم اللہ الرحمن الرحیم ابواب کلید رحمت

غلام کبریا
0300-5537074

دار العملیات محمدیہ کالونی شیر شاہ سوری روڈ کندیاں ضلع میانوالی پاکستان

عزیزان گرامی اس بار آپ کے لئے مجرب آزمودہ اور بہترین عمل تحریر کر رہا ہوں۔ میرے مولا پاک حضرت علی ویسے تو قرآن مجید سے بہت محبت فرماتے لیکن ان میں سے کچھ سورہ جات جیسے سورۃ حدید اور مختلف آیت کریمہ میں سے بسم اللہ الرحمن الرحیم وغیرہ ان سے بہت زیادہ انس تھا آپ انہیں قرآن مجید کی روح سے تشبیہ دیتے تھے۔ انہی میں سے آج میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بہت کم اعمال جو میری ذات سے وابستہ اور آزمودہ ہیں تحریر کروں گا۔ دعا ہے اللہ عزوجل آپ کی جملہ حاجات پنجتن پاک کے صدقے پوری فرمائے۔ یہ عمل خود میرے معمولات میں سے ہے اور متعدد بار کا آزمودہ ہے۔ سچے دل اور نیک ارادے سے کریں گے تو انشاء اللہ ضرور فیضیاب ہوں گے۔ بہت سال قبل میں نے ایک روحانی میگزین میں ہفتہ وار بسم اللہ الرحمن الرحیم کے فوائد اور اعمال تحریر کرتے تھے تو بھیجے جاتے۔ مجھے جہاں دیگر اعمال کے اثرات کی تصدیق ہوئی وہیں اس عمل کی سچائی اور مراد برآوری کے بے شمار خطوط ملے۔ شروع ماہ میں جمعرات کی شب عمل کی ابتداء کریں۔ رات گیارہ بجے کے قریب غسل کرکے پاک کپڑے زیب تن کریں، خوشبو لگائیں، اگربتی روشن کریں، کمرے کے اندر بہت کم روشنی ہو۔ دوران عمل بدبودار اشیاء سگریٹ، پان، بیڑی، لہسن، پیاز وغیرہ سے اجتناب کریں۔ وقت اور جگہ کا خاص خیال رکھیں۔ سب سے پہلے دو رکعات نماز نفل قضائے حاجت پڑھکر اس کا ثواب خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہرا کو ہدیہ کریں۔

اول آخر درود شریف اور درمیان میں مقررہ تعداد کے مطابق بسم اللہ الرحمن الرحیم نہایت آرام اور سکون سے پڑھیں۔ عمل کے اختتام کے بعد نہایت ادب سے اپنے جائز مقصد کی دعا خاتون جنت کا واسطہ دے کر کریں۔ انشاء اللہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔ کل انیس (19) یوم کا عمل ہے۔ عمل کے اوپر روزانہ کا ہندسہ جبکہ نیچے روزانہ کی تعداد درج ہے۔ تعداد کا خاص خیال رہے۔ یوں سمجھیں یہ عمل "اسم اعظم" ہے۔

### تعداد ورد روزانہ

۱/۷۸۸، ۲/۸۳۶، ۳/۸۴۴، ۴/۷۸۷، ۵/۸۱۶
۶/۸۱۸، ۷/۷۹۱، ۸/۷۸۷، ۹/۸۱۶، ۱۰/۹۸۶
۱۱/۷۹۴، ۱۲/۸۲۶، ۱۳/۸۳۶، ۱۴/۷۸۷، ۱۵/۸۱۶
۱۶/۹۸۶، ۱۷/۷۹۴، ۱۸/۷۹۹، ۱۹/۸۳۶

### جملہ حاجات، حصول دولت، عزت و حرمت کیلئے

شروع ماہ بروز جمعہ ساعت زہرہ میں پاک صاف کپڑے پہن کر دو نقش سفید باریک کاغذ پر کالی سیاہی سے تحریر کریں۔ حروف اور اعداد والا نقش ایک دوسرے کے آگے پیچھے رکھیں۔ اب رات گیارہ بجے کے قریب پاک صاف ہو کر دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھے بعد سلام اول و آخر گیارہ بار درود شریف درمیان میں 786 بار "بسم اللہ الرحمن الرحیم" پڑھکر دونوں نقوش پر دم کرے۔ پہلا نقش اسی وقت بازو پر باندھ لے جبکہ دوسرا نقش ہاتھوں میں پکڑ کر اپنے مقصد کی دعا کرے۔ صبح بعد طلوع آفتاب صرف ایک نقش لکھے رات والا نقش دریا یا نہر وغیرہ میں بہا دے جبکہ یہ نقش پاس رکھ لے۔ رات کو پھر وقت مقررہ پر عمل پڑھے اور نقش ہاتھوں میں لے کر دعا کرے۔ اسی

طرح روزانہ نقش لکھ کر رکھا کرے اور رات والا نقش عمل کے بعد صبح پانی میں بہا دیا کرے۔ یہ عمل اکیس یوم کا ہے۔ ان شاء اللہ بسم اللہ شریف کی برکت سے رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ جہاں بھی جاؤ گے عزت و حرمت ہوگی، ہر سرکاری، غیر سرکاری دفتر یا دروازے سے غرض ہو تو فوراً کام ہوگا۔ ایسی لڑکیاں جنکی ابھی تک شادی نہیں ہوئی اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ ایسے اسباب پیدا ہوں گے کہ جلد شادی ہو جائے گی۔ مولا کریم آپکی پریشانیاں دور فرمائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بسم | اللہ | الرحمن | الرحیم |
| الرحمن | الرحیم | بسم | اللہ |
| الرحیم | الرحمن | اللہ | بسم |
| اللہ | بسم | الرحیم | الرحمن |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۰۴ | ۱۹۱ | ۱۹۴ | ۱۹۷ |
| ۱۹۳ | ۱۹۸ | ۲۰۳ | ۱۹۲ |
| ۱۹۹ | ۱۹۶ | ۱۸۹ | ۲۰۲ |
| ۱۹۰ | ۲۰۱ | ۲۰۰ | ۱۹۵ |

# لمحاتِ حیات فی التقویم

## جنتری کے حساب میں زندگی کے گزرتے ہوئے لمحے

تالیف و ترتیب
مولانا فیاض حسین جعفری
سرپرست دار الفلاح لاہور
0300-4344139

**نسخہ راس الراس (تقویم)** بروج و سیارگان کے اعتبار سے انسانی زندگی کے خوشگوار لمحات کی تفصیل درج ذیل ہے اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ دعاؤں کے قبول ہونے کے اوقات حاصل کر سکتے ہیں اور جو عمل چہاردہ معصومین ان ادعیہ سے فیض یاب ہو سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ

**پہلا حصہ**

| برج | مدت ماہ | سیارہ | دن | لمحات استجاب | رات کے لمحات |
|---|---|---|---|---|---|
| حمل | 20 مارچ تا 19 اپریل | مریخ | منگل | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | رات کے لمحات آپ کی راحت کی خاطر شیڈول میں شامل نہیں ہے |
| ثور | 20 اپریل تا 20 مئی | زہرہ | جمعہ | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | |
| جوزا | 21 مئی تا 20 جون | عطارد | بدھ | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | |
| سرطان | 21 جون تا 21 جولائی | قمر | پیر | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | |
| اسد | 22 جولائی تا 22 اگست | شمس | اتوار | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | |
| سنبلہ | 23 اگست تا 22 ستمبر | عطارد | بدھ | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | |
| میزان | 23 ستمبر تا 22 اکتوبر | زہرہ | جمعہ | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | |
| عقرب | 23 اکتوبر تا 21 نومبر | مریخ | منگل | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | |
| قوس | 22 نومبر تا 20 دسمبر | مشتری | جمعرات | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | |
| جدی | 21 دسمبر تا 19 جنوری | زحل | ہفتہ | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | |
| دلو | 20 جنوری تا 17 فروری | یورینس | ہفتہ | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | |
| حوت | 18 فروری تا 19 مارچ | مشتری | جمعرات | 6 تا 7 بجے صبح اور 1 تا 2 شام | |

**دوسرا حصہ** لمحات سُر (سُروں کے جاری رہنے کا علم) دائیں بائیں نتھنوں سے سانس کا چلنا
انسان کے دائیں نتھنے سے سانس کا جاری رہنا شمسی سُر کہلاتا ہے مذکر ہے اس کا مزاج گرم ہے۔ انسان کے بائیں نتھنے سے سانس کا جاری رہنا قمری سُر کہلاتا ہے مؤنث ہے اسکا مزاج سرد ہے۔ نوٹ یاد رہے کہ ایک طرف کا سانس یعنی سُر دو گھنٹے تک چلتا رہتا ہے پھر بدلتا ہے۔

**اول ماہ کی پہچان** یہ قانون قدرت ہے کہ قمری ماہ کی پہلی تاریخ طلوع آفتاب کے وقت قمری سُر L-H-S جاری ہوگا یعنی بائیں نتھنے سے سانس آرہا ہوگا۔ تجربہ شرط ہے۔

**سُر بدلنے سے علاج** اگر آپکی طبیعت ناساز ہے یا سر درد محسوس ہو رہا ہے جائزہ لیں کہ اس وقت سانس دائیں نتھنے سے آرہا ہے یا بائیں سے۔ ناک کی ایک طرف انگلی رکھ کر سُر بدل دیں آپکو افاقہ ہو جائے گا۔

**نفس متساویہ** دائیں بائیں سانس بدلنے میں درمیانی وقفہ صرف 10 منٹ کا ہوتا ہے اس وقت آپ یقینی طور پر نہیں کہہ سکتے کہ دایاں سُر جاری ہے یا بایاں یہ بہت خطرناک لمحات کا دورانیہ ہوتا ہے اس دوران لڑائی جھگڑا ہاتھا پائی، دنگا فساد، حادثہ، غم و غصہ کا اظہار، تلخ کلامی، بیوی سے تکرار، دوسروں سے

توبہ دلوں کو پاک کرتی ہے اور گناہوں کو دھو ڈالتی ہے۔

بیزاری، اور دوری کے واقعات پیش آتے ہیں قمر در عقرب کے دوران شکار رہتے ہیں۔ نوٹ ان 10 منٹوں میں معاملہ برعکس ہونے لگے تو نمبر بدل کر لمحات کو معمول پر لائیں آپ اس متوقع سانحہ سے محفوظ ہو جائیں گے۔ ذرا جذبات کنٹرول میں رکھیں۔

## تیسرا حصہ ممانعت در مباشرت (لمحات شر و ضرر)

شادی شدہ احباب نہایت احتیاط سے کام لیں ان کے لیے لمحات شر یہ ہیں۔

☆ حالت حیض میں ہمبستری سے تو مولود مبروص ہوگا۔ ☆ خضاب کی حالت میں ہمبستری سے تو مولود مخنث ہوگا۔ ☆ اعضاء دیکھتے ہوئے ہمبستری سے تو مولود نابینا ہوگا۔ نوٹ قمری مہینے کی آخری تین، چار راتیں تاریک ہوتی ہیں چاندرات کو آسمان پر طلوع نہیں ہوتا یا اماوس کی اندھیری راتیں کہلاتی ہیں ان میں اگر نطفہ قرار پا جائے تو تو مولود بچہ / بچی پاگل، حواس باختہ، بدصورت، معذور، بھینگا، دائم المرض، لولا لنگڑا، کم ظرف، ناقص العقل، دیوانہ، اور والدین کے لیے وبال جان ہوگا۔ یہ بچہ مردود سست زندہ رہتا ہے۔ میاں بیوی غور سے مطالعہ کریں اور اس آفت ناگہانی سے محفوظ رہیں۔

ہمارا کام کہنا ہے کوئی مانے تو بہتر ہے نہ مانے کوئی...... ہمارا ہے بگڑتا کیا؟

## چوتھا حصہ 60 سالہ زندگی کے بدلے صرف 2 سال (لمحات طویل منفعت قلیل)

ایک صحابی نے امیر المومنین حضرت علی ؑ سے زندگی کے بارے میں سوال کیا آپ نے نہایت آسان اور مختصر جواب دیا جو ہر انسان کے لیے قابل فہم اور باعث عبرت ہے۔ غور سے پڑھیے اور زندگی سے لمحات حیات کو ٹھیک راستے پر لا کر اپنی اخروی نجات کا اہتمام کیجئے۔ آپکی قیمتی توجہ کا بے حد شکریہ۔

آپ نے فرمایا ایک شخص کی اوسط عمر تقریباً 60 سال کی ہے ان میں سے 30 سال سویا رہا 15 سال سن بلوغت کی رعایت رہی اس طرح 45 سال کٹ گئے باقی 60-45=15 سال ان میں 10 سال تیری دنیاوی تعلیم، ذریعہ معاش، ملازمت، کاروبار، شادی بیاہ، گھر کی بحالی اور خوشحالی میں گزر گئے (دینی زندگی کے بارے میں اور عالم دین سے رابطہ برائے نام ہے) باقی 5 سال کی زندگی نہانا دھونا، سیر و تفریح، اٹھنا بیٹھنا، دوستوں کی محفل، اگر کبھی بحث و تکرار، غمی خوشی میں شرکت، کبھی کبھار مجلس محفل میں آ جانا لباس کی صفائی، اپنا بناؤ سنگھار وغیرہ پر تین سال لگ گئے تیرے پلے زندگی کے صرف 2 سال حصے میں آئے اب اسے اعمال صالح میں ڈال لے یا لہو و لعب میں گزار کر اپنی 60 سال کی زندگی کو ٹھکانے لگا دے۔

عمر دراز مانگ کر لائے تھے چار دن  دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں  (سیماب اکبر آبادی)

## پانچواں حصہ (لمحات تشکر)

انسانی زندگی میں چند لمحات ایسے آتے ہیں کہ اس دوران خداوند کریم کا شکر ادا کرنا چاہیے علم تقویم اوقات نے ان ساعتوں کو اس طرح ترتیب دی ہے۔ ملاحظہ ہو

☆ دستر خوان کے اوقات شامل حیات نہیں یہ ایک خصوصی نوازش منجانب اللہ ہے جس کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے ☆ وہ قلیل وقت جو مومن کے جائز کام کرنے میں صرف ہو سات شوط کے طواف کعبہ میں منتقل ہو جاتا ہے (حلیۃ المتقین) ☆ روزہ کے دوران سانس لینا بھی عبادت شمار ہوتا ہے بشرطیکہ قرآن و حدیث کے مطابق روزہ ہو ☆ ایاک نعبد و ایاک نستعین کہتے وقت ذلیل انسان رب جلیل سے ہمکلام ہونے کا شرف حاصل کرتا ہے

رحمت یہ چاہتی ہے کہ اپنی زباں سے  کہہ دے گنہگار کہ تقصیر ہو گئی

☆ لیلۃ القدر خیر من الف شہر مومن کی ایک رات 83 سال 4 ماہ کی عبادت سے بہتر ہے

**نوٹ** میزان الحکمہ آیت اللہ محمد ری شہری میں آنحضرت سے روایت ہے حکمت کا ایک کلمہ سننا اور پھر اس پر عمل کرنا اور کرانا ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے (بحار جلد اول فرمان حضرت علی) (حقیقی علم حاصل کرنا خدا کی راہ میں جہاد کرنے سے افضل ہے۔ کنز العمال حدیث 28655)

ربّ یسّر ولا تعسّر وتمم بالخیر (لمحات جاودانی)

مومن آل محمد مرنے کے بعد بھی زندہ رہتا ہے جیسا کہ سورہ یسین میں ارشاد ہے ونکتب ما قدموا و آثارھم (فرشتے لکھتے رہتے ہیں جو تم آگے بھیجتے ہو اور ان کے آثار جو پیچھے چھوڑ جاتے ہو) کچھ باقیات الصالحات اور لمحات جاودانی غیر فانی ہیں جو مرنے کے بعد بھی اپنے اثرات باقی رکھتے ہیں۔ قارئین کرام سے گزارش ہے کہ آئیں ان آثار کو ہمیشہ کے لیے زندہ رکھنے کا بندوبست کریں اور لمحات حیات فانی کو ابد غیر فانی میں تبدیل کر کے آغوش لحد میں (وقت معین کے مطابق) انوار محمد و آل محمد کے نورانی سائے میں ابدی نیند کیساتھ عالم برزخ کے انتظار میں ورد کرتے رہیں

باقی اگلے صفحہ پر

# فیوض برکات آیات قرآن الحکیم

انتخاب
زیب النساء خواجہ
موچی گیٹ لاہور

معزز قارئین کرام السلام علیکم التحفہ یا علی مدد! جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ قرآن کریم کلام رب العالمین ہے اور اسکی تاثیر میں شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں اسکے ایک ایک حرف سے بے پناہ فیوض و برکات حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ بشرطیکہ طہارت و پاکیزگی، خلوص دل اور عقیدے کی پختگی و درستگی کیساتھ اسکی تلاوت کی جائے۔ آج میں آپکی خدمت میں چند آیات کے فیوض و برکات پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہوں اس دعا کیساتھ کہ خداوند کریم ہم سب کو ان سے استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بحق آل یاسین۔

## آیات قرآن اور زیارت امام زمانہ علیہ السلام

شیخ کلینیؒ نے کافی میں امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص سونے سے پہلے سورہ ہائے مسبحات یعنی سورہ حدید، حشر، جمعہ، صف، تغابن اور اعلیٰ کی تلاوت کر کے سوئے تو وہ امام العصر علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوئے بغیر نہیں مرے گا اور بغیر زیارت کیے مر جائے تو وہ رسول اکرم ﷺ کے جوار میں رہے گا۔

## سورۃ القدر اور ثواب جہاد

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص سورہ قدر کو با آواز بلند پڑھے گا وہ ایسے ہو گا جیسے کہ بے نیام تلوار سے خدا کی راہ میں جہاد کر رہا ہو۔ نیز جو شخص اس سورہ کو 10 مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اسکے گناہوں میں سے ایک ہزار گناہ مٹا دے گا۔

## آیت الکرسی بہترین حصار

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر سوئے تو فالج کے حملے سے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ۔ آیت الکرسی تمام مخلوقات کے شر سے حفاظت کے لیے بہترین حصار ہے۔ جناب رسول خدا ﷺ نے فرمایا جو شخص ہر نماز فریضہ کے بعد آیت الکرسی کی تلاوت کرے تو سوائے موت کے کوئی چیز اسے بہشت میں جانے سے نہیں روک سکے گی اسکی نماز قبول ہو گی اور وہ اللہ کی پناہ میں رہے گا نیز اللہ تعالیٰ اسے گناہوں اور بلاؤں سے محفوظ رکھے گا۔

کے بعد آیت الکرسی کی تلاوت کرے تو سوائے موت کے کوئی چیز اسے بہشت میں جانے سے نہیں روک سکے گی اسکی نماز قبول ہو گی اور وہ اللہ کی پناہ میں رہے گا نیز اللہ تعالیٰ اسے گناہوں اور بلاؤں سے محفوظ رکھے گا۔

## سورۃ التکاثر اور عذاب قبر سے حفاظت

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص سوتے وقت سورۃ تکاثر کی تلاوت کرے گا وہ عذاب قبر سے محفوظ و مامون رہے گا۔

## سورۃ ملک "سورۃ مانعہ"

شیخ کلینیؒ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا سورۃ ملک "سورۃ مانعہ" ہے یعنی یہ عذاب قبر کو روکتی ہے۔

## سورۃ زلزال اور جان کنی کی منزل

شیخ کلینیؒ نے ہی امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا سورۃ زلزال کے پڑھنے میں تنگی محسوس نہ کرو کیونکہ جو شخص اسے نوافل میں پڑھے تو حق تعالیٰ اسکو زلزلے، بجلی اور ہر قسم کی آفات سے بچائے رکھے گا نیز اس شخص کی موت کے وقت ایک خوش جمال فرشتہ اسکے پاس آئے گا جو اسکے سرہانے بیٹھے گا اور ملک الموت سے کہے گا اے ملک الموت اللہ کے اس دوست کیساتھ نرمی کا برتاؤ کرو اس وقت اس شخص کی آنکھوں کے آگے سے پردے ہٹا دیے جائیں گے اور وہ جنت میں اپنی منزلوں کو دیکھ لے گا پھر بڑی سہولت کیساتھ اسکی روح قبض کی جائے گی ستر ہزار فرشتے اسکے جنازے کے پیچھے چلیں گے اور اسے سیدھا جنت میں لے جائیں گے۔ (بحوالہ مفاتیح الجنان) اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن حکیم پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور آغا افتخار حسین صاحب کو میرے استاد آغا حسین احمد صاحب کو صحت تندرستی کے ساتھ عمر خضر عطا فرمائے۔ آمین یا رب العالمین۔

## جنت لمحات حیات فی التقویم

جنت تجری من تحتها الانہار خالدین فیہا ابدا بحق آئمۃ الہدیٰ شافعان روز جزا

وہ افعال جو مرنے کے بعد بھی محب آل محمد کو زندہ رکھتے ہیں ان لمحات کا احصاء انسانی گنتی سے باہر ہے۔ ☆ نیکی کی بنیاد رکھنا ☆ خدمت خلق ☆ صدقہ جاریہ (مسجد، امام بارگاہ، مستحق کی امداد)، اولاد صالح (دین حق پر قائم) ☆ دینی کتاب جو اصلاح کی طرف مائل کرے۔ دعا گو فیاض حسین جعفری

# نظر بد اور اسکا روحانی علاج

سید ابن
مظفر شیرازی
0336-4811952
042-35111015

رب متعال کا شکر گزار ہوں کہ اس نے ایک مرتبہ پھر مجھے امامیہ جنتری کے قارئین سے ملاقات کا شرف بخشا۔ جنوری کے آخر میں مجھے شدید ہارٹ اٹیک ہوا بچنے کی امید نہ تھی مگر رب کریم نے سرکار پنجتن پاک کے صدقے اور میرے پیار کرنے والوں کی دعاؤں سے مجھے نئی زندگی عطا کی مولا کا کرم ہے کہ پہلے سے بہتر ہوں۔

نظر بد ایک بہت تکلیف دہ عمل ہے یہ جادو سے بھی زیادہ جلد انسانی زندگی پر اثر انداز ہوتی ہے۔ میرے نبی محترم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ نظر بد انسان کو قبر اور اونٹ کو دیگ میں پہنچا دیتی ہے۔ نظر بد سے انسان ہی نہیں ہر چیز متاثر ہوتی ہے بعض نظریں پتھر کو دو ٹکڑے کر دیتی ہیں۔ میں نے ایک کتاب کا مطالعہ کیا جس میں مصنف نے لکھا کہ دنیا کے 60% قبرستان صرف نظر بد کی وجہ سے آباد ہیں آپ یقین کریں میں خود بھی نظر بد سے متاثر ہو کر موت کے منہ سے واپس آیا ہوں نہ مجھے دل کی تکلیف تھی نہ بلڈ پریشر نہ شوگر مولا کے کرم سے کوئی مرض نہ تھا پھر بھی مجھے ہارٹ اٹیک ہو گیا۔ یہ نظر بد کا کمال تھا لیکن کہتے ہیں کہ مارنے والے سے بچانے والا زیادہ طاقتور ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے ایک صحابی ایک دفعہ قمیض اتار کر بیٹھے ہوئے تھے کہ دوسرے صحابیؓ نے کہا کیا خوبصورت اور صحت مند وجود ہے آپکا اس صحابیؓ کو بخار ہو گیا جو 7 دن متواتر رہا گھر والے اس صحابیؓ کو نبی ﷺ کے پاس لائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا انہیں نظر بد لگی ہے پھر ان سے پوچھا کہ آپ کو کس نے نظر لگائی ہے صحابیؓ نے دوسرے صحابیؓ کا نام لے دیا تو آپ ﷺ نے اس صحابیؓ کو بلایا اور نصیحت فرمائی کہ آئندہ جب بھی کسی کی تعریف کرو تو ماشاءاللہ ضرور کہا کرو پھر آپ ﷺ نے صحابیؓ کی نظر اتاری۔ یہ یاد رکھیں کہ نظر انسان کو اپنی بھی لگ سکتی ہے اکثر بچوں کو والدین کی نظر بھی لگ جاتی ہے لہٰذا تعریف کرتے وقت ماشاءاللہ ضرور کہا کریں۔

قرآن کریم کی آخری دو سورتیں سورہ فلق اور سورہ ناس نظر بد کے توڑ کے لیے بہت مفید ہیں۔ مائیں صبح و شام اپنے بچوں پر چاروں قل پڑھ کر دم کیا کریں بچہ دو سال کا ہو یا 35 سال کا اسے معمول بنالیں نظر بد نہیں لگے گی۔ نظر لگ جانے کی صورت میں 21 مرتبہ چاروں قل اور 5 مرتبہ درود پاک پانی پر دم کر کے پلائیں ان شاءاللہ نظر بد جاتی رہے گی۔ نبی اکرم ﷺ آیت الکرسی اور آخری دونوں قل پڑھ کر حسنین کریمین پر دم کیا کرتے تھے۔ سورہ فاتحہ مبارکہ بھی نظر بد کے لیے بہت مفید ہے سرور کائنات ﷺ پر ایک مرتبہ جادو ہوا اسکے تدارک کے لیے آخری دونوں قل جبرائیل لیکر آئے میرے مولا جناب امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے آپ کا جادو ان دونوں سورتوں کو پڑھ کر دم کر کے اتارا نظر بد کے تدارک اور مکمل شفا بلکہ ہر مرض سے شفا کے لیے ایک فقیری تحفہ پیش خدمت کر رہا ہوں دنیا کا کوئی بڑے سے بڑا مرض کیوں نہ ہو ان شاءاللہ مکمل شفا ہوگی۔ ماہ رجب کی نوچندی جمعرات کو مندرجہ ذیل طلسم تانبے یا چاندی کی انگشتری پر تحریر کر کے مریض کی چھوٹی انگلی کیساتھ والی انگلی میں پہنا دیں۔ نہ نظر لگے گی نہ جادو اثر کرے گا اور مرض سے شفا ہوگی۔ ان شاءاللہ۔ انگشتری بنانا آسان ہے خود بنائیں فائدہ اٹھائیں اور مجھے اور امامیہ جنتری کی پوری ٹیم اور قارئین امامیہ جنتری کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ سیر دوام زمانہ۔

طسہ ۷۸۶ ۳۲

دعاگو: سید ابن مظفر شیرازی 673-3-D-2 گرین ٹاؤن لاہور 0336-4811952, 042-35111015

## تعویذ برائے نظر بد

درج ذیل کلمات مع بسم اللہ لکھ کر گلے میں ڈالیں تو نظر بد کا اثر دور ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اعوذ بکلمات اللہ التامۃ [illegible] من شر [illegible] ومن شر [illegible] ومن شر حاسد اذا حسد

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ نظر بد کے لیے 3 مرتبہ کہے

ماشاءاللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

## دل کے مرض سے محفوظ رہنے کا عمل

ہر واجب نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر پہلے درود پڑھے پھر 11 مرتبہ یا حی یا قیوم کہے اور بارہویں مرتبہ کہے

یا حی یا قیوم یا لا الہ الا انت اسئلک ان تحیی قلبی

یا قوی القادر المقتدر قوِّنی و قلبی کم از کم 11 مرتبہ پڑھے۔

# تحفہ امامیہ جمیع حاجات

عامل زاہد حسین جعفری
رحیم کالونی سٹریٹ نمبر C-10 خانیوال روڈ ملتان
0333-7865470
0300-6159033

## دُعا عمل وسیلہ

دُعا عمل ایک وسیلہ ہوتا ہے اللہ بے نیاز خالق قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے کہ اے ایمان والو ہمارے تک پہنچنے کے لئے وسیلہ ڈھونڈو۔ محمدؐ و آل محمدؐ کی ذات ہمارے لئے ایک بہترین وسیلہ ہے۔ اللہ پاک صرف متقین کے اعمال قبول فرماتا ہے۔ دُعا ایک اسم اعظم ہوتی ہے یہ نظر نہیں آتی مگر اس میں طاقت اتنی ہوتی ہے کہ یہ فرش سے عرش تک لے جاتی ہے۔ دُعا لفظاً عرض مدعا یعنی اظہار عاجزی تو بہ طلب مغفرت حمدو مدح خداوند عالم بھی دُعا ہے۔ حضرت امام رضاؑ کا فرمان ہے کہ اللہ کی قسم ہم ہی اللہ تعالیٰ کے اسماء الحسنیٰ ہیں۔ قادر مطلق ہماری ہی معرفت اور وسیلہ کے بغیر کوئی عمل قبول نہیں فرماتا۔ اصول کافی میں حضرت امام محمد باقرؑ کا فرمان ہے کہ اللہ عزوجل کے نزدیک اس سے بڑی کوئی عبادت نہیں ہے کہ قاضی الحاجات سے سوال کیا جائے اور طلب کیا جائے اور خدا کا سب سے بڑا دشمن وہ ہے جو دُعا مانگنے میں تکبر کرتا ہے۔ جو واہب العطایا کے خزانہ میں سے نہیں مانگتا۔ درگاہ قاضی الحاجات سے اپنے مقصد کی طلبی میں اپنے برادر مومن کو مقدم کیا جائے اور اس کی تمام آرزوئیں پوری ہوتی ہیں۔

## دُعا برائے شفاء

یہ دُعا حضرت شیخ بہائیؒ سے منسوب ہے جو مریض زندگی سے ناامید ہو چکا ہو تو وہ خانہ خدا میں بیٹھ کر بصدق نیت اور پختہ اعتقاد کے ساتھ پڑھے تو اس کو شفا ملتی ہے۔ اگر مریض کی شفایابی کی مراد پوری نہ ہو تو بے شک بروز قیامت میرا دامن پکڑے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِعِزَّتِكَ وَ قُدْرَتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِحَقِّ حَقِّكَ وَ حُرْمَتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَرِّجْ بِرَحْمَتِكَ

## حسب منشا شادی و بندش ختم

جس لڑکے یا لڑکی کی شادی میں رکاوٹ ہو پسند کر کے چلے جاتے ہوں والدین سخت پریشان ہوں شرط شرائط کی وجہ سے رشتہ ٹوٹ جاتا ہو رشتہ دار یا غیر بغض و عناد کی وجہ سے جادو یا کالے عملیات کی وجہ سے بندش لگادی گئی ہو والدین چاہتے ہوں کہ رشتہ دوبارہ طے ہو جائے اور غیب سے رشتے کا بندوبست ہو اور بندش کا بھی خاتمہ ہو تو ایسے میں سورۃ طٰہٰ کا نقش اور دُعا سورۃ طٰہٰ پُر تاثیر مجرب آزمودہ تیر بہدف ہے۔ سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 131 تا 132 کی تلاوت کریں اور سورۃ

الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ
طٰسٓمٓ طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓ حٰمٓعٓسٓقٓ قٓ نٓ

| | | | |
|---|---|---|---|
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

نام فلاں بنت فلاں ۔ نام فلاں بن فلاں

الذاریات آیت نمبر 49 ہرن کی کھال پر نقش کیساتھ لکھیں لکھ کر گلے میں ڈالیں اور نقش سے غسل کریں۔ ہرن کی کھال پر سورۃ احزاب اور سورۃ طٰہٰ کا نقش جتنے لوگوں کو دیا ہے کامیابی ہوئی ہے۔ من پسند شادی کے لئے سورۃ فرقان آیت نمبر 74 تا 76 روزانہ چالیس دن تک پڑھیں اس کے علاوہ روزانہ یا لطیف 129 بار پڑھیں۔

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ۝ (سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 131-132)

## اولاد نرینہ

اولاد بہت بڑی نعمت ہے ہر بیبی اور مرد و بے اولاد کے لئے دُعا مانگتے رہیں۔ تفسیر قرآن میں ہے محسن انسانیت عظیم اعظم سرور کائنات حضرت محمد مصطفیٰؐ نے فرمایا کہ اولاد نرینہ کے حصول کے لئے سورۃ فجر لکھ کر زوجین کے گلے میں ڈالیں اور روزانہ سورۃ کی تلاوت کریں تو ان کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا۔ اس کے علاوہ سورۃ مریم آیت نمبر ۵ تا ۷ اور سورۃ فرقان آیت نمبر ۷۴ تا ۷۶ روزانہ گیارہ بار پڑھیں۔ دونوں آیات لکھ کر گلے میں ڈالیں اس کے علاوہ وظیفہ زوجیت سے پہلے یَا کَبِیْرُ یَا اَکْبَرُ یَا مُتَکَبِّرُ پڑھیں تو رحیم کریم اللہ اپنی نعمت سے فرزند صالح عطا فرمائے گا۔

وَاِنِّىْ خِفْتُ الْمَوَالِىَ مِنْ وَّرَآءِىْ وَكَانَتِ امْرَاَتِىْ عَاقِرًا فَهَبْ لِىْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝ يَّرِثُنِىْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝ (سورۃ مریم 5 تا 7)

**نوٹ:** بے اولادی کے لئے نقش اور دُعا امامیہ جنتری 2016ء میں صفحہ نمبر 39 اور 40 پر ملاحظہ فرمائیں۔ خالق اکبر پنجتن پاک کے وسیلے سب کو اولاد جیسی نعمت سے نوازے آمین

## مرض کینسر (سرطان) کا علاج بمعہ نقش و دعا وخواتین میں چھاتی کا کینسر:

| | | | |
|---|---|---|---|
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

جب انسان اپنی خواہشات ضروریات یا حرص میں اپنے آپ کو گرفتار کر لیتا ہے خواہش پوری نہ ہونے پر جسم کے اندر ایک زہریلا مادہ بن جاتا ہے۔ زہریلے کیڑوں کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ یہ کیڑے جراثیم خوردبین سے بھی نظر آنے والے وائرس VIRUS بن جاتے ہیں۔ یہ جراثیم کسی ایک جگہ گھر بنا لیتے ہیں بجائے فائدہ کے نقصان پہنچاتے ہیں۔ ان کیڑوں کی خوراک خون کے وہ ذرات ہوتے ہیں جو سرخ خلیے RBC کہلاتے ہیں۔ آہستہ آہستہ مریض کے اندر سرخ ذرات ختم ہو کر سفید ذرات کی کثرت ہو جاتی ہے اس سے ایک تو فساد خون یعنی بلڈ پریشر موجب بنتی ہے جس کی وجہ سے انسانی ذہن سے حقیقی روح کا اخراج ہوتا ہے اور انسانی حیات کے حقیقی سرخ خلیوں کو کھا جاتا ہے۔ سفید خلیوں کی تعداد بڑھنے سے مرض کینسر جڑ پکڑ لیتا ہے۔ مرض کینسر بذات خود مرض نہ ہے۔ نہ ہی اس کی کوئی حقیقت ہے۔ کسی بھی مرض کا بگاڑ کہنہ پن ضدی پیدا ہوتا ہے اس مرض کے کہنہ میں بگڑنے کا موجب بنتا ہے۔ یعنی جو مرض پیدا ہوتا ہے پرانا ہو کر بگڑ جاتا ہے وہ کینسر کہلاتا ہے۔

### روحانی علاج کینسر سے دوستی

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے ہم وہی چیز اتارتے ہیں جو شفاء اور رحمت ہے ایمان والوں کے لئے۔ علم روحانی کی روح سے کینسر ایک ایسا مرض ہے جو شریف النفس اور با اختیار ہے اور حواس بھی رکھتا ہے۔ اگر اس سے دوستی کر لی جائے اور کبھی کبھی تنہائی میں بستر جیسے مریض گہری نیند سو رہا ہو تو اس کی خوشامد کی جائے اور یہ کہا جائے کہ کینسر تم بہت اچھے ہو بہت مہربان ہو یہ آدمی پریشان ہے اسے دعا اور نقش کے وسیلے سے معاف کر دو۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو اس کا اجر دے گا۔ تو مرض کینسر مریض کو چھوڑ دے گا اور معاف کر دے گا اور دوست داری کا ثبوت دے گا۔ نیز مرض کینسر کا سرخ رنگ سے علاج ایک علیحدہ طریقہ ہے جو کہ سرخ رنگ کے کپڑے سرخ رنگ کی کھڑکیاں اور دروازے اور دیواریں حتیٰ کہ مریض کے پینے کے مشروبات چائے کھانے پینے والی چیزوں کا رنگ بھی سرخ ہوتا ہے۔ سرخ رنگ کی روشنائی سے اکتالیس تعویذ لکھے جاتے ہیں۔ ایک تعویذ مریض کے گلے میں باقی چالیس تعویذ روزانہ ایک کے حساب سے چالیس دن دھو کر پلائیں اور آیات شفاء 7 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ **نوٹ:** دم شدہ ہلدی سے بھرے کیپسول بذریعہ ڈاک مل سکتے ہیں۔ عورتوں کے چھاتی (چیسٹ) کینسر میں جب گلٹیاں اور پھوڑے بن جاتے ہیں تو ایسے میں دعا سے ہی قدرتی اینٹی بائیوٹک کا کام ہوتی ہے۔ آیات شفاء اور سورۃ حشر کی آخری چار آیات صحت یابی کے لئے مجرب ہیں۔

### محبت زوجین تسخیر اور حب کے لئے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۳۰۷ | ۳۳۰۸ | ۳۳۰۳ | ۳۳۰۰ |
| ۳۳۰۳ | ۳۳۰۱ | ۳۳۰۷ | ۳۳۰۳ |
| ۳۳۰۲ | ۳۳۱۱ | ۳۳۰۹ | ۳۳۰۵ |
| ۳۳۱۰ | ۳۳۰۲ | ۳۳۰۳ | ۳۳۱۵ |

اگر میاں بیوی میں ناراضگی یا جھگڑا ہو یا جن دو لوگوں میں بغض و عداوت یعنی جانی دشمن بول چال بند ہو قرابت داری ہو لڑائی جھگڑے کی وجہ سے مخالفت ہو۔ تو ایسے میں سورۃ تحریم کا نقش لکھ کر گلے میں ڈالے اور سورۃ ممتحنہ آیات نمبر 7 تلاوت کریں اور لکھ کر گلے میں ڈالیں اور روزانہ دو بار سورۃ تحریم کی تلاوت کریں۔ سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر دم کر کے دونوں کو کھلائیں۔ اس کے علاوہ یَا وَدُوْدُ یَا عَزِیْزُ یَا رَؤُوْفُ 100 بار پڑھ کر شرینی پر دم کر کے کھلائیں اگر خاوند سورۃ جمعہ ہر روز 5 بار پڑھے اور دعا مانگے تو زوجہ فرمانبردار ہو جائے گی یا میاں بیوی کے نام کے عدد کے مطابق آیہ الکرسی پڑھیں تو دونوں میں دشمنی دوستی میں بدل جائے گی۔

عَسَى اللَّهُ أَنْ يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِينَ عَادَيْتُمْ مِنْهُمْ مَوَدَّةً وَاللَّهُ قَدِيرٌ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ أَجِبْ يَا جَبْرَائِيلُ يَا دَرْدَائِيلُ يَا رَفْعَائِيلُ يَا تَنْكَفِيلُ بِحَقِّ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ وَعَلِيٌّ وَلِيُّ اللَّهِ يَا وَدُودُ يَا وَهَّابُ يَا بُدُّوحُ

احب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں بے حد مجرب ہے اور لکھ کر گلے میں ڈالیں اور روزانہ 2 مرتبہ سورۃ تحریم کی تلاوت کریں۔ حضرت امام موسیٰ کاظم کا فرمان ہے جس گھر میں جھگڑے رہتے ہوں تو کثرت سے ورد کریں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ

### استغفار کے بدلے نعمتیں حاصل کریں

[illegible]

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [illegible] | ھ | ی | ل | ا | ث | ا | ن | ی | ع | ف | ا | ر | ا | ی |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [illegible] | ہ | ل | ل | ا | ر | ف | غ | ت | س | ا | استغفر اللہ |
| [illegible] | ۵ | ۳۰ | ۳۰ | ۱ | ۲۰۰ | ۸۰ | ۱۰۰۰ | ۴۰۰ | ۶۰ | ۱ | |

عامر سلطان بشیر G-3 مدنی پیلس سولجر بازار کراچی

# حل مشکلات

درویش خضر عباس پیاسی
واصل پور نزد پولیس چوکی تحصیل و ضلع راجن پور
0333-6474494, 0302-7909693
0346-7328884, 0321-7573652

دعا یعنی بندے کا خدا سے اپنی حاجتیں طلب کرنا رسول خدا ﷺ کا ارشاد ہے "دعا مومن کا ہتھیار اور نماز دین کا ستون ہے"

## بیماری اور آزاری سے نجات کے لئے

کلینی اور ابن بابویہ اور دیگر نے امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ شیبہ ہذلی کو رسول اکرم ﷺ نے یہ دعا تعلیم کی کہ نماز صبح سے فارغ ہو تو دس مرتبہ پڑھو۔
سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ تا کہ خدا عافیت دے اس دعا کی برکت سے اندھے پن، دیوانگی، برص، جذام اور پریشان حالی سے۔

## بینائی کی حفاظت کے لئے

بینائی چشم کی کمزوری دور کرنے اور حفاظت کے لیے بہت ہی مجرب عمل ہے۔ آیت اللہ بہجت نے ایک طالب علم کو یہ دعا تعلیم کی جس کو پڑھنے سے اس طالب علم کی بینائی واپس آ گئی تھی۔ بعد نماز صبح داہنے ہاتھ کی پانچوں انگلیوں کو ملا کر بائیں آنکھ پر رکھے اور اسی طرح بائیں ہاتھ کی انگلیوں کو داہنی آنکھ پر رکھے اور تین مرتبہ صلوات پڑھے اور 7 مرتبہ کہیں
اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَدَقَتَيَّ بِحَقِّ حَدَقَتَيْ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ علیہ السلام
بعد میں آیت الکرسی پڑھے اور پھر تین مرتبہ صلوات پڑھے۔

## بیماری سے نجات کے لئے

سید ابن طاؤس نے مہج الدعوات میں نقل کیا ہے کہ سید ابن ابو الفتح قمی کو ایک ایسی بیماری لاحق ہوئی جس کے علاج سے طبیب عاجز تھے اور انکی زندگی سے مایوس ہو چکے تھے ایسی حالت میں سید نے ایک کتاب میں دیکھا کہ امام صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ بیماری سے نجات کے لیے نماز صبح کے بعد 40 مرتبہ ہاتھ مرض کی جگہ پر پھیرتے ہوئے پڑھے
بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ تَبَارَكَ اللهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ
اس دعا کی برکت سے سید بن ابو الفتح قمی شفایاب ہو گئے اور جب طبیبوں کو بتایا گیا تو وہ یہ معجزہ دیکھ کر اسی وقت مسلمان ہو گئے

## آفات و پریشانی سے نجات کے لئے

شیخ طوسی، ابن بابویہ اور حمیری نے چھٹے امام علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ رسول خدا ﷺ نے اپنے اصحاب سے فرمایا جس کو خود یا مکان کے نیچے دب جانے کا خوف ہو یا غرق ہونے، جلنے اور کنویں میں گرنے اور درندوں کے پھاڑ کھانے و بری موت مرنے یا کسی مصیبت کے نازل ہونے کا خوف ہو تو اس سے نجات کے لیے ہر نماز کے بعد 30 مرتبہ پڑھے۔
سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ

## قید سے رہائی کے لئے

کلینی اور ابن بابویہ نے معتبر سندوں کیساتھ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی کہ جناب جبرائیل علیہ السلام قید خانے میں جناب یوسف علیہ السلام کے پاس آئے اور کہا کہ ہر نماز کے بعد پڑھو اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ مِنْ اَمْرِيْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّارْزُقْنِيْ مِنْ حَيْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَيْثُ لَا اَحْتَسِبُ

## خوف کے لئے

بچھو اور دوسرے جانوروں سے ڈرتا ہو تو یہ دعا پڑھے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے اسکے پڑھنے والے کے لیے سلامتی کی ضمانت لی ہے۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا ذَرَاَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

## حفاظت مکان کے لئے

مکان کی حفاظت کے لیے یہ آیت پڑھے اِنَّ اللهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا
بعد میں یہ دعا پڑھے یَا مَنْ یُّمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اَمْسِكْ عَنَّا السُّوْءَ روایات میں ہے کہ گھر میں تنہا ندرہے جو شخص گھر یا کمرے میں تنہا رات گزارے وہ پڑھے آیت الکرسی اور یہ پڑھے
اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِيْ وَاَعِنِّيْ عَلٰى وَحْدَتِيْ
حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے روایت ہے کہ اگر درندہ جانوروں کو دیکھو جیسے شیر، چیتا، بھیڑیا وغیرہ تو یہ دعا پڑھو۔
اَعُوْذُ بِرَبِّ دَانِيَالَ وَالْجُبِّ مِنْ كُلِّ اَسَدٍ مُّسْتَاْسِدٍ

## تنگ دستی، فقیری، اور بیماری سے نجات کے لئے

رسول خدا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ایک شخص کو یہ دعا تعلیم کی اور صبح و شام پڑھنے کے لیے کہا۔
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا

● تنگدستی اور فقیری سے نجات کے لیے روزانہ 100 مرتبہ پڑھے۔
سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

● حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ جب قرض کی وجہ سے کوئی مشکل ہو تو 2 رکعت نماز دن میں وقت زوال پڑھو پہلی رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورہ اخلاص پڑھو دوسری میں اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا

● سفر سے مسافر کی واپسی کے لیے سورہ اخلاص درج ذیل ترتیب سے لکھیں اور درمیان سے لمبائی میں کاٹ کر دو ٹکڑے کریں پہلا حصہ اپنے پاس رکھ لیں اور دوسرا حصہ گھر میں لٹکا دیں جب مسافر واپس آجائے تو دونوں حصوں کو نکال کر کنویں یا تالاب یا دریا میں ڈال دیں۔

| دوسرا حصہ | پہلا حصہ |
|---|---|
| الرحمٰن الرحیم | بسم اللہ |
| اللہ احد | قل ھو |
| الصمد | اللہ |
| یلد | لم |
| یولد | ولم |
| یکن لہ | ولم |
| احد | کفوا |

● اگر گھر سے کوئی بھاگ جائے تو درج ذیل نقش لکھ کر کسی درخت کی ٹہنی پر لٹکا دیں یہ نقش ہوا سے ہلتا رہے گا اور بھاگا ہوا آدمی واپس آجائے گا بھاگنے والے کا نام درمیان میں لکھیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم




● حضرت امام جعفر صادق سے مروی ہے کہ وسوسہ شیطانی کو دور کرنے کے لیے اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر یہ پڑھے۔
بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰهُمَّ امْسَحْ عَنِّیْ مَا اَحْذَرُ اس کے بعد ہاتھ پھیرے اور تین مرتبہ یہی دعا پڑھیں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

جیون کتاب گھر ضلع راجن پور

## حفاظت

اگر کوئی طالب درج ذیل آیت لکھ کر کتاب میں اپنے حق ... جس طرح پڑھ کر ...
وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْا اَنَّهٗ وَاقِعٌ بِهِمْ خُذُوْا مَآ اٰتَیْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِیْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ

## شادی اور ازدواجی زندگی کے لیے

شوہر اپنی بیوی پر ظلم کرے تو یہ تعویذ زوجہ کے داہنے بازو پر باندھ دیا جائے۔ ان شاء اللہ شوہر مناسب و معروف طریقے پر زوجہ کے ساتھ پیش آئے گا۔ یہ عمل تعویذ ایک سطر میں لکھا جائے
بسم اللہ ... طٰہٰ وما ... كهيعص فلاں بن فلاں
(شوہر کا نام) ... فلاں بنت فلاں (زوجہ کا نام)

● روایات میں تحریر ہے کہ جس لڑکی کا رشتہ ہونے میں پریشانی ہو رہی ہو یہ دعا لکھ کر لڑکی کے گلے میں پہنا دے ان شاء اللہ بہت جلد شادی ہو جائے گی۔ وَمِنْ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ قَوْلِكَ هٰذَا وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَنْ تَرْزُقَ هٰذِهِ الْمَرْاَةَ زَوْجًا مُوَافِقًا غَیْرَ مُخَالِفٍ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ

## برائے آسانی وضع حمل

آسانی وضع حمل کے لیے یہ تعویذ لکھ کر حاملہ کی ... باندھیں، وضع حمل کے بعد کھول کر کسی کنویں یا پانی میں ڈال دے۔

اخرج نفس من هذا المحبس

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

ولا تکتموا الی الملوک

# صنفِ ادب میں مقامِ مناجات

عامل و جفار
سید تنویر حیدر
نقوی (ایم اے)
معرفت اویس ٹریڈرز H-377 سردار عالم روڈ راولپنڈی
0333-5398050

اللہ تعالیٰ کی حمد اور محمد و آل محمد پر ہدیہ درود و سلام کے بعد آپ قارئین کے لیے خصوصاً دعا کے بعد ایک نئے گوشے کو ہدیہ کرنے کی جسارت کر رہا ہوں یوں تو دعائیں اپنی روحانی و معنوی قدر و قیمت کے سبب اعلیٰ ترین تزکیہ نفس کی حامل ہیں مگر یہ وہ ذخیرہ ہے جسکی مثال انسانی ادب میں نہیں ملتی۔ انسانی تاریخ میں نبی اکرمؐ کی چند دعاؤں کو مناجات سے منسوب کیا جاسکتا ہے مگر اس صنف کو حضرت علیؑ کے بعد بام عروج تک پہنچانے والے آپکے پوتے کو "زین العابدین" کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے اس امام میں ہی وہ درد وہ غم رہا ہے۔ وہ خونی آنسو جو وحی الہٰی کی ترجمانی کے سبب دعا کا قرینہ اور سلیقہ سکھانے کے لیے 35 سال تک خونی آنسوؤں سے اسکی آبیاری کرتے رہے ان ہی دعاؤں کے مجموعوں میں وہ دعائیں جو مناجات کی اعلیٰ ترین ادبی تصویر کشی میں اپنا ثانی نہیں رکھتیں روحانی ذوق رکھنے والے ہر طبقہ کے لیے چار دوری افادیت رکھنے کے سبب تزکیہ نفس کی بہترین مشقیں ثابت ہوتی ہیں۔ مفاتیح الجنان کے صفحات 1451 سے 1465 تک ان مناجات مختلف عنوانات سے شامل کی گئی ہیں۔ انہی ان مناجات میں سے پچھلی مناجات کا انتخاب کیا گیا ہے جسکا عنوان مناجات شاکرین ہے۔

آخر کلام قرآن کریم میں سورہ الملک پارہ 29 آیت 23 کو دوسرے مقامات پر بھی دہرایا گیا ہے یہ آیت وسعت رزق کے لیے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے بشرطیکہ ہر نماز کے بعد اگر 3 یا 30 مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کیساتھ وہ تنگی و علامت بتایا جائے اور اسکے ہر گوشے پر غور و فکر کیا جائے یوں تو ہر ہر نعمت اسکی عطا کی ہوئی ہے مگر اس آیت میں اشرف المخلوقات ہونے کے ناطے انسان کو خصوصیت سے احساس پیدا کر کے خصوصی احسان جتا کر شکر ادا نعمت کی طرف متوجہ کیا گیا ہے مختصراً یہ تینوں ہی نعمتیں زندگی کو آخرت کا دوام بخشنے کیساتھ ساتھ دنیاوی زندگی کو پرمسرت بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں مگر افسوس جہالت لاپرواہی اور ہٹ دھرمی آڑے آتی ہے۔ (استغفر اللہ) آیت نمبر 23 کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

قُلْ هُوَ الَّذِیْ ......... تَشْكُرُوْنَ **ترجمہ** آپ ان سے کہہ دیجئے وہی ایسا (قادر و منعم) ہے جس نے تم کو پیدا کیا اور تم کو کان، آنکھ اور دل دیئے مگر تم بہت کم شکر کرتے ہو (ترجمہ اشرف علی تھانوی)

## مناجات شاکرین

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ اِلٰهِي اَذْهَلَنِي عَنْ اِقامَةِ شُكْرِكَ تَتابُعُ طَوْلِكَ وَاَعْجَزَنِي عَنْ اِحْصاءِ ثَنائِكَ فَيْضُ فَضْلِكَ
وَشَغَلَنِي عَنْ ذِكْرِ مَحامِدِكَ تَرادُفُ عَوائِدِكَ وَاَعْيانِي عَنْ نَشْرِ عَوارِفِكَ تَوالِي اَيادِيكَ وَهٰذا مَقامُ مَنِ اعْتَرَفَ
بِسُبُوغِ النَّعْماءِ وَقابَلَها بِالتَّقْصِيرِ وَشَهِدَ عَلىٰ نَفْسِهِ بِالْاِهْمالِ وَالتَّضْيِيعِ وَاَنْتَ الرَّؤُوفُ الرَّحِيمُ الْبَرُّ الْكَرِيمُ
الَّذِي لَا يُخَيِّبُ قاصِدِيهِ وَلَا يَطْرُدُ عَنْ فِنائِهِ آمِلِيهِ بِساحَتِكَ تَحُطُّ رِحالُ الرّاجِينَ وَبِعَرْصَتِكَ تَقِفُ آمالُ
الْمُسْتَرْفِدِينَ فَلا تُقابِلْ آمالَنا بِالتَّخْيِيبِ وَالْاِياسِ وَلا تُلْبِسْنا سِرْبالَ الْقُنُوطِ وَالْاِبْلاسِ اِلٰهِي تَصاغَرَ
عِنْدَ تَعاظُمِ آلائِكَ شُكْرِي وَتَضاءَلَ فِي جَنْبِ اِكْرامِكَ اِيّايَ ثَنائِي وَنَشْرِي جَلَّلَتْنِي نِعَمُكَ مِنْ اَنْوارِ الْاِيمانِ
حُلَلاً وَضَرَبَتْ عَلَيَّ لَطائِفُ بِرِّكَ مِنَ الْعِزِّ كِلَلاً وَقَلَّدَتْنِي مِنَنُكَ قَلائِدَ لَا تُحَلُّ وَطَوَّقَتْنِي اَطْواقاً لَا تُفَلُّ فَآلاؤُكَ
جَمَّةٌ ضَعُفَ لِسانِي عَنْ اِحْصائِها وَنَعْماؤُكَ كَثِيرَةٌ قَصُرَ فَهْمِي عَنْ اِدْراكِها فَضْلاً عَنِ اسْتِقْصائِها فَكَيْفَ لِي
بِتَحْصِيلِ الشُّكْرِ وَشُكْرِي اِيّاكَ يَفْتَقِرُ اِلىٰ شُكْرٍ فَكُلَّما قُلْتُ لَكَ الْحَمْدُ وَجَبَ عَلَيَّ لِذٰلِكَ اَنْ اَقُولَ لَكَ الْحَمْدُ اِلٰهِي
فَكَما غَذَّيْتَنا بِلُطْفِكَ وَرَبَّيْتَنا بِصُنْعِكَ فَتَمِّمْ عَلَيْنا سَوابِغَ النِّعَمِ وَادْفَعْ عَنّا مَكارِهَ النِّقَمِ وَآتِنا مِنْ حُظُوظِ
الدّارَيْنِ اَرْفَعَها وَاَجَلَّها عاجِلاً وَآجِلاً وَلَكَ الْحَمْدُ عَلىٰ حُسْنِ بَلائِكَ وَسُبُوغِ نَعْمائِكَ حَمْداً يُوافِقُ رِضاكَ
وَيَمْتَرِي الْعَظِيمَ مِنْ بِرِّكَ وَنَداكَ يا عَظِيمُ يا كَرِيمُ بِرَحْمَتِكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمِينَ

جو کوئی لوگوں کی خوشنودی کی خاطر اللہ کو ناراض کرے گا تو اللہ اسے لوگوں کے حوالے کر دے گا۔ (حضرت امام حسین)

**ترجمہ** میرے معبود تیری لگاتار بخششوں نے مجھے تیرا شکر ادا کرنے سے غافل کر دیا ہے اور تیرے فضل کے تواتر نے مجھے تیری ثنا کا اندازہ کرنے سے عاجز کر دیا ہے اور تیری پے در پے ہونے والی مہربانیوں نے مجھے تیری تعریفوں کے بیان سے بے دھیان کر دیا اور تیری مسلسل نعمتوں نے مجھے تیرے احسانات کے ذکر سے تھکا کر رکھ دیا یہی مقام ہے اس شخص کا جو تیری نعمتوں کا معترف ہے اور ان پر شکر کا مصر رہا ہو اپنی اس بے دھیانی اور ناشکری پر خود ہی گواہ ہے اور تو وہ شفیق مہربان نیکوکار سخی ہے جو اپنی درگاہ کا قصد کرنے والوں کو ناامید نہیں کرتا اور آرزومندوں کو اپنے آستان سے دور نہیں کرتا تیرے در پر امیدواروں کے سامان اترتے ہیں اور تیرے ہی میدان میں طالبان نعمت کی تمنا کی جگہ پاتی ہیں پس ہماری چاہتوں کے مقابلے میں ناامیدی و یاس نہ دے اور ہمیں ناامیدی اور پشیمانی کا پیراہن نہ پہنا میرے معبود تیری بزرگ تر نعمتوں کے سامنے میرا شکر و سپاس ہیچ ہے تیری بڑائیوں کے مقابل میری زبان سے تیری تعریف و ذکر بے مایہ ہے تیری نعمتوں نے مجھے ایمان کے نورانی حلوں سے ڈھانپ دیا اور تیری خوش آیند بھلائی نے مجھے عزت کے تاج پہنائے ہیں تو نے مجھے فخر کے وہ حلے پہنائے جو اترتے نہیں اور گردن میں وہ طوق ڈالا جو ٹوٹتا نہیں تیری مہربانیاں زیادہ ہیں میری زبان ان کا شمار کرنے سے عاجز ہے اور تیری نعمتیں کثیر ہیں میرا فہم ان کو سمجھنے سے قاصر ہے چہ جائیکہ ان کی تعداد کو جان سکے تو میں کیسے مقام شکر حاصل کروں کہ میرا شکر کرنا بھی محتاج شکر ہے تو جب میں کہوں کہ تیرے لیے حمد ہے اس کے لیے مجھ پر واجب ہے کہ میں کہوں تیرے لیے حمد ہے پس جیسے تو نے ہمیں اپنے لطف سے غذا دی اور اپنے احسان سے پرورش کی ہے تو ہم پر اپنی کثیر نعمتیں بھی تمام فرما اور عذاب کی سختیاں ہم سے دور کر دے اور ہمیں دنیا و آخرت میں بہتر اور بیشتر حصہ عطا فرما اب بھی اور جب بھی تیرے لیے حمد ہے تیری بہترین آزمائش اور کثیر نعمتوں پر ایسی حمد جو تیری رضا کے موافق ہو اور تیرے عظیم احسان و بخشش کو حاصل کرے اے عظیم اے کریم تیری رحمت کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

اگر نماز کی پابندی کے ساتھ اول و آخر درود و استغفار کی تسبیح کے ساتھ درج ذیل کلام کی ایک تسبیح روزانہ یا ہر نماز کے بعد عادت بنائی جائے تو دینی و دنیاوی تمام مقاصد جلد پورے ہوتے جائیں گے بشرطیکہ دعا کی قبولیت کی شرائط کو ذہن میں رکھا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ



# گمشدہ مال یا چوری شدہ مال ملنے کے روحانی اعمال

سیدہ حنا عامر نقوی (M.A اسلامیات) ادارہ فیض نجفی دربار بی بی اعتبار شاہ سیالکوٹ۔ 0301-6604788

- سورہ حج کی آیت نمبر 70 سونے سے پہلے 101 مرتبہ مع اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک پڑھ کر پاک بستر پر گمشدہ یا چوری شدہ اشیاء کے بارے میں سوچ کر سو جائیں خواب میں راہنمائی ملے گی اگر ایک رات میں راہنمائی نہ ملے تو بلاناغہ تین رات کریں۔ مجرب عمل ہے۔

- جب کوئی چیز گم ہو جائے یا چوری ہو جائے تو درج ذیل عمل کریں ان شاء اللہ مال مل جائے گا۔ 2 رکعت نماز حاجات پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ گمشدہ مال مل جائے۔

بعد میں شمال کی طرف منہ کر کے 70 مرتبہ اسمائے اعظم یا مُعِیْدُ پڑھیں۔ پھر مشرق کی طرف منہ کر کے 70 مرتبہ پھر مغرب کی طرف منہ کر کے 70 مرتبہ پھر جنوب کی طرف منہ کر کے 70 مرتبہ یہی اسم اعظم پڑھیں۔ پھر اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک پڑھ کر 70 مرتبہ ورد کریں اور مقصد کی دعا مانگیں۔ رُدَّ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بفضل خدا گمشدہ مال مل جائے گا۔

- کسی قیمتی اشیاء کے چوری ہونے یا گم ہونے کی صورت اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک پڑھ کر اسم اعظم یا جامع 110 مرتبہ ورد کر کے دعا مانگیں ان شاء اللہ گمشدہ اشیاء مل جائیں گی۔

0332 5177271

# علامات ظہور امام مہدی علیہ السلام

تحریر
جاوید جمالی علاوی
0301-5503367

اسلام علیکم! یا اللہ مدد! یا پاک محمدؐ و آل محمدؑ غیب کا علم پاک اللہ جانتا ہے یا وہ معصومین علیہم السلام جانتے ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے عطا کیا ہے۔ شکر ہے پاک رب العالمین اور پاک رحمت العالمین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمدؑ کا جن کی عظیم رحمتوں، برکتوں، نعمتوں اور عنایات کے طفیل میرا روحانی، وجدانی اور علمی سفر جاری ہے قارئین کرام! اس مرتبہ میں نے کوشش کی ہے کہ مختلف کتب سے استفادہ کرتے ہوئے معصومین علیہم السلام کی احادیث و روایات کو نہایت اختصار کیساتھ آپکی خدمت میں پیش کروں جن میں امام زمانہ مہدی علیہ السلام برحق عجل اللہ فرجہ شریف کے ظہور سے قبل کی علامات کا ذکر ہے۔

قارئین کرام ہمارا دور آخری دور ہے۔ بساط جہاں غیر محسوس طریقے سے لپیٹی جا رہی ہے۔ اس دنیا کے اختتام کی جو بات آدمؑ سے لیکر خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک ہر پیغمبر حق اور پیغمبرؑ سے لیکر آج تک ہر بچے کا فقدان دینے کی ہے اسکے پورے ہونے کا وقت قریب ہے۔ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقیقی جانشینوں نے آخری ہادی برحق کے ظہور اور آخری زمانے کے تغیرات کی تفصیل سے آگاہ کیا ہے ان میں سے کچھ اختصار کیساتھ آپکے لیے ہدیہ کر رہا ہوں۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آئمہؑ کی قبور کو خراب کیا جائے گا۔ ایک اور مقام پر فرمایا کہ جب سیاہ جھنڈے ظاہر ہوں تو سمجھو ان کی ابتدا فتنہ ہے اسکے درمیان گمراہی اور اسکے آخر میں کفر ہے۔ اسی ضمن میں پاک مولا امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ قیام قائمؑ سے پہلے جو بھی پرچم بلند ہو اسکا بلند کرنے والا دراصل طاغوت اور غیر خدا کا پرستار ہوگا۔ عمر بن حنظلہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے مولا امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا کہ قیام قائمؑ سے پہلے یہ علامات ظاہر ہوں گی۔ صیحہ (چیخ) خروج سفیانی، خسف، قتل نفس زکیہ، خروج یمانی اور آسمان سے منادی۔ میں نے پوچھا اگر کوئی آپ کے خاندان کا ان علامات کے ظاہر ہونے سے پہلے خروج کرے تو کیا میں اسکا ساتھ دوں؟ آپؑ نے فرمایا نہیں۔

پاک مولا امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام بن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا آگاہ ہو جاؤ فتنوں کا آغاز ہجری اور قمری ہیں اور ان فتنوں کا اختتام سفیانی و شامی ہیں تم سات طبقوں میں منقسم ہو۔ پہلا 70 ہجری تک دوسرا 230 ہجری تک تیسرا 550 ہجری تک، چوتھا 700 ہجری تک، پانچواں 820 ہجری تک، چھٹا 940 ہجری تک اور اسکے بعد ساتواں طبقہ ہے۔ برج جدی میں دم دار ستارہ طلوع ہوگا دمدار ستارہ مشرق میں طلوع ہوگا۔ پاک مولا امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ پاک مولا امیر المومنین علی علیہ السلام بن ابی طالبؑ نے فرمایا تین چیزوں کے مشاہدہ کے منتظر رہو (1) اہل شام کے درمیان اختلاف پیدا ہونا (2) سیاہ پرچم جو خراسان کی طرف سے آئیں۔ (3) ماہ رمضان میں اضطراب۔ پاک مولا امیر المومنین علی علیہ السلام بن ابی طالبؑ نے فرمایا سمرقند، چاچ، خوارزم، اصفہان اور کوفہ ترکوں کے ہاتھوں تباہ ہوں گے (ترک سے مراد صرف موجودہ ترکی قوم نہیں ہے) بلکہ حضرت نوح علیہ السلام کا ایک فرزند یافث تھا اسکے بیٹوں میں سے ایک کا نام ترک اور دوسرے کا چین تھا ترک بن یافث بن نوحؑ کی نسل ترک اور چین بن یافث بن نوح علیہ السلام کی نسل بنی قنطوری کہلاتی ہے۔ جن کی شناخت چوڑے چہرے چھوٹی آنکھیں اور چپٹی ناک ہے۔

جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ترک دریائے فرات تک پہنچ جائیں گے بنی قنطورہ بابل (عراق) تک پہنچ جائیں گے۔ زلزلے آئیں گے کہ زمین پھٹ جائے گی بعض علاقے زمین میں دھنس جائیں گے۔ جناب امیر المومنین علی علیہ السلام بن ابی طالبؑ نے فرمایا شہر بغداد تباہ ہو جائے گا (یاد رہے جناب علی علیہ السلام کے ظاہری دور حکومت میں بغداد کا کوئی وجود نہیں تھا بغداد شہر کا وجود بنو عباس کے دور حکومت میں ہوا جناب امیر المومنین علیہ السلام نے بغداد کا ذکر اس وقت کیا جب بغداد اس دنیا میں موجود نہیں تھا) مصر تباہ ہو جائے گا عربوں کی حکومت لپیٹ دی جائے گی۔ جب رمضان میں چیخ سنائی دے تو ہوشیار ہو جانا اسکے بعد شوال میں شور شرابہ شروع ہوں گی ذی قعدہ میں قبائلی کشیدگی اور خون بہنا شروع ہو جائے گا۔ ملعون سفیانی کا خروج جس سال ہوگا امام مہدی علیہ السلام کا ظہور بھی اسی سال ہوگا۔ سفیانی شام کے پانچ شہروں دمشق، حمص، فلسطین، اردن اور قنسرین پر قبضہ کر کے 8 ماہ تک حکومت کرے گا جس سے ایک روز بھی زیادہ نہ ہوگا۔ وہ ناقابل بیان مظالم کرے گا اسی وجہ سے مدینہ منورہ میں بھی قحط و تباہی ہوگی۔ شام سے لیکر عراق تک وہ قتل عام کرے گا۔ جب اسکی فوجیں مکہ معظمہ کی طرف بڑھیں گی تو مقام بیداء پر دھنس جائیں گی وہ قائم علیہ السلام کے ہاتھوں قتل ہوگا۔

مولا امیر المومنین علی ؑ نے فرمایا آگاہ ہو جاؤ دجال موضع یہودیہ سے خروج کرے گا رب العالمین اسکو شام کے درہ عقبہ پر بروز جمعہ تین ساعت گزرنے پر اس شخص کے ہاتھ قتل کروائے گا جس کے پیچھے عیسیٰ ابن مریم نماز پڑھیں گے یعنی امام مہدی ؑ اسے بھی قتل کریں گے۔ مولا علی ؑ نے فرمایا دنیا میں دھواں پھیل جائے گا (میرے خیال میں یہاں دھواں سے مراد ماحولیاتی آلودگی ہے) اسکی وجہ سے اکثر مقامات پر آگ بھی لگ جائے گی مزید فرمایا کہ جب شام میں بیجوں میں اختلاف پیدا ہو تو خدا کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہوگی۔ شام میں سنگ باری ہوگی تو قوم مغرب کی طرف سے شام پہنچنے والوں سیاہی مائل گھوڑوں کے سواروں اور زرد جھنڈوں کی طرف متوجہ ہو جب ایسا ہو جائے تو شام کے ایک قریہ حرستا یا قرستا میں دھنس جائے جب ایسا ہو جائے وادی یابس سے جگر خوارہ کے فرزند سفیانی کا انکار کرے۔

روانے ہو بغداد و بصرہ، ہشام، خراسان سے۔ ترکی جمیوں کی سرزمین پر رہنے والوں پر قزوین، سمرقند، کاشان، کوہستان پر ظلم کیا اور ہر موز والوں پر روانے ہو اہل عمان پر اوال پر، صاعون پر، روانے ہو اہل کرمان پر، رے (تہران) پر روانے ہو اہل فرنگ کے شہروں پر روانے ہو ہندوستان اور سندھ کے شہروں پر روانے ہو جزیرہ، قیس پر، اہل بحرین پر، بصرہ پر اہل عمان اور اہل فلسطین پر ان سب پر پے در پے قتل و غارت اور تباہی ہوگی۔ ایک عظیم واقعہ قطر میں ہوگا پھر فرج میں پھر قزوین میں پھر ام حنور میں۔ اسکی ایک علامت یہ ہے کہ جب اہل روم (میرے خیال میں یہاں اہل روم سے مراد امریکہ اور اسکے اتحادی ہیں) کا بادشاہ (میرے خیال میں یہاں بادشاہ سے مراد امریکہ ہے) کمزور ہو جائے گا تو عرب مسلط ہوں گے انسان چیونٹیوں کی طرح فتنوں کی طرف چلنے لگیں گے۔ آگاہ ہو جاؤ یقین جانو تباہ ہوگا مسلسل جنگیں انسانوں پر جست کرتی رہیں گی اور یہ سب کچھ انسانوں کا اپنے ہاتھوں سے کیا ہوگا اور تمہارا پروردگار ظلم نہیں کرتا۔ آگاہ ہو جاؤ ترک اور قطوری عرب ممالک ایران و خراسان کو تباہ کریں گے سندھ کو ہندوستان تباہ کرے گا۔ مکہ کو عیسائی تباہ کریں گے شام کے کچھ حصے زہریلی گیس سے تباہ ہوں گے جبت کو یمن تباہ کرے گا۔ شدید ترین جنگیں ہوں گی مسلمان اہل روم کے ظلم بھول جائیں گے اسکے بعد ایک مرتبہ پھر اہل روم اکٹھے ہوں گے مسلمان اہل روم سے مدد طلب کریں گے اہل روم اپنی شرائط پر مدد کریں گے۔ آگاہ ہو جاؤ ایک زمانہ آنے والا ہے جب امراض قلب کا شکار بہت زیادہ انسان ہونا شروع ہو جائیں گے۔ میرے حسب اگر ان سے محفوظ رہنا چاہتے ہیں تو نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک کیساتھ یہ دعا کریں۔

**یا حی یا قیوم یا لا الہ الا انت اسئلک ان تحیی قلبی**

پاک مولا حضرت امام زین العابدین ؑ نے فرمایا جب نجف میں بارش ہو سیلاب آئے حجاز وعدن میں آگ نمودار ہو بغداد پر ترک کا قبضہ ہو جب لوگ اپنی جیبوں میں ایسے آلات رکھیں جن سے گانوں کی آوازیں سنائی دیں تو قائم کے ظہور کی علامات ہیں۔ پاک مولا امیر المومنین علی ابن ابی طالب اور پاک مولا امام جعفر صادق ؑ نے فرمایا رکن و مقام کے درمیان آل محمد میں سے نفس ذکیہ کا قتل ہوگا اس قتل کے بعد سفیانی کی حکومت 11 دن سے زیادہ نہیں رہے گی نفس ذکیہ کے قتل اور ہمارے قائم ؑ کے ظہور کے درمیان 15 دن سے زیادہ وقفہ نہ ہوگا۔ پاک مولا امام محمد باقر ؑ نے فرمایا جب مشرق میں ایسی آگ دیکھو جس میں زردی کیساتھ سرخی بھی ہو جو تین یا سات دن رہے تو ہمارے قائم ؑ کا ظہور قریب سمجھو۔ پاک مولا امام جعفر صادق ؑ نے فرمایا قائم ؑ کے ظہور سے قبل یہ علامات ضروری ہیں۔ ماہ رمضان میں چیخ، پھر سفیانی کا خروج اسکے بعد خراسانی کا خروج پھر نفس ذکیہ کا قتل، مقام بیداء کا زمین میں دھنس جانا اور اسکے ساتھ ہی پوری دنیا میں کہیں بھی بنی عباس کی حکومت کا نہ ہونا یعنی خاتمہ جمادی الثانی سے رجب تک مسلسل 24 روز بارشیں۔

**نوٹ:** غزوہ ہند کا بہت چرچا ہوتا ہے غزوہ ہند ہوگا یہ لڑائی اس وقت ہوگی جب امام زمانہ ؑ کا ظہور ہو چکا ہوگا اور امام ؑ ہی غزوہ ہند کے فاتح ہیں۔

## میری اہم پیشین گوئی

پاک مولا امام مہدی ؑ کے ظہور سے قبل کی علامات پوری ہونا شروع ہو چکی ہیں پاک مولا امام زمانہ ؑ کا ظہور قریب ہے معصومین ؑ نے ظہور قائم ؑ سے قبل کی جو علامات بیان کی ہیں میری روحانی وجدانی اور علمی استعداد کے مطابق ان میں بہت زیادہ علامات شب 8 صفر 1456 ہجری سے 1458 ہجری میں بہت تیزی سے پوری ہوں گی آخر میں ہر مرتبہ کی طرح اس مرتبہ بھی آپ سے درخواست ہے کہ ہر شب جمعہ یا جمعہ کے دن اول آخر 14-14 مرتبہ درود شریف کیساتھ حدیث مبارک کساء کی تلاوت کریں اور حسب استطاعت غریب سادات کو ہدیہ کریں اور غیر سادات کو صدقہ دے دیا کریں چاہے رقم ہو یا ضروریات زندگی کی اشیاء اپنی دعاؤں میں تمام محبان محمد وآل محمد کو یاد رکھیں۔ دعا گو جاوید جمالی

مدد ہر کو روا ہے۔ مدد شیطان کا سب سے بڑا جال ہے (حضرت علی)

ایم غلام رضا عسکری (علوم فلکیات)
0333-7014915

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ

**۱۴۳۹ ھجری** | **2018 عیسوی**

# نوروز عالم افروز

طول بلد 73-04E | عرض بلد 33-43N

**تحویل آفتاب در برج حمل**

مورخہ 20 مارچ 2018 بروز منگل

رات 9 بجکر 15 منٹ 23 سیکنڈ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم بمطابق دارالحکومت اسلام آباد

## خوارک

جلیبی، امرتی، سرخ مٹھائیاں، لال چنا، ام لوخ، اسٹرابیری، یا دیگر لال سرخ اشیاء

### صدقات

بڑا گوشت، دال مسور، سرخ لوبیا، سرخ کپڑا، سرخ مرچ، ٹماٹر، تربوز، سرخ چاول، یا کسی قسم کی سرخ اشیاء از قسم مٹھائیاں جانور کپڑے صدقہ دیا جا سکتا ہے




## مراتب سیارگان برائے نوروز

| | |
|---|---|
| بادشاہ: | مریخ |
| وزیر: | مشتری |
| سپہ سالار: | شمس |
| مشیر: | زحل |
| رنگ: | سرخ |

**نوٹ** سواری، پوشاک وغیرہ کی کیفیت صرف اہل ہنود میں پائی جاتی ہے اسلام میں اسکا تصور نہیں ہے

## بین الاقوامی اوقات برائے نوروز

واشنگٹن امریکہ 12:15:23PM لندن برطانیہ 16:15:23 کینبرا آسٹریلیا 21.03.2018-02:15:23AM اوٹاوا کینیڈا 12:15:23PM کیپ ٹاؤن ساؤتھ افریقہ 18:15:23PM تہران ایران 19:45:23PM بغداد عراق 19:15:23PM

تحویل کے وقت مولا مشکل کشا کی نذر دیکر ان کے وسیلے سے دعا کریں اللہ تعالیٰ حاجت پوری کرے گا۔

**نوٹ** کچھ بڑے ممالک کے نوروز کے اوقات قارئین کی سہولت کے لیے دیے جا رہے ہیں۔ امریکہ، کینیڈا کی ریاستوں میں مختلف ٹائم زون ہیں اپنے مقامی وقت کو جمع یا نفی کر کے درست وقت نکال لیں۔ قریب و جوار کے ممالک بھی درست وقت کے لیے مقامی وقت میں جمع یا نفی اپنے قریبی ملک کے مطابق درست وقت نکال لیں۔ پاکستانی وقت نوروز میں سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو گرین وچ ٹائم نکل آئے گا۔



ماہنامہ ... لاہور 042-37223686

بدترین آدمی وہ ہے جو کسی کی لغزش کو معاف نہ کرے اور کسی کے عیب کو نہ چھپائے۔ (حضرت علی)

# آداب و اعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہیے کہ مقررہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس معطر و زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثل لوبان، اگربتی و صندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السلام دیں۔ بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۶۶ مرتبہ "یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ" اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ
وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ ؕ

مومنین کو چاہیے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہر چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ "قُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ" اور اول رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ سورہ "اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ" اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ "قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ" اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اول رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ "قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ" پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَاءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَعَلٰی جَمِيْعِ
اَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ
عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ يَوْمِنَا
هٰذَا الَّذِيْ فَضَّلْتَهُ وَكَرَّمْتَهُ وَشَرَّفْتَهُ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهُ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا
اَنْعَمْتَ بِهِ عَلَيَّ حَتّٰی لَا اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّيْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّيْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ
وَمَا فَقَدْتُ مِنْ شَيْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِيْ عَوْنَكَ عَلَيْهِ حَتّٰی لَا اَتَكَلَّفَ مَا لَا اَحْتَاجُ
اِلَيْهِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

ادارہ امامیہ لائبریری اسٹریٹ ... کوہاٹ

مرکزی شیعہ خواتین امامیہ امام بارگاہ ... جہلم


اس کے بعد دعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق عدد ایام سال نکال کر اس دعا کو پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ وَاَنْتَ مَلِكٌ قَدِيْمٌ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَافِيْهَا
وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَافِيْهَا وَاَسْتَكْفِيْكَ مَئُوْنَتَهَا وَشُغْلَهَا يَاذَاالْجَلَالِ
وَالْاِكْرَامِ (زادالمعاد)

## نقش نوروز

اعداد ۵۰۳۶

تحویل آفتاب کے وقت کسی پاک جگہ باوضو ہو کر گلاب و زعفران سے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو تمام سال جملہ امراض و بلیات غم و صدمات سے محفوظ رہیں گے دشمن مقہور ہوگا مقاصد پورے ہوں گے نہایت مجرب اور درست ہے۔



## سات سلام

مشہور ہے کہ جو شخص یہ سات سلام نوروز کے دن مشک و زعفران سے کسی چینی کے برتن پر لکھ کر گلاب کے عرق سے دھوئے اور اس میں سے پیئے تو آئندہ سال تک کوئی رنج و درد اس کو نہ ستائے گا۔ اگر زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 1 | سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ |
| 2 | سَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ |
| 3 | سَلَامٌ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ |
| 4 | سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ |
| 5 | سَلَامٌ عَلٰى اٰلِ يَاسِيْنَ |
| 6 | سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ |
| 7 | سَلَامٌ هِىَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ (از حاشیہ زادالمعاد) |

اور وقت حمل تنگ ہو اسطے حفاظت حمل کے اینٹ اس نقش کو لکھ کر ران پر اندر کی جانب باندھے اور کوری عبارت اختتام کوٹا لکھے اور بعد پیدائش بچے کے فوراً کھول دے۔

الشکور البکور

| | | |
|---|---|---|
| اربعہ | ثلثہ | اثنین |
| اربعہ | اثنین | ثلثہ |

مندرجہ ذیل نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر گلاب میں دھو کر پیئے وباء و امراض جسمانی سے محفوظ رہے گا۔ اس نقش کی انگوٹھی چاندی پر کندہ کرکے پہنے کی احتیاج نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
محطی ۱۱۱ = ۱۱۱۹ ۱۱۱۹ = ۱۱

برائے درد زہ سات مرتبہ اس آیت کو کوزہ شکر یا کسی مناسب عرق پر پڑھ کر کھلائے یا پلائے فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ
وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ

جو شخص اپنے حاجت مند کی ضرورت کو پورا کرنے کی کوشش کرے گا اللہ اسکی حاجت پوری کرے گا۔ امام جعفر صادق

# نوروز کے احکام اور شرعی حیثیت

اس سال بفضل پروردگار 20 مارچ 2018ء، 7 چیت 2074 بکرمی اور یکم حمل 1940 بوقت 9 بجکر 15 منٹ 23 سیکنڈ بمطابق دارالحکومت اسلام آباد پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم شمس برج حمل کے صفر درجہ پر تحویل ہوگا۔

## نوروز کی شرعی حیثیت

عید نوروز شمسی کیلنڈر کے حساب سے منائی جاتی ہے۔ نوروز 20 یا 21 مارچ کے بارے میں جو لکھا جاتا ہے وہ علم نجوم اور حرکت سیارگان ہے۔ یعنی اس لیے کہ شمس برج حمل میں داخل ہو رہا ہے۔ یہ سب روایات گردش ایام سے متعلق ہے جس کا دین اور شریعت سے کوئی تعلق نہیں 18 ذوالحجہ 10 ہجری چونکہ اتفاقاً 21 مارچ کو آیا اس لیے اس جشن کو برقرار رکھنے کے لیے دونوں تاریخوں کو عید نوروز سے معنون کر دیا گیا۔ ہم جو اعمال بجا لاتے ہیں وہ 20 یا 21 مارچ کو شمس کے برج حمل میں داخل ہونے کے نہیں ہیں بلکہ عید غدیر کے ہیں۔ شمسی کیلنڈر کی اکیس مارچ سے بہت سے اور تہوار بھی مربوط ہیں مگر سال ہائے وقوع میں فرق ہے۔ اعمال کی کتب مفاتیح الجنان، تحفۃ العوام وغیرہ میں اس تاریخ کے جو اعمال آپ پڑھیں گے وہ نوروز سے متعلق نہیں ہیں بلکہ عید نوروز سے تعلق رکھتے ہیں مثلاً یہ واقعات ایک ہی دن سے متعلق ہیں۔ اس لیے یاد خدا میں تشکر کے طور پر بجا لائے جاتے ہیں۔ آئمہ معصومین علیہم السلام کے ارشادات اور اعمال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمدؑ نے اپنا دن قرار دیا (1) اللہ تعالیٰ نے اس دن اپنے بندوں سے عہد لیا ہے کہ اس کی واحدنیت کیساتھ عبادت کریں (2) یہ پہلا دن ہے کہ آفتاب کی پہلی کرن زمین پر پڑی (3) حضرت نوحؑ کی کشتی کا کنارے لگنا (4) رجعت آئمہ طاہرینؑ اور حضرت علیؑ کی خلافت ظاہری (5) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نزول وحی کا آغاز (6) حضرت ابراہیمؑ کا کافروں کے بتوں کو توڑنا (7) حضرت علیؑ کا خوارج پر فتح پانا (8) حضرت علیؑ کا تطہیر کعبہ کا عمل بجا لانا وغیرہ۔ عید نوروز کے اعمال مومنین اپنے تہواروں کی یاد میں مناتے ہیں یہ اعمال نوافل، دعائیں اور نمازیں تحویل آفتاب سے متعلق نہیں بلکہ مذکورہ بالا اسلامی تہواروں سے مربوط ہیں جنکی یاد منانا باعث تقویت ایمان ہے۔

## آب نیساں

نوروز سے 23 دن کے بعد جو مہینہ شروع ہوتا ہے جو 30 دن کا ہے اس مہینے میں جو پانی برستا ہے اسے آب نیساں کہتے ہیں امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے جو شخص اس پانی کو جمع کر کے اس پر سورہ الحمد، آیت الکرسی، چاروں قل اور سورہ انا انزلناہ کو 70، 70 مرتبہ پڑھے 70 مرتبہ اللہ اکبر 70 مرتبہ لا الہ الا اللہ اور پھر 70 مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر اسے پیئے تو خداوند عالم اس کے دل کو نور کی روشنی اور فہم و فراست اور بینائی سے بھر دے گا اور تمام آفات و بلیات سے محفوظ رکھے گا۔ جو شخص صبح و شام اس پانی کو پیئے گا اسکی ہڈیوں اور رگوں سے ہر قسم کا درد اور بیماری ختم ہو جائیں گی۔ جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو وہ آب نیساں کو اس نیت سے پیئے تو خداوند عالم اس کو فرزند عطا کرے گا اور بانجھ عورت جو پیئے بفضل خدا اسکی گود ہری ہوگی۔

## صدقہ سے شفاء

اَلصَّدَقَۃُ تَدْفَعُ الْبَلَاءَ (الحدیث) (صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے)

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ بیمار اپنا علاج صدقہ دینے سے کرے ☆ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ بیماری کو 4 چیزیں ختم کرتی ہیں۔

(1) صدقہ (2) علاج (3) پرہیز (4) ٹھنڈا پانی (کپڑا تر کر کے ماتھے پر رکھنا) ☆ صدقہ آخرت میں آتش جہنم سے نجات کا باعث ہے۔

☆ مجمع الدعوات میں ہے کہ صدقہ آسمانی بلاؤں کو دور کرتا ہے اور تقدیر کے اٹل فیصلے کو بھی بدل دیتا ہے ☆ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اس نے عرض کی کہ میرے گھر میں 11 افراد ہیں جو کہ سب کے سب بیمار ہیں تو آپ نے فرمایا کہ ان کا علاج صدقہ دینے سے کرو کیونکہ صدقہ سے بہتر کوئی علاج نہیں ہے۔ ☆ حضرت امام رضا علیہ السلام کا فرمان ہے کہ صدقہ مریض کو مرض موت سے بچاتا ہے ☆ کتاب فردوس میں شیخ مفیدؒ سے منقول ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی بیماری لاحق ہو گئی ہو تو ایک جام پانی اور گندم کے پیمانے سے بھر کر ان پر 40 مرتبہ سورہ حمد پڑھے بعد از اں پانی کو کسی مریض پر چھڑکے اور گندم کو کسی مستحق کو دے تاکہ وہ اس کی صحت یابی کے لیے دعا کرے۔ ☆ صدقہ ایک کامیاب دوا ہے۔

# عالمی حالات 2018

## زائچہ نوروز کی روشنی میں

تحریر و تحقیق غلام رضا عسکری اعوان نواب شاہ Ph: 0300 3210024, E mail: razaaskri@gmail.com

منگل کے دن کا نوروز ملے جلے اثرات کا حامل ہوگا۔ بجلی کڑکنے اور گرنے کے ساتھ باد و باراں اور گرج چمک زیادہ ہوگی۔ تیز اور خشک ہوائیں اور جھکڑ چلنے کے ساتھ آندھیوں کی کثرت رہے گی۔ اجناس کو کیڑا لگنے اور ذخیرہ کی گئی اجناس کو نقصان کا سامنا ہوگا، تاہم سرخ اجناس از قسم دالیں، چنا، ٹماٹر، املوخ لوبیا، اور دیگر پھل و سبزیوں کے نرخ اونچے رہیں گے۔ روڈ کے حادثات زیادہ ہونگے جبکہ حادثات میں اموات کی شرح زیادہ رہے گی اس کے ساتھ ہی منگل کا نوروز دہشت گردی کی لہر کو مزید ہوا دیتا ہے۔ گوشت اور جانوروں کی افزائش میں اضافہ ہوگا۔ گرمی زیادہ پڑنے اور خشک ہوائیں اور غیر متوقع غیر موسمی بارشیں ہونگی۔ وبائی امراض میں اضافہ خصوصاً آشوب چشم، وبائی بخار اور وائرس سے پھیلنے والے امراض میں شدت ہوگی۔ بھی آم کی فصل اچھی ہونے کے ساتھ انڈسٹری اور انجینئرنگ سے منسلک کاموں میں تیزی رہے گی۔ اس سال اسٹاک مارکیٹ میں لوہا، اسٹیل اور سیمنٹ کے حصص مستحکم رہیں گے جبکہ پٹرولیم مصنوعات میں استحکام دیکھا جا سکے گا۔

## پاکستان کے حالات نوروز کی روشنی میں

طالع عقرب کے ساتھ ساتویں گھر میں شرف یافتہ قمر پاکستان کی عالمی ساکھ میں بہتری لائیگا۔ مریخ بادشاہ سال تیسرے شرف میں ہمسایہ ممالک خصوصاً انڈیا کے ساتھ دوٹوک پالیسی اپنانے یا براہ راست معاملات نمٹانے کے حالات کو ظاہر کرتا ہے تاہم زحل مریخ تیسرے قران کی حالت میں فوج کی مداخلت یا فوجی سطح پر معاملہ اٹھانے کی جانب پاکستان جا سکتا ہے۔ سرحدی جھڑپیں کسی چھوٹی جنگ کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتی ہیں خصوصاً شمال مشرقی سرحدوں پر سخت نگرانی کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ مارچ، اپریل میں حادثات سرحدی جھڑپوں اور خارجی معاملات میں جانی مالی نقصانات کا باعث بن سکتے ہیں معدنی کان کنی کے کاموں میں جانی نقصانات ہو سکتے ہیں۔ سیاسی طور پر عوام میں سیاسی شعور میں اضافہ ہوتا نظر آتا ہے اور یہ ممکن ہے کہ عوام کی پسندیدہ حکومت جو کہ فوجی یا غیر سیاسی افراد پر مشتمل ہو سامنے آئے۔ مشتری خانہ مال میں ابتدائی طور پر مالی نظم و نسق میں کمی اہداف کے حصول میں ناکامی کی صورت میں اضافی ٹیکسز کا سامنا عوام کو کرنا پڑ سکتا ہے۔ وفاقی بجٹ میں اضافہ ہوگا۔ مئی تا نومبر مریخ کا چوتھے گھر رجعت اور وبال میں ہونا قدرتی آفات بے ترتیب بارشیں طوفانی بارشیں ہوں خصوصاً سندھ اور جنوبی پنجاب کو زیادہ متاثر کریں گے سمندری طوفان کے خدشات مئی یا جون کے اواخر میں ہو سکتے ہیں جبکہ کچھ امکانات نومبر میں بھی ہو سکتے ہیں۔ خشک سردی پڑنے کے ساتھ سردی کا موسم شمالی علاقہ جات میں برفباری تاخیر سے ہونے کا امکان ہے۔ یہ ممکن ہے کہ انتخابات التوا میں چلے جائیں یا عبوری ٹیکنوکریٹ یا کیئر ٹیکرز کی حکومت لمبے عرصے کے لئے قائم ہو اور سیاست دانوں کی تخلیص کا عمل شروع ہو۔ بیرونی دباؤ میں اضافہ ہوگا۔ سی پیک اور دیگر منصوبوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ امریکہ کی جانب سے پاکستان کو پابندیوں کا سامنا ہو سکتا ہے۔ یا امداد روکی جا سکتی ہے۔ مارچ اپریل افواج پاکستان میں کسی بڑی تبدیلی کا امکان ہو سکتا ہے۔ کھیلوں اور امور نوجوانان پر توجہ دی جائے گی اس کے ساتھ ہی ثقافتی سرگرمیوں میں حکومتی پذیرائی سامنے آئے گی۔ اگر جون میں اسمبلی تحلیل کی گئی تو انتخابات ہونے کے امکانات بہت کم ہونگے ممکن ہے کہ عوام کی جانب سے جوڈیشل مارشل لاء کو خیر مقدم کہا جائے۔ یا ایسا حکومتی نظام وضع کیا جائے جو موجودہ کرپشن زدہ معاشرہ کو پاک کرنے میں معاون ہو۔ وسط سال میں دہشت گردی کی لہر ایک بار پھر سر اٹھا سکتی ہے۔ حکومت اور عوام میں رسہ کشی کی سی صورتحال سامنے آ سکتی ہے۔ زلزلے کے امکانات وسطی و شمالی پنجاب اور خیبر پختونخواہ کے ساتھ ملک کے دیگر حصوں میں جولائی اگست اور اکتوبر اور جنوری میں ہو سکتے ہیں تیل اور گیس کی تلاش کے نئے معاہدے بلوچستان میں کئے جائیں گے جنکے ثمرات انشاء اللہ اگلے سال ملنا شروع ہو جائیں گے۔ آنے والے سالوں میں پاکستان رفتہ رفتہ خود کفیل ہونے کی جانب بتدریج کامیاب سفر کا آغاز کر چکا ہے۔ روایتی سیاسی چہروں میں تبدیلیاں آئیں گی آئین میں کی گئی

ترسیم وطن بحال ہونے کے امکانات واضح طور پر سامنے آتے ہیں۔ سال کی آخری سہ ماہی زر مبادلہ کے ذخائر میں واضح اضافہ کو ظاہر کرتی ہیں۔ روایتی مسائل پانی بجلی اور بے روزگاری میں قدرے بہتری آنے کے امکانات ہیں لیکن مکمل طور پر یہ مسائل حل نہیں ہو سکیں گے۔ افغان سرحد کو اس سال 70% تک محفوظ بنایا جائیگا۔ جس سے دہشت گردی میں نمایاں کمی آنے کے امکانات ہیں۔ افغانستان کے ساتھ بھی چپقلش سرحدی جھڑپیں تعلقات کو خراب کر سکتی ہیں۔ پاکستان دہشت گردی کو کچلنے کے لئے افغان ایران کے ساتھ نئے معاہدے کرتا نظر آتا ہے۔

**بھارت**

مسلم کش فسادات کی زیادتی ہوگی۔ وبائی امراض میں کثرت سے اموات کا اندیشہ ہوگا۔ بھارت بنگلہ دیش بھوٹان اور نیپال کے ساتھ دیگر ہمسایہ ممالک پر انڈیا اپنا اثر و رسوخ بڑھاتا ہوا اپنی خارجہ پالیسی میں کامیاب ہوگا۔ جو پاکستان کے لئے خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ مالی طور پر انڈیا کو کمزوری کا سامنا ہوگا۔ اندرونی خلفشار اور بھارت کی اندرونی علیحدگی پسند تنظیمیں شدت اختیار کریں گی۔ آسام اور ناگا لینڈ کے علاوہ دیگر شدت پسند تنظیمیں بھارت کے حالات میں حق نا جبر خطرناک صورت اختیار کر سکتی ہیں۔ جون تا ستمبر قدرتی آفات سیلاب اور زلزلہ یا سمندری طوفانوں کی صورت میں انڈیا کو مشکلات سے دوچار کر سکتا ہے۔ پاکستان انڈیا کا زائچہ دونوں تقریباً ایک جیسا ہے دونوں جانب سے سرحدی معاملات میں تیزی اور طاقت کا استعمال نظر آتا ہے۔ غربت میں اضافہ کے ساتھ روایتی ہتھیاروں کی دوڑ میں بھارت سبقت لے جانے کی کوششیں تیز کرے گا۔ کشمیر میں ریاستی مظالم میں اضافہ ہوگا بھارت انتہا پسندی کی حدود کو توڑتا ہوا اقلیتوں خصوصاً مسلمانوں کے لئے قوانین اور سختیاں لاتا نظر آتا ہے۔ راہو مریخ کی نشست زائچے میں اچھی نہیں ہے عوام اس پر بحث وقت ہوگا قدرتی آفات یا دیگر حوادث کثیر جانی نقصان کا باعث بن سکتے ہیں۔ پلوٹو اور زحل کا تیسرے قران ہمسایہ ممالک کے خلاف جنگ یا جنگی ماحول کی نشاندہی کرتے ہیں۔ بھارت میں چرنوبل یا بھوپال ایٹمی بجلی گھر کی طرز کا بڑا حادثہ رونما ہونے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔

**امریکہ**

امریکہ کی جانب سے اقتصادی پابندیوں کی تلوار کئی ممالک پر گرتی نظر آتی ہے۔ خصوصاً مسلم ممالک امریکی انتقام کا شکار ہوں گے۔ پاکستان کو دھمکیوں کے ساتھ ساتھ پس پردہ امداد اور ظاہری طور پر دباؤ میں رکھا جائیگا۔ ڈونلڈ ٹرمپ کی عالمی ساکھ میں نمایاں کمی ابتدائی تین ماہ میں ہوگی۔ کانگریس کے ساتھ صدارتی اختلافات اندرونی مسائل پیدا کریں گے۔ امریکہ کے زر مبادلہ اور اقتصادی ذخائر میں نمایاں کمی ہوگی۔ کرنسی رو بزوال ہوگی۔ امریکہ کی جنوب مغربی ریاستیں قدرتی آفات کا شکار ہو سکتی ہیں۔ تارکین وطن خصوصاً مسلمان امریکیوں کو سخت قوانین کا سامنا ہو سکتا ہے۔ کوریا شام بحرین اور یمن کے ساتھ دیگر ممالک وینزویلا اور میکسیکو قوانین کی سختیوں کے ساتھ خانہ جنگی یا زبردستی جنگ مسلط کرنے کا امکان۔ دسویں قمر شرف اور نویں شمس شرف میں امریکہ کی خارجہ پالیسیوں میں کامیاب تبدیلیوں کے امکانات کو ظاہر کرتا ہے۔ ساتھ ہی مالیاتی نظم و نسق کو بہتر بنانے کی کوششیں کسی حد تک کامیاب ہو جائیں گی جبکہ دہشت گردی کے واقعات پر امریکہ قابو پالے گا۔ انڈیا اور امریکہ کا گٹھ جوڑ میں نمایاں تبدیلی چین کی وجہ سے سامنے آئے گی۔ ممکن ہے کہ چین کی اقتصادی پالیسیوں کی وجہ سے امریکہ کو انڈیا کے ساتھ تعلقات میں کمی کرنی پڑے۔ سرد جنگ بدستور جاری رہے گی جبکہ ترکی کے خلاف امریکہ گھیر اؤ کر سکتا ہے۔

**ایران**

ایران کو اندرونی معاملات پر خاص توجہ دینا ہوگی اندرونی اختلافات پیدا کرنے کی بیرونی کوششیں کی جائیں گی تاہم زحل مریخ کے اثرات ایران کو حالات پر کنٹرول کرنے میں معاون ثابت ہونگے۔ مالی معاملات پر ایران کو کامیابیاں ملیں گی مالی مسائل حل اور ایرانی کرنسی مضبوط ہوگی۔ ہمسایہ تعلقات میں نمایاں بہتری آئیگی۔ پاکستان کے ساتھ سرحدی معاملات پر نئے معاہدے کئے جانے کے امکانات ہونگے۔ ساتویں آٹھویں سعد ستاروں کی موجودگی ایران کی بین الاقوامی پوزیشن میں نمایاں بہتری کی جانب اشارہ دیتی ہے جبکہ ایران گورنمنٹ کی جانب سے عوام الناس کو نئی ترقیات اور آسانیاں دیئے جانے کا امکان ہوگا۔ دفاعی اور فوجی بجٹ میں ایران کی جانب سے اضافہ کیا جائے گا جبکہ ایران میزائل ٹیسٹ اور دیگر دفاعی ہتھیاروں کے تجربات کر سکتا ہے۔ ایران کے سربراہان یا سپریم لیڈران میں سے کسی کی موت واقع ہو سکتی ہے۔ جدت پسند اور آزادی کے قائل ایرانی نوجوانوں کی جانب سے شرارت کا سامنا ہو سکتا ہے کیونکہ پانچویں موجودگی نوجوان نسل میں بغاوت یا تبدیلی کی جانب اشارہ دیتی ہے۔ ایران کو ساحلی طوفان اور زلزلوں کی وجہ سے کثیر جانی مالی نقصان کا سامنا ہو سکتا ہے اکتوبر تا دسمبر اور جون کے ماہ اہم ہو سکتے ہیں۔ معدنی وسائل تیل اور گیس کی پیداوار میں ایران کی جانب سے اضافہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا باعث بنے گا۔

## عراق

عراق میں تعمیر نو کا کام تیزی پکڑے گا جبکہ عراق اندرونی معاملات پر کنٹرول حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔ موصل تکریت سامرہ اور بغداد کے علاقوں کو داعش اور دیگر تکفیری قوتوں سے آزاد کروا لیا جائے گا شام کی طرح عراق سے بھی داعشی لوگوں کا خاتمہ کافی حد تک ہو جائے گا۔ عراق کی مالی اور معاشی حیثیت میں بہتری آئے گی۔ معدنی وسائل میں اضافہ کے ساتھ اندرونی خلفشار میں بہتری آئے گی۔ عراق میں روس کا اثر و رسوخ بڑھے گا۔ جبکہ ایرانی افواج اور عراقی فورسز کے ساتھ مل کر عراقی دفاعی نظام میں بہتری لائے جانے کے امکانات ہو نگے۔ نجف کربلا سامرہ کاظمین اور دیگر علاقوں میں اہل بیت کی نشانیاں موجود ہیں خدائے بزرگ و برتر انہیں سلامت رکھے گا۔ تیل برائے خوراک کے پروگرام میں تبدیلی آئے گی اور عراق کے معاشی وسائل میں اضافہ ہو گا۔ عراق پر اقتصادی پابندیوں میں نرمی آنے کے ساتھ مضبوط عوامی حکومت قائم ہو گی۔ بارشوں کی زیادتی اور موسمی تغیرات حالات کو متاثر کر سکتے ہیں۔

## شام

شامی حکومت کو ختم کرنے کی کوششیں کی جائیں گی۔ روس ترکی کی براہ راست مداخلت امریکہ کو شام میں دخل اندازی سے باز رکھنے میں معاون ہو گی۔ حزب اختلاف اور دیگر تکفیری قوتوں کا راستہ روز بھی ختم ہو گا ممکن ہے کہ شام کو اندرونی حالات پر مکمل کنٹرول حاصل ہو جائے اور مقبوضہ علاقوں کو آزاد کروا لیا جائے گا۔ حلب رقہ اور دیگر علاقوں سے داعشیوں کا خروج ہو گا۔ شام اسرائیل لبنان کی سرحدوں پر معاملات پر سخت کنٹرول کیا جائے گا۔ اردن کے ساتھ شام کے معاملات خراب ہونے کے امکانات ہیں ممکن ہے کہ شام اردن کی سرحد کو مکمل طور پر بند کر دے۔ شام کی جانب سے تیل کی پیداوار میں اضافہ کرے گا۔ دیگر عرب ممالک کے ساتھ اختلافات رونما ہو نگے۔ خصوصاً سعودی عرب اور امارات کے ساتھ شام کے تعلقات مزید خراب ہو نگے۔ شامی کرنسی میں قدرے استحکام آئے گا۔ زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہو گا جبکہ اندرونی معاملات پر شام 90% تک کنٹرول کرے گا شام کی حمایت میں دیگر ممالک سامنے آئیں گے۔ ایران لبنان اور شام کی افواج کا مشترکہ دستہ تشکیل دیے جانے کے امکانات سامنے آ سکتے ہیں

## سعودی عرب

سعودی عرب کا نام نہاد اسلامی دفاعی فوج میں تشکیل سے قبل ہی اختلافات سامنے آنا شروع ہو جائیں گے۔ قطر کی طرز پر دیگر عرب ممالک میں سے اکثر سعودی منشور کی خلاف آواز بلند کریں گے۔ سعودیہ کے مالی نظام میں مزید خرابیاں سامنے آئیں گی۔ تاہم سعودیہ کی جانب سے غیر ملکی تارکین وطن کے لئے کچھ نئے قوانین سامنے لائے جانے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ عرب کے معدنی وسائل میں اضافہ ہو گا۔ تیل گیس کی پیداوار میں اضافہ ہو گا جبکہ سعودیہ میں دہشت گردی کی کاروائیاں سامنے آئیں گی۔ ایران کے خلاف ولی عہد کو سعودیہ تبدیل کرتا ہوا پالیسی کا راستہ اختیار کرے گا تاہم ایران اور شیعہ اقوام کے خلاف سعودیہ کی کاروائیاں ناکامی کا شکار ہو نگی۔ یمن اور بحرین میں مداخلت سعودی عرب کے لئے وبال جان ثابت ہو گی۔ بجٹ خسارہ اور عالمی دباؤ میں اضافہ ہو گا۔ حج زیارات کے اخراجات اور ٹیکسز میں سعودیہ کی جانب سے اضافہ ہونے کے امکانات ہو نگے سعودی شاہی خاندان میں اختلافات سامنے آئیں گے موجودہ ولی عہد اور بادشاہ کے اختلافات سعودی خاندان کو پریشانیاں لاحق کریں گے۔

# آب زم زم سے شفا

جعل اللہ فیہ الشفاء اللہ تعالیٰ نے آب زم زم میں شفا رکھی ہے (الحدیث)

آج کے دور میں ہر انسان اپنی اصل زندگی سے دور ہو گیا ہے اور اپنا سکون اپنی زندگی کی اچھی یادیں بھی بھول گیا ہے اور ریشم کے کیڑے کی طرح اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں پھنس کر رہ گیا ہے ہر وقت اپنی ذہنی الجھنوں اور مسائل کے سمندر میں مبتلا رہتا ہے۔ جب مسائل بڑھ جاتے ہیں تو دعا پر دعا مانگی جاتی ہے منت مانگی جاتی ہے عمل کیا جاتا ہے ساتھ ساتھ خدا سے شکوہ بھی کہ میری دعا قبول نہیں ہوتی میرے عمل میں اثر نہیں ہوتا کسی شخص نے امیر المومنین حضرت علیؑ کے سامنے دعا قبول نہ ہونے کی شکایت کی کہ خدا فرماتا ہے کہ تم دعا کرو میں قبول کروں گا تو پھر قبول کیوں نہیں کرتا حضرت علیؑ نے فرمایا تمہارے دل و دماغ نے 8 چیزوں میں خیانت کی ہے جس کی وجہ سے تمہاری دعا قبول نہیں ہوتی ✪ تم خدا کا حق ادا نہیں کرتے ✪ تم رسول خدا ﷺ پر تو ایمان رکھتے ہو لیکن ان کی سنت کی مخالفت کرتے ہو ✪ تم خدا کا شکر ادا نہیں کرتے ✪ تم قرآن تو پڑھتے ہو اس پر عمل نہیں کرتے ✪ تم زبان سے یا جہاز یا اظہار پڑھتے ہو خوف نہیں کھاتے ✪ تم شیطان سے دوستی رکھتے ہو ✪ تم لوگوں کے عیب بیان کرتے ہو ✪ تم خدا سے حاجت طلب کرتے ہو تو پہلے خدا کی حمد بیان کرو محمد و آل محمد پر درود پڑھو اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرو۔ حضرت امام محمد باقرؑ ارشاد فرماتے ہیں اگر قرآن کی کوئی ایک آیت پر عمل یقین بھروسہ کرو تو وہ تمہاری ہر معاملے میں کفایت کرے گی ایک آیت جو چلتے پھرتے تنہائی میں ہجوم میں پڑھتے رہو تو اللہ تعالیٰ ہر خواہش ہر مسئلے کو حل فرمائے گا۔ آج کا عمل معصوم امام ؑ کی ضمانت میں تحریر ہے جب امامؑ ضمانت دے رہے ہیں تو فکر و پریشانی کی کیا ضرورت اگر کسی بھی مسئلے کا شکار ہیں تو کسی بھی جمعرات کو یہ عمل شروع کریں عمل خلوص دل سے اور یقین کیساتھ کریں اس لیے کہ امام محمد باقرؑ ضمانت دے رہے ہیں عمل سے پہلے 4 رکعت نماز حاجت پڑھنی ہے نماز کی پہلی رکعت میں 1 مرتبہ سورہ الحمد اور 25 مرتبہ سورہ اخلاص۔ دوسری رکعت میں 1 مرتبہ سورہ الحمد 50 مرتبہ سورہ اخلاص۔ تیسری رکعت میں 1 مرتبہ سورہ الحمد اور 75 مرتبہ سورہ اخلاص۔ آخری رکعت میں 1 مرتبہ سورہ الحمد اور 100 مرتبہ سورہ اخلاص کی تلاوت کرنی ہے پھر 11 مرتبہ درود پاک اور 100 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ اس کے بعد 100 مرتبہ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى سورہ اعلیٰ آیت نمبر 87/14 اس کے بعد دعا مانگیں عمل 21 دن کا ہے ناغہ نہ ہو تو عمل کامیاب ہو گا عمل ختم ہونے کے بعد جو بھی جمعرات آئے سورج نکلنے سے 1 گھنٹے کے اندر بال پوائنٹ سے یہ نقش لکھنا ہے اور پھر اپنے پاس رکھنا ہے۔ نقش کا جو پہلا خانہ لکھنا ہے ہر خانہ پر گنتی لکھی ہوئی ہے تاکہ آسانی ہو پہلے جس پر 1 لکھا وہ خانہ پر کرنا ہے پھر دوسرا پھر اسی طرح باری باری تمام خانے پر کرنے ہیں اور آخر میں نقش مکمل ہو جائے تو اپنے پاس رکھیں یہ نقش ہر کام کے لیے تیار کیا جا سکتا ہے اگر عمل میں زیادہ اثر ڈالنا چاہتے ہیں تو سورہ اعلیٰ کی اس آیت کو شام کسی بھی نماز کے بعد 100 مرتبہ پڑھ سکتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| قد 1 | افلح 14 | من 11 | تزکی 8 |
| تزکی 12 | من 7 | افلح 2 | قد 13 |
| افلح 6 | قد 9 | تزکی 16 | من 3 |
| من 15 | تزکی 4 | قد 5 | افلح 10 |

یا لطیف یا رحمن یا سلف یا رزاق حق این نقش صاحب را فائدہ کن اللہ الصمد

## دعائے قربانی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ○ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

☆ اس کے بعد جانور کو ذبح کرنا شروع کرے اگر خود اکیلا قربانی دے رہا ہو تو یہ الفاظ کہے اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ اور اگر چند آدمیوں سے مل کر قربانی کی ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا کہے۔ ☆ اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُ کہے اگر کئی دوسرے افراد کی طرف سے ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُمْ کہے بہتر ہے کہ مِنِّیْ، مِنَّا، مِنْهُ، مِنْهُمْ کی جگہ ان لوگوں کا نام لیا جائے۔

# بارگاہ علم و عمل تاثیر بے مثل

سید تجمل حسین شیرازی 0300-7503638
E-Mail:tajamal.sherazi99@gmail.com

قارئین! امید کرتا ہوں کہ سب بصدقہ محمدؐ و آل محمدؐ خیر و عافیت سے ہوں گے۔ دل سے تسلیم کر لیں کہ قرآن پاک مکمل ضابطہ حیات ہے تو یقیناً اثرات بھی محسوس ہوں گے میں شب و روز ریسرچ سے خود مستفید ہوتا ہوں اور دوسروں کو بھی مستفید کرتا ہوں۔ جو لوگ مستفید ہوں وہ مجھ حقیر اور معاونین و بانیان امامیہ جنتری کے لیے ضرور دعا کیا کریں۔ کائنات کی ہر چیز پیسے سے مل جاتی ہے مگر دعا نہیں تو خدارا ضرور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

## فراوانی رزق کا بے مثل مجرب المجرب عمل

آپ نے یوں تو فراوانی رزق کے بہت سے اعمال دیکھے ہوں گے لیکن جس قدر اس عمل کی تاثیر تیر بہدف ہے ایسا کوئی عمل نہ دیکھا ہوگا۔ یہ نایاب عمل ایک ایسے انسان سے ملا تھا جس کے پاس 20 سال قبل کچھ بھی نہیں تھا مگر اب یہ عالم ہے کہ مٹی میں بھی ہاتھ ڈالتے تو سونا بن جاتا ہے۔ یہ اولیاء دوست انسان ایک فیکٹری میں ملازم تھا اسے روحانی ہستیوں سے ملاقات کا شوق تھا اکثر بزرگوں کے مزارات پر حاضری دینا اس کا معمول تھا اسے کس نے یہ عمل بتایا معلوم نہیں ہو سکا لیکن کافی اصرار پر انہوں نے عمل بتایا جسے میں نے متعدد مرتبہ آزمایا ہے بے مثل ہے تاج بادشاہ پایا ہے۔ عمل پیش خدمت ہے۔ بروز جمعۃ المبارک نماز جمعہ سے 45 منٹ قبل باوضو ہو کر جائے نماز پر بیٹھ جائیں اور سورہ قریش کو 1000 مرتبہ مع اول و آخر درود 99 مرتبہ نہایت یکسوئی سے پڑھیں۔ جب تعداد پوری مکمل کر لیں تو کھڑے ہو کر مغرب سے تھوڑا دائیں جانب رخ کر لیں اور دعا مانگیں ان شاء اللہ رزق کے دروازے کھل جائیں گے میں طویل تعریف نہیں کرتا یہ عمل ہر جمعہ کو معمول بنا لیں تعریف آپ خود ہی کرتے پھریں گے۔

## مجرب المجرب عمل ناد علی ؑ

یوں تو ناد علی کے فضائل میں ماہرین نے متعدد کتب لکھی ہیں جس میں مختلف قواعد و ضوابط سے ناد علی کا ورد تحریر ہے ناد علی کے پڑھنے کے بعد مسئلہ حل نہ ہو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ معاذ اللہ اس کی تاثیر نہیں ہے بس رزق حرام اور جھوٹ سے پرہیز شرط اول ہے۔ جب کوئی حاجت درپیش ہو تو خوشبو صندل سے کمرہ معطر کریں ایک سیاہ کپڑا جو استعمال شدہ نہ ہو کو بطور چادر اوڑھ لیں اور ناد علی 110 مرتبہ مع اول و آخر 19 مرتبہ درود پاک پڑھیں اور اپنی حاجت اللہ رب العزت سے طلب کریں 21 یوم کا عمل ہے یقین کریں آزمایا ہوا ہے تیر بہدف ثابت ہوگا۔

## عمل سورہ یسین برائے حاجت

کیسی ہی مشکل کیوں نہ ہو مسائل نے ہر طرف سے گھیر لیا ہو اور نجات کا کوئی راستہ نظر نہ آتا ہو تو چاہیے کہ شب جمعۃ المبارک سورہ یسین 60 مرتبہ صدق دل سے یوں پڑھے کہ جب کلمہ مبین پر پہنچے تو درود پاک اللھم صل علی محمد و آل محمد پڑھیں اور پھر سورہ مبارک کو تمام کرے ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے چند روز میں ہر مشکل سے آسانی کے اسباب پیدا ہوں گے۔

## اعلیٰ منصب کے حصول کے لیے

سورۃ بقرہ آیت مبارکہ نمبر 248 وقال سے علیم تک۔ بعض لوگ اعلیٰ تعلیم حاصل کرتے ہیں لیکن ان کو اس تعلیم کے مطابق منصب یا ملازمت نہیں مل پاتی لہٰذا ایسے لوگوں کو چاہیے کہ وہ روزانہ اس آیت مبارکہ کو بعد از نماز فجر، ظہر یا عشاء 141 مرتبہ تلاوت کریں ان شاء اللہ مراد پوری ہوگی۔

## امتحانات میں کامیابی، اعلیٰ تعلیم کے لیے

سورہ ابراہیم آیت مبارکہ نمبر 11 قالت سے المجید تک۔ اس آیت مبارکہ کو کچی پنسل سے لکھ کر پیالے میں رکھ دیں اور روزانہ اس میں سے کچھ پانی پیتے رہیں اور معمول سا اپنے بچے پر چھڑک لیا کریں تو ان شاء اللہ حصول علم میں نمایاں کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔ ناچیز نے ہر چیز کی وضاحت کر دی ہے پھر بھی کسی کو جزوی سمجھ نہ آئے تو بذریعہ خط و کتابت یا فون پر پوچھ سکتے ہیں۔

## آسمانی آفات و زلزلے سے محفوظ رہنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا ۚ
وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ ۚ
إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا (پارہ نمبر ۲۲ سورۃ فاطر آیت نمبر ۴۱)

(رات کو سونے سے قبل ۲۱ بار پڑھیں اول و آخر درود شریف ۳ بار)

## استغاثہ بحضور حضرت ابوالفضل العباسؑ

ہر قسم کی حاجت روائی اور مصائب کو رفع کرنے کے لیے نماز عشاء کے بعد 2 رکعت نماز ہدیہ سرکار ابوالفضل العباسؑ پڑھیں، نماز کے بعد اول و آخر درود پاک 11 بار اور 133 بار درمیان میں یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

يَا كَاشِفَ الْكَرْبِ عَنْ وَجْهِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِكْشِفْ كَرْبِي بِحَقِّ أَخِيكَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

مسز سیدہ نگینہ زہرا انجم
رضوی ایرانی
0312-0010704

# مجرب نقش برائے ردِ آسیب

رب کریم کی بارگاہ میں التماس ہے کہ وہ ذات رحمٰن و رحیم بانی امامیہ جنتری محترم آغا نثار احمد مرحوم اور آغا افتخار حسین کی اہلیہ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور جنتری کے دیگر تمام معاونین کو جو حضرات پڑھیں وہ ان مرحومین کے لیے فاتحہ بھی پڑھیں۔ شکریہ۔ محترم آغا افتخار صاحب ان کے افراد خانہ اور امامیہ جنتری کے دیگر تمام معاونین کو اللہ تعالیٰ صحت اور شفا عطا فرمائے ان کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے ان کو اپنی حفظ و امان میں رکھے آمین

محترم قارئین تسلیمات امامیہ جنتری میں میرے شائع شدہ مختلف مضامین کے حوالے سے امامیہ جنتری کی خواتین (مستورات) قارئین کثیر تعداد میں اپنے مسائل اور بیماری کے روحانی حل کے سلسلہ میں مجھ حقیر سے رابطہ کر کے میری حوصلہ افزائی اور عزت افزائی کرتی رہی ہیں اس سے مجھے خواتین کے لیے خاص کر اور مجھے کا موقع ملا کہ میں امامیہ جنتری کی خواتین کی خدمت کے اس روحانی سلسلے کو جاری رکھ سکوں میری یہ کاوش صرف اور صرف امامیہ جنتری کی وہ خواتین جو اپنی پریشانی بیان نہیں کر پاتیں اور زیادہ سے زیادہ وظیفے پڑھتی رہتی ہیں ان کی پریشانی حل ہونے کے بجائے اور الجھن میں پڑ جاتی ہیں۔ کسی بھی کام کو انجام دینے سے پہلے اگر کے تجربہ کار سے آگاہی حاصل کرلیں تو صرف بہت ساری پریشانیوں، ناکامیوں اور محرومیوں سے محفوظ رہتی ہیں بلکہ اپنے مستقبل کو بھی روشن بنا سکتی ہیں کیونکہ وہ مشکل امراض سے عاملین اور جعلی پیروں سے نجات پا سکتی ہیں کیونکہ اپنی مصیبت، مجبوری، پریشانی کی حقیقت جس شدت سے آپ محسوس کر سکتی ہیں وہ کوئی دوسرا محسوس نہیں کر سکتا۔ پیدائش سے لے کر انتقال تک انسان مشکلات، پریشانیوں، بیماریوں اور مختلف طرح کے مصائب میں گھرا رہتا ہے وہ ان مصائب سے نجات پانے کے لیے انسان کو خود سے کوشش کرتے رہنا چاہیے اپنی زندگی میں صدقہ دیتے رہنا چاہیے خاص کر بے زبان جانور، پرندے، مچھلیوں کو یہ مفید ہوتا ہے۔ جیسے جو ہم دیتے ہیں وہ کسی کی مدد ہوتی ہے اللہ رب العزت نے ہمیں ان کے لیے ذریعہ بنایا ہوتا ہے ہمیں علم نہیں ہوتا کہ کب، کیسے اور کتنا صدقہ دیا جائے یہ ساری معلومات خواتین ہم سے فون پر معلوم کر سکتی ہیں معلوم کرنے کا کوئی ہدیہ نہیں اور شادی کے لیے بھی فری استخارہ کر سکتی ہیں۔ **صرف خواتین**

**نقش برائے ترقی کاروبار**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١١ | ١٣ | ١ |
| ١٣ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ١٦ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ٥ | ٤ | ١٥ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٢٣٠ | ١٢٣٣ | ١٢٣٧ | ١٢٢٣ |
| ١٢٣٦ | ١٢٣٣ | ١٢٣٩ | ١٢٢٣ |
| ١٢٣٥ | ١٢٣٩ | ١٢٣١ | ١٢٣٨ |
| ١٢٣٢ | ١٢٣٧ | ١٢٣٦ | ١٢٣٨ |

میکائیل

☆ وہ خواتین جو اپنے شوہر کی نوکری، کاروبار میں نقصان اٹھاتے ہوں، نوکری میں کسی طرح بھی ترقی نہ مل رہی ہو اس نقش کو پاس رکھیں دعا کا ورد پڑھ کر پانی پر دم کر کے 40 دن تک پانی استعمال میں رکھیں۔

☆ لڑکی جس کی شادی نہ ہوتی ہو تو اس نقش کو گلے میں پہنے تو اس کا رشتہ جلد ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ ☆ اگر کوئی ایسی بیماری کی لپیٹ میں ہے کہ علاج کے باوجود کوئی فائدہ نہیں ہو رہا تو اس نقش کو خود کے پاس رکھے۔

☆ جو کسی بھی وجہ سے باہر ملک جانا چاہتی ہوں وہ اس دعا کو پڑھ کر آزمالیں

**دعا**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سراتو۔ لدرعا، ذوشا، متوحا، عاتیا، طیوشوا، شیفا، میفا، ملخوما، وناقیوما، بحق کھیعص بحق حم عسق بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

اس نقش کو گلے میں پہنیں ہرن کی جھلی پر زعفران، عرق گلاب اور کیوڑہ سے لکھ کر پہنے اپنی زندگی میں فائدہ اٹھانے والے قارئین ادارہ افتخار بک ڈپو والوں اور میرے حق میں بھی دعائے خیر کریں۔ درج ذیل نقش زعفران سے اچھی ساعتوں میں لکھ ہوا رابطہ کر کے ہمارے ادارہ سے منگوا سکتے ہیں

مسز سیدہ نگینہ زہرا انجم رضوی ایرانی سرپرست ادارہ فیض حسینی ایرانی
0336-9272110, 0345-2350714
0322-3490296
Email: naginazaharranjum110@gmail.com

# شادی میں رکاوٹ

**تحریر** عاملہ وذاکرہ ماہ نور فاطمہ لاہور
0307-2102288, 0333-4194017

قارئین آج کل ہم جس پرفتن اور مہنگائی کے دور سے گزر رہے ہیں اس میں روز مرہ زندگی سے منسوب باقی مسائل تو ہیں ہی مگر سب سے اہم اور قابل ذکر مسئلہ بیٹے اور بچیوں کی شادی ہے جسکی وجہ سے اکثر والدین فکر مند رہتے ہیں کہ کب وہ دن آئے جب وہ اپنی بچیوں کی شادی کرکے اس اہم فریضہ سے عہدہ برآ ہو سکیں مگر عمارہ شادی میں رکاوٹ کی تین بنیادی وجوہات ہیں۔ ☆ خاندانی چپقلش ☆ غربت افلاس ☆ نکاح و شادی میں جادو ٹونہ سے بندش۔
ان وجوہات کی بنا پر لڑکیوں کے سر میں چاندی اتر آتی ہے مگر ان کے ہاتھ پیلے نہیں ہو پاتے اور وہ نفسیاتی مریضوں کا روپ دھار لیتی ہیں اور ان کے والدین کے شب و روز بھی اسی سوچ و بچار میں گزرتے رہتے ہیں مگر ذہنی سکون میسر نہیں ہوتا۔ شادی میں رکاوٹ اور نکاح کی بندش کے توڑ کے لیے اپنے ذاتی اور آزمودہ عملیات پیش کرتی ہوں اور پر امید ہوں کہ اپنی بچیوں کی شادی کے لیے فکر مند رہنے والے والدین میرے ان عملیات سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔

**عمل نمبر1** جس لڑکی کے نکاح و شادی میں بندش ہو اور شادی کا پیغام نہ آتا ہو وہ بندش کے خاتمے کے لیے مندرجہ ذیل عمل کو 41 روز تک بلا ناغہ کرے اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک پڑھے دوران عمل اپنے پاس عود اور لوبان کی خوشبو لگائے اور ذیل کی آیت روزانہ 101 مرتبہ پڑھے بفضل خدا بندش ختم ہوگی اور جلد شادی کا پیغام آئے گا۔ ان شاء اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ وَلَا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ إِلَّا خَسَارًا

**عمل نمبر2** جس لڑکی کے نکاح کی بندش کردی گئی ہو تو وہ روزانہ اتنی تعداد سورہ فتح کی آیت نمبر 1 کا ورد کرے یہ عمل رشتہ طے ہونے تک جاری رکھے ان شاء اللہ جلد رشتہ ہوگا آزمودہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا

**عمل نمبر3 کنگھی والا عمل** بندش نکاح کے لیے یہ میرا آزمودہ عمل ہے اور نہایت ہی سریع التاثیر ہے عمل نوچندی جمعرات کو شروع کریں اور زکوۃ پوری کریں (یعنی 41 دن مکمل کریں)۔ عمل شروع کرنے سے قبل حسب توفیق اپنا صدقہ ادا کریں دوران عمل اپنے پاس صندل اور لوبان سلگائیں عمل کے دوران کسی سے بات نہ کریں پابندی کے ساتھ نماز پنجگانہ بجا لائیں اور جمالی و جلالی پرہیز رکھیں اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک پڑھیں اور درمیان میں 101 مرتبہ مندرجہ ذیل آیت پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ

آخری دن کنگھی کو عرق گلاب سے اچھی طرح دھولیں اور اوپر خوشبو لگائیں اور آہنی قلم سے درج ذیل نقش لکھیں اور اس کنگھی کو روزانہ اپنے بالوں میں پھیریں بفضل خدا بہت جلد بندش وغیرہ کا خاتمہ ہوگا اور کوئی اچھا رشتہ ملے گا جو خواتین خود نہ کرسکتی ہوں وہ ہم سے ہدیہ بھیج کر تیار شدہ کنگھی منگوا سکتی ہیں نیز خواتین اپنے پوشیدہ امراض سمیت تمام مسائل کے لیے رابطہ کرسکتی ہیں۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۹ | ۱۰۳ | ۱۰۵ | ۹۳ |
| ۱۰۳ | ۹۳ | ۹۸ | ۱۰۳ |
| ۹۳ | ۱۰۷ | ۱۰۰ | ۹۷ |
| ۱۰۱ | ۹۶ | ۹۵ | ۱۰۶ |

یا رحیم — یا عظیم — یا لطیف — یا حق

## دعائے مناجات

☆ معتبر روایات میں ہے کہ یہ دعا استغاثہ بالله ہے جو تمام پریشانیوں کے حل کے لیے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔
☆ روزانہ 21 مرتبہ پڑھیں اور اسکے فوری نتائج سے لطف اندوز ہوں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا مفتح الابواب یا مسبب الاسباب یا مقلب القلوب والابصار یا غیاث المستغیثین یا دلیل المتحیرین یا صریخ المستصرخین یا غیاث الملهوفین توکلت علیک یا رب وفوضت امری الیک ...

**ترجمہ** بسم اللہ الرحمن الرحیم اے کھولنے والے دروازوں کے اور اے پیدا کرنے والے اسباب کے اور اے پھیرنے والے دلوں کے اور نگاہوں کے اور اے فریاد سننے والے فریادیوں کی اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کے اور اے فرحت دینے والے غمگینوں کے میری فریاد سن میری فریاد سن بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اے میرے رب اور میں نے تیرے سپرد کیا اپنا کام اے پروردگار اے پروردگار اے اللہ اے خوشحال کرنیوالے اے رزق کے کھولنے والے۔

اے ایس صادق
راولپنڈی
0332-9474962
0316-1588536

# علم الاعداد (روحانی علم)

مومنین کرام اللہ تعالیٰ آپکو اپنی رحمت اور کرم کے صدقے میں حق چہاردہ معصومین ہمیشہ اپنی حفظ و امان میں رکھے اور آپکی دلی مرادیں بر لائے۔ آپکی خدمت میں علم الاعداد کے متعلق چند باتیں پیش کرنا چاہتا ہوں یہ ایک روحانی علم ہے اور تمام علوم مخفی کا سردار ہے۔ قرآن پاک کے علم سے بڑھ کر کوئی بھی علم عظیم نہیں ہے لیکن اگر اس کی بھی بے عمل تاویل کی جائے تو ثواب کے بجائے انسان کے لیے گناہ ہے کیمیا گری میں کسی عام دھات کو شاید سونا بنایا جاتا ہے لیکن اس علم میں کسی بھی انسان کو یقینی طور سے کس طرح بنایا جا سکتا ہے یہ انسانیت کی ایک بہت بڑی خدمت ہے کوئی بھی ستارہ مضمون میں منتقل نہیں بلکہ ہر روز آنے والا دن ایک نئے انداز سے آتا ہے آپکی زندگی میں سب سے قیمتی چیز آپکی تاریخ پیدائش اور وقت پیدائش ہے اگر یہ آپکو بالکل صحیح معلوم ہوں اور نام کو ان کے مطابق کر دیا جائے تو نہ صرف بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں بلکہ تعلیم، عزت، دولت، صحت، ازدواجی زندگی، امن، سکون جو کہ انسان کا پیدائشی حق ہے اور جس کے لیے انسان لاکھوں کروڑوں روپے خرچ کرتا ہے ان شاء اللہ وہ آسانی سے حاصل ہو سکتے ہیں۔

جس طرح انسان کی قیمت کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا اسی طرح نام رکھنے کی قیمت کا کوئی اندازہ نہیں لگا سکتا ہے کیونکہ نام جس قدر تاریخ پیدائش کے مطابق ہوگا اسی قدر خوشیاں ہوں گی جس قدر خلاف ہوگا اسی قدر پریشانیاں اور تکالیف ہوں گی یہاں صفحات میں گنجائش نہیں ہے کہ تفصیل سے ہر بات لکھی جائے ایک عام آدمی کے نام کو دیکھنے کے لیے کوئی عام کی ضرورت ہوتی ہے جتنی محنت ہوگی اتنا اثر بہتر ہوگا لیکن اتنی بڑی بات صرف قدردان کے لیے رشتہ ایمان اور رشتہ اسلام کے تحت مخلوق خدا کی بھلائی کے لیے کام کیا جائے گا اور استخارے کے بعد جو حکم ہوگا اس پر عمل کیا جائے گا اگر آپ کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہے تو آپ مکمل نام لکھ کر میسج کر کے کوئی ایک سوال کر لیجیے اگر آپ کو جواب ٹھیک لگے اور علم کا یقین آئے تو مزید رابطہ کریں۔

میں بہت سال کے تجربے اور ریسرچ کے بعد پہلی دفعہ عوام الناس کے سامنے یہ ارشادات پیش کر رہا ہوں لیکن رجوع کرنے والے والدین دو باتوں کا حلف دیں گے۔

نمبر 1 بات سچائی کی بنیاد پر ہوگی نمبر 2 جس کا نام رکھوائیں گے اس کے لیے بچپن میں بالخصوص اور بڑے ہونے تک نماز کی پابندی کے لیے اس بچے کے لیے ضرور کوشش کریں گے اور صرف وہ لوگ رجوع کریں جو علم پر یقین رکھتے ہوں شک کرنے والے علم کے متعلق جو چاہیں سوال کریں ان کے ہر سوال کا ان شاء اللہ جواب دیا جائے گا مگر وہ نام رکھوانے کی زحمت نہ کریں اپنے آس پاس انسانوں کو دیکھ کر لوگ حیران ہوتے ہیں کہ کیسے دولت مند بن گیا کیسے افسر بن گیا اور کوئی تعلیم، حسن کے ہوتے ہوئے ناکام پھر رہا ہے ان سب باتوں کے پیچھے ستارہ کا دخل ہے۔ خیال یہ کیا جاتا ہے کہ صرف غریب آدمی کو ان باتوں کی ضرورت ہے حالانکہ ایسا ہرگز نہیں ہے امیر کو بھی اتنی ہی ضرورت ہے بلکہ کہیں بڑھ کر کہ وہ اپنی اولاد کے نام کے متعلق ماہر سے رجوع کریں۔ بہرحال فائدہ وہی اٹھائے گا جس پر اللہ رب العزت کا فضل و کرم ہوگا اور جو یقین کرنے والا ہوگا۔

## علم الاعداد کے ذریعہ تعبیر و خواب

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |

**طریقہ:** سب سے پہلے خواب دیکھنے والے کے نام کے اعداد بحساب ابجد جمع کر کے اس میں روز سوال کے اعداد جمع کریں اور حاصل جمع کو 11 پر تقسیم کریں۔ اگر صفر بچے یعنی تقسیم برابر ہو جائے تو کامیابی متوقع ہوگی۔ دلی تمنائیں پوری ہوں گی۔ 2 باقی رہے تو آغاز کام میں صاحب خواب کو نقصان ہوگا۔ لیکن انجام فائدہ مند ہوگا۔ 3 بچے تو دشمنوں سے غیر متوقع امداد حاصل ہوگی۔ 4 بچے تو مبارک ہے بزرگ کی روحانی مدد سے مشکلات دور ہوں گی۔ عزت و سرداری نصیب ہوگی۔ 5 بچیں تو عزت و سرداری ملے گی۔ 6 باقی بچیں تو چھوٹا سا جھگڑا ہوگا بعد مقصد پورا ہوگا۔ 7 بچے تو عنقریب مومنین کے ذریعہ فائدہ ہوگا۔ 8 بچیں تو خطرات کا سامنا ہوگا۔ 9 بچیں تو ملاقات میں ناکامی، لڑائی جھگڑا کر انجام فتح ہوگی۔ 10 باقی بچیں تو نہایت مبارک خواب ہوگا۔

(علامہ نثار عباس عطاری مرحوم)

**وظیفہ شفائے قلب:** یہ آیت شفائے قلب ہے اگر تلاوت دل کے امراض کے لیے بہت موثر ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم 10 الا بذکر اللہ تطمئن القلوب

# نومولود کے اسلامی نام

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم اللہ پاک کا شکر ہے کہ اس نے اس بار پھر آپکی خدمت کا شرف بخشا ہے۔ گزشتہ برس 2017 میں بچیوں کی شادی میں رکاوٹ دور کرنے کا شرف ملا الحمد للہ بہت ساری بیٹیاں شادی کے فرض سے ادا ہوگئیں اور ہماری نجات کا وسیلہ بنی اس سال بھی گزارش ہے کہ جو بچیاں یا والدین شادی کے معاملے میں پریشان ہیں وہ رابطہ کریں۔ دیگر گھریلو معاملات، ازدواجی معاملات، تعلیم، روزگار، اور اولاد والے مسائل میں خدمت کا موقع دیں ان شاء اللہ آپ دعا دیں گے۔ قارئین مجھے میرے والدین اور بانی امامیہ جنتری والیہ مرحومہ کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ والسلام

Email: qamarhussain6655@gmail.com 0333-4376657 , 03027846655

سید قمر حسین نقوی

مکان نمبر 70/A عطیہ اہلبیت محلہ بیلے والا سٹی لیہ پنجاب

## نقشہ ابجد قمری

| حروف | ا | ب پ | ج چ | د ڈ | ہ | و | ز | ح | ط | ی ے | ک گ | ل | م | ن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیمت | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 20 | 30 | 40 | 50 |
| حروف | س | ع | ف | ص | ق | ر ڑ | ش | ت ٹ | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| قیمت | 60 | 70 | 80 | 90 | 100 | 200 | 300 | 400 | 500 | 600 | 700 | 800 | 900 | 1000 |

## لڑکوں کے نام

| نمبر شمار | نام | مطلب | اعداد | لکی نمبر | عنصر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | محمد | پاک، پاکیزہ | 20 | 2 | آتشی |
| 2 | علی | اونچا، بلند | 11 | 2 | خاکی |
| 3 | مصطفیٰ حیدر | چنا ہوا | 43 | 7 | آتشی |
| 4 | اخیہ حیدر | بھائی | 28 | 1 | آتشی |
| 5 | تواب حیدر | توبہ کرنے والا | 30 | 3 | آتشی |
| 6 | اسد اللہ علی | اللہ کا شیر | 34 | 7 | آتشی |
| 7 | جلال حیدر | قوی، بزرگ | 26 | 8 | آتشی |
| 8 | جرار عباس | بہادر | 24 | 6 | آبی |
| 9 | مستجاب حسین | قبول، مقبول | 40 | 4 | آتشی |
| 10 | ظل قمران | سایہ دار درخت | 25 | 7 | خاکی |
| 11 | زعیم حیدر | ذمہ دار | 34 | 7 | آبی |
| 12 | اوطان حیدر | سرزمین، وطن | 37 | 1 | آتشی |
| 13 | معف عباس | چاہنے والا | 34 | 7 | خاکی |
| 14 | ناد علی | پکارنا | 21 | 3 | بادی |
| 15 | محمد تقی | تقویٰ والا | 30 | 3 | آتشی |
| 16 | قلب حسین | دل | 26 | 8 | آبی |
| 17 | ابوتراب علی | مٹی کا باپ | 29 | 2 | آتشی |
| 18 | مطلوب حسین | ثواب | 37 | 1 | آتشی |
| 19 | ارمغان علی | اللہ کا صفاتی نام | 25 | 7 | آتشی |
| 20 | دعان حیدر | پکارنا | 32 | 5 | خاکی |
| 21 | حرب علی | ضرب، لڑائی | 23 | 5 | خاکی |
| 22 | ربین حیدر | رب کا بندہ | 25 | 7 | خاکی |
| 23 | تقبل حسین | قبول کرنا | 30 | 3 | بادی |
| 24 | سبط حسن | اولاد | 36 | 9 | آبی |
| 25 | سحاب حیدر | ابر، بادل | 32 | 5 | آبی |
| 26 | عبداللہ علی | بندہ | 36 | 9 | خاکی |
| 27 | محمد متین حیدر | مضبوط، توانا | 49 | 4 | آتشی |
| 28 | محمد آجس علی | خوش نصیب | 43 | 7 | آتشی |
| 29 | اریب حیدر | عقلمند | 21 | 3 | آتشی |
| 30 | اشرف علی | بہادر | 21 | 3 | آتشی |
| 31 | مقدم رضا | ضروری، اونچا | 24 | 6 | آتشی |
| 32 | محمد مہدی رضا | ہدایت کیا ہوا | 45 | 9 | آتشی |
| 33 | نایاب حیدر | لاجواب | 25 | 7 | بادی |
| 34 | محمد نجف رضا | پاک، پاکیزہ | 47 | 2 | آتشی |
| 35 | محمد نہال حیدر | خوبصورت، خوشحال | 49 | 4 | آتشی |
| 36 | واسط علی | میانہ روی | 33 | 6 | بادی |
| 37 | وہاب علی | عزت، خوبصورتی | 29 | 2 | بادی |
| 38 | ہلال حیدر | چاند | 27 | 9 | آتشی |
| 39 | دوال حیدر | بے مثال، لاجواب | 28 | 1 | آتشی |
| 40 | برار علی | عہد پورا کرنے والا | 18 | 9 | بادی |
| 41 | تہام حیدر | بہادر، جری | 29 | 2 | بادی |
| 42 | جاذب علی | پرکشش | 24 | 6 | آبی |
| 43 | فخر عباس | آزاد، خودمختار | 26 | 8 | خاکی |
| 44 | محمد محسن رضا | نیک باحیا | 33 | 6 | خاکی |
| 45 | محمد کمیل عباس | مکمل صفات | 46 | 1 | آتشی |
| 46 | مبصر علی | پرکھنے والا | 28 | 1 | آتشی |
| 47 | صائم رضا | روزہ دار | 25 | 7 | بادی |
| 48 | در شہوار علی | موتی | 34 | 7 | خاکی |
| 49 | دائم عباس | قائم رہنے والا | 25 | 7 | خاکی |
| 50 | شبیہ حسن | مشابہ، ہوبہو | 34 | 7 | آتشی |

ایڈر روری کا اعلیٰ ترین مرتبہ اور افضل ترین خصلت ہے

| | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 50 | لیاقت عباس | نیک، بھلا | 30 | 3 | خاکی | 66 | مرسل علی | بھیجا ہوا | 26 | 8 | آتشی | 83 | صالح حیدر | نیک، پارسا | 36 | 9 | بادی |
| 51 | نورحسین حیدر | روکمان | 34 | 7 | آبی | 67 | تاج مہدی | روشن، چمک | 29 | 2 | خاکی | 84 | وجیہ حیدر | چہرہ | 30 | 3 | بادی |
| 52 | وردان حیدر | شاگرد، وظائف | 33 | 6 | خاکی | 68 | اطیب علی | بہت پاکیزہ | 24 | 6 | آتشی | 86 | ذریت حسین | اولاد، نسل | 34 | 7 | آبی |
| 53 | نوریان علی | شہزادہ، امیر | 29 | 2 | بادی | 69 | مصیب علی | نیکی پانے والا | 27 | 9 | آتشی | 87 | سائل عباس | مانگنے والا | 26 | 8 | آبی |
| 54 | ارج علی | شان و شوکت | 17 | 8 | آتشی | 70 | دائم علی | ہمیشہ، صدا | 27 | 9 | خاکی | 88 | سبحان حیدر | اللہ پاک کا نام | 34 | 7 | بادی |
| 55 | یداللہ حیدر | اللہ کا ہاتھ | 35 | 8 | بادی | 71 | طاہر علی | بہت پاکیزہ | 30 | 3 | خاکی | 89 | قاسم حسن | تقسیم کرنے والا | 31 | 4 | آبی |
| 56 | ریان علی | جنت کا دروازہ | 20 | 2 | خاکی | 72 | عاکف علی | عبادت کرنے والا | 30 | 3 | خاکی | 90 | فائز علی | کامیاب | 31 | 4 | آبی |
| 57 | دانش حیدر | روشن و نرم | 31 | 4 | خاکی | 73 | سبط حسین | اولاد | 38 | 2 | آبی | 91 | عدیم حسین | سایہ | 36 | 9 | خاکی |
| 58 | حازم علی | دور اندیش | 31 | 4 | خاکی | 74 | تقی رضا | پرہیزگار | 17 | 8 | بادی | 92 | محراب علی | عبادت گاہ | 28 | 1 | آتشی |
| 59 | غیاث حیدر | مددگار | 23 | 5 | خاکی | 75 | ذریت عباس | نسل و اولاد | 30 | 3 | آبی | 93 | آل عمران | اولاد | 23 | 5 | آتشی |
| 60 | حسام حیدر | شگفتہ، کھلا ہوا | 28 | 1 | آبی | 76 | عباس رضا | خوشحال | 27 | 9 | خاکی | 94 | فرزوب مہدی | قربان ہونے والا | 54 | 9 | آتشی |
| 61 | احرار علی | آزاد | 25 | 7 | آتشی | 77 | قلب حیدر | دل | 21 | 3 | آبی | 95 | بادشاہ حسین | حاکم، حکمران | 35 | 8 | بادی |
| 62 | انسب علی | مناسب ترین | 25 | 7 | آتشی | 78 | اقرب رضا | قربت رضا | 17 | 8 | آتشی | 96 | جعفر رضا | ندی، دریا | 31 | 4 | آبی |
| 63 | امام حیدر | بزرگ، سردار | 29 | 2 | آتشی | 79 | اتباع علی | پیروی کرنے والا | 26 | 8 | آتشی | 97 | جواد حیدر | عطا کرنے والا | 29 | 2 | آبی |
| 64 | بارق علی | روشن، منور | 17 | 8 | بادی | 80 | محمد شاہد مہدی | گواہی دینے والا | 47 | 2 | آتشی | 98 | سفیر حسین | قاصد، نمائندہ | 37 | 1 | آبی |
| 65 | لسان حیدر | زبان | 30 | 3 | خاکی | 81 | برہان حیدر | دلیل | 30 | 3 | بادی | 99 | جاگیر حسین | زمین، جگہ | 29 | 2 | آبی |
| | | | | | | 82 | حزب حیدر | گروہ | 32 | 5 | خاکی | 100 | شاہمیر علی | خوبصورت جوان | 22 | 4 | آتشی |

## لڑکیوں کے نام

| | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | محافظہ بتول | بچانے والی | 42 | 6 | آتشی | 17 | رعایہ بتول | شرم و حیا | 34 | 7 | خاکی | 35 | عین زہرا | آنکھ | 28 | 1 | خاکی |
| 2 | راعنہ بتول | خوش نما | 35 | 8 | خاکی | 18 | حدیقہ بتول | باغ، کیاری | 34 | 7 | خاکی | 36 | نساء زہرا | جنتی عورت | 27 | 9 | بادی |
| 3 | مشیت زہرا | مرضی، خواہش | 20 | 2 | بادی | 19 | اوج زہرا | اونچائی، بلند | 25 | 7 | آتشی | 37 | اسرہ بتول | ذکر، راز، کار | 31 | 4 | آتشی |
| 4 | وردہ بتول | گلاب کا پھول | 32 | 5 | بادی | 20 | عریشہ بتول | آسمان، فلک | 33 | 6 | خاکی | 38 | حب بتول | اللہ کی محبت | 28 | 1 | خاکی |
| 5 | لبابہ بتول | خلاصہ | 28 | 1 | خاکی | 21 | دامان بتول | دامن، رضا | 30 | 3 | بادی | 39 | ام عدن زہرہ | جنت | 22 | 4 | آتشی |
| 6 | ماہرہ بتول | ماہر، تجربہ کار | 32 | 5 | آتشی | 22 | عطیہ بتول | تحفہ | 37 | 1 | خاکی | 40 | وریشہ بتول | زینت | 28 | 1 | بادی |
| 7 | طیبہ بتول | خوشبو، پیاری | 33 | 6 | خاکی | 23 | تسکین زہرا | سکون، راحت | 33 | 6 | بادی | 41 | ثمر زہرا | خلاصہ | 29 | 2 | آبی |
| 8 | عقیقہ بتول | سرخ قیمتی پتھر | 34 | 7 | خاکی | 24 | حب زہرا | محبت، پیار | 25 | 7 | خاکی | 42 | ولاح زہرا | پھول | 26 | 8 | خاکی |
| 9 | عرفہ بتول | خوشبو، مہک | 37 | 1 | خاکی | 25 | عطابہ زہرا | خوشبو، بخور | 30 | 3 | خاکی | 43 | مطلوب زہرا | ثواب کیا گیا | 32 | 5 | آتشی |
| 10 | نجابہ زہرا | راضی، رضائی | 23 | 5 | آتشی | 26 | رخسار بتول | گال | 32 | 5 | خاکی | 44 | اشاء بتول | طلوع سحر | 20 | 2 | آتشی |
| 11 | مریدہ بتول | پسند کی جانے والی | 28 | 1 | آتشی | 27 | سحاب بتول | ابر، بادل | 32 | 5 | آبی | 45 | آئمہ بتول | پیشوا | 25 | 7 | آتشی |
| 12 | اجیہ بتول | نہایت عالی شان | 25 | 7 | آتشی | 28 | زینب شوریٰ | زیب و زینت | 36 | 9 | آبی | 46 | عطا زہرا | انعام | 32 | 5 | خاکی |
| 13 | نائمہ زہرا | خوابیدہ | 25 | 7 | بادی | 29 | حجاب زہرا | پردہ | 29 | 2 | خاکی | 47 | پارسا بتول | پاک و پاکیزہ | 27 | 9 | بادی |
| 14 | ایمن زہرا | مبارک، محفوظ | 26 | 8 | آتشی | 30 | حرمت بتول | عزت، آبرو | 33 | 6 | خاکی | 48 | کسرہ بتول | بالوں کی لٹ | 32 | 5 | آبی |
| 15 | انوشہ بتول | نوجوان، خوبصورت | 35 | 8 | آتشی | 31 | ردا بتول | چادر، پردہ | 22 | 4 | خاکی | 49 | [illegible] | چاہنے والی | 50 | 5 | آبی |
| 16 | افراح بتول | خوشی، شادمانی | 35 | 8 | آتشی | 32 | قلب زہرا | دل | 21 | 3 | آبی | 50 | ذریت زہرا | اولاد، نسل | 29 | 2 | آبی |
| 17 | اریکہ بتول | آراستہ تخت | 26 | 8 | آتشی | 33 | طٰہٰ بتول | قرآن پاک کی سورہ | 29 | 2 | آتشی | 51 | کونین زہرا | دونوں جہاں | 34 | 7 | آبی |
| 18 | عبا بتول | لباس | 25 | 7 | خاکی | 34 | نور فاطمہ | روشنی | 40 | 4 | بادی | 52 | سکینہ بتول | آرام | 34 | 7 | آبی |

اپنے نفس کو لذت سے روکنے والا اس کا مالک ہوتا ہے اور اس کو چھوڑنے والا ہلاکت میں ہے۔ حضرت علیؑ

| | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 53 | ہدیٰ زہرا | ہدایت والی | 27 | 9 | آتشی | 69 | زرمین زہرا | امیر کبیر | 34 | 7 | آبی | 85 | حوریہ بتول | حور جیسی حسین | 37 | 1 | خاکی |
| 54 | سما زہرا | آسمان | 26 | 8 | آبی | 70 | رائقہ بتول | خوشبو | 27 | 9 | خاکی | 86 | زینت زہرا | آراستگی | 32 | 5 | آبی |
| 55 | ثمینہ بتول | قیمت | 30 | 3 | آبی | 71 | رجاء بتول | امید | 21 | 3 | خاکی | 87 | سندس زہرا | نفیس | 36 | 9 | آبی |
| 56 | عترت زہرا | قرابت داری | 32 | 5 | خاکی | 72 | راعبہ بتول | الفت محبت | 31 | 4 | خاکی | 88 | صالحہ بتول | نیک عورت | 33 | 6 | بادی |
| 57 | گل رعنا | پھول | 20 | 2 | آبی | 73 | در ثمین | قیمتی موتی | 36 | 9 | بادی | 89 | عافیہ بتول | غلطی معاف کرنے والی | 37 | 1 | خاکی |
| 58 | صدف زہرا | موتی | 36 | 9 | بادی | 74 | حریمہ بتول | حرمت عزت | 35 | 8 | خاکی | 90 | عالیہ بتول | بلند مرتبہ | 32 | 5 | خاکی |
| 59 | زہرا بتول | چمک دمک | 30 | 3 | آبی | 75 | حرا بتول | عبادت کی جگہ | 26 | 8 | خاکی | 91 | فائزہ بتول | کامیاب ہونے والی | 36 | 9 | آتشی |
| 60 | آمنہ بتول | امن والی | 30 | 3 | آتشی | 76 | حرمت زہرا | عزت آبرو | 33 | 6 | خاکی | 92 | کوکب زہرا | روشن | 27 | 9 | آبی |
| 61 | مریم زہرا | پاک و پاکیزہ | 26 | 8 | آتشی | 77 | عابدہ بتول | عبادت گزار | 30 | 3 | خاکی | 93 | کنیز زہرا | باندی | 30 | 3 | آبی |
| 62 | وجیہہ زہرا | چہرہ | 30 | 3 | بادی | 78 | جبین زہرا | پیشانی | 26 | 8 | آبی | 94 | مثال زہرا | نمونہ شبیہ | 28 | 1 | آتشی |
| 63 | حنا بتول | مہندی | 29 | 2 | خاکی | 79 | تمکین زہرا | موتی | 31 | 4 | بادی | 95 | معصومہ زہرا | پاک دامن | 50 | 5 | آتشی |
| 64 | فریال زہرا | نرم و نازک | 30 | 3 | آتشی | 80 | تہنیت بتول | مبارکباد | 34 | 7 | بادی | 96 | راضیہ بتول | خوشی و شادمانی | 32 | 5 | خاکی |
| 65 | لالہ بتول | سرخ پھول | 27 | 9 | خاکی | 81 | امامہ بتول | رہنما | 30 | 3 | آتشی | 97 | رفیقہ بتول | ہمراہی | 32 | 5 | خاکی |
| 66 | مہک زہرا | خوشبو | 29 | 2 | آتشی | 82 | احور فاطمہ | خوبصورت آنکھوں والی | 43 | 7 | آتشی | 98 | روبینہ بتول | راحت سکون | 37 | 1 | خاکی |
| 67 | عالمہ بتول | جاننے والی | 37 | 1 | خاکی | 83 | ثمرینہ بتول | پھل دار میوہ | 37 | 1 | آبی | 99 | عقیلہ فاطمہ | عقل مند | 38 | 2 | بادی |
| 68 | شہر بانو | خاتون شہر | 24 | 6 | آتشی | 84 | جنت زہرا | فردوس | 27 | 9 | آبی | 100 | کونین زہرا | دونوں جہان | 34 | 7 | آبی |

## برائے طلب اولاد

معتبر روایت میں ہے کہ طلب اولاد کے لیے درج ذیل آیات کو ہر روز اول و آخر صلوات کیساتھ 11 مرتبہ پڑھے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے تو نعمت اولاد سے سرفراز ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ

**ترجمہ** اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے پروردگار تو اپنے پاس سے پاک اولاد عنایت کر بیشک تو دعا سننے والا ہے (آل عمران 38)

رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ (الانبیاء 89)

**ترجمہ** پروردگار تو مجھ کو تنہا نہ چھوڑ اور تو بہترین وارثین میں سے ہے۔

**برائے طلب اولاد** ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ درج ذیل آیت کو پڑھنا اور لکھ کر عورت کے گلے میں باندھنا نعمت اولاد کے حصول کے لیے مفید ہے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا (فرقان 74)

**ترجمہ** پروردگار ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا بنا (فرقان 74)

## عقیقہ سے شفاء

☆ عقیقہ سنت موکدہ ہے ساتویں دن بہتر ہے یہ صدقہ بلوغت باپ پر سنت ہے بعد میں خود کرے۔

☆ بچے کے بال منڈوا کر ان بالوں کے برابر چاندی یا چاندی کی رقم صدقہ کرے

☆ عقیقہ کے جانور میں قربانی کے جانور کی شرائط کا ہونا مستحب ہے۔

☆ گوشت کم از کم 10 مومنوں کو کھلائیں یا پکا کر تقسیم کریں۔

☆ والدین اور گھر کے وہ افراد جو والد کی کفالت میں ہوں عقیقہ کا گوشت نہ کھائیں

☆ سری پائے اور کھال صدقہ کرے قصائی کو اجرت میں دینا جائز نہیں۔

☆ [illegible]

بسم اللہ و باللہ اللھم عقیقۃ عن [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

☆ دعا کے بعد بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ذبح کیا جائے اور ذبح کرنے کے بعد صلوات پڑھ کر یہ کہے اللھم تقبل منی (عقیقہ کے بعد سر مونڈنے کا اہتمام کرے)

## برائے اصلاح اولاد

ہر نماز کے بعد درج ذیل آیات 3 مرتبہ پڑھیں

وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي ۖ رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلَاةِ وَمِن ذُرِّيَّتِي ۚ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ

[illegible]

آخرت سعادت مندوں کا تحفہ اور دنیا دولت مندوں کی آرزو ہے۔ (حضرت علیؓ)

ڈاکٹر خالد شفیع
مسیح کلینک نزد ریلوے اسٹیشن بھکر
0334-6965512

# آپ کے نام پر نگینوں کے مقناطیسی اثرات

قرآن الحکیم سورۃ الجاثیہ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ "اس نے زمین اور آسمانوں کی ساری چیزیں تمہارے لیے مسخر کر دیں اس میں بڑی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر کرنے والے ہیں" حضرت علی علیہ السلام نے پندرہ اقسام کے جواہر و معدنی اشیاء پر گفتگو فرمائی (نہج البلاغہ)

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم اس مرتبہ ایک نایاب اور انمول تحفہ تحریر کر رہا ہوں یہ پانچ سال کی تحقیق کر کے آپکی خدمت میں پیش کر رہا ہوں اللہ خالق العظیم نے کائنات کی کسی بھی شے کو بے مقصد تخلیق نہیں فرمایا ہر چیز اپنے اندر گہرے اثرات و خواص رکھتی ہے جس سے مخلوق خدا فائدہ اٹھاتی ہے۔ جو جواہر نگینہ ہم اپنی انگلی کی زینت بناتے ہیں جب سورج اور چاند کی شعاعیں پڑتی ہیں تو ان شعاعوں کے اثرات پتھر نگینہ پر اگر مثبت پڑیں تو انسان کا مزاج خوشگوار، صحت اچھی اور حالات اچھے ہو جاتے ہیں اور ہر معاملہ میں کامیابیاں کامرانیاں اور ہر کام میں آسانیاں مل جاتی ہیں اگر منفی اثرات ہوں تو طبیعت بوجھل، چڑچڑا پن اور ہر کام باوجود کوشش و محنت کرنے کے ناکامی ہوتی ہے اور کاموں میں بندشیں لگ جاتی ہیں۔

طریقہ: اپنے نام کے اعداد مفرد نکال کر پھر نگینہ کے مفرد عدد نکال لیں نام کے مفرد عدد سے مطابقت رکھنے والا نگینہ پہن سکتے ہیں پکارے جانے والا نام کے اثرات بھی ہوتے ہیں آپ دونوں طریق سے اپنا نگینہ نکال سکتے ہیں اور ساتھ لوح مراد پہننے سے انسان کامیاب اور خوشگوار زندگی بسر کر سکتا ہے روزگار کا ملنا، شادی میں کامیابی، اولاد کا ہونا اور دیگر مسائل کا حل اس میں پوشیدہ ہے۔ لوح کے لیے نگینہ کے مطابقت رکھنے والا۔

٭ اسم الٰہی ٭ نام کے اعداد ٭ مقصود ٭ حاجت۔

**مثال** عباس سلطان کے مفرد عدد 4 ہیں اور نگینہ در نجف کے مفرد عدد 4 ہیں لوح تیار کرنے کا طریقہ: در نجف نگینہ کے اعداد قمری 337 اور اسم الٰہی یا سلام یا جبار کے اعداد قمری 337 ہیں اسم الٰہی خانہ نمبر ایک میں رکھ کر دو دو کے اضافہ کے ساتھ خانہ نمبر چار تک پر کریں خانہ نمبر پانچ میں طالب کے اعداد قمری عباس سلطان کے 283 لکھ کر خانہ نمبر آٹھ تک پر کریں خانہ نمبر 9 سے بارہ تک مقصود کے اعداد آئیں گے حاجت کے اعداد میں سے نفی کر کے خانہ نمبر سولہ میں آئیں گے۔

## لوح جواہر مراد

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم — بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 یا سلام یا جبار ۳۳۷ | 14 ۴۱۳ | 11 ۵۱۸ | 8 ۲۸۹ |
| 12 ۵۲۰ | 7 ۲۸۷ | 2 ۳۳۹ | 13 ۴۱۱ |
| 6 ۲۸۵ | 9 روزگار ۵۱۳ | 16 نصیب کے ۴۱۷ | 3 ۳۴۱ |
| 15 ۴۱۵ | 4 ۳۴۳ | 5 عباس سلطان ۲۸۳ | 10 ۵۱۶ |

یا رب الخالقین یا کافی المہمات یا خیر الناصرین یا سلام یا جبار (عباس سلطان) کو روزگار ملے اور نصیب کھلے بحرمت انبیاءؑ و معصومینؑ

## جدول نام کے اعداد اور جواہرات

| مفرد عدد | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نگینہ مفرد عدد | پکھراج زرد | فیروزہ | [illegible] | در نجف | عقیق زرد | مرجان | زرقون زرد | زمرد | موتی نجف |
| | لاجورد | ٹائیگر | اوپل | یاقوت | عقیق سیاہ | عقیق | پکھراج سفید | حدید | زبرجد |

## آپ کا معاون و مبارک نگینہ

(نگینوں کا تعلق راس کے ساتھ) بحوالہ کرشمہ قدرت

| برج | ستارہ | رنگ | متعلق نگینہ |
|---|---|---|---|
| حمل - عقرب | مریخ | سرخ | ہیرا، مونگا، یاقوت، عقیق، کسی، اوپل |
| ثور - میزان | زہرہ | سفید | مرجان، سرخ، ہیرا، در نجف، موتی |
| جوزا - سنبلہ | عطارد | سرخی مائل | پکھراج، زمرد، فیروزہ، جید |
| سرطان - [illegible] | قمر | سفید | نیلم، موتی، عقیق، پکھراج زرد، لہسنیا |
| اسد - [illegible] | شمس | سنہری | نیلم، مرجان، عقیق، یاقوت |
| سنبلہ - [illegible] | عطارد | سفید | عقیق، فیروزہ، زبرجد، اوپل |

| برج | ستارہ | رنگ | متعلق نگینہ |
|---|---|---|---|
| میزان - [illegible] | زہرہ | سفید یا سیاہی مائل | مرجان، ہیرا، پکھراج، در نجف، لہسنیا |
| عقرب - [illegible] | مریخ | سرخ | ہیرا، یاقوت، مونگا، عقیق |
| قوس - [illegible] | مشتری | زرد | فیروزہ، پکھراج زرد، لہسنیا، زمرد |
| جدی - [illegible] | زحل | سیاہ نیلا | موتی، نیلم، عقیق، کسی، در نجف |
| دلو - [illegible] | زحل | نیلا سیاہ | عقیق، مرجان، نیلم |
| حوت - [illegible] | مشتری | زرد یا ہری | پکھراج، سفید، در نجف |

قسمت کی انگلی میں [illegible]

# مُشکل کُشا احمری

سید ضیا النقوی
نزد امام بارگاہ حسینیہ شمین
باغ خورد تحصیل و ضلع اٹک
0301-7899755, 0321-5702541

یہ قاعدہ کسی مشکل کام میں نہایت پرتاثیر ہے اگر قاعدے سے کیا جائے تو کبھی خطا نہیں کرتا۔ یعنی کیسا ہی کام ہو اور تمام ذرائع ختم ہو کر اس سے مایوسی ہو گئی ہو تو جفر احمر کا یہ عمل وہاں حیرت نما اعجاز دکھاتا ہے۔

**قاعدہ/طریقہ:** جو مطلب ہو اس کے الگ الگ حروف لکھیں۔ پھر ان حروف کے اعداد قمری بحساب ابجد نکالیں۔ جملہ میزان کو بارہ پر تقسیم کریں جو باقی بچے اس کو برج حمل سے شمار کریں۔ جس برج پر وہ تعداد ختم ہو اس برج سے عمل کا آغاز کریں۔ جو اس برج کا متعلقہ ستارہ ہو اس ستارہ سے متعلقہ دن معلوم کریں۔ اس دن سے عمل کا آغاز کریں۔ یعنی اس برج کے اعداد مطابق اسماء الٰہی کا ورد اس دن سے کریں اور برج کے اعداد مطابق روزانہ خدا پاک کا اسم عدد تمام پڑھیں انشاء اللہ ایک ہفتہ میں کامیابی ہوگی۔

یہ عمل ایک مشہور عامل روحانی کا ہے۔ کامیاب اور مجرب عمل ہے۔ لیکن اس سے فائدہ صرف وہی حضرات اٹھا سکتے ہیں۔ جو ابجد نجوم سے کچھ واقفیت رکھتے ہوں۔ عام آدمی کے لئے استفادہ کرنا مشکل ترین بلکہ ناممکن ہے۔ کیونکہ برج بارہ ہیں اور ستارے متعلقہ سات ہیں۔ صرف ستارہ شمس اور قمر کا تعلق ایک ایک برج سے ہے۔ لیکن پانچ باقی ستاروں کا تعلق (۱۰) دس بروج سے ہے یعنی ہر ستارہ دو بروج سے تعلق رکھتا ہے۔ جیسا کہ عطارد کا تعلق برج جوزا و سنبلہ سے ہے۔ ستارہ مشتری کا تعلق قوس اور حوت سے ہے۔ اسی طرح ایام کا تعلق دو دو بروج سے ہے۔ میں نے ذاتی جدوجہد سے مکمل نقشہ مرتب کر دیا ہے تاکہ ہر حاجت مند اس عمل سے استفادہ کر سکے۔ وضاحت کے لئے مثال ملاحظہ فرمائیں۔

ایک شخص کا مقصد ہے **قرض سے نجات ملے** اس کے ملفوظی ابجد قمری اعداد حاصل کئے۔

| سوال کو مفرد کیا | ق | ر | ض | س | ے | ن | ج | ا | ت | م | ل | ے | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 100 | 200 | 800 | 60 | 10 | 50 | 3 | 1 | 400 | 40 | 30 | 10 | 1704= |

## عمل خاکہ

| نمبر شمار | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بالترتیب بارہ بروج کے نام | حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
| نام ایام ہفتہ فارسی، اردو میں | یکشنبہ/اتوار | دوشنبہ/سوموار | سہ شنبہ/منگل | | چہار شنبہ/بدھ | | پنجشنبہ/جمعرات | | جمعہ | | شنبہ/ہفتہ | |
| دنوں سے متعلقہ ستارے | شمس | قمر | مریخ | | عطارد | | مشتری | | زہرہ | | زحل | |
| ستاروں سے متعلقہ بروج | پانچواں<br>اسد | چوتھا<br>سرطان | پہلا<br>حمل | آٹھواں<br>عقرب | تیسرا<br>جوزا | چھٹا<br>سنبلہ | نواں<br>قوس | بارھواں<br>حوت | دوسرا<br>ثور | ساتواں<br>میزان | دسواں<br>جدی | گیارھواں<br>دلو |
| بروج کے اعداد | 65 | 320 | 372+78 | | 147+17 | | 414+166 | | 108+706 | | 40+17 | |
| بروج کے اعداد کی میزان | 65 | 320 | 450 | | 164 | | 580 | | 814 | | 57 | |
| اسماء الٰہی مطابق اعداد بروج برائے وظیفہ | یَا وَاجِدُ<br>یَا وَلِیُّ | یَا عَلِیمُ<br>نَعِیمُ | یَا کَبِیرُ حَنَّانُ | | یَا عَلِیمُ وَهَّابُ | | یَا اَللّٰهُ الرَّشِیدُ | | یَا غَنِیُّ عَزِیزُ | | یَا جَمِیلُ | |

1704 میزان حاصل ہوا۔ 1704 کو 12 پر تقسیم کیا تو صفر 0 حاصل ہوا۔ یعنی پورا پورا تقسیم ہو گیا۔ بارھواں برج حاصل ہوا۔ بارھواں برج حوت۔ اس کا ستارہ مشتری ہے اور مشتری کا تعلق دو برجوں سے ہے۔ حوت اور قوس اور مشتری کا دن جمعرات سے متعلق ہے

باقی اگلے صفحہ پر

غلام عباس قادری قلندری
ملک پور فیصل آباد
0347-7641152
0321-9794752

# مجرب و سریع التاثیر عملیات و اوراد برائے حصول اولاد

محترم قارئین! امامیہ جنتری کی تسلیمات! ہر شادی شدہ جوڑے (میاں بیوی) کی یہ سب سے بڑی خواہش ہوتی ہے کہ رب کریم خالق کائنات ان کو ماں باپ بنائے اور جلد نیک صحیح و سالم اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے۔ ان میں بہت اکثریت تو خالق کائنات کی مہربانی سے ماں باپ بن جاتے ہیں۔ بعض جوڑوں کو روحانی اور جسمانی علاج کے بعد اولاد کی نعمت اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔ میری یہ گزارشات اسی سلسلے میں ہیں۔ اور حصول اولاد کیلئے روحانی علاج تحریر کر رہا ہوں جسمانی علاج (دوائی) کیلئے کسی مستند طبیب سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

## برائے بندش کشادگی اولاد

قرآن کریم۔ پارہ نمبر 19 سورہ مبارکہ الفرقان کی آیت نمبر 74۔ اول آخر 11 مرتبہ درود پاک کے ساتھ 203 مرتبہ صبح و شام ورد کر کے رب کریم کی بارگاہ میں دعا مانگا کریں۔ اگر کوئی ناغہ ہو جائے تو پرواہ نہ کیا کریں مگر زیادہ ناغے درست نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا
وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا

## برائے استقرار حمل

زعفران، عرق گلاب اور آب زم زم سے یہ دونوں نقش لکھیں۔ احتیاطاً یا مصور کے نقش مثلث ہیں۔ ... کا منہ کھلا رکھنا ہے۔ بعد طہارت، باوضو کل 6 نقش تحریر کریں۔ اعداد والا نقش گلے میں پہنیں۔ اور یا مصور کا نقش زیر ناف باندھیں۔ جبکہ 5 نقش پانی سے دھو کر روزانہ 5 یوم تک پلائیں۔ میاں بیوی دونوں صحبت کریں۔ صبح کو دونوں غسل کر کے نماز فجر ادا کریں۔ ان شاء اللہ حمل قائم ہو جائے گا۔
اگر پہلے ماہ نہ ہوا تو دوسرے۔ یا تیسرے ماہ ضرور ہو گا۔ (انشاء اللہ)

| ۷۸۶ | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۴۱ | ۴۴ | ۱ |
| ۴۳ | ۲ | ۷ | ۴۲ |
| ۳ | ۴۶ | ۳۹ | ۶ |
| ۴۰ | ۵ | ۴ | ۴۵ |

| ۷۸۶ | | | |
|---|---|---|---|
| یا مصور | یا مصور | یا مصور | یا مصور |
| یا مصور | یا مصور | یا مصور | یا مصور |
| یا مصور | یا مصور | یا مصور | یا مصور |
| یا مصور | یا مصور | یا مصور | یا مصور |

## بانجھ عورت کے لئے

عروج ماہ میں چاند کی 3 تاریخ بعد پنجشنبہ کے دن روزہ رکھ کر رات کو بعد نماز عشاء زعفران اور عرق گلاب اور آب زم زم سے 40 بار بطور نقش کے لکھے، ہر روز تازہ پانی سے دھو کر میاں بیوی دونوں پئیں اور دونوں ہم بستر ہوں۔ 40 یوم کے عرصہ میں انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
کھیعص کھیعص کھیعص علی علی طہ طہ طہ
حمعسق حمعسق ھو ھو ھو اللہ اللہ اللہ صلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آل محمد

## برائے اولاد نرینہ

جس کسی کے بیٹیاں ہی ہوتی ہوں تو اس زوجہ کو چاہیے کہ حمل کا یقین ہوتے ہی قرآن کریم۔ پارہ نمبر 26، سورۃ مبارکہ الذاریات کی آیت نمبر 28 سے 30 تک کسی سعد وقت اور سعد ساعت میں زعفران کے محلول سے لکھ کر۔ یا۔ کسی سے لکھوا کر اپنی کمر میں باندھے۔ ان شاء اللہ ان آیات مبارکہ کی برکت سے حاملہ کے ہاں فرزند کی ولادت ہو گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً قَالُوا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوهُ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ ●
فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ فِي صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوزٌ عَقِيمٌ ●
قَالُوا كَذَٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ إِنَّهُ هُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ ●

اولاد کیلئے تحریر کردہ آیات قرآنی دعائیں اور نقوش سعد وقتوں میں زعفران سے لکھے ہوئے رابطہ کر کے ہمارے ادارہ سے حاصل کر سکتے ہیں نیز اپنے دیگر مسائل کے روحانی حل اور خاص طور پر خواب والے استخارہ کے لئے رابطہ کر سکتے ہیں نیز ہر ستارہ کے شرف اوج کی تیار شدہ الواح دستیاب ہیں۔

## نقش مشکل کشا اعظمی

گیارہ برج قوس دعوت کے اعداد 580 مطابق اسم الٰہی یا اسمائے الٰہی کا ورد جمعرات سے کرنا ہے۔ یعنی ایک ہفتہ تک روزانہ 580 مرتبہ اسم الٰہی "یَا اَللّٰہُ الرَّشِیْدُ" کا ورد کرنا ہے۔ اول و آخر سات مرتبہ درود پاک ضرور پڑھیں تاکہ قبولیت ہو۔
بارہ برج معہ اعداد ترتیب ستارہ و ... مقررہ تعداد اسمائے الٰہی کا مکمل نقشہ درج ذیل ہے۔ اگر کوئی حاجت مند کسی اہم کام کے لئے خود نہ بنا سکیں۔ تو درج ذیل پتہ پہ رابطہ کریں۔

0301-7899755, 0321-5702541

# اسم اعظم

**جابر علی المعروف شایان علی**
WhatsApp
0312-5310914, 0302-5243272
محلہ قصر زہراؑ گلی ذاکر محمد حسین والی جھنگ صدر

قارئین! میں رب ذوالجلال کا بے حد شکر گزار ہوں کہ میری شب و روز کی بے لوث رہنمائی سے اکثریت نے ورد اسم اعظم سے استفادہ کیا اس سلسلہ کو برقرار رکھتے ہوئے اب نئی تحقیق پیش خدمت ہے۔ گزشتہ مضامین میں یہ بتایا گیا تھا کہ اسم اعظم 73 حروف پر مشتمل ہے جن میں سے 72 آئمہ طاہرین علیہم السلام کو عطا کیے گئے ہیں اب نئی تحقیق میں ان حروف کی وضاحت کر رہا ہوں یہ حروف ابجدی قمری ملفوظی اور سورہ حدید کی ابتدائی 6 جبکہ سورہ حشر کی آخری 4 آیات مبارکہ میں مستعمل 19 اسماء الحسنیٰ سے اخذ کیے گئے ہیں۔

## اب یہ حروف ملفوظی لحاظ سے مندرجہ ذیل ہیں

| ا | ب | ج | د | ہ | و | ز | ح | ط | ی | ک | ل | م |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الف | بے | جیم | دال | ہے | واؤ | زے | حے | طوئے | یے | کاف | لام | میم |
| 3 | 2 | 3 | 3 | 2 | 3 | 2 | 2 | 2 | 2 | 3 | 3 | 3 |
| ن | س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت | ث | خ | ذ | ض |
| نون | سین | عین | فے | صاد | قاف | رے | شین | تے | ثے | خے | ذال | ضاد |
| 3 | 3 | 3 | 2 | 3 | 3 | 2 | 3 | 2 | 2 | 2 | 3 | 3 |
| ظ | غ | | | | | | | | | | | |
| ظوئے | غین | | | | | | | | | | | |
| 2 | 3 | | | | | | | | | | | |

= 72 حروف
اب یہی حروف سورہ حدید کی پہلی 6 اور سورہ حشر کی آخری 4 آیات مبارکہ میں بذریعہ اسماء الحسنیٰ

| ھو | اوّل | آخر | ظاھر | باطن | علیم | رحمٰن | رحیم | ملک | قدوس |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2 | 3 | 3 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 3 | 4 |
| سلام | مؤمن | مھیمن | عزیز | جبار | متکبر | باری | غفور | حکیم | = 72 حروف |
| 3 | 4 | 5 | 4 | 4 | 5 | 4 | 4 | 4 | |

ان میں تیرہواں 73 حرف الف ہے جو کہ سلطہ میں مخفی ہے جسکے باطن میں ل۔ف دو حروف ہیں (ل 30) (ف 80) = 110 اور علی کے بھی 110 ہیں تو معلوم ہوا کہ الف کا باطن علی ہے لیکن اسی الف میں اگر تخصیص کیا جائے تو باقی "ف" رہ جاتا ہے یہ وہ راز ہے جسے صاحبان معرفت خوب جانتے ہیں پوری اسلامی تاریخ میں دیکھیں کہ وہ کونسا اسم اعظم ہے جو حرف "ف" سے شروع ہوتا ہے اور جسکی فضیلت و تعظیم خود سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہو تو میں یقین ہے کہ جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے سوا نہ ہوگا ان کے اسم میں رب العالمین نے بے پناہ تاثیر رکھی ہے ان کے نام کا واسطہ دے کر دعا مانگی جائے تو رد نہیں ہوتی ہے لہذا وہ افراد جو فی الفور مقاصد کی تکمیل چاہتے ہیں انہیں چاہیے کہ اپنا اسم اعظم استخراج کر کے درج ذیل ترتیب سے پڑھیں۔

## مثال برائے تفہیم

فاطمہ تقوی بنت پرویز اختر

| ف | ا | ط | م | ہ |
|---|---|---|---|---|
| 17 + | 1 + | 9 + | 13 + | 5 |

18+22+10+18
12+4+28
16+4
20

**نوٹ:** اسم اعظم کے استخراج کے دوران ولدیت شامل نہیں کی جائے گی

جدول سے ملاحظہ کیا تو عدد 20 کے لحاظ سے اسم الٰہی یا ملیک استخراج ہوا اب اسے مطابق تعداد 201 مرتبہ یوں پڑھیں یا ملیک بحق فاطمة سلام اللہ علیہا

## جدول اسم اعظم

| حروف | مراتب | اسماء الحسنیٰ | تعداد ورد |
|---|---|---|---|
| ا | 1 | قہار، حسیب، ماجد | 111 |
| ب | 2 | لطیف، کریم، ہادی | 113 |
| ج چ | 3 | رحیم، باسط، علیم، مالک الملک | 53 |
| د | 4 | جبار، حفیظ | 35 |
| ہ | 5 | غفور، مقتدر، جامع، رشید | 116 |
| و | 6 | رافع | 117 |
| ز ژ | 7 | رزاق | 118 |
| ح | 8 | قدوس، عدل، شکور، وارث، صبور | 119 |
| ط | 9 | واحد، ظاہر، مغنی | 120 |
| ی ے | 10 | فتاح، مقیت، غنی | 121 |
| ک گ | 11 | سلام، علیم، مذل، کبیر، مبدی، مجید، محیی، مقدم، متکبر | 101 |
| ل | 12 | ودود، ولی، مقسط | 71 |
| م | 13 | رحمٰن، قوی، مہدی، آخر | 90 |
| ن | 14 | واسع، شہید، قیوم | 106 |
| س | 15 | حکم | 120 |
| ع | 16 | سمیع | 130 |
| ف | 17 | مہیمن، متعالی، تواب | 81 |
| ص | 18 | عزیز، غفار، باطن، مانع، نور، باقی | 95 |
| ق | 19 | مہیمن، باری | 181 |
| ر ڑ | 20 | ملک، حافظ | 201 |
| ش | 21 | مصور، اعلیٰ، رؤف | 360 |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 501 | سُلْطَانٌ | 23 | ث | 401 | لَہٗ نَصِیْرٌ عَلِیٌّ وَاجِدٌ بَرٌّ | 22 | ت |
| 731 | جَلِیْلٌ رَقِیْبٌ وَکِیْلٌ مُجِیْبٌ | 25 | ذ | 601 | عَزِیْزٌ نَصِیْرٌ | 24 | خ |
| 901 | مُتَکَبِّرٌ حَقٌّ وَالِیٌّ | 27 | ظ | 805 | وَہَّابٌ قَابِضٌ مُجِیْبٌ قَادِرٌ | 26 | ض |
| | | | | 1060 | مُؤْمِنٌ غَافِرٌ مُجِیْبٌ حَیٌّ عَفُوٌّ | 28 | غ |

جابر علی المعروف شایان علی
ابن علامہ محمد حسین ظفر کربلائی

ہم نے فرقِ حیات کی مکمل وضاحت کر دی ہے جس بات کی سمجھ نہ آئے بذریعہ خط و کتابت سمجھ سکتے ہیں

## نمازِ حاجت (صلوٰۃ المضطر)

٭اس نماز کے پڑھنے سے ایسی جگہ سے اسباب مہیا ہوتے ہیں کہ جہاں سے گمان بھی نہ ہو۔

| دریا میں نہانا | بیماری سے نجات ہو |
| دریا سے پانی پینا | مرتبہ بلند ہو |
| دروازہ دیکھنا | عورت سے رنج ہو |
| درخت چنبیلی دیکھنا | عورت باوقار و صاحب عصمت ملے |
| دیوار سے گرنا | تنزلی کی دلیل ہو |
| دیوانہ دیکھنا | فکر و پریشانی |
| دہی کھانا | سفر پیش آئے |
| دولہا اپنے آپ کو دیکھنا | شادی ہو یا کسی کام کی خوشخبری |
| دوڑنا | کاموں میں جلدی ہوگی |
| **ڈ** | |
| ڈاڑھی بڑھی دیکھنا | قوم میں صاحب اقبال ہو |
| ڈھول بجتے دیکھنا | دل کی تمنا پوری ہو |
| ڈولی دیکھنا | گھر میں خانہ آبادی ہو |
| **ذ** | |
| ذبح کرنا حلال جانور | تکلیف سے آزادی ہو |
| ذکر امام حسین سننا | خیر و برکت ہے |
| **ر** | |
| روتے دیکھنا | خوشی نصیب ہوگی |
| روزہ رکھنا | قرض ادا ہوگا |
| روٹی کھانا | نعمت ملے گی |

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| دانت دیکھنا | قیمتی دولت کی علامت |
| **ز** | |
| زمرد یا زبرجد دیکھنا | پیسہ صاحب دولت ملے |
| زاہد شخص کو دیکھنا | پرہیزگار شخص کی دوستی |
| زمین کھودنا | کوئی مصیبت ہے |
| زلزلہ دیکھنا | رنج و مصیبت ہو |
| **س** | |
| سونا دیکھنا | بیٹے کی بشارت |
| سفید روشنی دیکھنا | دنیا میں نام روشن ہو |
| سانپ مارنا | دشمن سے حفاظت میں رہے |
| سرمہ لگاتے دیکھنا | جاہ و جلال |
| سورج دیکھنا | دولت و اقبال کی خوشخبری |
| **ش** | |
| شربت پینا | بیماری سے شفا اور مرادیں |
| شہد کھانا | مال حلال کی کشش |
| شتر مرغ یا گائے دیکھنا | نیک عورت بیوی ملے |
| شکار کھیلنا | دولت بڑی مشقت سے ملے |
| **ص** | |
| صدقہ دینا | بلائیں دور ہوں گی |
| صابن دیکھنا | کدورت سے دل صاف ہو |
| صفائی مکان کرنا | نیک اولاد کی خوشخبری |
| **ض** | |
| ضرب دیکھنا | برکت ہے یا دولت |
| ضیافت میں کھانا دیکھنا | غم و آلام سے نجات ہے |
| ضعیف آدمی کو دیکھنا | دولت سے دوری حاصل |
| **ط** | |
| طبیب کو دیکھنا | بیماری سے نجات یا صحت ہوگی |
| طواف کعبہ کرتے دیکھنا | دولت اور علم کی تعلیم |
| طوفان دیکھنا | فکر و اذیت پریشانی |

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| **ظ** | |
| ظلم ہوتا دیکھنا | مظلوم پر مہربانی ہوگی |
| ظہر کی اذان یا نماز پڑھنا | دین داری کی علامت |
| **ع** | |
| علم ہاتھ میں لینا | کسی اہل علم سے دوستی |
| عالم دین کو دیکھنا | عزت و شہرت |
| عمارت دیکھنا | دل کی مراد پوری ہو |
| عقیقہ دیکھنا | عزت و دولت حاصل ہو |
| عصا دیکھنا | بزرگ شخص سے تعاون ہوگا |
| **غ** | |
| غسل کرنا | غم و بیماری سے نجات |
| غبارہ دیکھنا | غریبی اور تنگ دستی ہو |
| غصہ دیکھنا | دل میں وسوسے ہوں |
| **ف** | |
| فرشتوں کو دیکھنا | دین و دنیا میں کامیابی |
| فرنی کھانا | بلند مرتبہ سے ملاقات |
| فاختہ دیکھنا | کسی دوست سے ملاقات |
| **ق** | |
| قرآن مجید پڑھنا | حلال روزی ہو |
| قبر کھودنا | بیمار کو صحت ہو |
| قیدی دیکھنا | غم میں گرفتاری ہوگی |
| **ک** | |
| کبوتر دیکھنا | کسی کی طرف سے خوشی |
| کرسی دیکھنا | حکومت میں ترقی ملے |
| کنواں دیکھنا | لڑکے کی پیدائش ہو |
| کھجور کھانا | حلال کی دولت حاصل ہو |
| **گ** | |
| گھوڑا دیکھنا | دولت اور عزت ملے |
| گدھا | مصیبت کی نشانی |

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| گاجر کھانا | پریشانی کی علامت |
| **ل** | |
| لڑکا خوبصورت دیکھنا | ترقی جاہ و جلال ہے |
| لڑکی خوبصورت دیکھنا | ترقی دولت ہے |
| لڈو | رنج و غم میں مبتلا ہو |
| لباس پہننا | درجہ کی بلندی |
| **م** | |
| مسجد دیکھنا | اچھی صحبت ملے |
| مرغ دیکھنا | مال حرام ملے |
| مرغ کی اذان سننا | اسلام کی ترقی |
| مچھلی دیکھنا | ترقی میں رکاوٹ |
| **ن** | |
| نماز پڑھتے دیکھنا | سعادت دارین حاصل ہو |
| نور دیکھنا | عالی شان عورت ملے |
| نہر میں نہانا | ملک میں جاگیر ملے گی |
| نگینہ دیکھنا | مال و دولت ملے |
| **و** | |
| وضو کرنا | غیب سے دولت ملے |
| وظیفہ پڑھنا | فرحت و مسرت ہوگی |
| وعظ کرنا | کاروبار میں نقصان |
| **ہ** | |
| ہاتھی دیکھنا | امیدوں میں کامیابی ہوگی |
| ہاتھ میں کسی کو پکڑنا | بیماری سے شفا ہو |
| ہاتھ میں مہندی لگی دیکھنا | خوشحالی کی نشانی |
| **ی** | |
| یاقوت دیکھنا | بہت خیر ملے گی |
| یتیم کو کھانا دیتے دیکھنا | کوئی بڑی مصیبت ٹل جائے گی |
| یخنی پینا | قوت بڑھے گی |
| یکہ میں سوار دیکھنا | کسی بزرگ سے ملاقات |

تحریر: شیخ زوار رضا جاوا (ماہر فلکیات)
238-B سبزہ زار ملتان روڈ لاہور
Cell : 0300-9477284
Ph: 042-37496809
0321-9477284
Www.enlighteningspirits.com
E-Mail: jawa1215@gmail.com

# یک سالہ زائچہ 2018
## کے فلکی اثرات

**نوٹ** حسب ذیل دعا 9 مرتبہ روزانہ ظہر کے وقت پڑھیں اول و آخر 9 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ مشکلات آسان ہونگی۔

**دعا رد نحوست سیارگان** بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا كَافِيْ يَا غَنِيُّ يَا مَالِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا كَبِيْرُ يَا مُتَعَالُ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِحْفَظْنِيْ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَمِنْ نُحُوْسَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْعُطَارِدِ وَالزُّهْرَةِ وَالْمِرِّيْخِ وَالْمُشْتَرِيْ وَالزُّحَلِ وَالرَّأْسِ وَالذَّنَبِ بِحَقِّ يَا اللهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوْسَى ابْنِ جَعْفَرٍ وَعَلِيِّ ابْنِ مُوْسٰى وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَعَلِيِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ وَالْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

**برج:** حمل **ARIES** **سیارہ:** مریخ



**رنگ:** گہرا لال
**عنصر:** آتش
**جواہر:** مرجان، سرخ یاقوت
**بہترین شریکہ حیات:** اسد، قوس
**ناموافق ساتھی:** سرطان، جدی، میزان
**بیماریاں:** [illegible]

**دن:** منگل **عدد:** 9 **شروعات:** 21 Mar to 20 Apr

**اہم نکات** امسال کریئر کے حاکم زحل اور نویں بارہویں کے حاکم مشتری کی پوزیشن آپکے لیے خاص اہمیت کی حامل ہوگی دوسری طرف آپکا ستارہ مریخ شرف یاب بھی ہوگا اور وسط مئی تا وسط نومبر حالت تعطیل میں بھی رہے گا یہ وقت آپکے لیے خاصہ مشکل ثابت ہو سکتا ہے امسال ہونے والے خسوف و کسوف آپکے زائچے کے اہم ترین مقامات پر لگ رہے ہیں انکے نقصانات سے بچنے کے لیے آپکو صدقہ دیتے رہنا ہوگا دیگر سیارگان کے شرف و وبال اور رجعت و استقامت آپ پر کیا اثرات مرتب کر رہے ہیں یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

**صحت** 2018 آپکی صحت کے حوالے سے قدرے ملا جلا سال ثابت ہو سکتا ہے گزشتہ سال پچھلے راہو کی موجودگی نے آپکی صحت کو بری طرح متاثر کیا ہے امسال 18 فروری تا 6 مارچ، 13 تا 30 مئی، 22 ستمبر تا 10 اکتوبر اور 31 اکتوبر تا آخر سال بیت الصحت کے حاکم عطارد کی خراب پوزیشن کی وجہ سے آپکی صحت متاثر ہو سکتی ہے دوسری طرف آغاز سال تا 8 نومبر مشتری کی آٹھویں موجودگی اور 9 مارچ تا 10 جولائی رجعت آپکو شدید ذہنی دباؤ کا شکار کر سکتی ہے جس سے آپکی صحت بری طرح متاثر ہو سکتی ہے آپکے ذہنی دباؤ کی وجہ آپکے سسرالی عزیز اور خفیہ دشمنوں کی ریشہ دوانیاں بھی ہو سکتی ہیں خود کو پرسکون رکھنے کی کوشش کریں اور اسکا روحانی سدباب ضرور کریں اس حوالے سے فیروزہ پہننا بہتر ہوگا۔

**منگنی** گزشتہ سال ہی سے راہو کی پانچویں موجودگی آپکی منگنی کی راہ میں رکاوٹ ہے اور یہ رکاوٹ امسال بھی نومبر تک برقرار رہے گی البتہ اس دوران پانچویں حاکم کے شمس کی بہتر پوزیشن آپکی امیدوں کے پورا ہونے میں مددگار ہو سکتی ہے اس حوالے سے 20 مارچ تا 21 مئی، 21 جون تا 23 ستمبر، 23 اکتوبر تا 22 دسمبر کا عرصہ بہتر ہے مگر اس دوران ایام زہرہ کا ضرور خیال رکھیں۔

**شادی** یوں تو امسال آپکو شادی کے کئی ایک مواقع میسر ہونگے مگر جہاں کچھ اوقات موافق ہونگے وہیں کچھ قطعی موافق نہ ہونگے۔ آغاز سال تا 18 جنوری، 11 فروری تا 7 مارچ، 31 مارچ تا 9 جولائی، 7 اگست تا 9 ستمبر کا عرصہ موافق ہوگا جبکہ بتائے گئے عرصے کے علاوہ نکاح، رخصتی وغیرہ سے گریز کرنا بہتر ہوگا بالخصوص بعد از 9 ستمبر کا عرصہ قطعی موافق نہ ہوگا۔

**سماجی تعلقات** سماجی تعلقات انسانی معاشرت کا اہم حصہ ہیں یہ انسانی زندگی پر انتہائی گہرے اثرات مرتب کرتے ہیں امسال آغاز سال تا 18 فروری، 6 تا 23 مارچ، 30 مئی تا 22 ستمبر، 10 تا 31 اکتوبر کا عرصہ آپکے سماجی تعلقات میں بہتری لا رہا ہے آپکو معاشرے میں ایک بہتر پہچان اور اپنے وقار میں اضافہ کرنے کے مواقع ملیں گے ان سے بھرپور فائدہ اٹھائیں جبکہ 18 فروری تا 6 مارچ، 13 تا 30 مئی، 23 ستمبر تا 19 اکتوبر بیت الاقربا کا حاکم بہتر پوزیشن میں نہ ہونے سے آپکے سماجی تعلقات بری طرح متاثر ہونے کا اندیشہ ہوگا بالخصوص 27 جون تا 27 اگست جبکہ آپکا اپنا حاکم ستارہ مریخ بحالت رجعت ہوگا آپکی جذباتیت اور جلد بازی آپکے تعلقات بالخصوص قریبی عزیز و اقارب سے خراب کر سکتی ہے آپکو صبر و تحمل سے کام لینا ہوگا۔

### اولاد، تعلیم، بانڈز، لاٹری

اسسال آپکو بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی راہو تمام سال آپ کے بیت الاولاد میں موجود رہتے ہوئے آپکو مشکلات سے دوچار رکھے گا اس مشکل وقت میں بھی پروردگار عالم نے آپ کے لیے آسودگی کے لمحات رکھے ہیں 20 مارچ تا 21 مئی 21 جون تا 23 ستمبر اور 23 اکتوبر تا آخر سال حالات قدرے بہتر رہیں گے اسسال سب سے زیادہ مشکل صورتحال حمل کی ان خواتین کو پیش آئے گی جو کہ امید سے ہیں آپکو خاص احتیاط اور روحانی مدد کی ضرورت ہوگی۔ انعامی بانڈ کے خواہشمند افراد کے لیے مشتری کی گردش معاون ثابت ہوسکتی ہیں مگر جلد بازی سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔

### سفر

حمل افراد یوں بھی مہم جویانہ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں اس لیے سفر کے شائق ہوتے ہیں مگر اسسال آپکو بیرونی سفروں میں قدرے محتاط روش اختیار کرنا ہوگی 12 فروری تا 6 مارچ 13 تا 30 مئی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر اور 31 اکتوبر تا آخری سال سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔ بیرون ملک یا طویل سفروں کے حوالے سے یہ سال بہتر نظر نہیں آرہا صرف 9 مارچ تک کا عرصہ موافق ہوگا اس کے بعد آپ کے بیرون ملک سفر میں رکاوٹیں کھڑی ہونا شروع ہوجائیں گی اس دورانیہ میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں تو بہتر ہوگا امیگریشن کے خواہشمند افراد کے لیے بھی یہ سال موافق نہ ہوگا اس کام کو اگلے سال پر اٹھا رکھنا بہتر ہوگا اشد مجبوری کی صورت میں مشتری کے اثرات سے بچاؤ کی تدابیر کریں بعد ازاں کوئی قدم اٹھائیں۔

### شراکتی، ازدواجی تعلقات

گزشتہ سال کی نسبت اسسال آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات قدرے بہتر نظر آرہے ہیں وہ حمل افراد جو حال شادی کے خواہشمند ہیں انشاءاللہ انکی شادی خانہ آبادی ہوجائے گی پہلے سے شادی شدہ افراد کو 18 جنوری تا 11 فروری 7 مارچ تا 31 مارچ 10 جولائی تا 17 اگست اور بالخصوص 9 ستمبر تا آخر سال اپنے ازدواجی معاملات میں خاص دشواریوں کا سامنا ہوسکتا ہے آپکو یہ دورانیہ بہت احتیاط سے گزارنا ہوگا کہ ان ایام میں علیحدگی کا اندیشہ موجود ہے اسسال شراکت داری کے حوالے سے بھی بتایا گیا عرصہ موافق نہ ہوگا اس دوران طے کی گئی شراکت داریاں دیرپا ثابت نہ ہونگی جبکہ 11 فروری تا 7 مارچ 24 اپریل تا 9 جولائی اور 7 اگست تا 9 ستمبر کا دورانیہ خاصہ بہتر نظر آرہا ہے آپکی شراکت داری کی آزمائش ہوسکتی ہے۔

### تعلیم، کیریئر

حمل بچوں کو اسسال 18 فروری تا 6 مارچ 13 تا 30 مئی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر اور 31 اکتوبر تا آخر سال اپنے تعلیمی معاملات میں مشکلات پیش آسکتی ہیں جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے حمل افراد کو 9 مارچ تا 10 جولائی اور یکم نومبر تا آخر سال تعلیمی مدارج کی تکمیل میں رکاوٹ کا سامنا رہے گا آپکی سب سے بڑی پریشانی ارتکاز کی ہوسکتی ہے۔

### معیشت، کیریئر، روزگار

یہ سال انشاءاللہ آپکے کیریئر روزگار کے حوالے سے کامیابی کا سنگ میل ثابت ہوگا آپکے کیریئر روزگار سے منسوب ستارہ زحل آغاز سال سے ہی اپنے ذاتی گھر برج جدی اور آپکے زائچے کے اہم ترین مقام دسویں گھر رہتے ہوئے آپکے کیریئر روزگار کو چار چاند لگا رہا ہے یہ پروردگار عالم کا خاص کرم ہے اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اسسال طویل دورانیے کی منصوبہ بندی پر عمل پیرا ہونا بہتر ہوگا جلد پایہ تکمیل تک پہنچنے والے منصوبے شاید اتنے ثمر آور ثابت نہ ہوں اسسال یکم تا 20 جنوری بوجہ شمس اور 18 اپریل تا 6 ستمبر بوجہ رجعت زحل آپکو قدرے مشکل حالات کا سامنا ہوسکتا ہے آپکے کام التوا کا شکار ہوسکتے ہیں اس حوالے سے زحل کا صدقہ سب سے بہتر علاج ہوگا 17 مارچ تا 18 مئی ستارہ مریخ بھی آپ کے کیریئر کے گھر شرف یافتہ نشست میں رہتے ہوئے سعد اثرات مرتب کر رہا ہے مگر اس دورانیہ میں زحل و مریخ کا قران کچھ مختلف اثرات بھی مرتب کرسکتا ہے محتاط رہیں۔

### خصوصی احکامات

2018 حمل افراد کے لیے مجموعی طور پر خاصہ بہتر سال نظر آرہا ہے مگر یہ قدرت کا نظام ہے کبھی خوشی اور دکھ ہر وقت ساتھ ساتھ چل رہے ہوتے ہیں آئیے اسسال سیاروں کی نشست و برخاست اور ان سے مرتب ہونے والے اثرات کا جائزہ لیتے ہیں امید کرتا ہوں ان کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ پروردگار عالم سے خصوصی دعاؤں اور صدقات کے ذریعے مدد حاصل کرسکیں گے۔

زحل تمام سال کیریئر روزگار کے گھر موجود رہتے ہوئے سعد اثرات مرتب کرتا رہے گا مگر 18 اپریل تا 6 ستمبر رجعت میں رہتے ہوئے آپکے کاموں میں دیر اور التوا کا باعث بنے گا یکم تا 20 جنوری شمس منحوس کے گھر رہتے ہوئے آپکے کیریئر روزگار پر منفی اثرات مرتب کر رہا ہے آپکو بچوں کی جانب سے مشکلات پیش آسکتی ہے آپکی منگنی ختم ہوجانے کے امکانات موجود ہیں۔ 17 جنوری تا 11 فروری آپ مالی تنگی کا شکار ہوسکتے ہیں دوستوں سے وابستہ مالی امیدیں پوری نہ ہوسکیں گی 20 جنوری تا 18 فروری دوستوں سے اختلافات سے گریز کریں آپکے بچے کچھ مسائل کا شکار ہیں ان پر توجہ دینا ضروری ہوگا 3 مارچ کو بارہویں زہرہ کا شرف امیگریشن کے حصول میں معاون ثابت ہوگا آپکی مالی پوزیشن مستحکم ہورہی ہے آپکی شادی کے حوالے سے یہ سال کا سب سے بہترین وقت ہے 25 فروری کو بارہویں عطارد کا ہبوط عزیز و اقارب کیساتھ تعلقات کشیدہ کرسکتا ہے گفتگو میں محتاط رہیں ان ایام میں جاب چھوڑنے یا تبدیل کرنے کی غلطی ہرگز مت کریں 7 تا 31 مارچ زہرہ طالع میں بہتر حالات وہاں رہے گا اس دورانیہ میں مالی معاملات میں غلط فیصلے ہوسکتے ہیں محتاط رہیں ان ایام نئی شراکت داریوں سے گریز کریں آپکے ازدواجی تعلقات بری طرح متاثر ہونے کا اندیشہ ہے احتیاط از حد ضروری ہوگی۔

9 مئی کو کرئیر کے گھر مریخ کا شرف کرئیر روزگار کے نئے مواقع کھول دے گا آپکا ستارہ عروج پر ہے ان ایام میں کیے گئے کاروباری معاہدے آپ کے لیے نہایت سودمند ثابت ہونگے آپکے وراثتی معاملات کا فیصلہ آپکے حق میں ہو سکتا ہے اس وقت طویل دورانیے کے منصوبوں پر کام کرنا بہتر ہوگا 20 مارچ تا 20 اپریل شمس طالع میں موجود رہتے ہوئے سعد اثرات مرتب کرے گا اور 8 اپریل کو مشتری درجات سے گزرے گا ان ایام میں بچوں کی منگنی وغیرہ کے حوالے سے کوئی خوشخبری مل سکتی ہے انعامی بانڈز کے شائق افراد کے لیے بھی یہ سال کامیاب ہے بہترین وقت ہے بے اولاد حضرات کو خوشخبری مل سکتی ہے۔ 24 اپریل تا 19 مئی تیسرے زہرہ کی موجودگی آپکی مالی پوزیشن مستحکم کر رہی ہے 12 مئی کو زہرہ مین اوج کے درجات سے گزرے گا آپ گھر کی مرمت یا تزئین و آرائش میں مصروف نظر آرہے ہیں قریبی عزیز و اقارب کیساتھ تعلقات بہتر ہو رہے ہیں 13 تا 30 مئی خانہ مال میں عطارد کی حتمی پوزیشن مالی معاملات کی تنگی کی نشاندہی کر رہی ہے ان ایام میں قرض لینے دینے سے گریز کریں اپنے اخراجات کنٹرول کریں ورنہ آپ مالی تنگی کا شکار ہو سکتے ہیں مالی معاہدوں اور چیک وغیرہ لکھ کر دینے سے گریز کریں جاب کی تبدیلی یا چھوڑنا مناسب نہ ہوگا اگر آپ نے جاب چھوڑی تو دوبارہ ملنا مشکل ہوگی۔ 21 مئی تا 21 جون تیسرے شمس کی موجودگی آپکے ساتھی تعلقات کو متاثر کر سکتی ہے آپکی منگنی بھی خطرے میں ہوگی محتاط رہیں بچوں کے مسائل سر اٹھا رہے ہیں 16 مئی کو مریخ اپنے زائچے کے گیارہویں گھر آجائے گا اور 26 تا 28 اکتوبر تک مین حضیض کے درجات پر موجود رہے گا یہ وقت آپکو از حد محتاط روی سے گذارنا ہوگا آپکے مزاج میں چڑچڑاپن پیدا ہو جائے گا یہ وقت آپکی خوش بختی کی تنسیخ کا وقت ہے اب بنتے بنتے کام بگڑ جائیں گے دوستوں سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں وراثتی اور شراکتی مالی معاملات بھی آپکی مشکلات میں اضافہ کا باعث ہونگے یہ صورتحال 16 نومبر تک برقرار رہے گی یہ سال کا مشکل ترین وقت ہے 30 مئی تا 13 جون عطارد کی بیت الاقربا میں موجودگی سماجی مصروفیت میں اضافہ کرے گی اچانک کسی نزدیکی سفر کا پروگرام بن سکتا ہے آپکی صحت بہتر ہو رہی ہے ترقی اور بہتر جاب ملنے کی توقع ہے 14 جون تا 10 جولائی زہرہ کی پانچویں موجودگی مالی استحکام کا باعث ہوگی آپ ایک سے زائد ذرائع آمدن پر غور کر رہے ہیں آپکی نسبت و شادی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں 21 جون تا 23 جولائی چوتھے شمس کی موجودگی خانگی معاملات میں بہتری لا رہی ہے گھر کی تبدیلی اور خرید و فروخت کے اسباب پیدا ہو رہے ہیں اولاد کے حوالے سے خوشخبری مل سکتی ہے 11 جولائی اس حوالہ سے بہترین وقت ہوگا 10 جولائی تا 7 اگست زہرہ آپکے گھر میں قیام پذیر رہے گا اور 24 اگست میں ہبوط کے درجات پر۔

ان ایام میں مالی لین دین سے گریز کریں آپکی صحت اور جاب دونوں متاثر ہو سکتی ہیں ازدواجی تعلقات کے حوالے سے یہ کافی حساس وقت ہوگا آپکو تعلقات بچانا مشکل ہو جائے گا 23 جولائی تا 23 اگست شمس کی پانچویں اپنے گھر نشست ایکبار پھر آپکی منگنی طے کرنے میں معاون ہوگی بچوں کے حوالے سے آسودگی میسر آئے گی ان ایام میں کوئی بڑا انعام نکل سکتا ہے 7 اگست تا 9 ستمبر زہرہ کی ساتویں موجودگی ازدواجی شراکتی حوالے سے کشیدہ معاملات کو سنبھالنے میں مددگار ہوگی آپکی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے اور یہ بہترین وقت ہوگا آپکی شادی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہونگے 6 تا 22 ستمبر چھٹے عطارد کی موجودگی جہاں آپکی جاب اور صحت پر مثبت اثرات مرتب کرے گی وہیں آپکی مخالفتوں میں بھی اضافہ ہو جائے گا سماجی روابط میں محتاط روش اختیار کرنا ہوگی 9 ستمبر تا آخر سال خانہ مال کا حاکم آٹھویں حالت وبال رہتے ہوئے آپکی مالی پوزیشن کو بری طرح متاثر کر رہا ہے آپکو ہر قدم پھونک پھونک کر رکھنا ہوگا 22 ستمبر تا 10 اکتوبر ساتویں عطارد حالت طرح میں رہتے ہوئے آپکے ساتھی شراکتی ازدواجی تعلقات متاثر کر سکتا ہے جاب چھوڑنے کی غلطی ہر گز مت کریں۔ 23 ستمبر تا 23 اکتوبر ساتویں شمس کی ہوائی نشست آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات کو اور بھی متاثر کر سکتی ہے آپکی منگنی شادی ختم ہو جانے کے قوی امکانات موجود ہیں از حد محتاط رہیں 11 اکتوبر اس حوالے سے خاص دن ہوگا۔ 12 اکتوبر آٹھویں عطارد کا اوج آپکے لیے وراثتی معاملات میں بہتری لا رہا ہے آپکا کوئی قریبی عزیز آپکی بہتر جاب کے حصول میں معاون ہو سکتا ہے 31 اکتوبر تا آخر سال ایگریمنٹ کے حوالے سے کچھ مناسب وقت نہ ہوگا آپ لاشعوری طور پر پریس ہو رہے ہیں 22 نومبر تا آخر سال شمس نویں موجود رہ کے آپکی توجہ مذہبی امور کی جانب مبذول کروا رہا ہے زیارات مقدسہ کا پروگرام بن سکتا ہے امسال ہونے والے قمری گرہن آپکے خانگی پراپرٹی اور اولاد سے منسوب معاملات کو متاثر کر رہے ہیں جبکہ شمسی گرہن خاص طور پر بچوں سے منسوب مسائل کھڑے کر رہا ہے حاملہ خواتین کو خاص احتیاط کرنا ہوگی۔

**ورد خاص** روزانہ ایک تسبیح سورۃ اعراف بعد از فجر تلاوت کریں بمعہ اول و آخر 11/11 مرتبہ درود پاک

**صدقہ** ہر منگل 900 گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں۔

**برج: ثور** **TAURUS** **ستارہ: زہرہ**



رنگ: گہرا
عنصر: خاکی
جواہر: الماس، نیلم، فیروزہ
بہترین شریک حیات: سنبلہ، جدی
ناموافق ساتھی: اسد، عقرب، دلو
بیماریاں: حلق، زبان، گردن کے عوارض، بلڈ پریشر، اعصابی امراض
دن: جمعہ | عدد: ۶ | 21 Apr to 21 May | حروف: ب، و

**اہم نکات** 2018 ثور افراد کے لیے قدرے بہتر مگر ایک ملا جلا سال ہے کیرئیر روزگار کا حاکم ستارہ زحل بلحاظ آپکے زائچے کے نویں گھر آچکا ہے اور آپکے کیرئیر روزگار پر مثبت اثرات مرتب کر رہا ہے دوسری طرف 16 مئی تا 16 نومبر مریخ کیرئیر کے گھر حالات تشکیل رہتے ہوئے آپکو مسائل سے دوچار رکھے گا مشتری کی ساتویں گھر نومبر تک موجودگی آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات کو بہتر بنا رہا ہے دیگر سیاروں میں شمس، قمر، عطارد، زہرہ اور جوزہر و قمری گرہن اس سال آپکی زندگی پر کیا اثرات مرتب کر رہے ہیں یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیے۔

**صحت** اس سال آپکی صحت پر ملے جلے اثرات مرتب ہو رہے ہیں آپکو 18 جنوری تا 11 فروری، 7 تا 30 مارچ، 10 جولائی تا 7 اگست، 9 ستمبر تا آخر سال اپنی صحت پر خاص توجہ دینی ہوگی آپکو سردرد، تیز بخار، بدہضمی، زخم لگنے، اعضاء مخصوصہ اور مثانہ سے متعلقہ بیماریوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے احتیاط رہیں لاپرواہی نقصان دہ ثابت ہوگی اس حوالے سے باقاعدگی سے صدقہ دینا بہتر ہوگا۔

**منگنی** یوں تو اس سال آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں مگر سال کے کچھ خاص اوقات ایسے بھی ہونگے جب آپکی بنی بنائی بات بھی بگڑ سکتی ہے اس سال یکم تا 17 جنوری، 11 فروری تا 7 مارچ، 24 اپریل تا 9 جولائی، 17 اگست تا 8 ستمبر کا عرصہ انتہائی موافق نظر آرہا ہے ان عرصے کے علاوہ گریز کرنا بہتر ہوگا۔

**شادی** اس سال آپکو شادی کے حوالے سے خاص احتیاط سے کام لینا ہوگا یکم جنوری تا 16 مئی کا عرصہ شادی کے حوالے سے قدرے بہتر وقت ہوگا اور بعد از 16 مئی تا 16 نومبر ایسی کسی بھی تقریب کے انعقاد سے گریز کریں اس دوران کی گئی شادیاں دیرپا ثابت ہوں گی بعد ازیں بھی آپکو نیک دن دیکھنا لازم ہوگا۔

**سماجی تعلقات** ثور افراد کے لیے ان کے سماجی تعلقات خاص اہمیت کے حامل ہوتے ہیں اس سال آپکے تعلقات ان شاء اللہ خاصے بہتر نظر آرہے ہیں البتہ

**اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری** تاحال بے اولاد ثور افراد کو اس سال انشاء اللہ اولاد کی خوشخبری مل جانے کی پہلے سے صاحب اولاد ثور افراد کو اس سال 18 فروری تا 6 مارچ، 13 تا 30 مئی، 22 ستمبر تا 11 اکتوبر، 31 اکتوبر تا آخر سال بچوں کے حوالے سے پریشانیوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے آپکے بچے آپکی خصوصی توجہ کے طالب ہونگے سال کا باقی دورانیہ خاصا بہتر نظر آرہا ہے انعامی بانڈ کے خواہشمند افراد بھی اس عرصے میں قسمت آزمائی کر سکتے ہیں۔

**سفر** نزدیکی سفروں کے حوالے سے یہ تمام سال تقریباً بہتر نظر آرہا ہے البتہ قمر در عقرب اور قمری گرہنوں کے قریبی ایام میں سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا بیرون ملک سفر یا ویزہ اپلائی کرنے کے لیے درست وقت کا انتخاب کرنا ضروری ہوگا اس سال یکم تا 20 جنوری، 18 اپریل تا 6 ستمبر کا عرصہ بہتر نہ ہوگا باقی کا عرصہ موافق رہے گا بامر مجبوری ویزہ اپلائی یا سفر سے قبل زحل کے اثرات سے بچاؤ کی تدبیر کریں وگرنہ وقت اور پیسہ دونوں کے ضائع جانے کا اندیشہ ہوگا۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** اس سال آپکو اپنے شراکتی ازدواجی تعلقات پر خاص توجہ دینا ہوگی آغاز سال تا وسط مارچ آپکے تعلقات معتدل رہیں گے جبکہ 17 مارچ تا 16 مئی کا عرصہ آپکے تعلقات عروج پر نظر آرہے ہیں آپ اپنی ازدواجی زندگی کو بھرپور انجوائے کر رہے ہیں۔ خواہشمند افراد کو کوئی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے مگر یہ صورتحال زیادہ دیر پا نہ رہ سکے گی 16 مئی کو مریخ برج دلو میں آجانے کے بعد آپکی شراکتی ازدواجی زندگی متاثر ہونا شروع ہو جائے گی 27 جون مریخ رجعت میں چلے جانے سے حالات اور بھی کشیدہ ہو جائیں گے آپکو از حد برداشت اور تحمل سے کام لینا ہوگا وگرنہ معاملہ علیحدگی تک جا سکتا ہے یہ حالات 16 نومبر تک برقرار رہ سکتے ہیں 7 ماہ کا یہ طویل عرصہ کسی امتحان سے کم نہ ہوگا۔

**تعلیمی کرئیر** ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے ثور بچوں کے لیے یہ سال کافی بہتر نظر آرہا ہے ان شاء اللہ آپ بہتر طور پر اپنے تعلیمی امور انجام دے سکیں گے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے ثور افراد کو یکم تا 20 جنوری، 18 اپریل تا 6 ستمبر قدرے مشکلات پیش آسکتی ہیں اس حوالے سے روحانی تدارک کرنا بہتر ہوگا اور وظائف اور صدقہ صورتحال کو تبدیل کر سکتا ہے۔

**معیشت کرئیر روزگار** آپکے کرئیر روزگار سے متعلقہ ستارہ زحل گزشتہ سال 20 دسمبر سے اپنے ہی برج جدی میں قیام پذیر رہتے ہوئے آپکے کرئیر روزگار پر سعد اثرات مرتب کر رہا ہے 20

پھونک کر کرنا ہوگا ورنہ غلط فیصلے کی وجہ سے شدید نقصان کا اندیشہ ہوگا ان ایام میں نئی شراکت داری اور کاروباری تبدیلی یا آغاز سے گریز کریں مسائل آپ کے کیریئر کو متاثر کرنے میں آپ کے خفیہ دشمن بھی پیش پیش نظر آرہے ہیں محتاط رہیں۔

**خصوصی احکامات**

جیسا کہ آپ گزشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں 2018 آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ہوگا اس سال کی سب سے اہم بات آپ کے کیریئر روزگار کے حاکم کی اپنے گھر میں موجودگی اپریل تا ستمبر رجعت اور کیریئر کے گھر میں تا نومبر مریخ کی موجودگی ہے آپ کو احتیاط کے ساتھ ساتھ کچھ روحانی تدارک کی بھی ضرورت ہوگی ان سیاروں کی نسبت سے ورد وظائف اور صدقات کو معمولات میں شامل رکھیں مریخ کی منفی پوزیشن آپ کی شراکتی ازدواجی زندگی کو انتہائی متاثر کرسکتی ہے آپ کو از حد محتاط رہنا ہوگا ورنہ ان سے علیحدگی ہو جائے گی آپ جب دیگر سیاروں کے شرف وہبوط وغیرہ پر نظر ڈالتے ہیں مشتری نومبر تک زائچے کے ساتویں قیام کرے گا اور آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات پر مثبت اثرات مرتب کرے گا اور آپ کی خوش بختی میں اضافہ کا باعث ہوگا یکم تا 20 جنوری کیریئر کے گھر شمس کی تنصیف آپ کے کیریئر کو متاثر کرسکتا ہے آپ کو گھر کی تبدیلی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے 18 جنوری تا 11 فروری آپ کا اپنا ستارہ زہرہ منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کی جاب اور کیریئر کو متاثر کر رہا ہے دوستوں سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں 20 جنوری تا 18 فروری شمس بھی گیارہویں آپ کی مشکلات میں اضافہ کر رہا ہے ان ایام میں پراپرٹی کی لین دین اور گھر کی تبدیلی سے گریز کریں 3 مارچ کو گیارہویں زہرہ کا شرف آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ کر رہا ہے حسب خواہش بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا آپ کی خوش بختی میں اضافہ ہو رہا ہے اور صحت بھی بہتر ہو رہی ہے 25 فروری کو گیارہویں عطارد کا ہبوط آپ کی مالی پوزیشن کو متاثر کر رہا ہے آپ بچوں کی وجہ سے کسی پریشانی میں مبتلا ہو رہے ہیں دوستوں سے بحث وتکرار سے گریز کریں آپ کی منگنی نسبت ختم ہو جانے کا قوی اندیشہ موجود ہے 3 مارچ کو ساتویں مشتری رجعت میں چلا جائے گا اور 10 جولائی تک رجعت میں رہے گا آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات میں کشیدگی پیدا ہو رہی ہے ورثاتی معاملات بھی خواہشات کے برعکس طے پا سکتے ہیں 6 مارچ تا 13 مئی عطارد کی بارہویں موجودگی آپ کے خلاف خفیہ سازشوں کا بازار گرم کرے گی آپ کے اپنے آپ کی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہوں گے دوسری طرف عطارد کی یہی پوزیشن آپ کی منگنی نسبت طے پانے میں معاون ہوگی آپ کی مالی پوزیشن بہتر ہو رہی ہے امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے یہ بہترین وقت ہے 7 تا 31 مارچ زہرہ کی بارہویں وبال زدہ نشست آپ کی جاب پر انتہائی منفی اثرات مرتب کر رہی ہے آپ کے بیرون ملک سے منسوب معاملات متاثر ہو رہے ہیں آپ کو اپنے مخالفین پر نظر رکھنا ہوگی۔ 17 مارچ تا 16 مئی مریخ بیرونی گھر میں رہتے ہوئے 9 مئی کو اپنی شرفی درجات سے گزرے گا۔

آپ کی شادی طے پا جانے کے قوی امکانات ہوں گے ویزہ، امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے بہترین وقت ہے آپ کے خفیہ دشمن مضبوط ہو رہے ہیں 18 اپریل کو بارہویں شمس کا شرف جہاں اولاد کے حوالے سے خوشخبری دے سکتا ہے وہیں آپ کے خفیہ دشمنوں کو بھی انتہائی مضبوط کرے گا ایک بار پھر آپ کی بات طے پا جانے کے قوی امکانات ہیں بیرون ملک مقیم افراد کو مستقل سکونت مل سکتی ہے 24 اپریل تا 19 مئی زہرہ کی تیسری برج یا خانہ نشست آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ کر رہی ہے آپ کی مالی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے جاب کی تبدیلی اور ترقی میں زہرہ کا یہ برج معاون ثابت ہوگا 13 تا 30 مئی کسی بھی قسم کے مالی معاہدے یا چیک وغیرہ لکھنے یا زبانی تحریری وعدے سے گریز کریں آپ کو بچوں کی وجہ سے اضافی اخراجات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ 21 مئی تا 21 جون اخراجات کا تسلسل نظر آ رہا ہے اپنے سماجی تعلقات پر نظر ثانی کرنا ضروری ہوگا 16 مئی تا 16 نومبر مریخ کیریئر کے گھر حالت تنصیف میں رہے گا اور 26 تا 28 اکتوبر میں تنصیف کے درجات سے گزرے گا یہ دورانیہ آپ کے شراکتی ازدواجی اور کاروباری حالات کے حوالے سے مشکل وقت ہوگا آپ کو از حد محتاط روش اختیار کرنا ہوگی ورنہ آپ کے تعلقات علیحدگی پر اختتام پذیر ہو سکتے ہیں آپ کو اپنے سینئرز سے شدید مخالفت کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے کسی بھی نئے کاروبار کے آغاز یا تبدیلی سے گریز کریں وہ افراد جنہوں نے امیگریشن اپلائی کیا ہوا ہے انہیں ناامیدی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے 30 مئی تا 30 جون خانہ مال میں عطارد کی موجودگی آپ کی بگڑتی ہوئی مالی پوزیشن کو سہارا دے سکتی ہے بچوں کے حوالے سے خوشخبری مل سکتی ہے اسی طرح آپ کی نسبت طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں 14 جون تا 10 جولائی زہرہ کی موجودگی خانگی ماحول کو بہتر بنا رہی ہے ہبوط وغیرہ پر نظر ڈالتے ہیں مشتری نومبر تک زائچے کے ساتویں قیام کرے گا اور آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات پر مثبت اثرات مرتب کرے گا اور آپ کی خوش بختی میں اضافہ کا باعث ہوگا یکم تا 20 جنوری کیریئر کے گھر شمس کی تنصیف آپ کے کیریئر کو متاثر کرسکتا ہے آپ کو گھر کی تبدیلی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے 18 جنوری تا 11 فروری آپ کا اپنا ستارہ زہرہ منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کی جاب اور کیریئر کو متاثر کر رہا ہے دوستوں سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں 20 جنوری تا 18 فروری شمس بھی گیارہویں آپ کی مشکلات میں اضافہ کر رہا ہے ان ایام میں پراپرٹی کی لین دین اور گھر کی تبدیلی سے گریز کریں 3 مارچ کو گیارہویں زہرہ کا شرف آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ کر رہا ہے حسب خواہش بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا آپ کی خوش بختی میں اضافہ ہو رہا ہے اور صحت بھی بہتر ہو رہی ہے 25 فروری کو گیارہویں عطارد کا ہبوط آپ کی مالی پوزیشن کو متاثر کر رہا ہے آپ بچوں کی وجہ سے کسی پریشانی میں مبتلا ہو رہے ہیں دوستوں سے بحث وتکرار سے گریز کریں آپ کی منگنی نسبت ختم ہو جانے کا قوی اندیشہ موجود ہے۔

3 مارچ کو ساتویں مشتری رجعت میں چلا جائے گا اور 10 جولائی تک رجعت میں رہے گا آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات میں کشیدگی پیدا ہو رہی ہے ورثاتی معاملات بھی خواہشات کے برعکس طے پا سکتے ہیں 6 مارچ تا 13 مئی عطارد کی بارھویں موجودگی آپ کے خلاف خفیہ سازشوں کا بازار گرم کرے گی آپ کے اپنے آپ کی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہوں گے دوسری طرف عطارد کی بھی پوزیشن آپ کی منگنی، نسبت طے پانے میں معاون ہوگی آپ کی مالی پوزیشن بہتر ہو رہی ہے امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے یہ بہترین وقت ہے 7 تا 31 مارچ زہرہ کی بارھویں وبال زدہ نشست آپ کی جاب پر انتہائی منفی اثرات مرتب کر رہی ہے آپ کے بیرون ملک سے منسوبہ معاملات متاثر ہو رہے ہیں آپ کو اپنے مخالفین پر نظر رکھنا ہوگی۔ 17 مارچ تا 16 مئی مریخ نویں شرفی گھر رہتے ہوئے 9 مئی کو میں شرفی درجات سے گزرے گا گھر کی تزئین و آرائش اور خرید و فروخت کے لیے یہ بہترین وقت ہے آپ کی خود اعتمادی اور خاندان میں عزت و توقیر میں اضافہ ہو رہا ہے 21 جون تا 23 جولائی شمس اپنے برج کے گھر میں قیام پذیر رہے گا اور 11 جولائی کو میں اوج کے درجات سے گزرتے ہوئے آپ کے سماجی تعلقات میں بے حد بہتری لا رہا ہے بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ تعلقات بہتر ہو رہے ہیں حسب منشاء گھر اور سواری کا حصول ممکن ہوگا 10 جولائی کو زہرہ برج سنبلہ میں آجائے گا اور 3 اگست کو میں ہبوط کے درجات پر ہوگا زہرہ سنبلہ میں 7 اگست تک قیام کرے گا زہرہ کا ہبوط آپ کے شخصی وقار، جاب، صحت اور بچوں سے منسوب معاملات کو متاثر کر رہا ہے آپ کی منگنی ٹوٹنے کے قوی امکانات موجود ہیں 23 جولائی تا 23 اگست شمس کے چوتھے اور اپنے ہی گھر آجانے سے گھر خاندان زمین و جائیداد سے متعلقہ معاملات میں بہتری آ رہی ہے۔ گھر پلاٹ یا جائیداد وغیرہ خریدنے کے لیے یہ بہترین وقت ہے 7 اگست تا 9 ستمبر زہرہ کے پچھلے گھر قیام سے آپ کی صحت اور جاب میں بہتری متوقع ہے آپ کی خود اعتمادی میں اضافہ ہو رہا ہے نئی یا بہتر جاب کی آفر مل سکتی ہے 6 تا 22 ستمبر عطارد کی پانچویں شرفی نشست اور 11 اکتوبر کو شرف آپ کے لیے ترقی کی راہ ہموار کر رہا ہے آپ ایک سے زائد ذرائع آمدن پر غور کر رہے ہیں بچوں کے حوالے سے خوشخبری مل سکتی ہے من پسند جگہ پر منگنی کے خواہشمند افراد کی دلی مراد پوری ہو سکتی ہے 9 ستمبر تا آخر سال زہرہ کی ساتویں شراکتی ازدواجی گھر وبال زدہ نشست اور 16 اکتوبر تا 16 نومبر رجعت آپ کی شراکتی ازدواجی زندگی کو تہ و بالا کر سکتی ہے آپ کو محتاط رہنا ہوگا آپ کی ذات پر الزامات لگ سکتے ہیں آپ کو کچھ زیادہ ہی محتاط رویے سے کام لینا ہوگا ورنہ علیحدگی بھی نظر آ رہی ہے 22 ستمبر تا 10 اکتوبر عطارد کی پچھلے حالت طرح موجودگی آپ کی صحت بری طرح متاثر کر سکتی ہے آپ کو روحانی مدد کی ضرورت ہوگی کیونکہ صحت بوجہ گھر جائیداد متاثر ہونے کے امکانات موجود ہیں مالی پوزیشن بھی

جاب چھوڑنے کی غلطی ہرگز نہ کریں ورنہ ملا

اسی وجہ سے بگڑتی نظر آ رہی ہے جاب مشکل ہوگی 23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس برج میزان میں قیام پذیر رہے گا اور 11 اکتوبر کو میں ہبوط کے درجات سے گزرے گا اس طرح عطارد سے ملنے والے منفی اثرات میں اور بھی شدت آجائے گی اس کے علاوہ خانگی معاملات بھی متاثر ہو رہے ہیں گھر کی تبدیلی یا خرید و فروخت سے گریز کریں 12 اکتوبر کو ساتویں عطارد کا رجوع گزشتہ جاری شراکتی ازدواجی مسائل کو سنبھالنے میں مدد دے گا اسے امداد الہی سمجھیے گا اور اس وقت سے بھرپور فائدہ اٹھائیں آپ کے مالی معاملات بھی بہتر ہو رہے ہیں 31 اکتوبر تا آخر سال عطارد آٹھویں منفی ہونے سے آپ ذہنی دباؤ کا شکار ہو سکتے ہیں شراکتی مالی معاملات میں خسارہ ہو سکتا ہے آپ کی پریشانی کی ایک بڑی وجہ وراثتی معاملات بھی ہو سکتے ہیں 16 نومبر کو مریخ گیارھویں حالت طرح میں آجائے گا جس سے دوستوں سے اختلافات پیدا ہوں گے شراکتی ازدواجی تعلقات ایک مرتبہ پھر سر اٹھا رہے ہیں اب آپ کی خواہشات کی تکمیل ممکن نہ ہوگی 22 نومبر تا 22 دسمبر شمس کی آٹھویں موجودگی خانگی ورثاتی معاملات کے حل میں معاون ہوگی آپ کو معاملات سنبھالنے کا موقع ملے گا امسال ہونے والے قمری و شمسی گرہن آپ کے ہاں خانگی معاملات کے علاوہ آپ کی خوش بختی کی تسبیح کا باعث بن سکتے ہیں جنتری میں سے ان ایام کو نوٹ فرما لیں اور نماز کسوف و خسوف کے علاوہ صدقات ضرور ادا


**صدقہ** کریں تا کہ اس برے وقت سے محفوظ رہ سکیں۔

بروز منگل 900 گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں۔

**ورد خاص** روزانہ بعد از نماز فجر یا عشاء ایک تسبیح ورد کریں

یا نصیر النصر بحق نعم المولیٰ و نعم النصیر۔

**برج: جوزا** **GEMINI** **ستارہ: عطارد**



رنگ: ________ پیلا/زرد
عنصر: ________ ہوائی
جواہر: ________ زمرد
بہترین شریک حیات: ________ میزان، دلو
ناموافق ساتھی: ________ سنبلہ، قوس، حوت

بیماریاں: ...

دن: بدھ عدد: 5 22 May to 21 Jun حروف: ق ک

**اہم نکات** 2018 جوزا افراد کے لیے ایک ملا جلا سال نظر آ رہا ہے زحل تمام سال آٹھویں قیام پذیر رہے گا جو کہ بہتر صورتحال نہیں ہے مشتری کی چھٹے موجودگی جہاں جاب میں بہتری لا رہی ہے وہیں آپ کی مخالفتیں بڑھ جائیں گی دوسری طرف چھٹے گیارھویں کا حاکم مریخ آپ کے نویں گھر میں رہے گا 10 نومبر حالت حقیقی میں رہے گا یہ وقت آپ کی جاب، صحت اور خواہشات دونوں کو متاثر کر رہا ہے امسال ہونے

والے گرہن آپکے زائچے کے اہم ترین مقامات پر لگ رہے ہیں آپکو ان پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہوگی۔

**صحت** آغاز سال سے ستارہ زحل زائچے کے آٹھویں میں موجود رہتے ہوئے آپکو ذہنی دباؤ کا شکار کر رہا ہے 18 اپریل تا 6 ستمبر اسکی رجعت آپکے ذہنی دباؤ میں مزید اضافہ کرے گی جس سے آپکی صحت بری طرح متاثر ہونے کا اندیشہ ہے اس صورتحال سے بچاؤ کے لیے زحل سے منسوب صدقات استعمال کریں روحانی مقامات پر جانا بھی بہتر نتائج کا حامل ہوگا دوسری طرف 16 مئی تا 16 نومبر بیت الصحت کے حاکم مریخ کی پوزیشن آپکی صحت کو بری طرح متاثر کر سکتی ہے ان ایام میں کسی بھی قسم کی لاغرضی سے گریز کریں خدانخواستہ آپکو سرجری کروانا پڑ سکتی ہے۔

**منگنی** درست وقت کا انتخاب کسی بھی کام کو بہتر انجام تک لے جاتا ہے جبکہ اسی کام کی بنیاد غلط وقت میں رکھ دی جائے تو قباحت کسی بھی وقت سر اٹھا سکتی ہے اسسال آپکو منگنی وغیرہ کے لیے درست وقت کا انتخاب کرنا ضروری ہوگا آغاز سال تا 10 فروری 7 تا 31 مارچ 10 جولائی تا 7 اگست 9 ستمبر تا آخر سال ایسی کسی بھی تقریب کے انعقاد سے گریز کریں ورنہ بات ختم ہو جائے گی۔

**شادی** یہ سال آپکی شادی کے حوالے سے موافق نظر نہیں آ رہا آپکی شادی سے متعلقہ ستارہ مشتری آغاز سے زائچے کے چھٹے گھر موجود ہے اور نومبر تک یہیں قیام پذیر رہے گا اور 9 مارچ تا 10 جولائی رجعت میں بھی رہے گا اسطرح آپکی طے شدہ شادی بھی التوا کا شکار ہو سکتی ہے شادی کے حوالے سے اسسال آپکی بندش ہونے کے بھی قوی امکانات موجود ہیں محتاط رہیں۔

**سماجی تعلقات** سماجی تعلقات ہر جوزا فرد کے لیے خاص اہمیت کے حامل ہوتے ہیں اسسال آپکو آغاز سال تا 18 فروری بالعموم اور 18 فروری تا 20 مارچ بالخصوص اپنے تعلقات بنائے رکھنے میں دشواری پیش آسکتی ہے ترش اور تلخ لب و لہجہ کیساتھ بحث و تکرار سے گریز کریں بعد از 20 مارچ آپکے تعلقات انشاءاللہ بہتری کی جانب گامزن ہونگے آخر جون تا آخر ستمبر آپکے تعلقات بہتر نظر آ رہے ہیں البتہ اس دورانیے میں آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات میں پیدا ہونے والی خرابیاں آپکے سماجی وقار کو مجروح کر سکتی ہیں اس طرف خاص توجہ رکھیں اسکے علاوہ 23 ستمبر تا 23 اکتوبر کا عرصہ آپکے لیے کسی امتحان سے کم نہ ہوگا خاندانی مسائل سر اٹھا رہے ہیں سال کا باقی عرصہ انشاءاللہ بہتر گزرے گا۔

**اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری** بےاولاد جوزا افراد کو اسسال انشاءاللہ اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے اس حوالے سے 11 فروری تا 7 مارچ 24 اپریل تا 10 جولائی 7 اگست تا 9 ستمبر کا عرصہ انتہائی موافق نظر آ رہا ہے اسسال آپکو آغاز سال تا 10 فروری 7 تا 30 مارچ 10 جولائی تا 6 اگست اور 10 ستمبر تا آخر سال بچوں کی جانب سے مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے آپکے بچوں میں خود سری بڑھ رہی ہے۔

**سفر** آپکا برج بادی عنصر کا ہونے کی وجہ سے آپ سیر و تفریح کے شائق ہیں اسسال آپکو کئی ایک زمینی سفروں سے واسطہ رہیگا مگر سال کا کچھ دورانیہ احتیاط طلب ہوگا یکم جنوری تا 20 مارچ اور 23 ستمبر تا 23 اکتوبر سفر سے گریز کی حتی الامکان کوشش کریں طویل یا بیرون ملک سفر کے حوالے سے یہ سال قطعی موافق نہ ہوگا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں امیگریشن اپلائی کرنے والے جوزا افراد کے لیے 11 فروری تا 7 مارچ 31 مارچ تا 10 جولائی 7 اگست تا 9 ستمبر کا عرصہ موافق رہیگا باقی عرصہ گریز کریں۔

**تعلیمی کیریئر** اسسال جوزا بچوں کو آغاز سال تا 20 مارچ، 22 ستمبر تا 23 اکتوبر پڑھائی کے معاملے میں مشکلات پیش آسکتی ہیں آپ ارتکاز کی کمی کا شکار ہو سکتے ہیں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے جوزا افراد 20 جنوری تا 18 فروری، 18 اپریل تا 6 ستمبر مشکل صورتحال کا سامنا ہو سکتا ہے ان ایام میں صدقہ دیں اور روزانہ یا علیم کا ورد کریں۔

**شراکتی / ازدواجی تعلقات** گزشتہ سال ساتویں کے حاکم مشتری اور ساتویں موجود زحل کی رجعت نے آپکو خاصا متاثر کیا ہے اسسال بھی صورتحال کچھ خاص بہتر نظر نہیں آ رہی ساتویں کا حاکم مشتری زائچے کے چھٹے نومبر تک قیام پذیر رہے گا آپکو لگیگا جیسے کسی نے آپکے تعلقات منقطع کرنے کے لیے بندش کر دی ہے 9 مارچ تا 10 جولائی مشتری کی رجعت آپکے تعلقات کو مزید کشیدہ کر دے گی ان ایام میں کسی بھی قسم کی شراکت داری سے گریز کریں 31 اکتوبر کو عطارد کی ساتویں آمد اور 17 نومبر تا 7 دسمبر رجعت پہلے سے خراب تعلقات کو مزید خراب کرے گی۔

**معیشت / کیریئر / روزگار** آپکے کیریئر روزگار کے حوالے سے بھی یہ سال کچھ موافق نظر نہیں آ رہا آپکے کیریئر روزگار سے متعلقہ ستارہ عطارد نومبر تک زائچے کے چھٹے منحوس پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکے کیریئر روزگار کو متاثر کر رہا ہے 11 فروری تا 7 مارچ زہرہ کی دسویں شرفی نشست جہاں بہتر اسباب پیدا کر رہی ہے وہیں 18 فروری تا 6 مارچ میں اس جگہ عطارد کی ہبوطی کیفیت آپکو غلط فیصلوں پر اکسائے گی آپ انتہائی تذبذب کا شکار نظر آ رہے ہیں 9 مارچ تا 10 جولائی مشتری کی رجعت آپکی جاب پر انتہائی منفی اثرات مرتب کر رہی ہے آپکا کیریئر روزگار داؤ پر ہوگا محتاط رہیں گو کہ اس سال کا باقی حصہ کچھ خاص بہتر نظر نہیں آ رہا مگر پھر بھی گزشتہ ایام سے بہتر رہے گا۔

**خصوصی احکامات** 2018 آپ کیلئے کئی حوالے سے احتیاط کا متقاضی ہوگا زحل کی آٹھویں موجودگی آپکے ذہنی دباؤ میں اضافہ کر سکتی ہے اور ذہنی دباؤ ہی آپکی سب سے بڑی کمزوری ہے دوسری طرف چھٹے مشتری کی موجودگی بھی آپکے مسائل میں اضافہ کر رہی ہے آپکی صحت اور جاب کیساتھ کیریئر روزگار آپکے لیے مسائل میں اضافہ کا باعث ہونگے چھٹے گیارہویں کا حاکم مریخ مارچ تا وسط اگست بہترین اثرات کا حامل ہوگا مگر بعد از وسط اگست تا وسط نومبر آپکو صحت سے متعلقہ شدید مسائل میں الجھا

ستاروں کی یہ پوزیشن آپکی خوش بختی کی تبدیلی کا باعث بھی بن سکتی ہے۔ دوستوں سے اختلافات بڑھ جائیں گے اب خواہشات کی تکمیل مشکل ہوگی۔ کم از 20 جنوری شمس کی آٹھویں موجودگی سے آپکے سماجی تعلقات متاثر ہو رہے ہیں آپ عزیز و اقارب کی وجہ سے انتہائی دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں 18 جنوری تا 11 فروری تک زہرہ کی حالیہ پوزیشن آپکے بیرون ملک سفر اور امیگریشن سے متعلقہ معاملات کو متاثر کر رہی ہے آپکو بچوں کے معاملات پر توجہ دینا ہوگی آپکی منگنی خراب حالات کا شکار ہو رہی ہے 20 جنوری تا 18 فروری شمس بھی یہیں موجود رہے گا یہ وقت آپکے لیے خاصا مشکل ثابت ہو سکتا ہے آپکو اپنے اور سسرالی عزیزوں دونوں کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے بیرون ملک سفر کا پروگرام ملتوی ہو سکتا ہے 11 فروری کو کیریئر کے گھر زہرہ آنے اور 3 مارچ کو شرف یاب ہونے سے آپکے کیریئر پر سعد اثرات مرتب ہونگے نئے کاروبار کی ابتدا اور گزشتہ کاروبار کی وسعت کے لیے یہ سال کا موزوں ترین وقت ہے آپکی منگنی کی راہ ہموار ہو رہی ہے ہر دو افراد کو اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے کیریئر کے حوالے سے فیصلے کرتے وقت آپکو از حد محتاط رہنا ہوگا کیونکہ 18 فروری تا 6 مارچ کیریئر کے گھر عطارد کی ہبوطی کیفیت اور 25 فروری کو جبرو اس حوالے سے غلط فیصلے کروا سکتی ہے خاندان کے افراد سے مخالفت کا سامنا ہو سکتا ہے کسی بھی قسم کی تحریری یا زبانی معاہدے سے گریز کریں ملازم پیشہ افراد والد یا افسر بالا کی مخالفت کا سامنا ہو سکتا ہے آپکی پروموشن یا تبادلہ رک سکتا ہے 6 مارچ تا 13 مئی گیارہویں عطارد کی حالت قرن موجودگی سے آپکی عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا دوستوں کی مدد سے آپ اپنی خواہشات کی تکمیل میں مگن ہیں خانگی معاملات میں بہتری آئے گی حسب خواہش گھر کی تبدیلی ممکن ہے۔ جائیداد کی خرید و فروخت کے لیے یہ وقت انتہائی موزوں ثابت ہوگا 7 تا 31 مارچ میں اسی جگہ زہرہ کی وبال زدہ نشست دوستوں سے اختلافات پیدا کرے گی زہرہ کا یہ وبال آپکے خفیہ دشمنوں پر بہت بھاری پڑے آپکی منگنی ٹوٹنے کے قوی امکانات موجود ہیں بچوں کی طرف سے پریشانیوں کا سامنا ہو سکتا ہے 9 مئی کو آٹھویں مریخ کا شرف ہونے سے آپکے شراکتی وراثتی معاملات کا حل ممکن ہوگا آپکو اور بہتر جاب مل سکتی ہے یہ خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے دوستوں سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں 8 اپریل کو گیارہویں شمس کا شرف عزیز و اقارب سے جاری کشیدگی کا خاتمہ کرے گا آپ خاصے مطمئن نظر آ رہے ہیں خواہشات کی تکمیل میں دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا 12 مئی کو طالع میں زہرہ کا شرف آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کر رہا ہے امیگریشن کا حصول ممکن ہوگا آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث ہونگے ایک بار پھر آپکی منگنی / نسبت طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں 16 مئی کو بارہویں عطارد کا ضعف آپکے خفیہ دشمنوں سے کوئی حریفی اور تحریری غلطی کروا سکتا ہے امیگریشن کے حصول کے لیے عملی اقدامات کے استعمال سے گریز کریں خاندان کے افراد سے کشیدگی ہو سکتی ہے بحث و تکرار سے گریز کریں 21 مئی تا 21 جون آپکو از حد محتاط روش اختیار کرنا ہوگی آپکی ذات پر الزامات لگ رہے ہیں گفتگو میں احتیاط کریں 16 مئی تا 16 نومبر کا عرصہ آپکی جاب، صحت کے لیے کسی امتحان سے کم نہ ہوگا صحت کا خاص خیال رکھیں جاب کی تبدیلی یا چھوڑنے سے گریز کریں سسرالی عزیزوں سے اختلافات ہو سکتے ہیں اس دوران امیگریشن اپلائی کرنے سے گریز کریں 30 مئی تا 13 جون طالع میں عطارد کی موجودگی لوگوں میں آپکے وقار کو بلند کر رہی ہے آپکی سمجھ بوجھ میں اضافہ ہو رہا ہے خانگی معاملات میں بہتری آئے گی خاندان کے افراد سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں۔ جائیداد کی خرید و فروخت کے لیے ایک بہتر وقت ہوگا 14 جون تا 10 جولائی تیسرے زہرہ کی موجودگی آپکی سماجی مصروفیات کو بڑھا دے گی آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں آپ بچوں کے حوالے سے خاصے مطمئن نظر آ رہے ہیں وہ افراد جنہوں نے امیگریشن اپلائی کر رکھی ہے ان کو کامیابی مل سکتی ہے 21 جون تا 23 جولائی شمس کی خانہ مال میں اوج یافتہ نشست اور 11 جولائی میں اوج کے درجات آپکی مالی پوزیشن مستحکم کر رہی ہے بہن بھائیوں سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں 3 اگست کو چوتھے زہرہ کا ہبوط گھر کے ماحول کو متاثر کر رہا ہے آپکے خفیہ دشمنوں پر خاص نظر رکھنا ہوگی ان دنوں جائیداد اور سواری کی خرید و فروخت سے گریز کریں آپکی منگنی ٹوٹنے کے واضح آثار نظر آ رہے ہیں 23 جولائی تا 23 اگست شمس کی تیسرے اپنے گھر موجودگی سے عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں نزدیکی سفر کا پروگرام بن سکتا ہے آپکی سماجی مصروفیات میں ایک بار پھر اضافہ ہو رہا ہے 7 اگست تا 9 ستمبر زہرہ کی پانچویں موجودگی آپکی منگنی / نسبت طے پا جانے کے امکانات بڑھا رہی ہے اس حوالے سے یہ ایک بہتر وقت ہے بچوں کے حوالے سے خوشخبری مل سکتی ہے بیرون ملک مقیم افراد کے لیے بہتر رہائش کا حصول ممکن ہوگا امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے یہ موزوں ترین وقت ہے 13 ستمبر کو چوتھے عطارد کا شرف گھر جائیداد کی خرید و فروخت کے لیے معاون ہوگا عطارد آپکا حاکم ستارہ ہونے کی وجہ سے آپکی خود اعتمادی میں اضافہ ہو رہا ہے گھر کے ماحول میں بہتری آ رہی ہے خاندان کے افراد میں آپکی عزت و توقیر بڑھ جائے گی خواہشمند افراد کے لیے بہتر سواری کا حصول ممکن ہوگا 9 ستمبر تا آخر سال زہرہ کی چھٹے گھر وبال زدہ نشست آپکی صحت اور جاب دونوں کو بری طرح متاثر کر رہی ہے اپنی جاب بچانے کی کوشش کریں اور صحت پر نظر رکھیں بچوں کے حوالے سے پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے آپکی منگنی بھی خراب حالات کا شکار ہو سکتی ہے 22 ستمبر تا 10 اکتوبر عطارد کی پانچویں حالت طرح میں موجودگی آپکے اور آپکی منگیتر (میل ملاپ) کے مابین

اختلافات پیدا کرے گی بچوں اور خاندان کے افراد سے بحث و تکرار سے گریز کریں ان ایام میں بغیر تصدیق کسی بھی بات پر یقین نہ کریں جو آپ کے یا آپ کے گھر کے خلاف ہو 11 اکتوبر کو پانچویں شمس کا ہونا عزیز و اقارب اور بچوں سے اختلاف پیدا کر سکتا ہے محتاط رہیں وگرنہ آپ کے سماجی تعلقات بری طرح متاثر ہو سکتے ہیں آپ کی منگنی کسی قریبی عزیز کی وجہ سے ختم ہو سکتی ہے 12 اکتوبر کو عطارد کا اوج آپ کے لیے بہتر جاب کی نوید لا رہا ہے آپکی خود اعتمادی بحال ہو رہی ہے مگر محتاط رہیں ان ایام میں آپکو سحر و جادو سے واسطہ پڑ سکتا ہے 31 اکتوبر تا آخر سال عطارد آپ کے زائچے کے ساتویں گھر حتمی پوزیشن رہتے ہوئے آپ کے شراکتی اور بالخصوص ازدواجی تعلقات کو متاثر کر رہا ہے اپنی گفتگو میں محتاط روش اختیار کریں ہو گی آپکا ذہنی دباؤ آپ کے تعلقات کو بری طرح متاثر کر سکتا ہے 16 نومبر تا 31 دسمبر کریٹ کے گھر مریخ کی حتمی پوزیشن آپ کے کیریئر روزگار کو بری طرح متاثر کر سکتی ہے ان ایام میں نئے کاروبار کے آغاز یا تبدیلی سے گریز کریں ملازمت پیشہ افراد کو سب سے زیادہ مشکل صورتحال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے آپکی ملازمت ایک روشن خطرے میں ہو گی اور دوستوں سے زیادہ توقعات رکھنا فضول ہو گا 22 نومبر تا 22 دسمبر شمس کی ساتویں بحالت فرح موجودگی گزشتہ ازدواجی شراکتی تعلقات میں بہتری کا باعث ہو گی اس حوالے سے قریبی عزیزوں کی معاونت شامل حال رہے گی 22 دسمبر تا آخر سال شمس کے آٹھویں آ جانے سے آپ عزیز و اقارب کی وجہ سے ذہنی دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں شراکت داری میں کام کرنے والے افراد کو خسارہ کا سامنا ہو سکتا ہے اسسال ہونے والے قمری و شمسی گرہن آپکی مالی پوزیشن کو بالخصوص اور سماجی و مذہبی معاملات کو بالخصوص متاثر کر سکتے ہیں ان ایام کو بہتری سے نوٹ فرمالیں صدقہ دے کر اور نماز کسوف و خسوف پڑھ کر ان گرہنوں کے اثرات سے محفوظ رہنے کی تدبیر کریں امید کرتا ہوں بتائے گئے حالات کی روشنی میں آپ اپنا سال بہتر انداز میں گزار سکیں گے۔

**صدقہ** ہر ہفتہ 800 گرام یا حسب توفیق کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈال دیں۔ **ورد خاص** روزانہ بعد از فجر 100 مرتبہ ورد کریں بعد اول و آخر 10/10 مرتبہ درود پاک لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین



## برج: سرطان — CANCER — سیارہ: قمر



رنگ: سفید و سبز
عنصر: آبی
جواہر: موتی، زمرد و عقیق
بہترین شریک حیات: عقرب، حوت
ناموافق ساتھی: حمل، جدی، میزان
بیماریاں: معدے، پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف، ...

دن: پیر | عدد: 2 | 22 June to 23 July | حروف: ح، ہ

**اہم نکات** برج سرطان والوں کے لیے 2018 کی سب سے اہم بات خانہ مال کا تمام سال راہو سے متاثر ہونا ہے مشتری نومبر تک پانچویں قیام پذیر رہتے ہوئے بچوں کی طرف سے آسودگی اور عزت و توقیر کا باعث ہو گا دوسری طرف ساتویں آٹھویں کا حاکم زحل جہاں آپ کے شراکتی ازدواجی اور وراثتی معاملات میں بہتری لا رہا ہے وہیں طالع کے مقابل رہتے ہوئے مشکلات میں اضافہ کا باعث بھی ہے اسسال پانچویں دسویں کا حاکم مریخ آغاز سال میں شرفیاب ہو کر آپ کے لیے بہتر جاب کے حصول اور کیریئر روزگار میں بہتری کا باعث ہو گا مگر 16 مئی تا وسط نومبر زائچے کے آٹھویں حالت تحتیف اور جون تا اگست رجعت میں رہتے ہوئے آپ کے لیے شدید مشکلات بھی پیدا کر رہا ہے۔

**صحت** گزشتہ سال آپکی صحت ستارہ زحل اور مشتری کے اثرات سے بری طرح متاثر رہی ہے جبکہ اسسال صورتحال گزشتہ کی نسبت کافی بہتر نظر آ رہی ہے اسسال 9 مارچ تا 10 جولائی بیت الصحت کا حاکم رجعت میں رہتے ہوئے آپکو پچھلے مسائل کا سامنا رہے گا دعا اور روحانی علاج بہترین ہے صدقہ دینا بہترین علاج ہو گا البتہ 31 اکتوبر تا آخر سال آپکی صحت پر خاص توجہ دینا ہو گی عطارد کی پچھلے موجودگی اور رجعت آپکی صحت کو بری طرح متاثر کر سکتی ہے حاسدوں کی جانب سے سحر و جادو کیے جانے کے امکانات موجود ہیں لوگ اس دوران نومبر میں مشتری کے پچھلے گھر آ جانے سے بہتری آئے گی مگر احتیاط لازم ہے۔

**منگنی** آغاز سال تا 17 مارچ بالعموم اور 18 مارچ تا 16 مئی بالخصوص آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہوں گے اور یہ وقت بہتر بھی ہے مگر وسط اگست تا وسط نومبر ایسی کسی بھی تقریب کے انعقاد سے گریز کریں اس دوران طے پا جانے والے معاہدے اختلافات کی نذر ہو کر ختم ہو سکتے ہیں اس دوران پہلے سے طے شدہ باتیں بھی ناموافق حالات کا شکار رہیں گی بلکہ طے شدہ منگنی بھی ختم ہو سکتی ہے۔

**شادی** شادی کے حوالے سے اسسال آپکو بہت سوچ سمجھ کر وقت کا انتخاب کرنا ہو گا یکم تا 20 جنوری ایسی کسی بھی تقریب کے انعقاد سے قطعی گریز کریں 18 اپریل تا 6 ستمبر آپکی بات بنتے بنتے بگڑ سکتی ہے آپکی شادی التوا کا شکار ہو سکتی ہے

[illegible] جلد بازی سے گریز کریں باقی دورانیہ بہتر نظر آرہا ہے اس سال آپ کی شادی طے پا جانے کے قوی امکانات ہوں گے دوسری شادی کے خواہشمند افراد کو بھی کامیابی مل سکتی ہے۔

**تعلیمی کیریئر** سرطان بچوں کو اس سال 18 فروری تا 6 مارچ 13 تا 30 مئی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر 31 اکتوبر تا آخر سال مشکلات پیش آسکتی ہیں اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے سرطان افراد کو 18 فروری تا 10 جولائی کے دورانیہ میں مشکل صورتحال کا سامنا ہو سکتا ہے باقی دورانیہ شاندار بہتر رہے گا۔

**اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری** اولاد کے خواہشمند افراد کو اس سال خوشخبری مل سکتی ہے سال کے آغاز سے ہی آپ بچوں کے حوالے سے خاصے مطمئن نظر آرہے ہیں 17 مارچ تا 16 مئی بالخصوص بہترین وقت ہوگا مگر 17 مئی تا 16 نومبر کا عرصہ آپ کے لیے کسی امتحان سے کم نہ ہوگا آپ کے بچے آپ کی اضافی توجہ کے طالب ہوں گے اس حوالے سے کئی ایک مسائل آپ کی پریشانی میں اضافہ کا باعث ہوں گے وہ خواتین جو کسی امید سے ہیں اس دوران انہیں خاص احتیاط کرنی چاہیے انعامی بانڈ کے خواہشمند افراد کے لیے مارچ تا وسط جولائی کا عرصہ قسمت آزمائی کے لیے بہتر ہوگا وسط اگست تا وسط نومبر ایسی کوشش ناکامی سے دوچار ہو سکتی ہے۔

**سفر** زمینی سفروں کے حوالے سے 18 فروری تا 6 مارچ 10 جولائی تا 7 اگست 22 ستمبر تا 10 اکتوبر کا عرصہ بہتر نہ ہوگا ان دنوں سفر سے گریز کریں طویل سفر کے خواہشمند افراد کو 18 فروری تا 6 مارچ سفر سے گریز کرنا ہوگا ورنہ آپ کسی بڑی مشکل کا شکار ہو سکتے ہیں بالخصوص آپ کے ڈاکومنٹس مسائل میں اضافہ کا باعث بن سکتے ہیں 9 مارچ تا 10 جولائی آپ کو سفر میں تاخیر یا التوا کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اس دورانیہ میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں سال کا باقی عرصہ بہتر ہے بلا خوف اپلائی کریں۔

**سماجی تعلقات** گزشتہ سال مئی تک آپ کے سماجی تعلقات خاصے متاثر رہے ہیں اس سال بھی آپ کو اپنے سماجی تعلقات بنائے رکھنے میں کچھ مشکلات پیش آسکتی ہیں 18 فروری تا 6 مارچ 13 تا 30 مئی 10 جولائی تا 7 اگست 22 ستمبر تا 10 اکتوبر 31 اکتوبر تا آخر سال آپ کو اپنے سماجی تعلقات بنائے رکھنے میں مشکلات کا سامنا رہے گا ان ایام میں گفتگو میں احتیاط کریں اور بالخصوص قریبی عزیز و اقرباء کے ساتھ تعلقات بگاڑنے سے گریز کریں۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** آغاز سال میں ہی یکم تا 20 جنوری شمس کی ساتویں حمل پوزیشن آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو متاثر کر رہی ہے 20 تا 20 فروری شمس کی آٹھویں بحالت وبال موجودگی شراکتی مالی خسارہ کی نشاندہی ہے ان ایام میں آپ کو از حد محتاط رہنا ہوگا 17 مارچ کو مریخ کے ساتویں برج شرفی گھر آجانے سے تعلقات میں بہتری ہو جائیں گے مگر مریخ یہاں 16 مئی تک قیام پذیر رہے گا مگر 18 اپریل تا 6 ستمبر ساتویں موجود زحل کے رجعت میں چلے جانے سے آپ کے تعلقات کشیدہ ہونا شروع ہو جائیں گے 16 مئی تا 16 نومبر مریخ زائچہ کے آٹھویں بحالت ہبوط رہتے ہوئے آپ کے تعلقات کو از حد کشیدہ کر سکتا ہے آپ کے تعلقات آپ کے لیے شدید ترین ذہنی دباؤ کا باعث بن سکتے ہیں مجموعی طور پر 2018 آپ کے ان تعلقات کے حوالے سے خوش کن نظر نہیں آرہا۔

**معیشت، کیریئر، روزگار** آغاز سال میں آپ کے کیریئر روزگار کی پوزیشن استحکام سے بہتر رہے گی 9 مارچ تا 10 جولائی کا عرصہ ملازم پیشہ افراد کے لیے کچھ دشوار کن رہے گا ان حالات کے باوجود 2 مارچ کو شمس کے کیریئر کے گھر آجانے سے آپ کے کیریئر پر مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں ذاتی کاروبار کرنے والے افراد کے لیے کاروباری ترقی کے حوالے سے یہ بہترین وقت ہے 17 مارچ کو کیریئر کا حاکم بھی شرفی گھر آجانے سے آپ کے کیریئر روزگار کو چار چاند لگ سکتے ہیں مگر 16 مئی کو مریخ کے برج دلو میں چلے جانے اور 16 نومبر تک ہبوط کی حالت طرح میں رہنے سے آپکا کیریئر روزگار بری طرح متاثر ہو سکتا ہے ملازم پیشہ افراد کو اپنے سینئرز کی مخالفت کا سامنا رہے گا اس دورانیہ میں نئے کاروبار کے آغاز یا تبدیلی سے قطعی گریز کریں ورنہ نقصان کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔

**خصوصی احکامات** 2018 آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ثابت ہو سکتا ہے اگر آپ اسکو بہتر گزارنا چاہتے ہیں تو ان باتوں کو غور سے پڑھ لیں اور کچھ خاص ایام کو نوٹ کر لیں جو کہ میں آپکو بتانے جا رہا ہوں زحل تمام سال آپ کے طالع کے مقابل ساتویں گھر قیام پذیر رہے گا آپ کی طبیعت میں سستی کا عنصر غالب رہے گا آپکو اس پر قابو پانا ہوگا مشتری آغاز سال تا نومبر تک پانچویں قیام پذیر رہتے ہوئے بچوں کی جانب سے آسودگی پہنچا رہا ہے خواہشمند افراد کی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہوں گے 9 مارچ تا 10 جولائی مشتری کی رجعت آپکو قدرے مسائل کا شکار کر سکتی ہے آغاز سال میں 9 جنوری کو ساتویں شمس کا تسخیف آپ کے مالی اور شراکتی ازدواجی تعلقات کو متاثر کر سکتا ہے 18 جنوری تا 11 فروری آٹھویں زہرہ کی حالت طرح موجودگی آپ کی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ بن سکتی ہے والدہ کی طرف سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے خاندان کے افراد کی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث بن سکتے ہیں 3 مارچ کو نویں زہرہ کا شرف آپ کے بیرون ملک سفر کی راہ ہموار کر رہا ہے سسرالی عزیزوں سے تعلقات میں بہتری متوقع ہے خواہشمند افراد کے لیے بہتر سواری کا حصول ممکن ہوگا۔ 25 فروری کو میں ہی جگہ ہونے والا عطارد کا ہبوط آپکے بیرون ملک سفر بالخصوص امیگریشن کے معاملات کو نقصان پہنچا رہا ہے قریبی عزیزوں بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات کشیدہ ہو رہے ہیں 6 مارچ تا 13 مئی عطارد کی کیریئر کے گھر موجودگی آپ کے لیے

نئے کاروباری معاہدوں کے راستے کھول دے گا آپ اپنے کیرئر بارے سنجیدہ اور بہتر فیصلے کر سکیں گے عزیز و اقارب سے جاری کشیدگی کا خاتمہ ہو جائے گا۔ 7 تا 31 مارچ میں اسی جگہ کیرئر کے گھر زہرہ کا وبال عطارد سے ملنے والے مثبت اثرات میں کمی کا باعث بن سکتا ہے آپکے گھریلو حالات آپکے کیرئر روزگار کو متاثر کر سکتے ہیں دوستوں سے کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے 9 مئی کو ساتویں مریخ کا شرف آپکی شراکتی ازدواجی زندگی اور کیرئر روزگار پر بہترین اثرات مرتب کر رہا ہے آپکی پرموشن ہو سکتی ہے کاروباری معاملات میں نئے اسباب پیدا ہو رہے ہیں بے اولاد مرد خواتین افراد کو بچوں کے حوالے سے خوشخبری مل سکتی ہے من پسند جگہ منگنی کے خواہشمند افراد کی دلی مراد پوری ہو سکتی ہے 8 اپریل کو کیرئر کے گھر شمس کا شرف گزشتہ جاری کاروباری اور کیرئر سے متعلقہ معاملات کو مزید بہتر کر دے گا آپکی مالی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے 12 مئی کو بارہویں زہرہ کا اوج آپکے خفیہ دشمنوں کو مضبوط بنا دے گا آپکے دوست اور خاندان کے افراد آپکے خلاف برسرپیکار نظر آرہے ہیں ان ایام میں گھر کی تبدیلی یا جگہ کی خرید و فروخت سے گریز کریں 16 مئی کو گیارہویں عطارد کا حضیض آپکے دوستوں کو بھی آپکے خلاف کر سکتا ہے عزیز و اقارب سے تعلقات کشیدہ ہونے سے بچائیں ورنہ آپکے سماجی تعلقات بری طرح متاثر ہو سکتے ہیں 21 مئی تا 21 جون خانہ مال کا حاکم بارہویں ہونے کی پوزیشن میں رہنے سے آپکی مالی پوزیشن متاثر ہو رہی ہے بیرون ملک مقیم افراد کو جگہ کی تبدیلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 16 مئی کو مریخ آٹھویں گھر حالت حضیض میں آ جائے گا اب آپکے ذہنی دباؤ میں اضافہ ہو رہا ہے بچوں اور سسرالی عزیزوں کی جانب سے مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے شراکت داری میں کام کرنے والے افراد کو مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 30 مئی تا جون بارہویں کا حاکم اپنے گھر ہی گھر میں قیام پذیر رہتے ہوئے آپکے خلاف سازشوں کو بڑھا دے گا آپکی سماجی مصروفیات میں اضافہ ہو جائے گا 14 جون تا 10 جولائی زہرہ خانہ مال میں حالت طرح میں رہتے ہوئے آپکی مالی پوزیشن کو مستحکم کر رہا ہے حسب خواہش گھر کی تزئین و آرائش اور تبدیلی ممکن ہو گی 11 جولائی کو طالع میں شمس کا اوج جہاں عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث ہو گا وہیں آپکی مالی پوزیشن کو مزید مستحکم کرنے میں بھی مددگار ہو گا 3 اگست کو تیسرے زہرہ کا ہبوط آپکی سماجی معاشرتی پوزیشن کو متاثر کر رہا ہے دوستوں اور بہن بھائیوں سے بھی تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں 23 جولائی تا 23 اگست شمس کی خانہ مال میں موجودگی گزشتہ جاری مالی بہتری کو مزید بہتر کر دے گی 7 اگست تا 9 ستمبر زہرہ کی چوتھے بیت الارض میں موجودگی گھر کی تبدیلی و خرید و فروخت کے لیے ماحول کو سازگار کر رہی ہے دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا یہ خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے 13 ستمبر بیت الاقرباء میں عطارد کا شرف عزیزوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ کا باعث بن سکتا ہے امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے یہ سال کا سب سے مناسب وقت ہے پہلے سے اپلائی شدہ امیگریشن کا جواب مثبت مل سکتا ہے 9 ستمبر تا 7 جنوری 2019 ستارہ زہرہ آپکے زائچے کے پانچویں حالت وبال میں رہتے ہوئے آپکو بچوں کی جانب سے مشکلات سے دوچار کرے گا اب آپکی خواہشات کی تکمیل مشکل ہو گی خانگی معاملات آپکی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہونگے اس دوران پراپرٹی کے لین دین یا جگہ کی تبدیلی سے گریز کریں بالخصوص 22 ستمبر تا 10 اکتوبر جبکہ عطارد بیت الارض میں حالت وبال ہو گا ایسے علاوہ خاندان کے افراد سے کسی بھی قسم کی بحث و تکرار سے گریز کریں آپکے خانگی معاملات متاثر ہو رہے ہیں 23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس کے میں اسی جگہ حالت ہبوط میں آ جانے سے حالات مزید کشیدہ ہو سکتے ہیں آپکو خاندان کے افراد پر اضافی اخراجات کرنے پڑ سکتے ہیں یا مالی خسارہ کا سامنا ہو سکتا ہے 12 اکتوبر کو پانچویں عطارد کا اوج بچوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ کر دے گا آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں سماجی تعلقات میں بھی بہتری آ رہی ہے بیرون ملک مقیم افراد کو بہتر رہائش مل سکتی ہے 31 اکتوبر تا آخر سال آپکو اپنی صحت اور جائیدادوں کا خاص خیال رکھنا ہو گا آپکی صحت بوجہ سحر و جادو جبکہ جائیداد آپکی کسی تحریری یا تقریری غلطی کی وجہ سے جا سکتی ہے 16 نومبر تا آخر سال نویں مریخ کی موجودگی آپکے بیرون ملک سفر میں رکاوٹ کا باعث ہو گی سسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں آپکی منگنی ایکبار پھر خطرے میں ہو گی آپکو بچوں اور کاروبار پر خاص توجہ دینی ہو گی ورنہ مشکلات بڑھ سکتی ہیں 22 نومبر تا 22 دسمبر چھٹے شمس کی موجودگی گزشتہ سحر کے اثرات کو ختم کر دے گی آپکو بہتر جاب مل سکتی ہے مالی پوزیشن قدرے بہتری کیجانب مائل ہو گی مگر 22 دسمبر تا آخر سال ایکبار پھر مالی پوزیشن غیر مستحکم ہو سکتی ہے شراکتی ازدواجی تعلقات بھی کشیدہ ہو سکتے ہیں رواں سال ہونے والے شمسی و قمری گرہن آپکی عزت و توقیر اور مالی پوزیشن کے علاوہ آپکے وراثتی شراکتی معاملات کو بھی متاثر کر سکتے ہیں احتیاط رکھیں اور بروقت صدقہ اور نماز کسوف و خسوف کی ادائیگی سے اپنی حفاظت کا بندوبست کریں امید کرتا ہوں بیان کردہ حالات کی روشنی میں آپ اپنے اوقات بہتر انداز میں گزارنے کی پلاننگ کر سکیں گے۔

**ورد خاص** وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَل لَّهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ روزانہ بعد از نماز فجر ایک تسبیح ورد کریں

**صدقہ** ہر ہفتہ ایک عدد ثابت ناریل بہتے پانی میں ڈال دیں

**برج:** اسد | **LEO** | **ستارہ:** شمس

رنگ: گولڈن، سنہرا
عنصر: آتش
جواہر: روبی، انبیا
بہترین شریک حیات: حمل، قوس، جوزا
ناموافق ساتھی: عقرب، ثور
بیماریاں: ہائی بلڈ پریشر، دل کی دھڑکن کی تکلیف، کمر کی تکلیف

**دن:** اتوار | **عدد:** 1 | 24 July to 23 Aug | **شروعات:** ...

**اہم نکات** 2018 آپ کے لیے بڑی تبدیلیوں کا سال ہے آغاز سال سے ہی زحل زائچے کے پانچویں گھر میں رہتے ہوئے جاب کا حصول ممکن بنا رہا ہے وہیں آپکی ظاہری قابلیت میں بھی اضافہ کر رہا ہے آپکی صحت بوجہ سحر و جادو متاثر ہو سکتی ہے دوسرا بڑا ستارہ مشتری نومبر تک چوتھے گھر میں قیام پذیر رہتے ہوئے زمین و جائیداد سے متعلقہ امور میں بہتری کا باعث ہوگا خاندانی وقار میں اضافہ ہوگا مئی میں چھٹے مریخ کا شرف جاب اور بیرون ملک سفر کی راہ ہموار کر رہا ہے اسسال آپکو حج و زیارات مقدسہ کی سعادت حاصل ہو سکتی ہے۔

**صحت** اسسال آپکو صحت کے حوالے سے ملے جلے اثرات کا سامنا رہے گا آغاز سال تا 20 جنوری شمس کی چھٹے گھر میں موجودگی صحت کو متاثر کر رہی ہے زحل سال بھر چھٹے گھر میں رہتے ہوئے آپکی صحت کو متاثر کر رہا ہے کیونکہ یہ اسسال آپکا چھٹا گھر ہے مگر چھٹے گھر میں کسی بھی ستارے کی موجودگی سعد اثرات کی حامل نہیں ہوتی 18 اپریل تا 6 ستمبر زحل کی رجعت اور اس دوران زحل و مریخ کا قران آپکے لیے شدید نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے اسسال آپکو صحت کی جانب خاص توجہ دینی ہوگی آپکی صحت بوجہ سحر و جادو متاثر ہو سکتی ہے اس حوالے سے روحانی سد باب پر توجہ دیں تو بہتر ہوگا

**منگنی** اسسال جہاں کچھ عرصہ آپکی منگنی کے حوالے سے بہترین ہوگا وہیں کچھ عرصہ بدترین بھی ثابت ہو سکتا ہے آغاز سال تا 15 مئی آپکی بات طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں جبکہ 16 مئی تا 16 نومبر ایسی کسی بھی کوشش سے گریز کرنا بہتر ہوگا یہ وقت قطعی طور پر بہتر نہیں ہے اس دوران پہلے سے طے شدہ منگنیاں بھی ٹوٹنے کا اندیشہ ہوگا۔

**شادی** اسسال آپکو شادی و نکاح کے حوالے سے خاص احتیاط سے وقت کا تعین کرنا ہوگا 19 جنوری تا 20 فروری 18 اپریل تا 16 نومبر نکاح و شادی کے لیے قطعی موزوں وقت نہ ہوگا اس دوران کی گئی شادیاں اختلافات کی نذر ہو جائیں گی بالخصوص 16 مئی تا 16 نومبر کا عرصہ ہرگز ہرگز ایسی کوئی کوشش نہ کریں باقی عرصہ بہتر رہے گا۔

**تعلیمی کرئیر** ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کو اسسال 18 جنوری تا 11 فروری 7 تا 31 مارچ 10 جولائی تا 7 اگست اور 9 ستمبر تا آخر سال مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا جبکہ اعلٰی تعلیم حاصل کرنے والے اسد افراد کو 7 تا 31 مارچ 16 مئی تا 16 نومبر مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا (بالخصوص مئی تا نومبر) آپکا تعلیمی سلسلہ ختم ہو سکتا ہے۔

**اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری** بیت الاولاد کا حاکم مشتری نومبر تک زائچے کے اہم ترین گھر اور پھر پانچویں اپنے ہی گھر قیام پذیر رہتے ہوئے آپکو بچوں کے حوالے سے بہترین اطلاع آسودگی پہنچا رہا ہے بے اولاد اسد افراد کو انشاءاللہ اسسال گوہر مقصود مل جائے گا البتہ 9 مارچ تا 10 جولائی بچے آپکی اضافی توجہ کے طالب ہونگے بچوں میں بے سکونی اور ضد کا عنصر بڑھ جانے کا امکان ہے انعامی بانڈ کے شائق افراد کے لیے مارچ تا جولائی اور دسمبر کا عرصہ موافق نظر آرہا ہے آپکا کوئی بڑا انعام نکل سکتا ہے

**سفر** اسسال زندگی کے سفر کے حوالے سے آپکو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا 13 جنوری تا 11 فروری 7 تا 31 مارچ 10 جولائی تا 7 اگست 9 ستمبر تا آخر سال کا دورانیہ سفر کے لیے مناسب نہ ہوگا بامر مجبوری صدقہ دے کر سفر کریں بیرون ملک یا طویل سفر اختیار کرنے والے اسد افراد کو اسسال از حد محتاط روش اختیار کرنا ہوگی آغاز سال تا 16 مئی کا عرصہ آپکے لیے خاصا موافق نظر آرہا ہے آپ حسب خواہش بیرون ملک سفر اختیار کر سکیں گے مگر بعد از 16 مئی تا 16 نومبر کا عرصہ قطعی موافق نہ ہوگا اس دوران وہ غیر ضروری پلاننگ کرنے سے گریز کریں۔

**سماجی تعلقات** کسی بھی فرد کے لیے سماجی تعلقات بے حد اہم ہوتے ہیں اسسال آپکا آغاز سال تا 18 جنوری 11 فروری تا 7 مارچ 31 مارچ تا 9 جولائی 7 اگست تا 9 ستمبر سماجی تعلقات کے حوالے سے موافق حالات میسر رہیں گے آپکو اپنے تعلقات کو مزید بہتر بنانے کا موقع ملے گا سال کا باقی عرصہ آپکو از حد محتاط روی سے گزارنا ہوگا اور اپنے تعلقات کو خراب ہونے سے بچانا ہوگا۔

**شراکتی، ازدواجی تعلقات** جیسا کہ اولین سطور میں بتایا جا چکا ہے اسسال آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات کو اچھے برے دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا آغاز سال تا 18 فروری آپکو اپنے تعلقات میں محتاط روی اختیار کرنا ہوگی 18 اپریل کو ساتویں کا حاکم زحل رجعت میں چلے جانے سے آپکے تعلقات میں تناؤ اور کشیدگی پیدا ہو جائے گی جو کہ 6 ستمبر تک جاری رہے گی دوسری طرف 16 مئی تا 16 نومبر ساتویں مریخ کے قیام سے آپکے اختلافی معاملات میں شدت پیدا ہو جائے گی 27 جون تا 27 اگست کا عرصہ بوجہ رجعت مریخ کسی امتحان سے کم نہ ہوگا آپکے مابین اختلافات بڑھنے سے نوبت علیحدگی تک پہنچ سکتی ہے وسط نومبر تا آخر سال کا عرصہ قدرے بہتر نظر آرہا ہے

**معیشت، کرئیر، روزگار** ابتدائے سال میں 18 جنوری تا 11 فروری آپکو کاروباری معاملات میں محتاط روی اختیار کرنا ہوگی 12 فروری تا 7 مارچ کا عرصہ

سال کا بہترین وقت ہے آپکو ازسرنو معاملات سدھارنے کا موقع مل رہا ہے ملازم پیشہ افراد کو پروموشن مل سکتی ہے مارچ کا مہینہ موافق نہ ہوگا مگر اپریل تا 10 جولائی کا عرصہ خاصہ بہتر نظر آرہا ہے البتہ 10 جولائی تا 7 اگست کا عرصہ آپ کے کیرئیر روزگار کے لیے قطعی موافق نہ ہوگا اس دوران کسی بھی قسم کے نئے منصوبہ جات یا تبدیلی سے گریز کریں بعد از 7 اگست آپ حالات میں بہتری محسوس کریں گے مگر یہ کچھ زیادہ دیرپا ثابت نہ ہوگی 9 ستمبر تا آخر سال آپ کے کیرئیر کا حاکم ستارہ زہرہ وبال اور رجعت میں رہتے ہوئے آپ کے کیرئیر روزگار کو بری طرح متاثر کرسکتا ہے یہ سلسلہ آخر سال تک جاری رہے گا آپکو ازحد محتاط رہنا ہوگا۔

**خصوصی احکامات**

ذیل تمام سال آپ کے زائچے کے چھٹے گھر رہتے ہوئے آپ کے دشمنوں کو مضبوط کر رہا ہے چھٹے کا حاکم اپنے گھر آنے سے آپ کے لیے بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا مگر اس کے ساتھ ساتھ میرا ذاتی مشاہدہ ہے ذیل جب بھی کسی فرد کے زائچے میں چھٹے گھر آتا ہے تو وہ فرد سحر جادو کا شکار ہوسکتا ہے اس معاملے کو کسی بھی طرح نظر انداز نہ کریں اور صدقات اور وظائف اپنا معمول رکھیں۔ دوسرا بڑا ستارہ مشتری آغاز نومبر تک زائچے کے چوتھے گھر رہتے ہوئے خانگی معاملات میں ازحد بہتری کا باعث ہوگا بہتر گھر، پراپرٹی کا حصول ممکن ہوگا مگر مشتری کی یہی پوزیشن آپکے کیرئیر روزگار کو بھی متاثر کرسکتی ہے مشتری آپ کے کیرئیر کے گھر کے بالکل مقابل قیام پذیر رہتے ہوئے آپ کے کیرئیر روزگار کو متاثر کرسکتا ہے 9 جنوری کو چھٹے شمس کا تحفیف آپکی صحت اور جاب دونوں کے لیے نقصان دہ ہوگا آپکو اپنے وقار کا خیال رکھنا ہوگا شمس کی یہ پوزیشن آپ کے دشمنوں پر آپکو فتح دلوادے گی۔ 18 جنوری تا 11 فروری ساتویں زہرہ کی حالت طرح میں موجودگی آپکی ازدواجی زندگی کو متاثر کرسکتی ہے 20 جنوری تا 18 فروری میں اس جگہ شمس کا وبال گزشتہ شراکتی ازدواجی خراب تعلقات کو مزید خراب کرے گا 3 مارچ کو آٹھویں زہرہ کا شرف آپ کے شراکتی وراثتی معاملات میں بہتری کا باعث ہوگا بہن بھائیوں اور قریبی عزیزوں سے تعلقات بہتر ہورہے ہیں آپ نئے کاروباری منصوبوں پر غور کررہے ہیں مگر 7 تا 31 مارچ آپکو قدرے محتاط روش اختیار کرنا ہوگی کیونکہ کیرئیر کا حاکم زہرہ نویں وبال کے گھر رہتے ہوئے معاملات کی کامیابی میں رکاوٹ ہوگا اس دوران آپکو اپنے اور سسرالی عزیزوں سے کشیدگی کا سامنا رہے گا 17 مارچ کو مریخ کے چھٹے گھر بحالت شرف آجانے اور 9 مئی کو شرفیاب ہونے سے آپ کیلئے بیرون ملک سفری راہیں کھول دے گا سسرالی عزیزوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ ممکن ہوگا یہ گھر اور پراپرٹی کے لیے لین دین کے لیے موزوں ترین وقت ہے 20 مارچ کو شمس نادی شرفیاب ہونے کے لیے آجائے گا اور 18 اپریل کو عین شرف کے درجات پر ہوگا آپکی خود اعتمادی میں اضافہ ہورہا ہے ایکبار پھر آپ کے بیرون ملک سفری راہ ہموار ہورہی ہے آپ مذہبی امور کیجانب راغب ہورہے ہیں حسب خواہش عمرہ و زیارت مقدسہ کا سفر کرسکیں گے 12 مئی کو گیارہویں زہرہ کا اوج آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہوگا دوستوں کیساتھ کسی تفریحی سفر کا پروگرام بن سکتا ہے آپ کے لیے حسب خواہش بہتر سواری کا حصول ممکن ہوگا 13 تا 30 مئی دسویں عطارد کے آجانے سے دوستوں سے اختلافات پیدا ہوسکتے ہیں ان ایام میں فضول خرچی سے گریز کریں کسی بھی قسم کا زبانی یا تحریری معاہدہ بعد ازاں شرمندگی کا باعث ہوگا 21 مئی تا 21 جون شمس کی گیارہویں حتمی پوزیشن آپکی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ بن رہی ہے آپکو گفتگو میں احتیاط کرنی ہوگی ورنہ آپکی عزت و توقیر داؤ پر ہوگی 16 مئی کو مریخ کے ساتویں بحالت تحفیف آنے سے آپ کے شراکتی ازدواجی معاملات بری طرح متاثر ہورہے ہیں اس حوالے سے خاندان کے افراد کو اپنے معاملات سے الگ رکھنا بہتر ہوگا آپکو اپنے شراکتی ازدواجی تعلقات کو بے حد محتاط روی سے چلانا ہوگا ورنہ مابین علیحدگی یقینی ہے ان ایام میں آپکو گھر یا جگہ کی تبدیلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے مریخ 16 نومبر تک اسی پوزیشن میں رہے گا اس لیے یہ ایک طویل دورانیہ کا امتحان ہوگا 30 مئی تا 13 جون عطارد گیارہویں اپنے ہی گھر قیام پذیر رہتے ہوئے آپ کے اور دوستوں کے مابین اختلافات کو ختم کرنے کا باعث ہے گا آپکی مالی پوزیشن مستحکم ہورہی ہے مالی امور کے حوالے سے کچھ بڑے اور بہتر فیصلے متوقع ہیں 14 جون تا 23 جولائی زہرہ طالع میں رہتے ہوئے آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر ہورہے ہیں آپکی سماجی مصروفیات میں اضافہ ہورہا ہے 11 جولائی کو بارہویں شمس کا اوج جہاں آپکے خفیہ دشمنوں کو مضبوط کررہا ہے وہیں خواہشمند افراد کے لیے بیرون ملک قیام کی راہ بھی ہموار کررہا ہے امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے یہ سال کا سب سے بہترین وقت ہے زہرہ 10 جولائی کو خانہ مال میں بحالت ہبوط آجانے سے آپ مالی تنگی کا شکار ہوسکتے ہیں 3-4 اگست اس سلسلے کی اہم ترین تاریخیں ہیں عزیز و اقارب سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں 23 جولائی تا 23 اگست آپکا اپنا ستارہ شمس طالع میں رہتے ہوئے آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا آپکی خود اعتمادی میں اضافہ ہورہا ہے 7 اگست تا 9 ستمبر زہرہ کے تیسرے اپنے ہی گھر آجانے سے عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر ہورہے ہیں حسب منشاء بہتر سواری کا حصول ممکن ہوگا آپکے لیے کیرئیر روزگار اور بہتر کاروبار کے دروازے کھل رہے ہیں 13 ستمبر کو خانہ مال میں عطارد کا شرف مالی معاملات کو سنبھالنے کا موقع ہے آپکو اپنے اخراجات و آمدن کا ازسرنو جائزہ لے کر بہتر منصوبہ بندی کرنے کا موقع ملے گا 9 ستمبر تا آخر سال زہرہ زائچے کے چوتھے وبال زدہ رہنے سے آپ کے خانگی معاملات ابتری کا شکار ہوسکتے ہیں ان ایام میں گھر کی

تبدیلی یا خرید و فروخت سے گریز کریں اب آپکو ہر قدم پھونک پھونک کر رکھنا ہوگا آپکا کیریئر روزگار داؤ پر ہوگا 11 اکتوبر کو بیت الاقربا میں شمس کا ہونا عزیز و اقارب کیساتھ تعلقات کشیدہ کرسکتا ہے 12 اکتوبر کو چوتھے عطارد کا اوج جاری خانگی کشیدگی کو ختم کرنے میں مددگار ہوگا 31 اکتوبر تا آخر سال عطارد کی پانچویں حالت وبال موجودگی آپکو بچوں کیوجہ سے پریشانیوں میں مبتلا کرسکتی ہے کی دوستوں سے اختلافات پیدا ہوسکتے ہیں اب آپ کی خواہشات کی تکمیل مشکل ہوگی 16 نومبر کو مریخ کے آٹھویں آجانے سے آپکے داخلی دباؤ میں اضافہ ہوسکتا ہے شراکتی مالی امور میں خسارہ کا سامنا ہوسکتا ہے سسرالی عزیزوں سے بھی تعلقات کشیدہ ہو رہے ہیں آپکے بیرون ملک سفر کی راہیں مسدود ہو رہی ہیں خانگی معاملات ایکبار پھر آپکی توجہ کے طالب ہونگے 22 نومبر تا 22 دسمبر شمس کے پانچویں حالت زوال قیام سے بچوں سے منسوب جاری مشکلات کا خاتمہ ممکن ہوگا آپکی منگنی کی راہ ہموار ہو رہی ہے امسال ہونے والے شمسی و قمری گرہن آپکے شمس و قمر بالخصوص آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات کو متاثر کر رہے ہیں گرہن کے اوقات میں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔

**ورد خاص** روزانہ بوقت فجر ایک تسبیح سورۃ شوریٰ آیت نمبر 19 ورد کریں بعد اول و آخر 12-12 مرتبہ درود پاک۔

**صدقہ** ہر بدھ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں




**اہم نکات** 2018 گزشتہ کی نسبت ایک بہتر سال ہے آغاز سال سے ہی زحل پانچویں قیام پذیر رہتے ہوئے آپ کے کئی ایک معاملات میں بہتری کا باعث ہوگا مشتری آغاز نومبر تک تیسرے میں قیام پذیر رہتے ہوئے آپکے سماجی تعلقات میں بہتری لا رہا ہے تیسرے آٹھویں کا حاکم مریخ وسط مئی تک آپکے سماجی و راشی معاملات میں بہتری لا رہا ہے مگر وسط مئی تا وسط نومبر چھٹے حالت تخفیف میں رہتے ہوئے آپکی صحت و جاہ دونوں کو بری طرح متاثر کر رہا ہے دیگر سیارگان آپ پر کیا اثرات مرتب کریں گے یہ آگے سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

**صحت** 20 جنوری تا 18 فروری شمس کی چھٹے موجودگی آپکی صحت کو متاثر کرسکتی ہے 18 اپریل تا 6 ستمبر چھٹے کا حاکم زحل رجعت میں رہنے سے اور 16 مئی کو مریخ کے بیت الصحت میں حالت تخفیف آجانے سے آپکی صحت بری طرح متاثر ہوسکتی ہے آپکو زائد محتاط رہنا ہوگا ورنہ آپکو سرجری کروانا پڑسکتی ہے یہ سال آپکی صحت کے حوالے سے کسی طور بہتر نہ ہوگا۔

**منگنی** امسال آپکی منگنی ہونے کے امکانات موجود ہیں زائچے کے پانچویں کا حاکم اپنے ہی گھر میں قیام پذیر رہتے ہوئے آپکی منگنی کی راہ ہموار کر رہا ہے آغاز سال تا 20 جنوری ایسی تقریبات کے انعقاد سے گریز کریں 18 اپریل تا 6 ستمبر زحل کی رجعت آپکی طے شدہ بات کو بگاڑ سکتی ہے مگر آپ صدقہ دے کر اس کے منفی اثرات سے بچ سکتے ہیں اسی طرح 31 اکتوبر تا آخر سال بھی ایسی کسی بھی تقریب کے انعقاد سے گریز کریں۔

**شادی** آپکے بیت الزوج کا حاکم مشتری آغاز سال سے ہی طالع کو تسدیس جیسی سعد نظر سے دیکھ رہا ہے گوکہ آپکو اس سال نکاح و شادی جیسی تقریبات کے کئی ایک مواقع میسر آئیں گے مگر درست وقت کا انتخاب بہتر نتائج کا حامل ہوگا آغاز سال تا 18 فروری، 7 مارچ تا آخر سال کا عرصہ موافق نظر آ رہا ہے البتہ 9 مارچ تا 10 جولائی ایسی تقریبات سے قبل مشتری سے منسوب صدقات ضرور دیں۔

**تعلیمی کیریئر** ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے سنبلہ بچوں کو 16 مئی تا 16 نومبر بالعموم اور 27 جون تا 27 اگست بالخصوص مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے اسی طرح 9 ستمبر تا آخر سال بھی بہتر نہ ہوگا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے سنبلہ افراد کو 18 جنوری تا 11 فروری، 7 تا 31 مارچ، 10 جولائی تا 7 اگست، 9 ستمبر تا آخر سال مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا آپکو زائد محتاط رہنا ہوگا۔

**اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری** آپکے بیت الاولاد کا حاکم زحل 30 سال بعد زائچے کے پانچویں قیام پذیر ہوا ہے یہ سال اولاد کے حوالے سے انشاءاللہ آپکے خوابوں کی تعبیر ثابت ہوگا پروردگار کے فضل و کرم سے امسال آپ صاحب اولاد ہو جائیں گے آپکو بڑے بچوں کے حوالے سے 18 اپریل تا 6 ستمبر کا عرصہ قدرے مشکلات سے دوچار کرسکتا ہے انعامی بانڈ کے شائقین افراد کے لیے جنوری تا وسط اپریل اور آغاز ستمبر تا آخر سال کا عرصہ موافق ہوگا۔

**سفر** نزدیکی سفروں کے حوالے سے آپکو وسط مئی تا وسط نومبر خاص طور پر احتیاط کرنا ہوگی محتاط رہیں خدانخواستہ کسی حادثہ کا اندیشہ رہے گا سفر سے قبل صدقہ ضرور دیں بیرون ملک یا طویل سفر کے حوالے سے یکم تا 18 جنوری، 11 فروری تا 31 مارچ، 10 جولائی تا 7 اگست، 9 ستمبر تا آخر سال کا عرصہ موافق نہ ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ تمام سال انشاءاللہ موافق ہوگا

**سماجی تعلقات** سماجی تعلقات کے حوالے سے امسال آپکو ملے جلے حالات کا سامنا کرنا ہوگا آغاز سال میں آپکے تعلقات کافی بہتر نظر آ رہے ہیں پہلے

4 ماہ آپکو تعلقات بڑھانے کا بہترین موقع ملے گا مگر وسط اگست تا وسط نومبر کا عرصہ آپکے سماجی تعلقات کے حوالے سے کسی امتحان سے کم نہ ہوگا آپکو قریبی عزیزوں اور بالخصوص بہن بھائیوں سے اختلافات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے محتاط رہیے ورنہ آپکے سماجی تعلقات بری طرح متاثر ہو سکتے ہیں۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** آغاز سال میں آپکے تعلقات بہتر نظر آرہے ہیں 18 فروری تا 6 مارچ آپکو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی ورنہ مابین علیحدگی ہو سکتی ہے 9 مارچ تا 10 جولائی بیت الشریک کا حاکم مشتری رجعت میں رہنے سے آپکے مابین تناؤ کھچاؤ کی کیفیت رہے گی دوسری جانب مریخ کی منفی پوزیشن وسط نومبر تک شراکتی مالی امور میں خسارہ کا باعث بنتے ہوئے تعلقات کو کشیدہ کر سکتی ہے

**معیشت کرئیر روزگار** آپکے کیرئیر روزگار کا حاکم ستارہ عطارد ایک تیز رفتار ستارہ ہے اور تمام سال اچھے برے دونوں طرح کی حالتوں سے گزرتے ہوئے آپکے کیرئیر روزگار پر اثر انداز ہوتے ہوئے احتیاط آپکو 18 فروری تا 6 مارچ 13 تا 30 مئی 22 ستمبر تا 19 اکتوبر 13 اکتوبر تا آخر سال کاروباری معاملات میں محتاط روی اختیار کرنا ہوگی اس کے برعکس 7 مارچ تا 12 مئی 30 مئی تا 21 ستمبر کاروباری حوالے بہترین دورانیہ ہوگا۔ اس دوران آپکو کیرئیر روزگار کے حوالے سے پھلنے پھولنے کا موقع ملے گا۔

**خصوصی احکامات** 2018 برج سنبلہ افراد کے لیے ملا جلا سال ثابت ہو سکتا ہے سیارگان کی نشست و برخاست پر نظر رکھتے ہوئے اسے بہتر سے بہتر انداز میں آپکو گزارنے کی تدبیر پروردگار کی مدد سے کرنا ہوگی آغاز سال میں 9 جنوری کو پانچویں شمس کا تحفیف ہونے سے آپکی طے شدہ منگنی بھی خطرے میں ہوگی آپکو بچوں کیجانب سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 20 جنوری تا 18 فروری شمس کی چھٹے وبال کی کیفیت آپکی صحت اور ملازمت دونوں کے لیے خطرناک ہوگی امیگریشن کے خواہشمند افراد کو ناکامی کا سامنا ہو سکتا ہے 3 مارچ کو ساتویں زہرہ کا شرف آپکی شراکتی ازدواجی زندگی میں بہتری کا باعث ہوگا آپکے نکاح وشادی کی راہ ہموار ہو رہی ہے آپکی مالی پوزیشن بھی مستحکم ہو رہی ہے 25 فروری کو ساتویں عطارد کا ہبوط آپکے بنے بنائے کاموں کو بگاڑ سکتا ہے آپکو اپنے شراکتی ازدواجی معاملات مدبر اور بردباری سے جانچتے ہوئے گفتگو میں احتیاط از حد ضروری ہوگی مارچ سے حالات میں مثبت تبدیلی رونما ہونا شروع ہو جائے گی 7 تا 31 مارچ خانہ مال کا حاکم زہرہ وبال کے گھر ہونے سے آپ مالی مشکلات کا شکار ہو سکتے ہیں ان دنوں لین دین ادھار وغیرہ واپائی کرنے سے گریز کریں 17 مارچ تا 16 مئی مریخ پانچویں شرف کے گھر قیام کرے گا اور 9 مئی کو شرف کے درجات پر آجانے سے بے اولاد افراد کو اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے بہن بھائیوں اور عزیزوں سے تعلقات میں بہتری متوقع ہے وراثتی معاملات میں بھی بہتری آنے کی امکانات 8 اپریل کو بارہویں شمس کا شرف آپکے خفیہ دشمنوں کو مضبوط کرے گا امیگریشن کے خواہشمند افراد کو کامیابی مل سکتی ہے 12 مئی کو کیرئیر کے گھر زہرہ کا اوج آپکے کیرئیر روزگار پر انتہائی سعد اثرات مرتب کر رہا ہے آپکو ترقی مل سکتی ہے ورثہ وغیرہ واپائی کرنے کے لیے بہترین وقت ہوگا 13 تا 30 مئی نویں عطارد کی حالت تحفیف سوء ہوگی آپکے بیرون ملک سفر کی راہیں مسدود کر رہی ہے سسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں 16 مئی کو مریخ زائچہ کے چھٹے گھر بیت الصحت میں بحالت تحفیف آجائے گا آپکی صحت بری طرح متاثر ہو سکتی ہے آپکو خدانخواستہ سرجری کروانی پڑ سکتی ہے اسی طرح آپکی ملازمت بھی خطرے میں ہوگی مریخ یہاں وسط نومبر تک موجود رہے گا آپکو عزیزوں اقارب سے تعلقات بنائے رکھنا مشکل ہوگا 21 مئی تا 21 جون شمس کی کیرئیر کے گھر منفی پوزیشن آپکے روزگار کو متاثر کر سکتی ہے 14 جون تا 10 جولائی زہرہ کی بارہویں حالت فرح موجودگی آپکے امیگریشن سے متعلقہ مسائل کے خاتمہ کا باعث ہوگی آپکے خفیہ دشمن مضبوط ہو رہے ہیں 11 جولائی کو گیارہویں شمس کا اوج آپکی خواہشات کی تکمیل میں بفضل خدا معاون ہوگا 3 اگست کو طالع میں زہرہ کا ہبوط آپکے شخصی وقار کو مجروح کر سکتا ہے مالی امور میں محتاط روش اختیار کرنا ہوگی آپکا بیرون ملک سفر التوا کا شکار ہو سکتا ہے 23 جولائی تا 23 اگست بارہویں شمس کا قیام آپکے باطنی قاتلوں کو مضبوط کر رہا ہے خواہشمند افراد کو امیگریشن مل سکتی ہے 7 اگست تا 9 ستمبر زہرہ کی خانہ مال میں موجودگی مالی بہتری پوزیشن کا سد باب کرنے میں معاون ہوگی آپکے بیرون ملک سفر کی بند راہیں کھل رہی ہیں۔ 6 تا 22 ستمبر عطارد جو کہ آپ کا اپنا ستارہ ہے طالع میں مقیم رہتے ہوئے آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کر رہا ہے 13 ستمبر کو اسکا شرف آپکے کیرئیر روزگار پر انتہائی بہتر اثرات مرتب کر رہا ہے آپکے لیے نئے کاروباری مواقع بن رہے ہیں کاروبار کی از سر نو ترتیب اور تزئین کے لیے یہ موزوں ترین وقت ہے 9 ستمبر تا آخر سال خانہ مال کا حاکم زہرہ وبال کے گھر قیام پذیر رہتے ہوئے آپکی مالی مشکلات میں اضافہ کا باعث بن سکتا ہے 22 ستمبر تا 10 اکتوبر کیرئیر روزگار اور مالی امور میں کسی بھی بڑے فیصلے سے گریز کریں جلد بازی نقصان دہ ہوگی 11 اکتوبر کو خانہ مال میں شمس کا ہبوط کسی بڑے نقصان کا باعث بن سکتا ہے ان افراد کو بالخصوص محتاط رہنا ہوگا جن کے مالی معاملات کسی بھی حوالہ سے بیرون ملک سے منسوب ہیں 12 اکتوبر کو تیسرے عطارد کا اوج آپکے سماجی تعلقات میں بہتری لا رہا ہے کاروباری معاملات میں نئی روح آتی محسوس ہوگی مگر بعد از 31 اکتوبر تا آخر سال اس حوالہ سے از حد محتاط روش اختیار کرنا ہوگی جلد بازی اور کسی بھی مالی معاہدہ سے گریز کریں پراپرٹی کا لین دین بھی اس وقت مناسب نہ ہوگا مگر پراپرٹی کے حوالے سے کسی بڑے نقصان کا اندیشہ ہوگا۔

16 نومبر کو مریخ طالع کے مقابل بیت الازواج میں آجانے سے آپکے شراکتی ازدواجی معاملات متاثر ہو سکتے ہیں قریبی عزیزوں کو اپنے معاملات میں مداخلت سے روکیں ورنہ معاملات بگڑ سکتے ہیں 22 نومبر تا 22 دسمبر شمس کے چوتھے خانے میں قیام سے خانگی معاملات میں بہتری آرہی ہے بیرون ملک مقیم کسی فرد کی وجہ سے گھر پراپرٹی کی خرید وفروخت ممکن ہوگی امیگریشن سے متعلقہ معاملات میں بھی بہتری متوقع ہے 22 دسمبر تا آخر سال بچوں پر خصوصی توجہ دینا ہوگی آپکی مشکل طبیعت کی وجہ سے گھر کا ماحول کشیدہ ہوگا اس سال ہونے والے قمری و شمسی گرہن آپکی صحت، جاب، دوستوں سے اختلافات اور امیگریشن سے متعلقہ معاملات میں بگاڑ کا باعث ہو سکتے ہیں گرہن کے ایام میں صدقہ اور نماز کسوف و خسوف کا خاص اہتمام کریں تاکہ ان مسائل سے بچ سکیں دوسری طرف جنوری اور اگست کے گرہن آپکے خفیہ دشمنوں کو بہت بھاری پڑنے والے ہیں یہ یقیناً حکمت خداوندی ہے۔

**صدقہ** ہر منگل کو 900 گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں

**ورد خاص** روزانہ صبح وشام 300 مرتبہ [illegible] اول و آخر 12/12 مرتبہ درود پاک۔ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

**برج:** میزان **LIBRA** **سیارہ:** زہرہ



| | |
|---|---|
| رنگ | [illegible] |
| عنصر | ہوا |
| جواہر | ہیرا، اوپل |
| بہترین شریک حیات | [illegible] |
| ناموافق ساتھی | [illegible] |

**بہتر دن:** [illegible]

**دن:** جمعہ **عدد:** 6 24 Sep to 23 Oct **حروف:** ر، ت

**اہم نکات** میزان افراد کے لیے 2018 کی سب سے اہم بات دونوں بڑے سیاروں زحل اور مشتری کی زائچے کے اہم ترین مقامات پر موجودگی ہے مشتری آغاز سال تا آغاز نومبر خانہ دوم میں مقیم رہتے ہوئے آپکی مالی پوزیشن مستحکم کر رہا ہے جبکہ زحل تمام سال زائچے کے چوتھے خانے میں قیام پذیر رہے گا اور رجعت کے ایام کے علاوہ تمام سال خانگی امور پراپرٹی وغیرہ کے حوالے سے بہتری کا باعث ہوگا تیسری اہم بات خانہ اول کے حاکم مریخ کی پوزیشن ہے جو کہ وسط مئی تک انتہائی مثبت اثرات مرتب کر رہا ہے جبکہ وسط مئی تا وسط نومبر آپکی مشکلات میں اضافہ کا باعث ہوگی آپکو اور بچوں اور شراکتی ازدواجی حوالے سے خاص مشکل صورتحال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

**صحت** مجموعی طور پر اس سال آپکی صحت کافی بہتر نظر آرہی ہے اس سال کے کچھ دورانیے کے 18 فروری تا 6 مارچ آپکو صحت کا خیال رکھنا ہوگا 9 مارچ تا 10 جولائی آپکے بیت الصحت کا حاکم مشتری رجعت میں رہے گا کہ اب آپکی صحت پہلے جتنی متاثر نہیں مگر احتیاط بہتر ہوگی مشتری کی رجعت سے بچانے کے لیے خاص صدقات دیں کافی صورتحال بہتر ہوگا بعد از جولائی ان شاءاللہ صحت بہتر رہے گی

**منگنی** منگنی کے حوالے سے اس سال آپکو وقت کا انتخاب انتہائی سوچ سمجھ کر کرنا ہوگا 20 جنوری تا 18 فروری 18 اپریل تا 16 نومبر کا دورانیہ کسی طور پر مناسب نہ ہوگا اس دوران کی گئی منگنیاں بعد میں اختلافات کی وجہ ختم ہو سکتی ہیں

**شادی** شادی کے حوالے سے آپکو اچھے برے دونوں طرح کے حالات کا سامنا ہو سکتا ہے آغاز سال سے ہی حالات آپکے موافق نظر آرہے ہیں 17 مارچ تا 16 مئی کا عرصہ خاص طور پر انتہائی سعد ہوگا آپکا نکاح شادی انجام پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں مگر 16 مئی تا 16 نومبر کا دورانیہ اس حوالے سے قطعی موافق نہ ہوگا اس دوران کی گئی شادیاں آخر کار علیحدگی پر ختم ہو سکتی ہیں باقی عرصہ بہتر گزرے گا۔

**تعلیمی کیرئیر** ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے میزان بچوں کو اس سال 9 مارچ تا 10 جولائی اور 31 اکتوبر تا آخر سال قدرے مشکلات پیش آسکتی ہیں جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے میزان افراد کو 18 فروری تا 6 مارچ 13 تا 30 مئی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر 31 اکتوبر تا آخر سال مشکلات پیش آسکتی ہیں یوں یہ سال آپکے لیے ایک مشکل وقت ہوگا۔

**اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری** 2018 بچوں کے معاملات کے حوالے سے ایک ملا جلا سال نظر آرہا ہے ابتدائے سال تا وسط مئی کا عرصہ اس حوالے سے خاصہ بہتر رہنے کا امکان ہے بے اولاد میزان افراد کو اس دورانیہ میں اولاد کے حوالے سے خوشخبری مل سکتی ہے مگر وسط مئی تا وسط نومبر کا عرصہ کسی امتحان سے کم نہ ہوگا آپکے بچوں کے مزاج میں تیزی کا عنصر غالب رہے گا یہ دورانیہ حاملہ خواتین کے لیے خاص طور پر احتیاط کا متقاضی ہوگا انعامی بانڈ کے شوقین افراد کے لیے پہلے پانچ ماہ کا عرصہ قسمت آزمائی کے لیے موزوں ہوگا۔

**سفر** ملکی و غیر ملکی سفروں کے حوالوں سے اس سال صورتحال کافی بہتر نظر آرہی ہے 9 مارچ تا 10 جولائی اور 31 اکتوبر تا آخر سال سفر سے قبل یا دوران صدقہ ضرور ادا کریں البتہ طویل یا بیرون ملک سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کے لیے حالات اتنے سازگار نظر نہیں آرہے 6 مارچ تا 13 مئی، 30 مئی تا 21 ستمبر 10 تا 31 اکتوبر کے علاوہ سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔

**سماجی تعلقات** گزشتہ سال کی نسبت اس سال آپکے سماجی تعلقات کافی بہتر نظر آرہے ہیں البتہ اتار چڑھاؤ زندگی کا حصہ اور قدرت کی حکمت ہے 7 مارچ تا 10 جولائی اپنی سماجی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے نبھائیں یکم نومبر تا آخر سال کا عرصہ اہم ہوگا قریبی رشتے داروں کی جانب سے غلط فہمیاں پیدا ہو سکتی ہیں اپنی سوچ کو مثبت رکھیں اور گفتگو میں احتیاط کریں۔

## شراکتی / ازدواجی تعلقات

اس سال آپکو سب سے زیادہ توجہ اس شعبے پر دینا ہوگی سال کا آغاز خاصہ بہتر ہے مگر 7 مارچ کو ساتویں زہرہ کے حالت وبال آجانے سے آپکے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں یہ سلسلہ 31 مارچ تک جاری رہے گا 16 مئی تا 18 نومبر بیت الزوج کا حاکم پانچویں میں حالت تحتفیل میں رہے گا یہ عرصہ آپکے تعلقات کا امتحان ہے آپکے باہمی کشیدگی اس حد تک بڑھ جائے گی کہ نوبت علیحدگی تک پہنچ سکتی ہے یہ وقت صبر وتحمل سے گزاریں۔

## معیشت / کیریئر / روزگار

کیریئر روزگار کے حوالے سے یہ ایک بہتر سال ہوگا انشاء اللہ۔ خانہ مال میں آغاز سال تا نومبر مشتری کی موجودگی آپکی مالی پوزیشن کو استحکام بخش رہی ہے جیسا کہ گزشتہ سال بتایا جا چکا ہوں اگر آپ قمر در عقرب میں اور قمری گرہن میں صدقہ باقاعدگی سے دیں تو بہت سے مسائل سے بچ سکتے ہیں امسال 2 قمری گرہن 31 جنوری اور 27 جولائی کو ہونگے ان تاریخوں کو نوٹ فرمالیں۔ 21 جون تا 23 جولائی شمس کیریئر کے گھر اوج یافتہ قیام کرے گا آپکو کیریئر کے حوالے سے نئے اور بہتر مواقع میسر آئیں گے اس وقت سے بہترین فوائد حاصل کرنے کے لیے پلاننگ کرلیں۔

## خصوصی احکامات

جیسا کہ گزشتہ سطور میں بتایا جا چکا ہے 2018 آپکے لیے ایک ملا جلا سال ہے امسال آپکو سب سے زیادہ توجہ اپنے شراکتی ازدواجی معاملات پر دینا ہوگی کیونکہ مریخ کی منفی پوزیشن آپکی مالی حالت کو کمزور کرسکتی ہے مگر خانہ مال میں مشتری کی موجودگی مریخ کے منفی اثرات پر قابو پانے میں مددگار ثابت ہوگی 9 جنوری کو چوتھے شمس کا تحتفیل گھر پراپرٹی اور خانگی معاملات کو متاثر کر رہا ہے دوستوں سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں 18 جنوری تا 11 فروری بچوں پر خاص توجہ دیں آپکی منگنی ختم ہونے کا اندیشہ ہوگا 20 جنوری تا 18 فروری شمس کا وبال بچوں سے اختلافات پیدا کرے گا یہ وقت آپکی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ ہوگا 11 فروری تا 7 مارچ آپکا اپنا ستارہ زہرہ شرف کے گھر قیام پذیر رہتے ہوئے آپکی عزت وتوقیر میں اضافہ کر رہا ہے حسب خواہش بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا وراثتی معاملات کا حل ممکن ہوگا شراکتی مالی فوائد کا حصول ہو سکتا ہے مگر اس دوران چونکہ عطارد بھی یہیں اسی جگہ موجود ہوگا جو کہ اسکے ہبوط کا گھر ہے تو آپکو جاب کے حوالے سے سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا ہوگا امیگریشن اور ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں 6 مارچ تا 13 مئی عطارد ساتویں بحالت فرح آجانے سے آپکو شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے آپکے بیرون ملک سفر کی مسدود راہیں کھل رہی ہیں اس دورانیے میں 7 تا 31 مارچ زہرہ بھی ساتویں وبال زدہ رہے گا آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات میں قدرے کشیدگی رہے گی 17 مارچ تا 16 مئی مریخ چوتھے شرفی گھر قیام کرے گا اور 9 مئی کو عین شرف کے درجات پر آجانے سے آپکے خانگی معاملات میں بہتری آئے گی مریخ کی یہ پوزیشن بھی ازدواجی گھر زہرہ کے منفی اثرات کو ختم کرنے میں مددگار ہوگی آپکی مالی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے 8 اپریل کو عین اس جگہ ساتویں شمس کا شرف بھی شراکتی حوالے سے بہتری کا باعث ہوگا آپکی خوش بختی میں اضافہ ہو رہا ہے 12 مئی کو نویں زہرہ کا اوج آپکے بیرون ملک سفری راہ ہموار کر رہا ہے آپ حسب خواہش حج عمرہ و زیارات کی سعادت حاصل کرسکیں گے آپکی توجہ روحانی امور پر مرکوز ہو رہی ہے 13 تا 30 مئی عطارد بھی نویں آجانے گا آپ پر لازم ہوگا کہ اپنے کاغذات میں کسی بھی قسم کی غلط بیانی یا دھوکہ سے گریز کریں ورنہ آپکا سفر منسوخ ہو سکتا ہے بیرون ملک مقیم افراد کو بھی مشکلات سے واسطہ پڑ سکتا ہے 16 مئی کو مریخ پانچویں میں آجانے گا یہ مریخ کے تحتفیل کا گھر ہے آپکو بچوں کے حوالے سے مشکلات پیش آسکتی ہیں حاملہ خواتین کو خاص طور پر محتاط رہنا ہوگا آپکی منگنی بھی اب خطرے میں ہوگی اپنے اخراجات کو کنٹرول کریں اضافی اخراجات آپکو مالی مشکلات سے دوچار کر سکتے ہیں یہ صورتحال 16 نومبر تک جاری رہے گی۔ 30 مئی تا 13 جون نویں کا حاکم عطارد اپنے ہی گھر میں قیام پذیر رہتے ہوئے ایکبار پھر آپکے بیرون ملک سفر کی راہ ہموار کر رہا ہے امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے ایک بہتر وقت ہے عمرہ و زیارات مقدسہ کا پروگرام بن سکتا ہے 14 جون تا 10 جولائی زہرہ کی گیارہویں موجودگی دوست احباب سے تعلقات بہتر کررہی ہے آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن ہوگی 11 جولائی کو کیریئر کے گھر شمس کا اوج آپکے روزگار کے بہترین مواقع لے کر آرہا ہے ملازمت پیشہ افراد کو پروموشن مل سکتی ہے اس حوالے سے دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا 3 اگست کو بارہویں زہرہ کا ہبوط آپکے باطنی دشمنوں کے لیے شدید نقصان دہ ہوگا اسکے علاوہ امیگریشن سے متعلقہ معاملات بھی بگڑنے کا اندیشہ ہے بیرون ملک مقیم افراد کو واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے 23 جولائی تا 23 اگست شمس گیارہویں اپنے گھر قیام کرنے سے ایکبار پھر آپکی خوش بختی میں اضافہ کررہا ہے 7 اگست تا 9 ستمبر زہرہ طالع میں قیام کرتے ہوئے آپکی عزت وتوقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا وراثتی معاملات آپکے حق میں ہو سکتے ہیں 6 تا 22 ستمبر عطارد بارہویں میں قیام اور 13 ستمبر کو شرف آپکے لیے امیگریشن کا حصول ممکن بنا دے گا ایکبار پھر آپکے لیے زیارات مقدسہ و عمرہ کی سعادت ممکن ہوگی 9 ستمبر تا آخر سال زہرہ کی خانہ مال میں بحالت وبال موجودگی آپ سے مالی معاملات میں غلط فیصلے کروا سکتی ہے 22 ستمبر تا 10 اکتوبر عطارد کی طالع میں منفی پوزیشن سسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ کروا سکتی ہے ان ایام میں ویزہ و امیگریشن اپلائی کرنے سے گریز کریں 11 اکتوبر کو طالع میں شمس کا ہبوط دوستوں سے اختلافات پیدا کر سکتا ہے آپکی خواہشات کی تکمیل مشکل ہوگی 12 اکتوبر کو خانہ مال میں عطارد کا اوج مالی پوزیشن کو سنبھالنے کا موقع ہوگا آپکو بیرون ملک سے مالی معاونت مل سکتی ہے 31 اکتوبر کو عطارد کے بیت الاقرباء میں آجانے سے آپکے تعلقات کشیدہ

ہو سکتے ہیں آپکو ایک وقت اپنے اور سسرالی رشتہ داروں کی جانب سے مخالفت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 16 نومبر تا آخر سال مریخ آپکے چھٹے گھر حالت طرح میں رہے گا آپکی صحت اور جاہ دونوں خطرے میں ہونگی اسکے علاوہ آپکے مالی اور شراکتی ازدواجی تعلقات بھی متاثر ہو رہے ہیں آپکو ازحد محتاط رہنا ہوگا 22 نومبر تا 22 دسمبر شمس بھی بیت الاولاد قربیہ میں قیام کرے گا اور آپکو اپنے عزیزوں اور ساتھی تعلقات سے متعلقہ معاملات سنبھالنے کا موقع فراہم کرے گا اس حوالے سے دوستوں کا بھرپور تعاون شامل حال رہے گا۔

**صدقہ** ہر منگل 900 گرام مسور کسی مستحق کو یا پرندوں کو ڈال دیں۔

**وردِ خاص** روزانہ بعد از نماز فجر ایک تسبیح سورۃ الشوریٰ آیت نمبر 19 ورد کریں اور روزانہ بعد از نماز عشاء ایک تسبیح سورۃ توبہ آیت 129 ورد کریں

**برج: عقرب SCORPIO سیارہ: مریخ**



رنگ: سرخ

عنصر: آبی

جوہر: [illegible]

بہترین شریکِ حیات: [illegible]

ناموافق ساتھی: [illegible]

[illegible]

دن: منگل عدد: 9 24 Oct to 22 Nov حروف: [illegible]

**اہم نکات** اس سال کی سب سے اہم بات آپکے سالانہ حق کا اختتام ہے جو 20 دسمبر 2017 کو آپکے تیسرے گھر آیا ہے اور تمام سال یہیں قیام کرے گا مشتری آغاز نومبر تک طالع میں رہتے ہوئے آپکی عزت و مال دونوں میں اضافہ کا باعث ہوگا آپکا ذاتی ستارہ مریخ وسط مئی تک انتہائی سعد حالت میں ہوگا اور اسی دوران شرف پر بھی ہوگا مگر وسط نومبر کا عرصہ آپکے لیے کسی امتحان سے کم نہ ہوگا آپکی صحت جاہ اور عزت سب خطرے میں ہونگی مگر سیارگان کی نشست و برخاست آپ پر کیا اثرات مرتب کرے گی یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

**صحت** اس سال آپکو صحت پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہوگی آغاز سال میں آپکی صحت بہتر ہے مگر 7 مارچ کو زہرہ کے بیت الصحت میں رجعت و وبال آ جانے سے آپکی صحت خراب ہو سکتی ہے 17 مارچ صحت کے حاکم مریخ کے شرف کے گھر آ جانے سے صحت بہتری کی طرف مائل ہو جائے گی 16 مئی تا 16 نومبر آپکو صحت پر خاص توجہ دینی ہوگی لاپرواہی بہت نقصان دہ ثابت ہوگی۔

**تعلیم** آپکی تعلیم سے متعلق ستارہ طالع میں مقیم ہو کر آپکی تعلیمی راہ ہموار کر رہا ہے مگر 18 فروری تا 6 مارچ ایسی کسی بھی تجربے سے قطعی گریز کریں اور 9 مارچ تا 10 جولائی بوجہ رجعت مشتری آپکی تعلیمی شعبے میں رکاوٹ آ سکتی ہے ان ایام میں صدقہ اور تحمل سے بات بنانے کی کوشش کریں۔

**شادی** شادی کے حوالے سے اس سال آپ کو دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا اس سال یکم تا 18 جنوری 11 فروری تا 7 مارچ 24 اپریل تا 9 جولائی 7 اگست تا 9 ستمبر کا عرصہ نکاح و شادی کے لیے موافق یعنی سعد وقت ہو گا ان کے عرصے کے علاوہ دیگر تقریبات سے گریز کریں۔

**تعلیمی کیریئر** عقرب بچوں کو اس سال یکم تا 20 جنوری 18 اپریل تا 6 ستمبر مشکلات پیش آسکتی ہیں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو 31 جنوری اور 27 جولائی کو ہونے والے قمری گرہنوں اور اسکے قریبی ایام میں مشکلات پیش آسکتی ہیں باقی تمام سال انشاءاللہ بہتر گزرے گا

**اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری** بچوں کے حوالے سے مجموعی طور پر یہ سال خاصا بہتر نظر آ رہا ہے خواہشمند عقرب افراد کیلئے بفضل تعالیٰ اولاد کا حصول ممکن ہو گا 9 مارچ تا 10 جولائی آپکو قدرے محتاط رہنا ہوگا آپکے بچوں میں ضد کا عنصر غالب رہے گا باقی عرصہ انشاءاللہ بہتر گزرے گا انعامی بانڈ کے شائق افراد 18 فروری تا 6 مارچ گریز کریں باقی تمام سال موافق رہے گا۔

**سفر** نزدیکی سفروں کے حوالے سے 18 اپریل تا 6 ستمبر سفر سے قبل دل سے منسوب صدقہ ضرور ادا کریں اور یہ ممکن ہے کہ آپ کا سفر آخری لمحات میں منسوخ ہو جائے بیرون ملک اور طویل سفروں کے حوالے سے آپکو قمر و عقرب اور قمری گرہن کے ایام میں محتاط رہنا ہوگا ان ایام میں سفر، حج و عمرہ یا [illegible] کرنے سے گریز کریں

**سماجی تعلقات** اس سال آپکے سماجی تعلقات زیادہ تر بہتر طور پر چلتے رہنے کا امکان ہے آپکو یکم تا 20 جنوری اپنے سماجی تعلقات کو سنبھالنا ہوگا اسکے بعد وسط مئی تک آپکے سماجی تعلقات بہتر سے بہتر رہنے کی توقع ہے 18 اپریل تا 6 ستمبر آپکے ساتھ قدرے کھچاؤ کی کیفیت رہے گی باقی دورانیہ انشاءاللہ بہتر گزرے گا۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** 18 جنوری تا 11 فروری آپکو شراکتی ازدواجی حوالے سے مشکل صورتحال کا سامنا ہو سکتا ہے 11 فروری تا 7 مارچ کا عرصہ سب سے بہتر دورانیہ ہے مگر 7 تا 31 مارچ حالات ایک بار پھر دشوار ہوتے نظر آ رہے ہیں یکم اپریل تا 10 جولائی کا دورانیہ بھی بہتر نظر آ رہا ہے آپکی کاروباری شراکت داری کی آزمائش ہو سکتی ہے 11 جولائی تا 6 اگست آپکو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی 7 اگست تا 9 ستمبر آپکو معاملات سنبھالنے کا موقع مل سکے گا مگر بعد از 9 ستمبر تا آخر سال کا عرصہ آپکے صبر کا امتحان لے کر رہے گا اگر آپ نے تحمل و بردباری کا مظاہرہ نہ کیا تو علیحدگی بھی ہو سکتی ہے۔

**معیشت، کیریئر، روزگار** آپکے کیریئر روزگار کا حاکم ستارہ شمس ایک تیز رفتار ستارہ ہے اور سال میں اچھے برے دونوں طرح کے اثرات مرتب کرتا ہے۔

نکلی سے اسی آپ کے کیریئر روزگار کے حوالے سے کچھ بہتری ہو گی مگر 20 مارچ تا 21 مئی 21 جون تا 23 اگست کا عرصہ انشاء اللہ بہتر گزرے گا آپ کو حسب خواہش ترقی مل سکتی ہے آپکو ازسر نو کاروبار کو بہتر بنانے کا موقع مل سکے گا۔ 23 ستمبر تا 23 اکتوبر کا عرصہ موافق نہ ہو گا اس دوران ایک بار پھر آپکو مسائل کا سامنا رہے گا۔ باقی کا عرصہ انشاء اللہ بہتر گزرے گا آپکی مالی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے

**خصوصی احکامات**

جیسا کہ اولین سطور میں بتایا جا چکا ہے آپ ساڑھ ستی جیسے مشکل دور سے گزر چکے ہیں اسسال بہتر ہو گا آپ ازسر نو اپنے حالات کا جائزہ لیں اور حالات میں جلد سدھار کے لیے نئی منصوبہ بندی کریں۔ ابتدائے سال میں 9 جنوری کو کیریئر کا حاکم بیت الاقرباء میں حضیض میں ہونے سے آپ کے کیریئر روزگار پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں 18 جنوری تا 11 فروری زہرہ چوتھے حالت طرح میں رہنے سے آپ کے شراکتی ازدواجی معاملات سر الجھاؤ رہے ہیں آپ کے ازدواجی تعلقات گھر کا ماحول خراب کر رہے ہیں 20 جنوری تا 18 فروری شمس بھی میں اسی جگہ بحالت وبال رہنے سے آپ کے کاروباری معاملات مزید خراب ہو رہے ہیں اپنے معاملات کو گھر سے باہر لانے کی کوشش کریں 6 مارچ کو پانچویں زہرہ کا شرف اولاد کے حوالے سے خوشخبری لا سکتا ہے آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں مگر اس دوران اسی جگہ عطارد 18 فروری تا 6 مارچ بحالت ہبوط کا شکار رہے گا اپنے معاملات کو طے کرتے وقت گفتگو میں محتاط رہیں افواہوں پر یقین نہ کریں ورنہ طے شدہ بات بھی ختم ہو جائے گی 6 تا 13 مئی عطارد کے چھٹے قیام سے آپ کے لیے بہتر ملازمت کا حصول ممکن ہو گا آپکی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے 7 تا 31 مارچ چھٹے زہرہ کا وبال آپ کے ظاہری باطنی دشمنوں پر بھاری پڑے گا اپنی صحت کا بھی خیال رکھیں 8 اپریل کو چھٹے شمس کا شرف آپ کے کیریئر روزگار کو چار چاند لگا دے گا آپ کے لیے کیریئر کے حوالے سے بہترین جاب کا حصول ممکن ہو گا نئے کاروبار کے آغاز کے لیے یہ بہترین وقت ہے 9 مئی کو تیسرے مریخ کا شرف آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث ہو گا آپ سماجی تقریبات میں مصروف نظر آ رہے ہیں 12 مئی کو آٹھویں زہرہ کا اوج شراکتی ازدواجی معاملات میں بہتری کا باعث ہو گا ازدواجی مقدمات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہو سکتا ہے 16 مئی تا 16 نومبر آپکا اپنا ستارہ مریخ زائچے کے چوتھے بیت الارض میں بحالت حضیض قیام کرنے سے آپ کے خانگی معاملات ابتری کا شکار ہو سکتے ہیں کسی بھی لڑائی جھگڑے سے گریز کریں پراپرٹی سے متعلقہ معاملات آپکی مشکلات میں اضافہ کر سکتے ہیں آپ ذہنی انتشار کا شکار ہو رہے ہیں آپکی صحت اور ملازمت دونوں خطرے میں ہو گی 30 مئی تا 13 جون عطارد آٹھویں میں اپنے ہی گھر رہتے ہوئے آپ کے لیے شراکتی حوالے سے مالی فائدہ کا باعث بن رہا ہے۔

دوستوں سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں ایک بار پھر وراثتی مفادات کا حصول ممکن ہو گا 14 جون تا 10 جولائی زہرہ کے دسویں قیام سے کیریئر روزگار میں بہتری آ رہی ہے خواہشمند افراد کو بیرون ملک سے کاروباری فوائد مل سکتے ہیں وہ افراد جنہوں نے امیگریشن اپلائی کر رکھی ہے انہیں مثبت جواب مل سکتا ہے 11 جولائی کو نویں شمس کا اوج آپکے بیرون ملک سفر کی راہ ہموار کر رہا ہے زیارات مقدسہ وغیرہ کی سعادت حاصل ہو سکتی ہے 3 اگست کو گیارہویں زہرہ کا ہبوط آپکی خواہشات کے برعکس آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو از حد خراب کر سکتا ہے 23 جولائی تا 23 اگست دسویں کا حاکم شمس اپنے ہی گھر قیام کرتے ہوئے آپ کے لیے ترقی کی راہ ہموار کر رہا ہے ملازم پیشہ افراد کو حسب خواہش ترقی مل سکتی ہے کیریئر روزگار کے حوالے سے یہ ایک بہترین وقت ہے 7 اگست تا 9 ستمبر زہرہ اپنے ہی گھر بارہویں میں قیام پذیر رہے گا امیگریشن اپلائی کرنے کے حوالے سے یہ ایک بہترین وقت ہے آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات بہتری کی جانب گامزن ہو رہے ہیں 13 ستمبر کو گیارہویں عطارد کا شرف آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہو گا شراکتی حوالے سے بہتر منافع مل سکتا ہے 9 ستمبر کو ساتویں کا حاکم طالع میں بحالت وبال آ جانے اور اختتام سال تک قیام کرتے ہوئے آپکی عزت و توقیر میں کمی کا باعث بن سکتا ہے آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات انتہائی حد تک خراب ہو سکتے ہیں محتاط رہیں امیگریشن کیسیز ریجیکٹ ہو سکتے ہیں 22 ستمبر تا 10 اکتوبر عطارد بحالت وبال بارہویں میں آ جانے سے بیرون ملک مقیم افراد کو واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے آپ شدید ذہنی دباؤ کا شکار نظر آ رہے ہیں 23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس بھی یہیں آ جانے اور 22 اکتوبر کو یہیں ہبوط کی حالت سے گزرتے ہوئے آپکے بیرون ملک قیام کو اور بھی مشکل بنا سکتا ہے وہ افراد جنکے کاروباری مفادات یا کیریئر بیرون ملک سے وابستہ ہے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 10 تا 31 اکتوبر عطارد کی طالع میں موجودگی آپکی خوداعتمادی میں اضافہ کرے گی زہرا کے منفی اثرات پر قابو پانا ممکن ہو گا دوستوں کا تعاون شامل حال رہے 31 اکتوبر تا آخر سال عطارد کی خانہ مال میں موجودگی اخراجات میں اضافہ کرے گی آپ سے مالی طور پر غلط فیصلے ہو سکتے ہیں محتاط رہیں 16 نومبر کو مریخ پانچویں آ جانے سے آپ کے بچوں کے مزاج میں تیزی کا عنصر غالب آ جائے گا جس سے آپ کے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں آپکی منگنی خطرے میں ہو گی 22 نومبر تا 22 دسمبر خانہ مال میں شمس کی موجودگی مالی پوزیشن کے استحکام کو ممکن بنانے میں مدد دے گا کاروباری حوالے سے بہتر مواقع میسر آئیں گے 22 دسمبر تا آخر سال شمس کی تیسرے میں موجودگی آپ کے سماجی تعلقات کو متاثر کر سکتی ہے اسسال ہونے والے شمسی و قمری گرہن آپ کے کیریئر روزگار اور گھریلو پراپرٹی سے متعلقہ مسائل کو بڑھا دیں گے گرہن کے ایام کو بہتری

سے نوٹ فرمائیں اور صدقہ اور نماز کسوف خسوف کا خاص اہتمام کریں تاکہ ان مسائل سے بچ سکیں۔

**صدقہ** ہر مہینہ 900 گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں۔

**ورد خاص** روزانہ بعد از نماز فجر ایک تسبیح ورد کریں یا حفیظ یا حفیظ و رحم الراحمین

**برج:** قوس **SAGITARIUS** **ستارہ:** مشتری



**رنگ**

**عنصر** آتش

**جواہر**

**بہترین شریک حیات**

**ناموافق ساتھی**

**بیماریاں**

**دن:** جمعرات **عدد:** ۳ 23 Nov to 22 Dec **حروف:** ف

**اہم نکات** آپ سیارہ حق کے تیسرے اور آٹھویں زحلی سالہ دور میں داخل ہو چکے ہیں۔ سیارہ مشتری تمام سال آپ کے خانہ مال میں قیام پذیر رہے گا اور سیارہ حق کے بعد آپکی مالی پوزیشن میں استحکام کا باعث ہوگا آپکا انفرادی زائچہ کے بارہویں میں نومبر تک قیام پذیر رہتے ہوئے آپ پر منفی اثرات مرتب کرے گا اسسال خانہ مال میں مریخ کا شرف بھی آپکی مالی پوزیشن کو مستحکم کر رہا ہے جبکہ نومبر مریخ کی منفی پوزیشن آپکی سماجی زندگی کو زد میں کر سکتی ہے وہیں سیاروں کے شرف وجوہات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**صحت** آپکی صحت پر اسسال ملے جلے اثرات مرتب ہو رہے ہیں 18 جنوری تا 11 فروری، 7 تا 31 مارچ 10 جولائی تا 7 اگست اور 9 ستمبر تا آخر سال آپکو اپنی صحت پر خاص توجہ دینا ہوگی اسسال آپکو جسم کے پٹھوں اور ہڈیوں کی کمزوری جیسے مسائل کا سامنا رہے گا۔

**منگنی** اسسال آپکو منگنی جیسی تقریبات کے حوالے سے خاص طور پر نہایت احتیاط سے وقت کا انتخاب کرنا ہوگا آغاز سال تا 7 مارچ اور 20 مارچ تا 16 مئی کا عرصہ اس حوالے سے بہتر اوقات ہیں مگر بعد از 16 مئی تا آخر سال کا عرصہ موافق نہ ہوگا آپکو ایسی کسی بھی کوشش سے گریز کرنا ہوگا۔

**شادی** اسسال آپکو اچھے برے دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا اسسال 18 فروری تا 6 مارچ آپکو شادی میں تاخیر کا سامنا کرنا ہوگا آپکے بہت سے افراد کا عام ہوگا میں ہوگا آپکی طے شدہ شادی بھی ختم ہو سکتی ہے اسکے علاوہ 13 تا 30 مئی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر 31 اکتوبر تا آخر سال کا وقت بھی ایسی تقریبات کے لیے کسی طور پر مناسب نہ ہوگا اس وقت کی گئی شادی نکاح بعد ازاں ختم ہو سکتے ہیں۔

**اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری** بچوں کے حوالے سے اسسال آپکو سال کا

زیادہ حصہ پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے آغاز سال میں حالات بہتر رہیں گے مگر 7 تا 20 مارچ اور 16 مئی تا آخر سال کا عرصہ آپکی مشکلات میں اضافہ کر سکتا ہے اولاد کے خواہشمند افراد کو 20 مارچ تا 16 مئی کے دورانیہ میں خوشخبری مل سکتی ہے مگر 16 مئی سے 16 نومبر کا دورانیہ حاملہ خواتین کے لیے خاصہ مشکل ثابت ہو سکتا ہے انعامی بانڈ کے شائق افراد کے لیے جنوری تا 15 مارچ اور 21 مارچ تا 16 مئی کا دورانیہ موافق ہوگا۔

**تعلیمی کیرئیر** قوس بچوں کو اسسال 19 جنوری تا 19 فروری 18 اپریل تا 6 ستمبر مشکلات پیش آسکتی ہیں جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے قوس افراد کو جنوری تا 19 فروری 21 مئی تا 21 جون 23 ستمبر تا 23 اکتوبر مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے آپ ہر ماہ ایک کلو گندم کا صدقہ دیں۔

**سفر** دوری کے سفروں کے حوالے سے اسسال جنوری فروری اور اپریل تا اگست سفر میں مشکلات ہیں اور سفر سے قبل صدقہ ضرور دیں بیرون ملک سفر اختیار کرنے والے افراد کے لیے 20 فروری تا 20 مئی 21 جون تا 23 ستمبر 22 نومبر تا 23 دسمبر کا عرصہ موافق ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ ویزہ وغیرہ یا طویل سفر اختیار کرنے سے گریز کریں۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات کے حوالے سے پچھلا سال بے ابتدائے سال میں ہی آپکو 18 فروری تا 6 مارچ انتہائی مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے آپکے مابین کشیدگی اس حد تک بڑھ سکتی ہے کہ بات علیحدگی تک پہنچ جائے اسکے بعد 13 تا 30 مئی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر کا دورانیہ بھی احتیاط کا متقاضی ہے 16 تا آپکو اپنے تعلقات ہر صورت بچانا ہونگے۔

**سماجی تعلقات** سیارہ حق کے منفی دور میں آپکے لیے سماجی تعلقات انتہائی اہمیت کا حامل ہیں اسسال 18 جنوری تا 18 فروری آپکو مشکل صورتحال کا سامنا رہ سکتا ہے اسکے علاوہ 18 اپریل تا 6 ستمبر بھی آپکو مشکلات پیش آسکتی ہیں اپنے تعلقات کو ہر ممکن بنائے رکھنے کی کوشش کریں سال کا باقی عرصہ انشاء اللہ آپکے سماجی تعلقات کے حوالے سے بہتر رہے گا۔

**معیشت کیرئیر روزگار** گزشتہ سال آپکے کیرئیر روزگار کے حوالے سے خاصا سخت گزرا ہے اسسال انشاء اللہ حالات گزشتہ سے قدرے بہتر گزریں گے۔ جنوری کا مہینہ بہتر گزرے گا مگر 18 فروری تا 6 مارچ آپکو کیرئیر روزگار کے حوالے سے شدید مشکلات پیش آسکتی ہیں کسی بھی بڑے فیصلے سے گریز کریں 6 مارچ تا 13 مئی حالات ایکبار پھر بہتر گزریں گے 14 تا 30 مئی ان افراد کے لیے بالخصوص مشکل ثابت ہو سکتا ہے جو کسی بھی حوالے سے شراکت داری میں کام کر رہے ہیں 31 مئی تا 21 ستمبر کا عرصہ آپکے روزگار کے حوالے سے انشاء اللہ

بہترین گزرے گا 22 ستمبر تا 10 اکتوبر کا عرصہ کاروباری کا مندا بھی نظر آ رہا ہے 31 اکتوبر تا آخر سال کے عرصہ میں ایک مرتبہ پھر آپکو مشکلات کا سامنا رہے گا۔

**خصوصی احتیاطات** جیسا کہ اولین سطور میں بتایا جا چکا ہے آپکی ساڑھ ستی کے تیسرے اور آخری ڈھائی سالہ دور کا آغاز ہو چکا ہے جو کہ ساڑھ ستی کا سب سے مشکل اور سخت دور ہوتا ہے مگر خوش قسمتی سے زحل آپکے خانہ مال اور اپنے ہی برج میں آیا ہے یہاں زحل حالت فرح میں ہونے سے آپکی مشکلات میں بھی کمی واقع ہوگی مگر ایسے بھرپور ثمرات وہ لوگ حاصل کر سکیں گے جن کے زائچہ پیدائش میں زحل بحالت شرف، عروج یا فرح میں ہو یا کم از کم مثبت پوزیشن میں ہو گا دیگر سیاروں میں مشتری جو کہ آپکا اپنا ستارہ ہے زائچہ کے بارہویں گھر قیام پذیر رہتے ہوئے آپکے خفیہ دشمنوں کو مضبوط کر رہا ہے علم نجوم کے مطابق کوئی بھی ستارہ بارہویں گھر سعد اثرات کا حامل نہیں ہوتا آپکی عزت وقار آغاز نومبر تک داؤ پر ہو گی۔ 9 جنوری تا 11 فروری اور 20 جنوری تا 18 فروری شمس بیت الاقرباء میں منفی پوزیشن میں ہوں گے اپنے عزیز و اقارب سے تعلقات بنائے رکھنا قدرے مشکل ہو گا کاروباری حوالے سے کیے گئے زمینی سفر فائدہ مند ہوں گے 11 فروری تا 7 مارچ چوتھے گھر زہرہ بحالت شرف رہے گا اور عین اسی جگہ کیریئر روزگار اور شراکتی ازدواجی تعلقات کا حاکم عطارد ہبوطی کیفیت کا شکار ہے کاروباری گھر میں لے جلے حالات پیش آ سکتے ہیں کاروبار روزگار اور شراکتی ازدواجی تعلقات میں بگاڑ پیدا ہو رہا ہے تو دوسری طرف آپکو بہتر جاب کی آفر ہو سکتی ہے وقت آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہو گا۔ 6 مارچ تا 13 مئی آپکی منگنی، شادی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں کاروباری حوالے سے بہتر شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے 7 تا 31 مارچ پانچویں زہرہ وبال آپکی منگنی کی راہ میں رکاوٹ ڈال سکتا ہے صدقہ دے کر اس صورتحال سے بچ سکتے ہیں جاب اور صحت دونوں کا خیال رکھیں 17 مارچ تا 16 مئی مریخ خانہ مال میں قیام کرے گا اسکے شرف کا گھر ہے آپکی مالی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے یہ سال کا سب سے بہتر وقت ہے ایک بار پھر آپکی منگنی کی راہ ہموار ہو رہی ہے بے اولاد افراد کو خوشخبری مل سکتی ہے 20 مارچ تا 20 اپریل کو شمس پانچویں شرفی گھر آ جائے گا اور 8 اپریل کو اسکے شرف ہونے سے آپکے بیرون ملک سفر کی راہ ہموار ہو جائے گی عمرہ یا زیارات مقدسہ کی سعادت نصیب ہو سکتی ہے 12 مئی کو ساتویں زہرہ کا اوج آپکی شادی کی راہ میں رکاوٹوں کو دور کر دے گا آپکو بہتر شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا۔ 16 مئی تا 16 نومبر مریخ آپکے بیت الاقرباء میں بحالت تخفیف قیام کرے گا جس سے آپکے سماجی تعلقات بری طرح متاثر ہو سکتے ہیں بچوں کی طرف سے پریشانی ہو سکتی ہے بیرون ملک مقیم افراد کو بہ امر مجبوری واپس لوٹنا پڑ سکتا ہے یہ خاصا سخت وقت ہے محتاط رہیں 21 مئی تا 21 جون شمس ساتویں میں حالت طرح میں رہنے سے آپکے ازدواجی تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں آپکے سسرالی عزیز معاملات میں بگاڑ کا باعث ہوں گے 30 مئی تا 13 جون عطارد بھی اپنے ہی گھر میں قیام کرتے ہوئے آپکو شراکتی ازدواجی معاملات سنبھالنے کا موقع فراہم کر رہا ہے کاروباری حوالے سے بہتری آئے گی آپکو شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے 14 جون تا 10 جولائی زہرہ کی نحوی میں موجودگی سسرالی عزیزوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ کر دے گی دوستوں سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں 21 جون تا 23 جولائی شمس آٹھویں میں اوج یافتہ رہنے سے شراکت داری میں مالی منافع کا حصول ممکن ہو گا بیرون ملک سفر اور وراثتی معاملات میں حائل رکاوٹیں انشاءاللہ دور ہو جائیں گی 10 جولائی تا 7 اگست زہرہ کیریئر کے گھر ہبوط زدہ رہنے سے آپکے کیریئر روزگار پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں ان ایام میں کسی بڑی تبدیلی یا جاب وغیرہ چھوڑنے سے گریز کریں 3 اگست اس حوالے سے مشکل ترین دورانیہ ہو گا 23 جولائی تا 23 اگست نویں شمس کی موجودگی بیرون ملک سفر کی راہ ہموار کر رہی ہے سسرالی عزیزوں سے تعلقات میں بہتری آئے گی زیارات مقدسہ یا حج و عمرہ کی سعادت حاصل ہو سکتی ہے 7 اگست تا 9 ستمبر زہرہ زائچہ کے گیارہویں میں قیام کرتے ہوئے حسب خواہش بہتر جاب کے حصول میں معاون ہو گا آپکی خوش بختی میں اضافہ ہو گا 6 تا 22 ستمبر عطارد دسویں میں اپنے شرفی اور آپکے کیریئر کے گھر میں قیام پذیر رہے گا اور 13 ستمبر کو عین شرف پر ہو گا یہ دورانیہ آپکے کیریئر روزگار کے حوالے سے سال کا بہترین دورانیہ ہے آپکی شادی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں 9 ستمبر تا آخر سال زہرہ بارہویں میں وبال زدہ رہنے سے آپکی صحت بری طرح متاثر ہو سکتی ہے آپکو ہسپتال میں داخل ہونا پڑ سکتا ہے محتاط رہیں۔ ان ایام میں اگر جاب چھوڑی تو ملنا مشکل ہو جائے گی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر آپکو اپنے ازدواجی شراکتی اور کاروباری معاملات میں مشکلات کا سامنا رہے گا آپ ذہنی دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں 11 اکتوبر کو گیارہویں شمس کا ہبوط آپکے بیرون ملک سفر میں رکاوٹ بن رہا ہے ان ایام میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں سسرالی عزیزوں اور دوستوں سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں 10 تا 31 اکتوبر بارہویں عطارد کا اوج امیگریشن کے حصول کو ممکن بنا رہا ہے ایک بار پھر آپکی شادی طے پا جانے کے امکانات روشن ہو رہے ہیں 31 اکتوبر تا آخر سال عطارد طالع میں بحالت وبال رہنے سے آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات اور کیریئر روزگار سے متعلق معاملات خراب ہو رہے ہیں آپکو اتوں سے بچنا ہو گا اور گفتگو میں احتیاط کرنا ہو گی جلد بازی میں کسی بھی فیصلے سے گریز کریں۔

کریں 16 نومبر تا آخر سال مریخ زائچے کے چوتھے خانہ میں رہے گا آپ کے خانگی معاملات بگڑ رہے ہیں بچوں کے مسائل سر اٹھا رہے ہیں اس وقت گھر کی تبدیلی کا فیصلہ بہتر رہے گا 22 نومبر تا 22 دسمبر طالع میں شمس کی موجودگی طالع میں پہلے سے موجود زحل کے منفی اثرات کو ختم کرے گی آپ کی توجہ روحانی امور کی جانب بڑھ رہی ہے ایک بار پھر آپ کے بیرون ملک سفر کی راہ ہموار ہو رہی ہے عمرہ یا زیارات مقدسہ کا پروگرام بن سکتا ہے 22 دسمبر تا آخر سال آپ کے مالی معاملات بگاڑ کی جانب بڑھ رہے ہیں شراکت داری ان ایام میں رقم وغیرہ واپس کرنے یا اس حوالہ سے کسی بھی قسم کے لین دین سے گریز کریں۔

**صدقہ** ہر جمعرات 3 پاؤ بڑا گوشت اور 3 چھٹانک کلیجی کسی مستحق کو دیں یا جانوروں کو ڈال دیں۔ **ورد خاص** روزانہ ہر نماز کے بعد دعائے دوست سیارگان ورد کریں مع اول و آخر 9-9 مرتبہ درود پاک

**برج: جدی CAPRICORN سیارہ: زحل**



| | |
|---|---|
| رنگ | [illegible] |
| عنصر | خاکی |
| جوہر | [illegible] |
| بہترین شریک حیات | [illegible] |
| ناموافق ساتھی | [illegible] |

دن: ہفتہ عدد: 8 23 Dec to 20 Jan حروف: [illegible]

**اہم نکات** آپ کی ساڑھے ستی کے دور سے دوسرے دور کا آغاز ہو چکا ہے سیارہ زحل تمام سال طالع میں قیام کرے گا جبکہ 18 اپریل تا 6 ستمبر طالع میں رجعت آپ کی شخصیت کو بری طرح متاثر کر سکتی ہے اس سال خانہ مال میں مریخ کا قیام 16 مئی تا 16 نومبر آپ کی پہلے سے متاثرہ مالی پوزیشن کو مزید خراب کرے گا آغاز سال تا 8 نومبر گیارہویں مشتری کا قیام آپ کی مشکلات میں کمی کا باعث ہوگا دیگر سیارگان کی آمد و رفت آپ پر کیا اثرات مرتب کر رہی ہے یہ تفصیلات اگلی سطور میں ملاحظہ کریں۔

**صحت** اس سال آپ کی صحت پر ملے جلے اثرات مرتب ہو رہے ہیں یہاں آپ کو وہ ایام بتا رہا ہوں جن ایام میں آپ کو احتیاط کرنا ہوگی یا خدانخواستہ آپ کی صحت کو خطرات لاحق ہوں گے آپ کو 18 فروری تا 6 مارچ 13 تا 30 مئی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر اور 31 اکتوبر تا آخر سال صحت کی طرف خاص توجہ دینے کی ضرورت ہوگی لاپرواہی کسی بڑے نقصان سے دوچار کر سکتی ہے

**منگنی** گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی آپ کی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں مگر اس حوالہ سے درست وقت کا انتخاب آپ کے تعلقات کو خوشگوار اور دیرپا بنانے میں مددگار رہے گا جبکہ یہی کام اگر مناسب وقت میں نہ کیا

(بقیہ صفحہ 144 پر ملاحظہ فرمائیں)

جائے تو بات پتے پتے بگڑ جاتی ہے اس سال 11 فروری تا 6 مارچ 24 اپریل تا 9 جولائی 7 اگست تا 9 ستمبر کا عرصہ موافق ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ ایسی تقریبات سے گریز کریں۔

**شادی** یوں تو اس سال آپ کو شادی کے کئی ایک مواقع ملیں گے مگر 18 اپریل تا 6 ستمبر کے دورانیہ میں آپ کو رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے یہاں تک کہ آپ کی شادی ملتوی ہو سکتی ہے اس کے علاوہ 31 جنوری اور 27 جولائی کو ہونے والے قمری گرہنوں کے ایام میں ایسی تقریبات کے انعقاد سے گریز کریں

**سفر** اس سال آپ کو کئی ایک زمینی سفروں کا موقع مل سکتا ہے 18 فروری تا 6 مارچ سفر سے قطعی گریز بہتر ہوگا 9 مارچ تا 10 جولائی آپ کو قدرے رکاوٹوں اور سفری مشکلوں جیسے حالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 16 نومبر تا آخر سال بھی سفر سے گریز بہتر ہوگا بیرون ملک یا طویل سفر اختیار کرنے کے خواہشمند افراد کے لیے جنوری تا 17 فروری 6 مارچ تا 12 مئی 30 مئی تا 21 ستمبر 11 تا 31 اکتوبر کا عرصہ موافق ہوگا انشاء اللہ بتائے گئے عرصہ کے علاوہ سفر سے گریز کریں

**اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری** بچوں کے حوالے سے یہ سال بہت بہتر نظر نہیں آرہا سال کا بہت سا حصہ آپ کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 18 جنوری تا 10 فروری 7 تا 30 مارچ 10 جولائی تا 6 اگست اور 9 ستمبر تا آخر سال کا عرصہ آپ کو بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی تاکہ مسائل اور مشکلات سے بچ سکیں انعامی بانڈ کے خواہشمند افراد کے لیے 11 فروری تا 5 مارچ 31 مارچ تا 9 جولائی 7 اگست تا 8 ستمبر کا دورانیہ موافق رہے گا انشاء اللہ۔

**تعلیم، کیریئر** ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے جدی بچوں کو 18 فروری تا 6 مارچ بالخصوص اور 9 مارچ تا 10 جولائی بالعموم مشکلات پیش آسکتی ہیں جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو 18 فروری تا 6 مارچ 13 تا 30 مئی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر اور 31 اکتوبر تا آخر سال مشکلات پیش آسکتی ہیں۔

**شراکتی/ازدواجی تعلقات** گزشتہ سال ساتویں مریخ کے ہونے سے آپ کے شراکتی/ازدواجی تعلقات کو خاصہ متاثر کیا ہے اس سال حالات انشاء اللہ گزشتہ کی نسبت خاصے بہتر گزرنے کی توقع ہے اس سال ہونے والے 31 جنوری اور 27 جولائی کے قمری گرہن آپ کے تعلقات کو کشیدہ کر سکتے ہیں جبکہ 21 جون تا 23 جولائی کا عرصہ آپ کے تعلقات کے حوالے سے سال کا بہترین وقت ہے آپ کی شراکت داری کی آزمائش بھی ہے۔

**سماجی تعلقات** آپ کے سماجی تعلقات کا حاکم مشتری زائچے کے گیارہویں میں سعد ترین جگہ موجود رہتے ہوئے آپ کے تعلقات میں بہتری پیدا کر رہا ہے مگر زندگی چونکہ اتار چڑھاؤ سے عبارت ہوتی ہے اس لیے آپ کے تعلقات میں بھی اتار

چھ ماہ تک آثار رہتا ہے اس سال 18 فروری تا 6 مارچ بالخصوص تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں بہن بھائیوں سے گفتگو میں احتیاط کریں تاکہ 6 مارچ کے بعد تعلقات میں بہتری آ جائے گی مگر 10 جولائی تک باہمی قدرے کچھ اور بننے کے آثار بھی موجود ہیں باقی تمام سال ان شاء اللہ بہتر گزرے گا

**معیشت کریئر روزگار** ساڑھ ستی کے مشکل دور میں کیریئر روزگار آپ کے لیے خاص اہمیت کا حامل ہے آپ کو ہر قدم پھونک پھونک کر رکھنا ہوگا اس سال 18 جنوری تا 10 فروری 7 تا 30 مارچ 10 جولائی تا 7 اگست اور 9 ستمبر تا آخر سال آپ کو محتاط روی اختیار کرنا ہوگی جبکہ 11 فروری تا 6 مارچ بالخصوص اور 31 مارچ تا 9 جولائی، 7 اگست تا 8 ستمبر بالعموم آپ کے کیریئر کے حوالے سے ان شاء اللہ بہتر دورانیہ ہوگا بفضل تعالیٰ آپ کو بڑھنے پھولنے کا موقع ملے گا۔

**خصوصی احکامات** جیسا کہ اہم نکات میں آپ کو بتایا جا چکا ہے آپ ساڑھ ستی کے دوسرے ڈھائی سالہ دور میں داخل ہو چکے ہیں اس طرح آپ کی ساڑھ ستی کے اب 5 سال باقی رہ گئے ہیں چونکہ یہ ایک طویل دورانیہ ہے اس لیے بہتر ہوگا آپ اس کا روحانی تدارک ضرور کر لیں تاکہ زحل کے منفی اثرات سے محفوظ رہ سکیں اس سال آغاز سال میں ہی حالات آپ کے لیے کچھ خاص موافق نہ ہوں گے 9 جنوری کو طالع میں شمس کا تحفظ آپ کے ذہنی دباؤ میں اضافہ کا باعث ہوگا آپ کو شراکتی مالی اور وراثتی امور میں پریشانیوں کا سامنا رہے گا 18 جنوری تا 11 فروری خانہ مال میں زہرہ اور 20 جنوری تا 18 فروری تک شمس کا وبال آپ کو شدید مالی مشکلات کا شکار کر سکتا ہے کاروباری حوالے سے لین دین میں محتاط رہیں اور کسی بھی قسم کے مالی معاہدے سے گریز کریں 3 مارچ کو تیسرے زہرہ کا شرف کاروباری مسائل کے خاتمے میں مددگار ہوگا بچوں کے حوالے سے خوشخبری مل سکتی ہے آپ کی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں 18 فروری تا 6 مارچ عزیز و اقارب سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں آپ کی کسی تحریری یا تقریری غلطی کی وجہ سے آپ کی ملازمت جا سکتی ہے ان ایام میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں 6 مارچ تا 13 مئی گھر اور پراپرٹی کے لین دین کے حوالے سے آپ کو بہترین مواقع مل رہے ہیں گھر کی تبدیلی کے لیے ایک بہتر وقت ہے آپ کے لیے بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا 18 اپریل کو چوتھے شمس کا شرف خاندان کے افراد سے تعلقات بہتر کرے گا آپ کے لیے بہتر اور بڑے گھر کا حصول ممکن ہوگا وراثتی معاملات بھی حسب توقع حل ہو سکتے ہیں 12 مئی کو چھٹے زہرہ کا اوج آپ کے کیریئر روزگار میں بہتری لا رہا ہے آپ کو بہتر جاب یا ترقی مل سکتی ہے آپ کی منگنی طے پا جانے کے روشن امکانات موجود ہیں 13 تا 30 مئی بچوں سے بحث و تکرار سے گریز کریں آپ کی منگنی التواء کی نظر ہو سکتی ہے محتاط رہیں سسرالی عزیزوں سے بھی کشیدگی ہو سکتی ہے 21 مئی تا 21 جون شمس چھٹے گھر آ جانے سے آپ کی صحت متاثر ہو سکتی ہے آپ شدید ذہنی دباؤ کا شکار نظر آ رہے ہیں 16 مئی تا 16 نومبر مریخ خانہ مال میں بحالت تحفظ قیام پذیر رہتے ہوئے آپ کی مالی پوزیشن کو متاثر کر رہا ہے آپ کو گھر یا پراپرٹی کے حوالے سے اضافی اخراجات کا سامنا ہے فضول خرچی اور قرض کے لین دین سے گریز کریں 30 مئی تا 13 جون عطارد زائچے کے چھٹے اور اپنے ہی گھر آ جانے سے صحت سے متعلق مسائل کا خاتمہ ممکن ہوگا آپ کو ایک بار پھر بہتر جاب کی آفر مل سکتی ہے آپ کے بیرون ملک سفر کی راہ ہموار ہو رہی ہے 14 جون تا 10 جولائی زائچے کے آٹھویں میں زہرہ کی موجودگی سے شراکتی اور وراثتی معاملات کامیاب سے خوشخبری مل سکتی ہے 11 جولائی کو ساتویں شمس کا اوج آپ کی شادی / نکاح کی راہیں کھول رہا ہے آپ کو بہتر شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے 10 جولائی تا 7 اگست زہرہ نویں بحالت ہبوط قیام کرے گا اب آپ کے بیرون ملک سفر کی راہیں مسدود ہو رہی ہیں بچوں کے حوالے سے بھی پریشانی کا سامنا رہے گا کاروباری معاملات آپ کی پریشانی میں مزید اضافہ کر رہے ہیں کیریئر روزگار کے حوالے سے طویل یا بیرون ملک سفر سود مند ہوگا 23 جولائی تا 23 اگست شمس اپنے ہی گھر قیام پذیر رہے آپ کے وراثتی معاملات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہونے کے قوی امکانات موجود ہوں گے قرضے سے نجات ممکن ہوگی آپ کی پھنسی ہوئی رقم بھی ملنے کے روشن امکانات موجود ہیں۔ 7 اگست تا 9 ستمبر کیریئر کا حاکم زہرہ اپنے ہی گھر قیام کرتے ہوئے آپ کے کیریئر روزگار پر انتہائی سعد اثرات مرتب کر رہا ہے نئے کاروبار کے آغاز یا از سر نو ترتیب کے لیے یہ ایک موزوں وقت ہے اولاد اور من پسند جگہ منگنی طے پا جانے کے حوالے سے خوشخبری مل سکتی ہے 13 ستمبر کو دسویں عطارد کا شرف سسرالی عزیزوں سے تعلقات بہتر بنا رہا ہے ملک یا بیرون ملک سے بہتر جاب کی نوید مل سکتی ہے مگر دوسری طرف یہی شرف آپ کے ظاہری دشمنوں کو بھی مضبوط بنا رہا ہے محتاط رہیں 9 ستمبر کو زہرہ گیارہویں میں بحالت وبال آ جائے گا اور آخر سال تک یہیں قیام کرتے ہوئے آپ کی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ بن سکتا ہے آپ کو بچوں کی طرف سے پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے آپ کے بڑے بچوں کے ازدواجی تعلقات آپ کی توجہ کے طالب ہوں گے اب آپ کی خواہشات کی تکمیل مشکل ہوگی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر کاروباری معاملات اور جاب وغیرہ کے حوالے سے کسی بھی اہم فیصلے سے گریز کریں ان ایام میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے یا اس حوالے سے کسی بھی قسم کی ادائیگی سے گریز کریں 23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس بھی کیریئر کے گھر بحالت ہبوط زدہ رہے گا کاروباری معاملات آپ کے لیے شدید دباؤ کا باعث بن رہے ہیں آپ کے طے شدہ کاروباری معاہدے بھی ختم ہو سکتے ہیں 10 تا 31 اکتوبر عطارد کا گیارہویں میں قیام اور اوج آپ کی جاب اور بیرون ملک سفر

دونوں معاملات کو بہتر بنا رہا ہے دوستوں سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں اب آپ معاملات سنبھالنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں 31 اکتوبر تا آخر سال عطارد بارہویں میں وبال زدہ رہے گا ایکبار پھر آپکے بیرون ملک سفری راہیں مسدود ہو جائیں گی امیگریشن کا جواب بھی منفی مل سکتا ہے اب جاب کی تبدیلی یا چھوڑنے سے گریز کریں 16 نومبر کو مریخ بیت الاقرباء میں آ جانے سے آپکے مابین اختلافات پیدا ہو رہے ہیں جس سے خاندانی معاملات خراب ہونے کا اندیشہ ہے آپکو دوستوں سے واسطہ توقعات پوری نہ ہونے سے مایوسی ہو سکتی ہے 22 نومبر کو شمس کے بارہویں میں آ جانے سے امیگریشن کے حوالے سے جاری مسائل میں کمی آ جائے گی مگر وہ افراد جو علوم ای حوالے سے مقدمات کا سامنا ہے انہیں فائدہ کے بجائے الٹا نقصان پہنچ سکتا ہے 22 دسمبر کو شمس طالع میں آ جائے گا جس سے آپکی شخصیت پر مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں آپ اپنی اٹھان میں کمگر آپ کو ہر طرح خود کو کنٹرول میں رکھنا ہوگا ورنہ آپکا شخصی وقار مجروح ہو سکتا ہے امسال ہونے والے شمسی و قمری گرہن آپکے زائچے کے اہم ترین مقامات پر لگ رہے ہیں آپ پر لازم ہوگا کہ ان ایام کو خاص طور پر نوٹ فرما لیں اور صدقہ و نماز کسوف و خسوف کا خاص طور پر اہتمام کریں تا کہ ان کے منفی اثرات سے بچا جا سکے امسال لگنے والے گرہن آپکے مالی شراکتی اور ازدواجی معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں آخر میں ایکبار پھر خاص تاکید کروں گا کہ ساڑھ ستی کے حوالے سے اپنا بچاؤ روحانی تدارک ضرور کریں [illegible]

**صدقہ** تمام سال ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈال دیں اور مئی تا نومبر 900 گرام دال مسور بھی ہر منگل کو دیں۔

**وردِ خاص** روزانہ 98 مرتبہ ورد کریں مع اول و آخر 17-17 مرتبہ درود پاک

اللّٰھم افتح لی ابواب خیراتک یا مفتح الابواب



**برج:** دلو **AQUARIUS** **سیارہ:** یورینس



**رنگ:** [illegible]
**عناصر:** ہوا
**جواہر:** [illegible]
**بہترین شریکِ حیات:** [illegible]
**ناموافق ستارے:** [illegible]
**بیماریاں:** [illegible]

**دن:** ہفتہ **عدد:** 8 — 21 Jan to 19 Feb — **حروف:** گ، ش، س

**اہم نکات** اس سال کی سب سے اہم بات آپکی ساڑھ ستی کا آغاز ہے 20 دسمبر 2017 سے زحل آپکے زائچے کے بارہویں میں آ چکا ہے اس طرح آپکی ساڑھ ستی کا آغاز ہو گیا ہے۔ دوسرا اہم ستارہ مشتری آغاز سال تا 8 نومبر آپکے کیریئر و روزگار کے گھر قیام پذیر رہتے ہوئے آپکے کیریئر پر مثبت اثرات مرتب کرتا رہے گا امسال ستارہ مریخ کو کہ شرف یاب ہو رہا ہے مگر وسط مئی تا وسط نومبر آپکے طالع میں حالات خطیل رہنے سے آپکی شخصیت، معاملات تعلقات اور کیریئر و روزگار پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں دیگر سیاروں کے امسال آپ پر اثرات آگے سطور میں درج ہیں۔

**صحت** آپکی صحت امسال ان شاء اللہ گزشتہ کی نسبت خاصی بہتر رہنے کا امکان ہے گزشتہ سال مریخ کے حوالے سے آپکی صحت کو بری طرح متاثر کیا ہے امسال آغاز میں 31 جنوری اور وسط سال 27 جولائی کو ہونے والے قمری گرہن آپکی صحت کو بری طرح متاثر کر سکتے ہیں اسکے علاوہ اگر آپ ہر ماہ ہونے والی قمری ہبوط یعنی قمر در عقرب کے ایام نوٹ فرما لیں اور ان ایام میں قمر سے منسوب صدقہ دینا معمول بنا لیں تو آپکی صحت ان شاء اللہ تعالیٰ محفوظ ہو سکتی ہے۔

**منگنی** یوں تو امسال آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں مگر کچھ ایام ایسے بھی ہوں گے جب موقع کے باوجود ایسی تقریبات سے گریز کرنا بہتر ہوگا امسال یکم جنوری تا 17 فروری، 6 مارچ تا 13 مئی، 30 مئی تا 21 ستمبر، 10 تا 31 اکتوبر کا دورانیہ موافق رہے گا باقی دورانیہ موافق نہ ہوگا۔

**شادی** شادی کے حوالے سے آغاز سال تا 20 مارچ، 21 مئی تا 21 جون، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر اور 22 دسمبر تا آخر سال کا عرصہ موافق نہیں ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ تمام عرصہ ان شاء اللہ موافق رہے گا مگر ایام عرصہ کو ضرور ملحوظ خاطر رکھیں۔

**سفر** امسال آپکو بذریعہ سفروں کے حوالے سے خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی 7 تا 31 مارچ اور 16 مئی تا آخر سال آپکو ازحد محتاط رہنا ہوگا بہتر ہوگا سفر سے گریز کریں جو بامر مجبوری صدقہ دے کر سفر کریں طویل یا بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کے لیے یکم تا 18 جنوری، 18 فروری تا 5 مارچ، 31 مارچ تا 9 جولائی، 17 اگست تا 8 ستمبر کا عرصہ موافق ہوگا جبکہ سال کا باقی دورانیہ بہتر نہ ہوگا۔

ایام میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے یا سفر کرنے سے گریز کریں ورنہ وقت اور پیسہ دونوں کا نقصان ہوگا۔

**اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری** بچوں کے حوالے سے اس سال آپکو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا آغاز سال تا 18 فروری 6 مارچ تا 13 مئی اور بالخصوص 30 مئی تا 21 ستمبر اور بعد ازاں 10 تا 30 اکتوبر کا عرصہ بچوں کے حوالے سے خوش کن رہنے کی امید ہے بے اولاد والے افراد ان شاء اللہ اولاد کی نعمت سے محروم نہ رہیں گے باقی کا عرصہ اپنے بچوں کو زیادہ سے زیادہ توجہ دیں تاکہ مسائل سے بچ سکیں انعامی بانڈ کے حصول میں کوشاں افراد کے لیے بھی بتایا گیا عرصہ موافق رہے گا ان شاء اللہ۔

**تعلیمی کریئر** والدین بچوں کو 7 تا 30 مارچ 16 مئی تا 16 نومبر پڑھائی میں مختلف مشکلات کا سامنا رہے گا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو 18 جنوری تا 11 فروری، 7 تا 30 مارچ، 10 جولائی تا 7 اگست اور 9 ستمبر تا آخر سال تعلیمی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے آپ ہر جمعہ 600 گرام چینی درختوں کی جڑوں میں بطور صدقہ ڈال دیں تاکہ ان رکاوٹوں سے بچا جا سکے۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** اس سال آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات ابتدائے سال تا 20 مارچ 21 مئی تا 21 جون بالعموم جبکہ 23 ستمبر تا 23 اکتوبر بالخصوص آپکی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہونگے جبکہ 22 نومبر تا آخر سال کا دورانیہ بھی بہتر نظر نہیں آرہا آپکو تحمل بردباری سے کام لینا ہوگا تاکہ علیحدگی سے بچا جا سکے جبکہ 20 مارچ تا 20 مئی، 21 جون تا 22 ستمبر کا عرصہ موافق نظر آرہا ہے آپکو معاملات بنائے رکھنے میں آسانی رہے گی۔

**سماجی تعلقات** سال ہذا کے مشکل دور میں سماجی تعلقات آپکے لیے خاص اہمیت رکھتے ہیں اب آپکو اپنی سماجی حیثیت بنائے رکھنا خاصا اہم ہوگا اب ہر رشتہ کھل کر سامنے آجائے گا یہی بڑا تجربہ ہے۔ اس سال کیریئر روزگار کے بعد جو سب سے اہم بات آپکی توجہ کی طالب ہوگی وہ آپکے سماجی تعلقات ہیں 7 تا 30 مارچ بالعموم اور 16 مئی تا آخر سال بالخصوص آپکو اپنے عزیزوں بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات بنائے رکھنا ہونگے جو ایک مشکل کام ہوگا۔

**معیشت کریئر روزگار** آپکے کیریئر روزگار کا حاکم مریخ ابتداء سے ہی بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکے کیریئر روزگار کو بہتری کی جانب گامزن کر رہا ہے آپ نئے منصوبہ جات پر غور کر رہے ہیں 26 جنوری تا 17 مارچ مریخ کی گیارہویں میں موجودگی کاروباری حوالے سے آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاون بن رہی ہے کاروباری حوالے سے دوستوں اور عزیزوں کا تعاون میسر رہے گا 17 مارچ تا 16 مئی کیریئر کا حاکم مریخ شرفی گھر میں قیام پذیر رہتے ہوئے آپکے کاروباری معاملات میں از حد بہتری لا رہا ہے 16 مئی کو مریخ آپکے طالع میں حالت تخفیف آجائے گا اور 16 نومبر تک یہاں قیام کرے گا یہ وقت آپکے کیریئر روزگار کے حوالے سے انتہائی مشکل وقت ہوگا جلد بازی سے گریز کریں بعد از 16 نومبر مریخ خانہ مال میں قیام کرے گا اور آپکے اخراجات میں تیزی رہے گی۔

**خصوصی امکانات** جیسا کہ گزشتہ سطور میں بتایا جا چکا ہے آپکی سال ہذا تک کا آغاز ہو چکا ہے اب آپ کو ہر قدم پھونک پھونک کر رکھنا ہوگا آغاز سال سے ہی آپ کے بیت الذوج کا حاکم شمس 9 جنوری کو بارہویں تخفیف میں رہتے ہوئے آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات کو متاثر کر رہا ہے علاوہ ازیں 18 جنوری تا 11 فروری اور 20 جنوری تا 18 فروری بالترتیب زہرہ اور شمس حالت طرح اور وبال زدہ طالع میں قیام کریں گے آپکے اور سسرالی عزیزوں دونوں سے تعلقات خراب ہو رہے ہیں دوسری طرف ازدواجی تعلقات بھی آپکے مسائل میں اضافہ کر رہے ہیں یہ ایک مشکل وقت ہے تحمل سے گزاریں 11 فروری تا 7 مارچ زہرہ خانہ مال میں قیام کرے گا اور 3 مارچ کو شرفیاب ہو کر آپکی مالی پوزیشن کو مستحکم کر رہا ہے خانگی اور سسرالی مسائل کا خاتمہ ممکن ہوگا 18 فروری تا 6 مارچ عطارد بھی یہیں قیام پذیر رہے گا آپکو مالی معاملات میں تحمل اور سمجھداری سے کام لینا ہوگا فضول خرچی آپکو مالی مشکلات کا شکار کر سکتی ہے 6 مارچ تا 13 مئی عطارد بیت الذوج میں قیام کرتے ہوئے آپکے سماجی تعلقات میں بہتری لا رہا ہے آپکی منگنی طے پا جانے کے امکانات روشن ہو رہے ہیں مگر علاوہ ازیں اسکے فوراً بعد 7 تا 31 مارچ چوتھے عطارد کو وبال خانوں میں اختلافات کی نشاندہی کر رہا ہے آپکی منگنی بھی خطرے میں ہوگی خانگی اور ذہنی معاملات آپکی پریشانیوں میں اضافہ کر رہے ہیں 17 مارچ تا 16 مئی مریخ بارہویں میں قیام کرتے ہوئے امیگریشن اور بیرون ملک قیام کی راہ میں حائل رکاوٹیں ختم کر رہا ہے کیریئر روزگار کے حوالے سے بہترین آفر مل سکتی ہے عزیزو اقارب کا بھرپور تعاون میسر آرہا ہے 20 مارچ تا 20 اپریل بیت الذوج کا حاکم شمس شرفی گھر میں قیام کرتے ہوئے 8 اپریل کو شرفیاب ہو کر آپکے سماجی تعلقات کو عروج پر پہنچا رہا ہے آپکی شادی کی راہ ہموار ہو رہی ہے خواہشمند افراد کو شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے 12 مئی کو پانچویں زہرہ کا عروج اولاد کی خوشخبری لا سکتا ہے آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں 13 تا 30 مئی عطارد چوتھے میں حالت تخفیف رہتے ہوئے خانگی ماحول کو متاثر کر رہا ہے آپ گھر میں عجیب سی کشیدگی محسوس کریں گے بچوں اور والدہ سے متعلقہ مسائل بھی آپکی توجہ کے طالب ہونگے شراکتی حوالے سے مالی نقصان کا اندیشہ ہے 21 مئی تا 21 جون ساتویں بیت الذوج کا حاکم پانچویں میں حالت طرح میں رہنے سے آپکی منگنی شادی دونوں خطرے میں ہونگی آپکی طے شدہ بات ختم ہو جائے گی 16

سنی کو مریخ طالع میں آجائے گا اور 16 نومبر تک قیام کرے گا مریخ کی طالع میں موجودگی آپکی طبیعت میں تیزی اور گرمی پیدا کر رہی ہے اب آپکے سماجی اور کاروباری معاملات کے امتحان کا وقت ہے آپکو ہر قدم پھونک پھونک کر رکھنا ہوگا 30 مئی تا 13 جون عطارد کے پانچویں اپنے ہی گھر آجانے سے بچوں کے حوالے سے جاری مشکلات کا خاتمہ ممکن ہوگا آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں آپکے وراثتی شراکتی مالی معاملات بااحسن طے پا جائیں گے 14 جون تا 10 جولائی زہرہ کی ساتویں میں موجودگی سے آپکی شادی و نکاح طے پا سکتا ہے بیرون ملک سفر کی راہ ہموار ہو رہی ہے گھر کی تبدیلی یا تزئین و آرائش کے لیے یہ ایک بہترین وقت ہے 11 جولائی کو چھٹے شمس کا عروج آپکی صحت اور جاب دونوں میں بہتری کا باعث بن رہا ہے گورنمنٹ ملازمت کی آپکی خواہش پوری ہو سکتی ہے آپکو بہتر شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے اسی طرح ازدواجی زندگی میں بھی بہتری آئے گی 10 جولائی تا 7 اگست بالعموم اور 3 اگست کو بالخصوص محتاط رہیں آپکے تعلقات سسرالی عزیزوں سے کشیدہ ہو سکتے ہیں شراکتی تعلقات بھی کشیدہ ہوتے نظر آرہے ہیں 23 جولائی تا 23 اگست شمس کی ساتویں اپنے ہی گھر میں موجودگی آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات میں از حد بہتری لا رہی ہے آپ ازدواجی زندگی سے خاصے مطمئن نظر آرہے ہیں 7 اگست تا 9 ستمبر زہرہ اپنے ہی برج میں قیام کرتے ہوئے سسرالی عزیزوں سے کشیدگی کا خاتمہ کرے گا آپ ایکبار پھر بیرون ملک کی جانب دیکھ رہے ہیں گھر کی تبدیلی یا خرید و فروخت کے لیے یہ بہترین وقت ہے 13 ستمبر کو آٹھویں عطارد کا شرف آپکی وراثتی مالی صورتحال میں بہتری لا رہا ہے دوسروں سے وابستہ مالی توقعات پوری ہو سکتی ہیں آپ ایک سے زائد ذرائع آمدن پر غور کر رہے ہیں 9 ستمبر تا آخر سال زہرہ کی کیریئر کے گھر موجودگی پہلے سے خراب کاروباری صورتحال کو مزید خراب کر سکتی ہے اس حوالے سے خاندان کے افراد بھی حق میں چال چل رہے ہیں اب کاروباری حوالے سے اختیار کیے گئے سفر فائدہ مند ہوں گے 22 ستمبر تا 10 اکتوبر عطارد کی ہبوط زدہ طرح آجانے سے آپکے بیرون ملک سفر میں رکاوٹ آجائے گی آپکے کاغذات آپکی راہ میں رکاوٹ ہوں گے سسرالی عزیزوں سے بحث و تکرار سے گریز کریں آپکی منگنی بھی خطرے میں ہوگی اس پر مزید ستم میں اسی جگہ 23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس کی ہبوط زدہ موجودگی پہلے سے جاری کشیدگی کو مزید بڑھا دے گی 10 تا 31 اکتوبر عطارد کی دسویں کیریئر کے گھر موجودگی گزشتہ جاری مسائل کو سنبھالنے اور نئے بہتر فیصلوں میں مددگار ہوگی یہ یقینا امداد رب ہے 31 اکتوبر کو عطارد گیارہویں برج قوس میں چلا جائے گا اور آخر سال تک یہیں قیام کرے گا ان ایام میں دوستوں اور منگیتر سے گفت و شنید میں احتیاط کریں ورنہ ان سے اختلافات پیدا ہو جائیں گے

بڑے بچوں کے شادی یا ازدواجی زندگی سے متعلقہ مسائل آپکی توجہ کے طالب ہوں گے 16 نومبر کو مریخ خانہ مال میں آجانے سے اخراجات میں تیزی آجائے گی کاروباری حالات میں یہ خاصہ مشکل وقت ہوگا آپکو عزیزوں اقارب پر بھی اضافی اخراجات کا سامنا ہو سکتا ہے مالی لین دین سے گریز بہتر ہوگا 22 نومبر کو شمس گیارہویں میں آجانے سے آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات میں بہتری آئے گی دوستوں سے مشاورت بہتر ثمرات کی حامل ہوگی آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات بھی بہتری کی جانب گامزن ہو رہے ہیں آپکو حسب خواہش معاملات سمیٹنے کا موقع مل رہا ہے امسال ہونے والے شمسی و قمری گرہن آپکے شخصی وقار شراکتی ازدواجی اور صحت / ملازمت جیسے اہم معاملات کو متاثر کر رہے ہیں ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف و خسوف ضرور ادا کریں لاپرواہی شدید نقصان کا باعث ہوگی آخر میں ایکبار متنبہ کر رہا ہوں آپکی سائڈ سٹی شروع ہو چکی ہے اسکا روحانی تدارک ضرور کریں آپکی طبیعت کچھ بھی ہو مگر اب آپکو جائے نماز پر بیٹھنا ہی پڑے گا اب ہر قدم بہت سوچ سمجھ کر اٹھانا ہوگا دوری سے اجتناب ہوگا والسلام خیر اندیش شیخ زوار رضا اعوان

**صدقہ** ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں

**ورد خاص** روزانہ بعد از نماز فجر ایک تسبیح ورد کریں ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

**برج:** حوت **PISCES** **سیارہ:** مشتری



**رنگ** ________ سبز، بھورا، سفید

**عنصر** ________ آبی

**جواہر** ________ زمرد، یاقوت

**بہترین شریک حیات** ________ سرطان، عقرب

**ناموافق ساتھی** ________ جوزا، قوس

**بیماریاں** امراض قلب، دوران خون، گردے کی بیماریاں

**دن** جمعرات **عدد** 3، 7 20 Feb to 20 Mar **حروف** د، ث

**اہم نکات** آپکا ذاتی ستارہ مشتری آغاز سال تا نومبر نویں میں قیام کرے گا اور طالع کو مثبت نظر سے دیکھتے ہوئے آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کر رہا ہے زحل تمام سال گیارہویں بیت الامید میں قیام کرتے ہوئے آپکی خوش بختی میں اضافہ کر رہا ہے خانہ مال کا حاکم آغاز سال تا 16 مئی بہتر پوزیشن میں ہوگا مگر 16 مئی تا 16 نومبر آپکو شدید مالی بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اس سال کی سب سے اہم بات بیت الصحت میں راہو کی موجودگی ہے آپکی صحت بوجہ سحر جادو اور راہو کے نحس اثرات کی وجہ سے خراب رہ سکتی ہے۔

**صحت** امسال آپکو اپنی صحت پر سب سے زیادہ توجہ دینی ہوگی تمام سال راہو آپکے بیت الصحت میں قیام کرتے ہوئے آپکو ایک کے بعد ایک مسائل کا شکار کرتا رہے گا امسال آپکی صحت بوجہ سحر جادو اور نظر بد متاثر ہونے کے قوی امکانات ہوں گے

آپکے بیت الصحت کا حاکم زحل سال بھر باہمی تخفیض اور وبال کی کیفیت کا شکار رہتے ہوئے آپکی صحت کو متاثر کر رہا ہے اسکے بعد 21 مئی تا 21 جون 23 ستمبر تا اکتوبر بھی آپکی صحت کے حوالے سے بہتر نہ ہونگے باقی عرصہ انشاء اللہ بہتر گزرے گا البتہ راہو کے اثرات اپنی جگہ موجود رہیں گے محتاط رہیں۔

**منگنی** امسال آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں یوں تو تمام سال ہی آپکے لیے بہتر نظر آ رہا ہے مگر 21 جون تا 23 جولائی کا عرصہ بالخصوص بہتر گزرے گا امسال 31 جنوری اور 11 اگست اور اسکے قریبی ایام میں ایسی کسی بھی تقریبات سے گریز کریں۔

**شادی** یوں تو آپکو شادی جیسے اہم کام کے لیے کئی ایک مواقع میسر آئیں گے مگر درست تاریخ کے لیے درست وقت کا انتخاب از حد اہم ہوتا ہے امسال 18 فروری تا 6 مارچ 13 تا 30 مئی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر 31 اکتوبر تا آخر سال کا وقت ایسی کسی بھی تقریب کے لیے موزوں نہ ہوگا۔

**تعلیمی کریئر** حوت بچوں کو امسال 18 جنوری تا 31 مارچ 10 جولائی تا 7 اگست 9 ستمبر تا آخر سال تعلیمی مدارج طے کرنے میں دشواری کا سامنا ہو سکتا ہے جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے حوت افراد کو آغاز سال تا 16 مئی بہترین حالات میسر رہیں گے مگر 16 مئی تا آخر سال تعلیمی حالات موافق نہ ہونگے۔

**اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری** بچوں کے حوالے سے یہ سال انشاء اللہ بہترین گزرے گا بے اولاد حوت افراد کو انشاء اللہ اولاد کے حوالے سے خوشخبری مل رہی ہے اگر آپ ہر قمری ماہ عقرب میں صدقہ دینا معمول بنالیں تو بچوں سے منسوب بہت سے مسائل سے بچ سکتے ہیں اسکے علاوہ ہر سال ہونے والے قمری گرہنوں کو ضرور مد نظر رکھا کریں اور صدقہ دیا کریں انشاء اللہ محفوظ رہیں گے۔

**سفر** دوری کے سفروں کے حوالے سے امسال یکم تا 18 جنوری 11 فروری تا 6 مارچ 31 مارچ تا 10 جولائی 7 اگست تا 9 ستمبر کا دورانیہ بہتر ہوگا باقی کے عرصے کے علاوہ سفر سے گریز کریں یا صدقہ کے خصوصی اہتمام کے بعد سفر کریں طویل یا بیرون ملک سفر اختیار کرنے کے لیے یکم جنوری تا 16 مئی کا عرصہ موافق ہوگا مگر 16 مئی تا آخر سال آپ ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں البتہ حج عمرہ و زیارات کے حوالے سے آپ کسی بھی وقت سفر کر سکتے ہیں۔

**شراکتی، ازدواجی تعلقات** امسال آپکو شراکتی ازدواجی تعلقات کے حوالے سے ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا آغاز سال میں حالات قدرے بہتر نظر آ رہے ہیں مگر 18 فروری تا 5 مارچ آپکے تعلقات بے حد کشیدہ ہو سکتے ہیں آپکو گفتگو میں احتیاط کرنا ہوگی افواہوں پر یقین نہ کریں ورنہ معاملات الجھ بھی سکتے ہیں اسکے بعد 13 تا 30 مئی 22 ستمبر تا 10 اکتوبر 31 اکتوبر تا آخر سال کا دورانیہ بھی احتیاط کا متقاضی ہوگا آپکو یہ دورانیہ بہت تحمل سے اور سنبھل سنبھل کر گزارنا ہوگا۔

**سماجی تعلقات** حوت افراد کے لیے سماجی تعلقات خاصی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں امسال 18 جنوری تا 11 فروری 6 تا 31 مارچ 10 جولائی تا 6 اگست 9 ستمبر تا آخر سال کا دورانیہ آپکے سماجی تعلقات کے حوالے سے بہتر نہ ہوگا آپکو بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات بنائے رکھنے میں مشکلات پیش آ سکتی ہیں جبکہ 11 فروری تا 7 مارچ یکم اپریل تا 9 جولائی 8 اگست تا 8 ستمبر کے دورانیے میں آپکو اپنے تعلقات بڑھانے اور بنانے میں انشاء اللہ آسانی رہے گی۔

**معیشت، کریئر، روزگار** گزشتہ سال زحل کے کیریئر کے گھر موجودگی نے آپکے کاروبار کیریئر روزگار پر کافی اچھے اثرات مرتب کیے ہیں امسال زحل آپکے زائچے کے گیارہویں بیت الامید میں آپکا ہے یہ زحل کا اپنا گھر ہے اب یہ آپکی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہوگا کیریئر روزگار کا حاکم آغاز سال تا 8 نومبر دسویں گھر میں بہترین پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکے کیریئر روزگار پر انتہائی سعد اثرات مرتب کر رہا ہے البتہ ملازم پیشہ افراد کے لیے حالات قطعی مختلف ہو سکتے ہیں پچھلے ہی کی موجودگی آپکو ملازمت کے حوالے سے غیر مستحکم اور غیر مطمئن رکھے گی 31 اکتوبر کو کیریئر کے گھر عطارد بحالت وبال آ جانے سے کاروباری معاملات میں الجھنیں پیدا ہو جائیں گی ان ایام میں غیر تحریری معاہدوں میں احتیاط کریں 22 نومبر تا 22 دسمبر شمس کے دسویں قیام سے صورتحال میں قدرے بہتری آ جائے گی آپکو ترقی کا موقع مل رہا ہے۔

**خصوصی انتباہات** امسال آپکا ذاتی ستارہ مشتری 9 مارچ تا 10 جولائی نویں رجعت میں رہتے ہوئے آپ قدرے ذہنی انتشار کا شکار رہیں گے کیریئر روزگار کے حوالے سے ہر فیصلہ سوچ سمجھ کر کرنا ہوگا 9 جنوری کو چھٹے گھر کا حاکم شمس گیارہویں تخفیض میں ہونے سے آپکی صحت اور جاب دونوں خطرے میں ہونگی دوستوں سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں 18 جنوری تا 11 فروری زہرہ بحالت طرح اور 20 جنوری تا 18 فروری شمس بارہویں وبال زدہ رہنے سے آپکے سماجی اور وراثتی معاملات متاثر ہو رہے ہیں آپکی صحت اور جاب سے متعلقہ مسائل میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے امیگریشن کا جواب حتمی میں آ سکتا ہے 11 فروری تا 7 مارچ طالع میں زہرہ کی بحالت شرف موجودگی آپکی عزت و توقیر میں اضافہ کر رہی ہے سماجی تعلقات میں بھی بہتری آئے گی وراثتی معاملات کا حل ممکن ہوگا آپکو گفتگو اور تحریری معاملات میں از حد محتاط رہنا ہوگا کیونکہ اسی دوران 18 فروری تا 6 مارچ طالع میں عطارد کا ہبوط آپکی سوچ کو متزلزل رکھے گا خانگی اور ازدواجی تعلقات میں کشیدگی آ سکتی ہے 6 مارچ تا 13 مئی کو خانہ مال میں عطارد کی بحالت فرح موجودگی مالی پوزیشن کو مستحکم کر رہی ہے خانگی ازدواجی تعلقات کو بہتر بنانے کا

قبر والوں کو پاک کرتی ہے اور گناہوں کو دھو ڈالتی ہے۔

سورج ہے 7 تا 31 مارچ خانہ مال میں زہرہ کی وبال زدہ موجودگی سے آپ کے اخراجات میں تیزی آئے گی ان ایام میں قرض کے لین دین سے گریز کریں ورنہ رقم ڈوب سکتی ہے 17 مارچ کو مریخ گیارہویں میں شرفی گھر آ جانے سے آپکی مالی پوزیشن مستحکم ہونا شروع ہو جائے گی نیز آپکی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے آپ کے بیرون ملک سفری راہ ہموار ہو رہی ہے 9 مئی کو مریخ بھی شرفی درجات سے گزرے گا زیارات مقدسہ، عمرہ یا کسی طویل سفر کا پروگرام بن سکتا ہے 18 اپریل کو خانہ مال میں شمس کا شرف آپکی مالی پوزیشن کو مزید مستحکم کر رہا ہے ملازم پیشہ افراد کو بہتر جاب کی آفر مل سکتی ہے آپکی صحت میں بھی بہتری آئے گی 12 مئی کو چوتھے زہرہ کا اوج بہتر گھر کے حصول کو ممکن بنا رہا ہے ممکن ہے آپکو ذاتی پراپرٹی مل جائے گھر کی تبدیلی اور تزئین و آرائش کے لیے یہ موزوں ترین وقت ہے 16 مئی کو تیسرے عطارد کا حضیض عزیز و اقارب سے تعلقات کشیدہ کر سکتا ہے آپکو اپنی سماجی تقریبات کو محدود کرنا ہوگا اسی طرح آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات بھی اختلافات کی نذر ہو سکتے ہیں 21 مئی تا 21 جون چوتھے شمس کی حالت طرح موجودگی آپ کے خانگی معاملات میں بگاڑ پیدا کر سکتی ہے ان ایام میں پراپرٹی کی خرید و فروخت سے گریز کریں آپکی صحت کو بھی خطرات لاحق ہو نگے 18 مئی کو مریخ بارہویں میں حالت حضیض میں آ جائے گا اور 16 نومبر تک قیام کرے گا اب آپکو مالی معاملات بہت احتیاط سے چلانا ہونگے ورنہ آپ مالی بحران کا شکار ہو سکتے ہیں آپ کے بیرون ملک سفری راہیں مسدود ہو رہی ہیں اس حوالے سے ویزہ اپلائی یا لین دین سے گریز کریں 30 مئی تا 13 جون عطارد کے چوتھے اپنے گھر میں قیام سے خانگی ازدواجی اور شراکتی مسائل کا حل ممکن ہوگا 14 جون تا 10 جولائی زہرہ کی چھٹے میں موجودگی سے آپکو بہتر جاب مل سکتی ہے اس حوالہ سے عزیزوں کا تعاون شامل حال رہے گا شراکتی و ذاتی حوالہ سے مالی فوائد کا حصول ممکن ہوگا 11 جولائی کو پانچویں شمس کا اوج آپ کے لیے بفضل تعالیٰ اولاد کی خوشی لا رہا ہے آپکی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات موجود ہیں 10 جولائی تا 7 اگست بیت العروج میں زہرہ کی ہبوط زدہ موجودگی آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو خراب کر رہی ہے محتاط رہیں ورنہ مابین علیحدگی ہو جائے گی آپ کے تعلقات کی خرابی میں قریبی عزیزوں کا کلیدی کردار نظر آ رہا ہے جو کہ عیاں ہونے پر آپ کے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں 23 جولائی تا 23 اگست چھٹے میں شمس کی موجودگی راہو کے اثرات کو وقتی طور پر قطع کرے گی یعنی آپ پر موجود سحری اثرات کا خاتمہ ہوگا 7 اگست تا 9 ستمبر زہرہ کی آٹھویں موجودگی عزیزوں سے جاری کشیدگی میں قدرے کمی واقع ہوگی آپ کے وراثتی معاملات آپ کے حق میں ہونے کی توقع ہے 6 ستمبر تا 10 اکتوبر عطارد کی آٹھویں حتمی پوزیشن آپ کے ذاتی اثاثوں میں اضافہ کا باعث ہوگی آپ کے شراکتی ازدواجی اور خانگی معاملات آپکی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہو نگے ان ایام میں وراثتی، پراپرٹی کے حوالے سے کسی بھی فیصلے سے گریز کریں 23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس بھی آٹھویں میں حتمی پوزیشن میں ہوگا اور 11 اکتوبر کو میں ہبوط کے درجات پر ہوگا آپ کے وراثتی معاملات میں قانونی الجھن پیدا ہو جائیں گے آپکو شریک کار یا شریک حیات کی جانب سے اضافی اخراجات کا سامنا ہو سکتا ہے، جاب چھوڑنے کی غلطی ہرگز نہ کریں 10 تا 31 اکتوبر عطارد کی نویں میں موجودگی اور مریخ یافتہ حالت آپ کے بیرون ملک سفری راہ ہموار ہو رہی ہے بہن بھائیوں اور عزیزوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ ہو جائے گا آپکی شادی کے اسباب پیدا ہو رہے ہیں بعد از 31 اکتوبر تا آخر سال عطارد دسویں میں کیریئر کے گھر حتمی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکی کاروباری پریشانیوں میں اضافہ کر سکتا ہے خاندان کے افراد سے گفتگو میں احتیاط برتیں آپ کے شراکتی ازدواجی معاملات ایکبار پھر افواہوں اور سرگوشیوں کی نذر ہو سکتے ہیں 16 نومبر کو مریخ طالع میں آ جائے گا اب آپکی طبیعت میں تندی و تیزی کا عنصر غالب آ جائے گا جو کہ آپ کے لیے کسی طور بھی مناسب نہ ہوگا سسرالی عزیزوں سے تعلقات بنائے رکھنا قدرے مشکل ہوگا مالی معاملات میں جلد بازی سے کام نہ لیں 22 نومبر تا 22 دسمبر شمس کیریئر کے گھر آ جانے سے آپکو ترقی مل سکتی ہے آپکی صحت اور جاب دونوں بہتر ہو رہی ہیں۔

22 دسمبر کے بعد شمس بیت الامید میں حضیض زدہ ہونے سے دوستوں سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں اب آپکی خواہشات کی تکمیل مشکل ہو گی اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں اسہال ہونے والے گرہن بالخصوص احتیاط کے متقاضی ہو نگے آپکی صحت اولاد اور بچوں سے متعلقہ مسائل پیدا ہو سکتے ہیں ان ایام سے بچاؤ کے لیے گرہن کے ایام میں منسوبہ صدقات اور نماز آیات ضرور ادا کریں امید کرتا ہوں بتائے گئے حالات کی روشنی میں آپ اپنا یہ سال بہتر انداز میں گزار سکیں گے۔

**صدقہ** ہر منگل 900 گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں

**وردخاص** روزانہ ایک تسبیح ورد کریں صبح اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ